U34667: 12-12-09

Title - BAAGH-O-BAHAR. (Edition-4).

Creator - Meer Amman Dehelvi.

Publisher - William Watson (London).

Date - 1860

Pages - 259,120

Subjects - Urdu Dastan.

باغ و بهار

تاليف کيا هُوا مِير امّن دِلّي والي کا

ماخذ اُسکا نو طرزِ مُرصّع کہ وہ ترجمہ کيا هُوا عطا حُسين خان کا هَي

فارسي قِصّہ چار درويش سي

دار الحکومت لندن مين نئي سِر سي چهاپا گيا

سنہ ۱۸۶۰ عِيسوِي مُطابق سنہ ۱۲۷۶ هِجري کي

وِلْيم واٹس کي چهاپي خاني مين

چوتهي دفعہ چهاپا گيا

عرضی میراؔمن دلّی والی کی

جو مدرسی کی مختار کار صاحبوں کی حضور مین دی گئی *

صاحبانِ والا شان نجیبوں کی قدردانوں کو خُدا سلامت رکھی * اِس بیوطن نی حکم اِشتہار کا سُنکر چار درویش کی قِصّی کو ہزار جِدّ و کدّ سی اُردُوئی مُعلّا کی زبان مین باغ وبہار بنایا * فضلِ اِلٰہی سی سب صاحبوں کی سَیر کرنیکی باعِث سرسبز ہُوا * اب اُمّیدوار ہُوں کہ اِسکا پہل مُجھی بہی مِلی ۔ تو میرا غُنچۂ دِل مانند گُل کی کِھلی * بقول حکیم فِردَوسی کی کہ شاہنامی مین کہا ہَی ۔

بسی رنج بُردم درین سال سِی ۔ عجم زِندہ کردم بہ اِین پارسِی *

سو اُردُو کی آراستہ کر زبان ۔ کِیا مَین نی بنگالا ہِندُوستان *

خاوِند آپ قدردان ہَین ۔ حاجت عرض کرنی کی نہین * اِلٰہی تارا اقبال کا چمکتا رہی *

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيم

سُبحان اللّٰہ! کیا صانع ہَي! کہ جِسنی ایک مُٹھی خاک سي کیا کیا صُورتین اَور مِٹّی کِي مُورتین پیدا کِین! با وُجود دو رنگ کي ایکّ گورا ایک کالا - اَور یہِي ناک کان ہاتھ پاُون سب کو دِئي ہَین - تِسپر رنگ برنگ کِي شکلین جُدِي جُدِي بنائین - کہ ایک کي سج دھج سي دُوسري کا ڈیل ڈول مِلتا نہین * کڑوڑون خِلقت مین جِسکو چاہیئی پہچان لِیجي * آسمان اُسکي دریائي وحدت کا ایک بُلبُلا ہَي - اَور زِمین پانِي کا بتاشا - لیکن یہہ تماشا ہَي کہ سمُندر ہزارون لہرین مارتا ہَي - پر اُسکا بال بِیکا نہین کرسکتا * جِسکِي یہہ قُدرت اَور سکت ہو - اُسکِي حمد و ثنا مین زبان اِنسان کِي گویا گُونگِي ہَي * کہي تو کیا کہي! بہتر یُون ہَي کہ جِس بات مین دم نہ مار سکي چُپکا ہو رہي *

عرش سي لي فرش تک جِسکا کہ یہہ سامان ہَي
حمد اُسکي گرلِکھا چاہُون تو کیا اِمکان ہي!
جب پَیغَمبَري کہا ہو مَینّي پہچانا نہین
پھر جوکوئي دعوٰي کري اِسکاپڑا نادان ہَي *
رات دِن یہہ مہر ومہہ پھرتي ہَین صنعت دیکھتي
پر ہرایک واحِد کِي صُورت دِیدۂ حَیران ہَي *

جِسکا ثانِي اَور مُقابِل هَي نہ هوويگا کبھُو
اَيسي يکتا کو خُدائِي سب طرح شاياں هَي *
ليکن اِتناجانتا هُون خالِق و رازِق هَي وہ
هرطرح سي مُجھپر اُسکا لُطف اَور اِحسان هَي *

اَور دُرُود اُسکي دوست پرجِسکِي خاطِر زمِين اَور آسمان کو پَيدا کِيا اَور درجہ رِسالت کا دِيا

جِسمِ پاکِ مُصطفيٰ اللّہ کا ايک نُور هَي
اِس لِئي پرچھائِين اُسقد کِي نتھِي مشہُور هَي *
حَوصِلہ ميرا کہاں اِتنا جو نعت اُسکي کہُوں!
پر سُخن گويونکا يِہہ بھِي قاعِدہ دستُور هَي *

اور اُسکي آل پر صلوٰاۃ و سلام جو هين بارہ اِمام *

حمدِ حقّ اَور نعتِ احمد کويہاں کر اِنصِرام
اب مَين آغاز اُسکو کرتاهُون جو هَي منظُورکام *
يا اِلٰہي واسطي اپني نبِي کِي آل کي
کر يِہہ ميري گُفتگُو مقبُولِ طبع خاصّ وعامّ *

منشا اِس تالِيف کا يِہہ هَي ۔ کہ سن ايک هزار دو سَو پندرہ برس هِجرِي اَور اَٹھارہ سَي ايک سال عِيسوِي مُطابِق ايکہزار دو سَو سات سنِ فصلِي کي ۔ عہد مين اشرفُ الاشراف مارکويس ولزلي گورنر جنرل لارڈ مارنِنگٹن صاحِب کي (جِنکِي تعرِيف مين عقل حَيران اَور فہم سرگردان هَي * جِتني وصف سرداروں کو چاهِيئي اُنکي ذات مين خُدا ني جمع کِئي هَين * غرض قِسمت کِي خُوبِي

اِس مُلک کِي تهِي جو اَیسا حاکِم تشرِیف لایا جِسکي قدم کِي فَیض سي ایک عالم ني آرام پایا ـ مجال نہین کہ کوئِي کِسُو پر زبردستِي کرسکي ـ شیر اَور بکرِي ایک گهات پانِي پِیتي هَین ـ ساري غرِیب و غُربا دُعا دیتي هَین اَور جِیتي هین) چرچا عِلم کا پهَیلا * صاحِبانِ ذِي شان کو شَوق هُوا کہ اُردُو کِي زبان سي واقِف هوکر هِندُستانِیون سي گفُت و شُنُود کرین اَور مُلکِي کام کو باآگاهِيء تمام انجام دین ـ اِس واسطي کِتنِي کِتابین اِسِي سالؔ بمُوجِب فرمایش کي تالیف هُوئِي *

جو صاحِب دانا اَور هِندُوستان کِي زبان بولني والي هَین ـ اُنکِي خِدمت مین گُذارِش کرتا هُون ـ کہ یِہہ قِصّہ چار درویش کا اِبتدا مین امِیر خُسرُو دِهلَوِي ني اِسْ تقرِیب سي کہا کہ حضرت نِظامُ الدِّین اَولیا زرِي زربخش جو اُنکي پِیر تهي ـ اَور درگاہ اُنکِي دِلّي مین قِلعي سي تِین کوس لال دروازي کي باهر متِیادروازيؔ سي آگي لال بنگلي کي پاس هَي ـ اُنکِي طبِیعت ماندِي هُوئِي * تب مُرشِد کي دِل بهلاني کي واسطي امِیر خُسرُو یِہہ قِصّہ همیشہ کہتي ـ اَور بِیمارداري مین حاضِر رهتي * اللہ ني چند روز مین شِفا دِي ـ تب اُنهون ني غُسلِ صِحّت کي دِن یِہہ دُعا دِي ـ کہ جو کوئِي اِس قِصّي کو سُنیگا ـ خُدا کي فضل سي تندُرُست رهیگا ـ جب سي یِہہ قِصّہ فارِسِي مین مُروّج هُوا *

اب خُداوندِ نِعمت صاحِبِ مُرّوت نجِیبون کي قدردان جان گِلکرِسٹ صاحِب ني (کہ همیشہ اِقبال اُنکا زِیادہ رهي جب تلک گنگا جمُنا بهي) لُطف سي فرمایا ـ کہ اِس قِصّي کو ٹهیٹه هِندُوستاني گُفتگُو مین جو اُردُو کي لوگ هِندُو مُسلمان عَورت مرد لڑکي بالي خاصّ و عامّ آپس مین بولتي چالتي

هَین ترجُمہ کرو * مُوافِق حُکمِ حُضُور کي مَین نې بهِي اِسي مُحاوري سي لِکهنا شُرُوع کِیا ـ جَیسي کوئِي باتین کرتا هَي *

پهلي اپنا احوال یِہ عاصِي گُنہگار مِیر امّن دِلّي والا بَیان کرتا هَي ـ کہ میري بُزُرگ هُمایُون پادشاہ کي عہد سي هر ایلک پادشاہ کِي رِکاب مین پُشت بہ پُشت جانفِشانِي بجا لاتي رهي ـ اَور وُہ بهِي پرْورش کِي نظرسي قدردانِي جِتنِي چاهِئي فرماتي رهي * جاگِیر و منصب اَور خِدمات کِي عِنایات سي سرفراز کرکر مالامال اَور نِہال کر دِیا ـ اَور خانہ زادِ مَورُوثِي اَور منصبدارِ قدِیمِي زبانِ مُبارک سي فرمایا ـ چُنانچہ یِہ لقب پادشاهِي دفتر مین داخِل هُوا * جب اَیسي گهرِي (کہ ساري گهر اُس گهر کي سبب آباد تهي) یِہ نَوبت پهُنچِي کہ ظاهِر هَي ـ (عَیان را چہ بَیان؟) تب سُورجمْل جاٹ نې جاگِیر کو ضبط کرلِیا ـ اَور احْمد شاہ دُرّانِي نې گهر بار تاراج کِیا * اَیسِي اَیسِي تباهِي کهاکر وَیسي شهر سي (کہ وطن اَور جنم بهُوم میرا هَي ـ اَور آنْول نال وهِین گڑا هَي) جِلاوطن هُوا ـ اَور اَیسا جهاز (کہ جِسکا ناخُدا پادشاہ تها) غارت هُوا * مَین بې کسِي کي سمُندر مین غوطي کهاني لگا ـ ڈُوبتي کو تِنکي کا آسرا بهُت هَي ـ کِتني برس بلدۂ عظِیم آباد مین دم لِیا ـ کُچهہ بنِي کُچهہ بِگڑِي * آخِر وهان سي بهِي پاٴون اُکهڑي ـ روزگار نې مُوافقت نہ کِي ـ عِیال و اطفال کو چهوڑکر تنِ تنها کِشتِي پرسوار هو اشرفُ البِلاد کلکتّي مین آب و داني کي زور سي آ پهُنچا * چندي بې کاري گُذرِي ـ اِتّفاقاً نوّاب دِلاور جنگ نې بُلواکر اپني چهوٹي بهائي مِیر مُحمّد کاظِم خان کِي اتالِیقِي کي واسطي مُقرّر کِیا * قرِیب دو سال کي وهان رهنا هُوا ـ لیکن نِباہ اپنا نہ دیکها * تب مُنشِي مِیر بهادُر علِي جِي کي

وسیلی سی حضور تک جان گلکرسٹ صاحب بہادر (دام اقبالہ) کی رسائی ہوئی * باری طالع کی مدد سی ایسی جوانمرد کا دامن ہاتھ لگا ہی ـ چاہیئی کہ دن کچھ بھلی آوین ـ نہین تو یہہ بھی غنیمت ہی کہ ایک ٹکڑا کھاکر پاؤن پھیلاکر سو رہتا ہون ـ اور گھر مین دس آدمی چھوٹی بڑی پرورش پاکر دعا اُس قدردان کو کرتی ہین ـ خدا قبول کری *

حقیقت اُردو کی زبان کی بزرگون کی مُنہہ سی یون سُنی ہی ـ کہ دلّی شہر ہندوون کی نزدیک چوجگی ہی ـ اُنہین کی راجا پرجا قدیم سی وہان رہتی تھی اور اپنی بھاکھا بولتی تھی * ہزار برس سی مسلمانون کا عمل ہوا ـ سلطان محمود غزنوی آیا ـ پھر غوری اور لودی بادشاہ ہوئی * اِس آمدورفت کی باعث کچھ زبانون نی ہندو مسلمان کی آمیزش پائی * آخر امیر تیمور نی (جنکی گھرانی مین اب تلک نام نہاد سلطنت کا چلا جاتا ہی) ہندوستان کو لیا * اُنکی آنی اور رہنی سی لشکرکا بازار شہر مین داخل ہوا ـ اِس واسطی شہر کا بازار اُردو کہلایا * پھر ہمایون بادشاہ پٹھانون کی ہاتھ سی حیران ہوکر ولایت گئی ـ آخر وہان سی آنکر پسماندون کو گوشمالی دی ـ کوئی مفسد باقی نہ رہا کہ فتنہ و فساد برپا کری *

جب اکبر بادشاہ تخت پر بیٹھی تب چارون طرف کی ملکون سی سب قوم قدردانی اور فیضرسانی اِس خاندان لاثانی کی سُنکر حضور مین آکر جمع ہوئی ـ لیکن ہر ایک کی گویائی اور بولی جدی جدی تھی * اِکٹھی ہونی سی آپس مین لین دین سودا سلف سوال جواب کرتی ایک زبان اُردو کی مقرر ہوئی * جب حضرت شاہ جہان صاحب قران نی قلعہ مبارک

اَور جامع مسجد اَور شہرپناہ تعمیر کروایا اَور تختِ طاؤس مین جَواہِر جڑوایا اُور دل بادل سا خَیمہ چوبون پر اِستاد کر طنابون سي کھنچوایا اَور نَوّاب علي مردان خان نہا کو لیکر آیا ـ تب پادشاہ ني خُوش ہو کر جشن فرمایا اَور شہر کو اپنا دار الخلافت بنایا * تب سي شاہجہان آباد مشہُور ہُوا (اگرچہ دِلّي جُدي هَي ـ وہ پُرانا شہر اَور یہہ نَیا شہر کہلاتا هَي) اَور وہان کي بازار کو اُردُوي مُعلّا خِطاب دِیا *

امیر تَیمُور کي عہد سي مُحمّد شاہ کِي بادشاہت بلکہ احمد شاہ اور عالم گیرِ ثاني کي وقت تلك پیڑھي بہ پیڑھي سلطنت یکسان چلي آئي ـ ندان زبان اُردُو کِي منجتي منجتي اَیسِي منجي کہ کِسُو شہر کِي بولي اُس سي ٹکّر نہِین کھاتي * لیکن قدردانِ مُنصِف چاہئي جو تجوِیز کري ـ سو اب خُدا ني بعدِ مُدّت کي جان گِلکرِسْت صاحِب سا دانا نُکتہ رس پَیدا کِیا کہ جِنھون ني اپني گیان اَور اُگت سي اَور تلاش و محنت سي قاعِدون کِي کِتابین تصنیف کِین * اِس سبب سي ہِندُوستان کِي زبان کا مُلکون مین رِواج هُوا ـ اَور نَئي سِر سي رَونق زِیادہ هُوئِي ـ نہین تو اپنِي دستار و گُفتار و رفتار کو کوئِي بُرا نہین جانتا * اگر ایك گنْوار سي پُوچھِئي تو شہر والي کو نام رکھتا هَي ـ اَور اپني تئین سب سي بہتر سمجْھتا هَي * خَیر ـ عاقِلان خود مِیدانند *

جب احمد شاہ ابدالي کابُل سي آیا اَور شہر کو لُٹوایا ـ شاہ عالم پُورب کي طرف تھي ـ کوئِي وارِث اَور مالِك مُلك کا نہ رہا ـ شہر بي سر ہو گیا * سچ هَي ـ پادشاہت کي اِقبال سي شہر کِي رَونق تھي ـ ایکبارگي تباہي پڑي * رَئیس وہان کي مَین کہین تُم کہین ہو کر جہان جِسکي سینگ

نمائي وهان نِکل گئي * جس مُلك مين پهنچي وهان کي آدميون کي ساتهہ سنگت سي بات چيت مين فرق آيا ـ اور بهت ايسي هين کہ دس پانچ برس کِسو سبب سي دِلّي مين گئي اور رهي ـ وہ بهي کهان تلك بول سکينگي ـ کهين نہ کهين چوك هي جائينگي * اور جو شخص سب آفتين سهکر دِلّي کا روڑا هوکر رها ـ اور دس پانچ پشتين اُسي شهر مين گذرين اور اُس ني دربار اُمراؤن کي اور ميلي ٹهيلي عُرس چهڑيان سير تماشا اور کوچہ گردي اُس شهر کي مُدّت تلك کي هوگي ـ اور وهان سي نِکلني کي بعد اپني زبان کو لحاظ مين رکها هوگا ـ اُس کا بولنا البتّہ ٹهيك هي * يهہ عاجز بهي هر ايك شهر کي سير کرتا اور تماشا ديکهتا يهان تلك پهنچا هي *

شُرُوعِ قِصّي مين

اب آغاز قِصّي کا کرتا هُون ـ ذرّه کان دهرکر سُنو اور مُنصِفي کرو * سَير مين چار درويش کِي يُون لِکها هَي ـ اَور کهني والي ني کها هَي ـ کہ آگي رُوم کي مُلْك مين کوئي شہنْشاه تها ـ کہ نَوشيْروان کِي سِي عدالت اَور حاتِم کِي سِي سخاوت اُس کِي ذات مين تهِي * نام اُس کا آزادبخت اَور شهر قُسطنْطنِيه (جِس کو اِستنْبول کهتي هَين) اُس کا پاي تخت تها * اُس کي وقْت مين رعِيّت آباد ـ خزانه معمُور ـ لشکر مرفّہ ـ غرِيب غُربا آسوده ـ اَيسي چَين سي گُذران کرتي اَور خُوشِي سي رهتي کہ هرايك کي گهر مين دِن عيد ـ اَور رات شب برات تهِي * اَور جِتني چور چکّار جيب کترِي صُبح خيزي اُٹهائي گيري دغاباز تهي ـ سب کو نيست و نابُود کرکر نام و نِشان اُنکا اپني مُلك بهر مين نہ رکها تها * ساري رات دروازي گهرون کي بند نہ هوتي ـ اَور دُوکانين بازار کي کهُلي رهتين * راهِي مُسافِر جنگل مَيدان مين سونا اُچهالتي چلي جاتي ـ کوئي نہ پُوچهتا کہ تُمهاري مُنہ مين کَئي دانت هَين ـ اَور کهان جاتي هو؟

اُس بادشاه کي عمل مين هزارون شهر تهي ـ اَور کَئي سُلْطان نعلبندي ديتي * اَيسي بڑي سلْطنت پر ايك ساعت اپني دِل کو خُدا کِي ياد اَور بندگِي سي غافِل نہ کرتا * آرام دُنيا کا جو چاهئي سب مَوجُود تها ـ ليکِن فرزند کہ زِندگاني کا پهل هَي اُسکي قِسْمت کي باغ مين نہ تها * اِس خاطِر اندر

فکرمند رهتا ـ اَور پانچون وقت کي نماز کي بعد اپني کريم سي کهتا ـ کہ اَي اللہ! مجهہ عاجز کو تُوني اپني عِنايت سي سب کُچهہ دِيا ـ ليکن ايک اِس اندهيري گهر کا دِيا نہ دِيا * يهي ارمان جي مين باقي هَي ـ کہ ميرا نام ليوا اَور پاني ديوا کوئي نهين * اَور تيري خزانۂ غيب مين سب کُچهہ مَوجُود هَي ـ ايک بيٹا جيتا جاگتا مُجهي دي ـ تو ميرا نام اَور اِس سلطنت کا نِشان قائِم رهي *

اِسي اُمّيد مين بادشاه کي عُمر چاليس برس کي هوگئي * ايک دِن شيش محل مين نماز ادا کرکر ـ وظيفہ پڑهہ رهي تهي * ايکبارگي آئِني کي طرف خيال جو کرتي هَين ـ تو ايک سُفَيد بال مُوچهون مين نظر آيا ـ کہ مانند تارِ مُقيش کي چمک رها هَي * بادشاه ديکهہ کرآبديده هُوئي ـ اَور ٹهنڈهي سانس بهري * پهر دِل مين اپني سوچ کِيا ـ کہ افسوس! تُوني اِتني عُمر ناحق برباد دِي ـ اَور اِس دُنياکي حِرص مين ايک عالم کو زيروزبر کِيا * اِتنا مُلک جو ليا ـ اب تيري کِس کام آويگا؟ آخِريهہ سارا مال اسباب کوئي دُوسرا اُڑا ديگا * تجهي تو پَيغام مَوت کا آچُکا ـ اگر کوئي دِن جِيئي بهي ـ تو بدن کي طاقت کم هوگي ـ اِس سي يهہ معلُوم هوتا هَي ـ کہ ميري تقدير مين نهين لِکها ـ کہ وارِث چهتر اَور تخت کا پَيدا هو * آخر ايک روز مرنا هَي ـ اَور سب کُچهہ چهوڑ جانا هَي ـ اِس سي يهي بِهتر هَي ـ کہ مَين هي اِسي چهوڑ دُون ـ اَور باقي زِندگي اپني خالِق کي ياد مين کاٹون *

يهہ بات اپني دِل مين ٹهہراکر ـ پائين باغ مين جاکر ـ سب مُجرائيون کو جَواب ديکر ـ فرمايا ـ کہ کوئي آج سي ميري پاس نہ آوي ـ سب دِيوانِ عام مين

آيا جايا كرين - اَور اپني كام مين مُستعد رهين * يهه كهكر - آپ ايك مكان مين جا بَيتهي اَور مُصلاّ بچهاكر عبادت مين مشغول هوي * سواي روني اَور آه بهرني كي كُچهه كام نه تها * اِسي طرح بادشاه آزادبخت كو كَئي دِن گُذري - شام كو روزه كهولني كي وقت - ايك چهُهارا كهاتي اَور تين گهونٹ پاني پيتي - اَور تمام دِن رات جاي نماز پر پڑي رهتي * اِس بات كا باهر چرچا پهيلا - رفته رفته تمام مُلك مين خبر گئي كه بادشاهني بادشاهت سي هاتهه كهينچ كر گوشه نِشيني اِختيار كي * چارون طرف غنيمون اَور مُفسدون ني سر اُٹهايا - اَور قدم اپني حدّ سي بڑهايا * جس ني چاها مُلك دبا ليا - اَور سرانجام سركشي كا كيا * جهان كهين حاكم تهي - اُنكي حُكم مين خلل عظيم واقع هوا * هرايك صوبي سي عرضي بدعملي كي حضور مين پهنچي * درباري اُمرا جتني تهي جمع هوي اَور صلاح مصلحت كرني لگي *

آخر يهه تجويز ٹههري - كه نوّاب وزير عاقل اَور دانا هَي - اَور بادشاه كا مُقرّب اَور مُعتمد هَي - اَور درجي مين بهي سب سي بڑا هَي - اُسكي خدمت مين چلين - ديكهين وه كيا مُناسب جانكر كهتا هَي * سب عُمده امير وزير كي پاس آئي اَور كها - بادشاه كي يهه صورت - اَور مُلك كي وه حقيقت - اگر چندي اَور تغافُل هوا - تو اِس محنت كا مُلك ليا هوا مُفت مين جاتا رهيگا - پهر هاتهه آنا بهت مُشكل هَي * وزير پُرانا - قديم - نمك حلال اَور عقلمند - نام بهي خردمند اِسم با مُسمّي تها - بولا - اگرچه بادشاه ني حضور مين آني كو منع كيا هَي - ليكن تم چلو مَين بهي چلتا هون - خُدا كري بادشاه كي مرضي آوي جو روبرو بُلاري * يهه كهكر - سب كو اپني ساتهه ديوانِ عامّ تلك لايا - اُن كو وهان چهوڑكر - آپ

دِيوانِ خاصّ مين آيا - اَور بادشاه کِي خِدمت مين محلّي کي هاتهه کہلا بهيجا - که يهه پِير غُلام حاضِر هَي - کئي دِنون سي جمالِ جهان آرا نهين ديکها - اُمّيدوار هُون که ايک نظر ديکهه کر - قدم بوسي کرون - تو خاطِر جمع هو * يهه عرض وزِيرکي بادشاه ني سُني - ازبسکه قِدامت اَور خَيرخواهي اَور تدبِير اَور جان نثاري اُس کِي جانتي تهي - اَور اکثر اُس کِي بات مانتي تهي - بعد تأمّل کي فرمايا - خِردمند کو بُلا لو * باري جب پروانگي هُوئي - وزِير حُضُور مين آيا - آداب بجا لايا - اَور دست بسته کهڑا رها * ديکها تو بادشاه کِي عجب صُورت بن رهِي هَي - که زاربزار روني اَور دُبلاپي سي آنکهون مين حلقي پڑ گئي هَين - اَور چِهره زرد هو گيا هَي *

خِردمند کو تاب نه رهِي - بي اِختِيار دَوڑ کر قدمون پر جا گِرا * بادشاه ني هاتهه سي سر اُس کا اُٹهايا - اَور فرمايا - لو - مُجهي ديکها - خاطِر جمع هُوئي ؟ اب جاؤ - زِيادة مُجهي نه ستاؤ تُم سلطنت کرو * خِردمند سُن کر - ڈاڑهه مارکر رويا - اَور عرض کِي - غُلام کو آپ کي تصدّق اَور سلامتي سي هميشه بادشاهت ميسّر هَي - ليکن جهان پناه کِي يک بيک اِس طرح کِي گوشه گيري سي تمام مُلک مين تہلُکه پڑ گيا هَي - اَور انجام اِس کا اچّها نهين * يهه کيا خيال مِزاج مُبارک مين آيا؟ اگر اِس خانه زادِ مَورُوثي کو بهي محرم اِس رازکا کِيجي تو بہتر هَي - جو کُچهه عقلِ ناقِص مين آوي - اِلتماس کري * غُلامون کو - جو يهه سرفرازيان بخشي هَين - اِسي دِن کي واسطي - که بادشاه عيش و آرام کرين - اَور نمک پروردي تدبِير مين مُلک کِي رهين * خُدا نه خواسته جب فِکرمِزاجِ عالي کي لاحِق هُوئي - تو بندهاي

پادشاهي کس دِن کام آوينگي؟ بادشاه ني کها سچ کهتا هَي - پر جو فِکر ميري جي کي اندر هَي - سو تدبِير سي باهر هَي *

سُن اَي خِردمند ميري ساري عُمر اِسي ملكگيري درد سر مين کٹي - اب يِهه سِن وسال هُوا - آ گي مَوت باقِي هَي - سو اُس کا بهِي پَيغام آيا - کہ سِياه بال سُفَيد هو چلي * وه مثل هَي ساري رات سوئي - اب صُبح کو بهِي نہ جاگين؟

اب تلك ايك بيٹا پَيدا نہ هُوا - جو ميري خاطِر جمع هوتي - اِس لِيي دِل سخت اُداس هُوا - اَور مَين سب کُچهہ چهوڑ بَيٹها - جِس کا جِي چاهي - ملك لي - يا مال لي - مُجهي کُچهہ کام نهِين - بلکہ کوئي دِن مين يِهہ اِرادہ رکهتا هُون - کہ سب چهوڑ چهاڑکر - جنگل اَور پهاڑون مين نِکل جاؤن - اَور مُنهہ اپنا کِسُوکو نہ دِکهاؤن - اِسي طرح يِهہ چند روز کي زِندگي بسر کرُون * اگر کوئي مکان خُوش آيا - تو وهان بَيٹهہ کر - بندگي اپني معبُود کِي بجا لاؤنگا * شايد عاقِبت بخَير هو * اَور دُنيا کو تو خُوب ديکها - کُچهہ مزہ نہ پايا * اِتنِي بات بول کر - اَور ايك آہ بهرکر - بادشاہ چُپ هوئي *

خِردمند اُن کي باپ کا وزِير تها - جب يِي شهزادي تهي - تب سي مُحبّت رکهتا تها - علاوہ دانا اَور نيك انديش تها * کهني لگا - خُدا کي جناب سي نا اُميد هونا هرگز مُناسِب نهِين - جِس ني هيژدہ هزار عالم کو ايك حُکم مين پَيدا کِيا - تُمهين اَولاد دَينِي اُس کي نزديك کيا بڑي بات هَي؟ قِبلۂ عالم اِس تصوّرِ باطِل کو دِل سي دُور کرو - نهين تو تمام عالم درهم برهم هو جائيگا * اَور يِهہ سلطنت کِس کِس محنت اَور مشقّت سي تُمهاري

بزرگون ني اَور تُم ني پَيدا کِي هَي ؟ ايك ذرّه مين هاتهہ سي نِکل جائيگي - اَور بي خبري سي مُلك وَيران هو جائيگا * خُدا نہ خواستہ بدنامِي حاصل هوگي * اِس پربهي بازپُرس روزِ قيامت کِي هُوا چاهي - کہ تُجهي بادشاه بناکر- اپني بندون کو تيري حَوالي کِياتها - تُو هماري رحمت سي مايُوس هُوا - اَور رعيّت کو حَيران پريشان کِيا * اِس سُوال کا کيا جَواب دوگي ؟ پس عِبادت بهي اُس روز کام نہ آويگي - اِس واسطي کہ آدمِي کا دِل خُدا کا گهر هَي - اَور پادشاه فقط عدل کي واسطي پُوچهي جائينگي * غُلام کِي بيادبِي مُعاف هو - گهر سي نِکل جانا اَور جنگل جنگل پهِرنا کام جوگِيون اَور فقِيرون کا هَي - نہ کہ بادشاهون کا * تُم اپني جوگا کام کرو - خُدا کِي ياد اَور بندگِي جنگل پهاڑ پر مَوقوف نہين * آپ ني يِهہ بَيت سُني هوگي -

خُدا اِس پاس - يِهہ ڈهُونڈهي جنگل مين - ڈهنڈهورا شهرمين - لڑکا بغل مين *

اگر مُنْصِفِي فرمائِيي - اَور اِس فِدْوِي کِي عرض قبُول کِيجِيي - تو بِهتر يُون هَي - کہ جهان پناه هردم اَور هر ساعت دهيان اپنا خُداکِي طرف لگاکر - دُعا مانگا کرين * اُس کِي درگاه سي کوئِي مَحرُوم نہين رها * دِن کو بندوبست مُلك کا اَور اِنصاف عدالت غريب غُربا کِي فرمائِين - تو بندي خُداکِي دامنِ دَولت کي سائي مين امن و آمان خُوش گُذران رهين - اَور رات کو عِبادت کِيجِيئي - اَور دُرود پَيغمبر کِي رُوح پاك کو نِياز کرکر - درويش گوشہ نشين مُتوکّلون سي مدد لِيجِيئي - اَور روز راتب يتِيم اسِير عِيال دارون مُحتاجون اَور رانڈ بيواؤن کو کر دِيجِيئي * اَيسي اچّهي کامون اَور نيك نِيّتون کِي برکت

سي - خُدا چاهي - تو اُمّيدِ قوِي هَي كه تُمهاري دِل كي مقصد اَور مطلب سب پُوري هون * اَور جِس واسطي مِزاجِ عالي مُكدّر هو رها هَي - وہ آرزو برآوي - اَور خُوشي خاطِرِ شرِيف كو هو جاوي * پروردگار كِي عِنايت پر نظر رکهيي - كه وہ ايك دم مين - جو چاهتا هَي سو كرتا هَي * باري خِردمند وزِيركي اَيسي اَيسي عرض معرُوض كرني سي - آزادبخت كي دِل كو ڈهارس بندهي - فرمّايا - اچّها - تُو جو كهتا هَي بهلا - يِهه بهِي كر ديكهين - آگي - جو الله كِي مرضِي هَي - سو هوگا *

جب بادشاه كي دِل كو تسلّي هُوئي - تب وزِير سي پُوچها - كه اَور سب امِير و دبِير كيا كرتي هَين - اَور كِس طرح هَين ؟ اُس ني عرض كِي - كه سب اركانِ دَولت قِبلهٔ عالم كي جان و مال كو دُعا كرتي هَين * آپ كِي فِكر سي سب حَيران و پريشان هو رهي هَين * جمالِ مُبارك اپنا دِكهائيي تو سب كِي خاطِرجمع هووي * چُنانچه اِس وقت دِيوانِ عامّ مين حاضِر هَين * يِهه سُن كر بادشاه ني حُكم كِيا - اِنشاءالله تعالىٰ - كل دربار كرُونگا * سب كو كهه دو - حاضِر رهين * خِردمند يِهه وعده سُن كر خُوش هُوا - اَور دونون هاتهه اُٹهاكر دُعا دِي - كه جب تلك يِهه زمين وآسمان برپا هَين - تُمهارا تاج و تخت قائم رهي * اَور حُضُور سي رُخصت هوكر - خُوشي خُوشي باهر نِكلا - اَور يِهه خُوشخبري اُمرأون سي كهي * سب امِير هنسي خُوشي گهر كو گئي * ساري شهر مين آنند هوگئي * رعيت پرجا مگن هُوئي - كه كل بادشاه بارِ عام كريگا * صُبح كو سب خانه زاد اعلىٰ ادنىٰ - اَور اركانِ دَولت چهوٹي بڑي - اپني اپني پائي اَور مرتبي پر آكر كهڑي هُوئي - اَور مُنتظر جلوهٔ بادشاهي كي تهي *

جب پهر دن چڑها ـ ايكبارگي پرده اُٹها ـ اَور بادشاه ني برآمد هوكر تخت مُبارك پر جلُوس فرمايا * نوبت خاني مين شاديانې بجني لگي * سبهون ني نذرين مُباركبادي كي گذرانين ـ اَور مُجريگاه مين تسليمات و كورنشات بجالائي * موافق قدر و منزلت كي هرايك كو سرفرازي هُوئي ـ سب كي دِل كو خُوشي اَور چَين هُوا * جب دو پهر هُوئي ـ برخاست هوكر ـ اندرونِ محل داخل هُوئي ـ خاصه نوشِ جان فرماكر ـ خوابگاه مين آرام كيا * اُس دِن سي بادشاه ني يهي مُقرّر كيا ـ كه هميشه صُبح كو دربار كرنا ـ اَور تيسري پهر كتاب كا شُغل ـ يا وِرد وظيفه پڑهنا ـ اَور خُدا كي درگاه مين توبه اِستغفار كركر ـ اپني مطلب كي دُعا مانگني *

ايك روز كتاب مين يهي لكها ديكها ـ كه اگر كسي شخص كو غم يا فكر ايسي لاحق هو ـ كه اُس كا عِلاج تدبير سي نهو سكي ـ تو چاهئيي ـ كه تقدير كي حوالي كري ـ اَور آپ گورستان كي طرف رُجوع كري ـ دُرود ـ طُفيل پيغمبر كي رُوح كي ـ اُن كو بخشي ـ اَور اپني تئين نيست و نابُود سمجهكر ـ دِل كو اِس غفلتِ دُنيوي سي هُشيار ركهي ـ اَور عِبرت سي رووي ـ اَور خُدا كي قُدرت كو ديكهي ـ كه مُجهه سي آگي كيسي كيسي صاحبِ مُلك و خزانه اِس زمين پر پيدا هُوئي ؟ ليكن آسمان ني سب كو اپني گردش مين لاكر ـ خاك مين مِلا ديا * يهه كهاوت هَي ـ

چلتي چكّي ديكهه كر ـ ديّا كبيرا رو ــ دو پاٹن كي بيچ آ ـ ثابت گيا نه كو

اب جو ديكهيئي سواي ايك مٹّي كي ڈهيركي ـ اِن كا كُچهه نِشان باقي نهين رها ـ اَور سب دَولتِ دُنيا ـ گهر بار ـ آل اَولاد ـ آشنا دوست ـ نَوكر چاكر ـ

هاتهي گهوڙي - چهوڙكر اكيلي پڑي هَين * يهہ سب اِن كي كُچهہ كام نہ آيا بلكہ اب كوئي نام بهي نہين جانتا - كہ يي كَون تهي - اَور قبر كي اندر كا احْوال معلُوم نہين - (كہ كيڑي مكوڑي چيُونٹي سانپ اُن كو كها گئي -) يا اُن پر كيا بيتي اَور خُدا سي كَيسي بني * يي باتين اپني دِل مين سوچ كر ساري دُنياكو ديكهني كا كهيل جاني - تب اُس كي دِل كا غُنچہ هميشہ شگُفتہ رهيگا - كِسُو حالت مين پژمُردہ نہ هوگا * يهہ نصيحت جب كِتاب مين مُطالعہ كي بادشاہ كو خردمند وزير كا كهنا ياد آيا - اَور دونون كو مُطابِق پايا * يهہ شَوق هُوا - كہ اِس پر عمل كروں - ليكِن سوَار هوكر اَور بهِيڑ بهاڑ لي كر - بادشاهون كِي طرح سي جانا اَور پهانا مُناسِب نہين * بہتر يهہ هَي كہ لِباس بدل كر رات كو اكيلي مقبرون مين يا كِسي مردِ خُدا گوشہ نشين كي خِدمت مين جايا كرون - اَور شب بيدار رهون - شايد اِن مردون كي وسِيلي سي دُنيا كِي مُراد اَور عاقِبت كِي نجات مُيسّر هو *

يهہ بات دِل مين مُقرّر كركر ايك روز رات كو موٹي جهوٹي كپڑي پهن كر كُچهہ روُپي اشْرفِي ليكر - چُپكي قِلْعي سي باهر نِكلي اَور مَيدان كِي راہ لِي - جاتي جاتي ايك گورستان مين پهنُچي - نِہايت صِدْق دِل سي دُرود پڑهہ رهي تهي * اَور اُس وقْت بادِ تُنْد چل رهي تهِي - بلكہ آندهِي كها چاهِيئي * ايك بارگي بادشاہ كو دُور سي ايك شُعلہ سا نظر آيا - كہ مانند صُبح كي تاري كي روشن هَي * دِل مين اپني خِيال كِيا - كہ اِس آندهِي اَور اندهيري مين يهہ روشني خالِي حِكمت سي نہين * آيا يهہ طِلسم هَي ؟ كہ اگر پهِٹكري اَور گنْدهك كو چراغ مين بتّي كي آس پاس چهڑك ديجيئي - تو كَيسِي هِي هَوَا چلي -

چراغ گل نہ هوگا * یا کِسُو ولِي کا چراغ هَي کہ جلتا هَي - جو کُچهہ هو سو هو - چل کر دیکها چاهِیئي * شاید اِس شمع کي نُور سي میري بهِي گهرکا چراغ روشن هو - اَور دِل کِي مُراد مِلي * یہہ نِیّت کرکي اُس طرف کو چلي * جب نزدِیك پہُنچي - دیکها تو چار فقِیرِ بي نَوَا کفنِیان گلي مین ڈالي - اَور سِر زانُو پر دهري - عالمِ بيهوشِي مین خاموش بَیٹهي هَین * اَور اُن کا یہہ عالم هَي جَیْسي کوئي مُسافِر اپنِي مُلك اَور قَوم سي بِچهڑکر - بيکسي اَور مُفلسي کي رنج و غم مین گرِفتار هوکر حَیران رہ جاتا هَي * اِسِي طرح سي یي چارون نقشِ دِیوار هو رهي هَین - اَور ایك چراغ پتّهر پر دهرا ٹمٹِما رها هَي - هرگز هَوَا اُس کو نہین لگتِي گویا فانُوس اُس کِي آسمان بنا هَي - کہ بي خطري جلتا هَي *

آزادبخت کو دیکهتي هِي یقِین آیا کہ مُقرّر تیرِي آرزُو اِن مردانِ خُدا کِي قدم کِي برکت سي برآویگِي - اَور تیرِي اُمّید کا سُوکها درخت اِن کِي تَوَجُّہ سي هرا هوکر پهَلیگا * اِن کِي خِدمت مین چل کر اپنا احْوال کہہ - اَور مجْلِس کا شرِیك هو - شاید تُجهہ پر رحم کهاکر دُعا کرین جو بي نیازکي یہان قبولْ هو * یہہ ارادہ کرکر چاها کہ قدم آگي دهري * وُهِین عقل ني سمجهایا کہ اَي بي وُقُوف جلْدي نہ کر - ذرّہ دیکهہ لي * تُجهي کیا معلُوم هَي کہ یي کَون هَین - اَور کہان سي آئي هَین ؟ اَور کِیدهر جاتي هَین ؟ کیا جانِین یي دیْو هَین یا غُولِ بَیَابانِي هَین - کہ آدمِي کِي صُورت بن کر باهم مِل بَیٹهي هَین ؟ بہ هرصُورت جلْدي کرنا اَور اِن کي درمِیان جاکر مُخِلّ هونا خُوب نہین * ابهِي ایك گوشي مین چهپ کر حقِیقت اِن درویشون کِي جانا چاهِیئي * آخِربادشاہ ني یہِي کیا کہ

ایک کونے میں اُس مکان کي چُپکا جا بَیٹھا کہ کِسُوکو اُس کي آنے کِي آہٹ کِي خبر نہ هُوئي - اپنا دهیان اُن کِي طرف لگایا کہ دیکھِیئے آپس میں کیا بات چیت کرتي هَین * اِتّفاقاً ایک فقیرکو چھینک آئی - شُکر خُدا کا کیا - وو تینوں قلندر اُس کِي آواز سي چَونک پڑي - چراغ کو اُکسایا - دِیپ تو روشن تها - اپني اپني بِستروں پر حُقّي بھر کر پینے لگي * ایک اُن آزادوں میں سي بولا اَي یارانِ همدرد و رفیقانِ جہان‌گرد ! هم چار صُورتیں آسمان کِي گردِش سي اَور لَیل و نہار کي اِنقلاب سي در بہ درخاک بہ سر ایک مُدّت پھرین * اَلحمدُ لِلّٰہ کہ طالِع کِي مدد اَور قِسمت کِي یاوري سي آج اِس مقام پر باهم مُلاقات هُوئي * اَور کل کا احوال کُچھہ معلُوم نہیں کہ کیا پیش آوي - ایک گمت رهیں یا جُدا جُدا هو جاوین * رات بڑي پہاڑ هوتي هَي - ابھي سي پڑپڑ رهنا خُوب نہیں - اِس سي یہہ بِہتر هَي کہ اپني اپني سرگُذشت جو اِس دُنیا میں جِس پر بیِتي هو (بشرطیکہ جھُوٹھہ اِس میں کَوڑي بھر نہ هو) بَیان کري - تو باتوں میں رات کٹ جائي * جب تھوڑي شب باقي رهي تب لوٹ پوٹ رهینگي * سبھوں ني کہا یا هادِي جو کُچھہ اِرشاد هوتا هَي هم ني قبُول کِیا * پہلي آپ هِي اپنا احوال جو دیکھا هَي شرُوع کِیجِیئي - تو هم مُستفید هوں *

سَیر پہلي درویش کِي

پہلا درویش دو زانو هو بَیٹھا اَور اپني سَیر کا قِصّہ اِس طرح سي کہني لگا * یامعبُود اَللّٰہ ! ذرّہ اِدھر مُتَوَجّہ هو - اَور ماجرا اس بےسروپا کا سُنو *

بنور سیارد

یہہ سر گذشت میری ذرہ کان دھر سنو ۔ مجھہ کو فلک نی کر دیا زیر و زبر سنو *
جو کچھہ کہ پیش آئی ہی شدت مری تئین ۔ اُس کا بیان کرتا ہون ۔ تم سربسر سنو *
اَی یاران! میری پیدایش اَور وطن بزرگون کا ملک یمن ہی * والد اِس عاجز کا
ملک التجار خواجہ احمد نام بڑا سوداگر تھا * اُس وقت مین کوئی مہاجن یا
بیپاری اُن کی برابر نہ تھا * اکثر شہرون مین کوٹھیان اَور گماشتی خرید و فروخت
کی واسطی مقرر تھی ۔ اَور لاکھون روپی نقد اَور جنس ملک ملک کی گھر مین
موجود تھی * اُن کی یہان دو لڑکی پیدا ہوئی ۔ ایک تو یہی فقیر جو کفنی
سیلی پہنی ہوئی مرشدون کی حضوری مین حاضر اَور بولتا ہی * دوسری ایک
بہن جس کو قبلہ‌گاہ نی اپنی جیتی جی اَور شہر کی سوداگر بچی سی شادی
کر دی تھی * وہ اپنی سسرال مین رہتی تھی * غرض جس کی گھر مین اتنی
دولت اَور ایک لڑکا ہو ۔ اُس کی لاڈ پیار کا کیا ٹھکانا ہی؟ مجھہ فقیر نی بڑی
چاؤ چوز سی ماباپ کی سائی مین پرورش پائی ۔ اَور پڑھنا لکھنا سپاہ‌گری
کا کسب و فن ۔ سوداگری کا بہی کھاتا روزنامہ سیکھنی لگا * چودہ برس تک
نہایت خوشی اَور بیفکری مین گذری ۔ کچھہ دُنیا کا اندیشہ دل مین نہ آیا *
یک بہ یک ایک ہی سال مین والدین قضای الٰہی سی مر گئی *

عجب طرح کا غم ہوا ۔ جس کا بیان نہین کر سکتا * ایک بارگی یتیم ہو گیا *
کوئی سر پر بوڑھا بڑا نہ رہا * اِس مصیبت ناگہانی سی رات دن رویا کرتا ۔ کھانا پینا
سب چھوٹ گیا * چالیس دن جون تون کر کٹی ۔ چہلم مین اپنی بیگانی چھوٹی
بڑی جمع ہوئی * جب فاتحہ سی فراغت ہوئی ۔ سب نی فقیر کو باپ کی

پگڑي بندھوائي ۔ اَور سمجھایا * دُنیا مین سب کي ماباپ مرتي آئي ہَین ۔ اَور اپني تئین بھي ایک روز مرنا ہَي * پس صبر کرو ۔ اپني گھرکو دیکھو ۔ اب باپ کي جگھہ تم سردار ہوئي ۔ اپني کاروبار لین دین سي ہُشیار رہو * تسلّي دي کر وي رُخصت ہوئي * گُماشتي کاروباري نَوکر چاکر جِتني تھي آن کر حاضِر ہوئي ۔ نذرین دِین اَور بولي ۔ کوٹھي نقد وجِنس کي اپني نظرِ مُبارک سي دیکھہ لیجیئي * ایکبارگي جو اُس دَولت بي اِنتِہا پر نِگاہ پڑي ۔ آنکھین کھُل گئین * دِیوان‌خاني کي تَیّاري کو حُکم کیا * فرّاشون ني فرش فُروش بِچھاکر چھت پردي چِلونین تکلّف کي لگا دِین ۔ اَور اچّھي اچّھي خِدمتگار دِیدارُو نَوکر رکھي * سرکار سي زرق برق کي پوشاکین بنْوا دِین * فقیر مسْند پر تکیہ لگاکر بَیٹھا * وَیسي ہي آدمي غُنڈي بھانکڑي مُفت پر کھاني پِینی والي جھوٹھي خُوشامدي آکر آشنا ہوئي اَور مُصاحِب بني * اُن سي آٹھہ پہر صُحبت رہني لگي * ہر کہین کي باتین اَور زٹلین واہي تباہي اِدھر اُدھر کي کرتي ۔ اَور کہتي ۔ اِس جَواني کي عالم مین کیتکي کي شراب پیجئي یا گُلِ گُلاب کھنچوایئي اَور عَیش کیجیئي *

غرض آدمي کا شَیطان آدمي ہَي * ہر دم کي کہني سُنّي سي اپنا بھي مِزاج بہک گیا * شراب ناچ اَور جُوئي کا چرچا شُروع ہُوا * پھر تو یہہ نَوبت پہنچي کہ سَوداگري بھُول کر تماش بِیني کا اَور دیني لیني کا سَودا ہُوا * اپني نَوکر اَور رفیقون ني جب یہہ غفلت دیکھي جو جِس کي ہاتھہ پڑا الگ کیا ۔ گویا لُوٹ مچا دي * کُچھہ خبر نہ تھي کِتنا رُوپیا خرچ ہوتا ہَي ۔ کہان سي آتا اَور

کِیدھر جاتا هَي؟ مالِ مُفت دِلِ بي رحم * اِس درخرچي کي آگي اگر گنج قارُون کا هوتا تَو بهي وفا نہ کرتا * کَئِي برس کي عرصي مین ایکبارگي یِہہ حالت هُوئِي کہ فقط ٹوپي اَور لنگوٹي باقِي رهِي * دوست آشنا جو دانْت کاٹي روٹي کھاتي تهي - اَور چمْچابهر خُون اپنا هر بات مین زبان سي نِثار کرتي تهي کافُور هوگئِي - بلکہ راہ باٹ مین اگر کہین بهینٹ مُلاقات هوجاتي - تو آنکهین چُراکر مُنہہ پهیر لیتي - اَور نَوکر چاکر خِدمتگار بہلیي ڈهلَیت خاص بردار ثابت خانِي سب چهوڑکر کِناري لگي * کوئِي بات کا پُوچهنيوالا نہ رها جو کهي یِہہ کیا تُمهارا حال هُوا؟ سِواي غم اَور افْسوس کي کوئِي رفیق نہ ٹهہرا *

اب دمڑي کي ٹهڈّیان مُیَسّر نہین جو چباکر پانِي پِیئُون - دو تین فاقي کڑاکي کهینْچي تاب بُهوکهہ کي نہ لا سکا * لاچار بیحَیائِي کا بُرقعہ مُنْہہ پر ڈال کر یہہ قصد کِیا - کہ بہن کي پاس چلیئي * لیکن یِہہ شرم دِل مین آتِي تهِي کہ قِبْلہ گاہ کِي وفات کي بعد نہ بہن سي کُچهہ سُلُوک کِیا - نہ خالِي خطّ لِکها - بلکہ اُس ني دو ایک خطّ خُطوط ماتم پُرسِي اَور اِشْتِیاق کي جو لِکهي - اُن کا بهي جَواب اِس خواب خرگوش مین نہ بهیجا * اِس شرمندگي سي جِي تو نہ چاهتا تها - پر سِواي اُس گهر کي اَور کوئِي ٹهکانا نظر مین نہ ٹهہرا * جون تون پاپیادہ خالِي هاتهہ گرتا پڑتا هزار محنت سي وُہ کَئِي منزلین کاٹ کر همْشیر کي شہر مین جاکر اُسْ کي مکان پر پہُنچا * وُہ ماجائِي میرا یِہہ حال دیکهہ کر بلائین لي اَور گلي مِل کر بہُت روئِي * تیل ماش اَور کالي ٹکي مُجهہ پر سي صدقي کِیئي * کہني لگِي اگرچہ مُلاقات سي دِل بہُت خُوش هُوا - لیکن بهیا - تیري

یہہ کیا صُورت بني؟ اُس کا جَواب مَین کُچھہ نہ دي سکا * آنکھون مین آنسو ڈبڈباکر چُپکا هو رها * بہن ني جلدي خاصّي پوشاك سِلواکر حمّام مین بھیجا * نہا دھوکر وو کپڑي پہني * ایك مکان اپني پاس بہت اچّھا تکلّف کا میري رهني کو مقرّر کیا * صُبح کو شربت اَور لَوزِیات حلوا سوهن پِستہ مغزي ناشتي کو ـ اَور تیسري پہر میوي خشك و تر پھل پھلاري ـ اَور رات دِن دونون وقت پُلاؤ نان قلیئي کباب تُحفہ تُحفہ مزيدار منگواکر اپني رُوبرُو کھلاکرجاتي ـ سب طرح خاطرداري کرتي * مین ني وَیسي تصدیع کي بعد جو یہہ آرام پایا ـ خُداکي درگاہ مین هزار هزار شکر بجا لایا * کئي مہیني اس فراغت سي گذري کہ پاؤن اُس خلوت سي باهر نہ رکھا *

ایك دِن وُہ بہن جو بجائي والِدہ کي میري خاطر رکھتي تھي کہني لگي ـ اَي بیرن! تو میري آنکھون کي پُتلي اَور ماباپ کي مُوئي مِٹّي کي نِشاني هَي * تیري آني سي میرا کلیجا ٹھنڈھا هُوا * جب تُجھي دیکھتي هُون باغ باغ هوتي هُون * توني مُجھي نِہال کیا ـ لیکن مردون کو خُدا ني کمائي کي لیئي بنایا هَي ـ گھر مین بَیٹھي رهنا اُن کو لازِم نہین * جو مرد نِکھٹّو هوکر گھرسیتا هَي ـ اُس کو دُنیاکي لوگ طعنہ مِہنا دیتي هَین ـ خُصوصاً اِس شہر کي آدمي چھوٹي بڑي بي سبب تمھاري رهني پر کہینگي ـ اپني باپ کي دَولت دُنیا کھو کھاکر بھنوي کي ٹکڑون پر آپڑا * یہہ نہایت بي غیرتي اَور میري تمھاري هنسائي اَور ماباپ کي نام کو سبب لاج لگني کا هَي ـ نہین تو مَین اپني چمڑي کي جوتیان بناکر تُجھي پہناؤن ـ اَور کلیجي مین ڈال رکھون * اب یہہ

صَالِح هَي ــ کہ سفر کا قصد کرو * خُدا چاهي تو دِن پهرین اَور اِس حَیراني اَور مُفْلِسِي کي بدلي خاطرجمعِي اَور خُوشِي حاصِل هو * یہہ بات سُن کر مُجهي بهِي غَیرت آئِي ــ اُس کِي نصِیحت پسند کِي * جَواب دِیا اچّها اب تُم ما کِي جگہہ هو ــ جو کہو سو کرُون * یہہ میرِي مرْضِي پاکر گهر مین جاکي پچاس توڑي اشْرفِي کي اصِیل لَونڈِیون کي هاتهون مین لِواکر میري آگي لا رکهي ــ اَور بولِي ــ ایک قافِلہ سَوداگرون کا دِمشْق کو جاتا هَي * تُم اِن رُوپَیئُون سي جِنْس تجارت کِي خرِید کرو * ایک تا جِرِایمان دارکي حَوالي کرکي ــ دست آویز پکّي لِکهوا لو ــ اَور آپ بهِي قصد دِمشق کا کرو * وهان جب خَیرِیَت سي جا پہُنچو ــ اپنا مال مع مُنافع سمجهہ بُوجهہ لیجِیو یا آپ بیچڈیو * مَین وُہ نقد لیکر بازار مین گیا ــ اسْباب سَوداگرِي کا خرِید کرکر ایک بڑي سَوداگر کي سپُرد کِیا * نوِشْت خوانْد سي خاطِر جمع کر لِي * وُہ تاجِر دریا کِي راہ سي جهاز پر سَوار هوکر رَوانہ هُوا * فقِیرني خُشکِي کِي راہ چلْني کِي تَیّارِي کِي * جب رُخصت هوني لگا ــ بہِن ني ایک سِري پاو بهارِي اَور ایک گهوڑا جُڑاؤ ساز سي تَواضُع کِیا ــ اَور مِٹهائِي پکوَان ایک خاصدان مین بهرکر هرنِي سي لٹکا دِیا ــ اَور چهاگل پانِي کِي شِکاربند مین بندهوا دِي * اِمام ضامِن کا رُوپیا میري بازُو پر باندها ــ دَهي کا ٹیکا ماتهي پر لگاکر آنْسُو پِي کر بولِي ــ سِدهارو! تُمهین خُدا کو سَونپا ــ پیٹهہ دِکهائي جاتي هو ــ اِسِي طرح جلد اپنا مُنْهہ دِکهائیو مَین ني فاتِحہ خَیر کِي پڑهہ کرکہا ــ تُمهارا بهِي اللّٰہ حافِظ هَي ــ مَین ني قبُول کِیا * وهان سي نِکل کر گهوڑي پر سَوار هُوا ــ اَور خُداکي توکّل پر بهروسا کرکي دو منْزِل کِي ایک منزِل کرتا هُوا دِمشق کي پاس جاپہُنچا *

غرض جب شہر کی دروازی پر گیا ـ بہت رات جا چکی تھی * دربان
اور نگاہبانوں نی دروازہ بند کیا تھا * مَین نی بہت منّت کی کہ مسافر ہون
دُورسی دھاوا ماری آتا ہُون ـ اگر کواڑ کھول دو شہر مین جاکر دانی گھاس کا آرام
پاؤن * اندر سی گُھرک کر بولی اِس وقت دروازہ کھولنی کا حُکم نہین ـ کیون
اتنی رات گئی تم آئی ؟ جب مَین نی جوابِ صاف اُن سی سُنا ـ شہر
پناہ کی دِیوار کی تلی کھوڑی پر سی اُتر زین‌پوش بچھاکر بَیٹھا * جاگنی کی
خاطر اِدھر اُدھر ٹہلنی لگا * جِس وقت آدھی رات اِدھر اَور آدھی رات اُدھر
ہوئی ـ سنسان ہوگیا * دیکھتا کیا ہُون کہ ایک صندُوق قِلعی کی دِیوار پر سی
نیچی چلا آتا ہَی * یہہ دیکھہ کر مَین اچنبھی مین ہُوا کہ یہہ کیا طِلسم ہَی ؟
شاید خُدانی میری حَیرانی و سرگردانی پر رحم کھاکر خزانۂ غَیب سی عِنایت
کیا * جب وُہ صندُوق زمِین پر ٹھہرا ڈرتی ڈرتی مَین پاس گیا ـ دیکھا تو کاٹھہ
کا صندُوق ہَی * لالچ سی اُسی کھولا ـ ایک معشُوق خُوب‌صُورت کامِنی سی
عَورت (جِس کی دیکھنی سی ہوش جاتا رہی گھایل لہُو مین ـ تربتر آنکھین
بند کیئی پڑی کُلبُلاتی ہَی ـ آہستہ آہستہ ہونٹھہ ہِلتی ہَین ـ اَور یہہ آواز مُنہہ
سی نِکلتی ہَی ـ اَی کم‌بخت بی وفا ! اَی ظالِم پُرجفا ! بدلا اِس بھلائی
اور مُحبّت کا یہی تھا جو تُونی کیا ؟ بھلا ایک زخم اَور بھی لگا ـ مَین نی
اپنا تیرا اِنصاف خُدا کو سَونپا * یہہ کہکر اُسی بی ہوشی کی عالم مین دوپٹّی کا
آنچل مُنہہ پر لی لیا ـ میری طرف دھیان نہ کیا *
فقیر اُس کو دیکھہ کر اَور یہہ بات سُن کر سُن ہُوا * جی مین آیا ـ کِسی بی

ظّیا ظالِم ني کیُوں اَیسي نازِنین صنم کو زخمي کِیا؟ کیا اُس کي دِل مین آیا؟ اَور هاتهہ اِس پر کیُون کر چلایا؟ اِس کي دِل مین تو مُحبّت اب تلك باقِي هَي جو اِس جان‌کندنِي کِي حالت مین اُس کو یاد کرتِي هَي * مَین آپ‌هِي‌آپ یِہہ کہہ‌رها تها ـ آواز اُس کي کان مین گئِي * ایك مرتبہ کپڑا مُنہہ سي سرکاکر مُجهہ‌کو دیکها * جِس وقت اُس کِي نِگاهین میرِي نظرون سي لڑِین ـ مُجهي غش آني اَور جِي سنسنانی لگا * بہ زور اپني تئِین تهانبا ـ جُراَت کرکي پُوچها ـ سچ کہو تُم کَون هو اَور یِہہ کیا ماجرا هَي؟ اگر بَیان کرو تو میري دِل کو تسلِّي هو * یِہہ سُن کر اگرچہ طاقت بولني کِي نہ تهِي آهِستي سي کہا شُکر هَي * میرِي حالت زخمون کي ماري یِہہ کُچهہ هو رهِي هَي * کیا خاك بولُون؟ کوئِي دم کِي مِہمان هُون ـ جب میرِي جان نِکل جاوي تو خُداکي واسطي جَوان‌مردِي کرکي مُجهہ بدبخت‌کو اِسِي صندُوق مین کِسِي جگہہ گاڑ دِیجو ـ تو مَین بهلي بُري کِي زبان سي نجات پاؤن ـ اَور تُو داخِل ثَواب کي هو * اِتنا بول‌کر چُپ هُوئِي *

رات کو مُجهہ سي کُچهہ تدبِیر نہ هوسکِي ـ وُہ صندُوق اپني پاس اُٹها لایا ـ اَور گهڑِیان گِنني لگا کہ کب اِتنِي رات تمام هو تو فجرکو شہرمین جاکر جو کُچهہ عِلاج اِس کا هو سکي بہ مقدُور اپني کرون * وُہ تهوڑِي سِي رات اَیسِي پہاڑ هوگئِي کہ دِل گهبرا گیا * بارِي خُداخُدا کر صُبح جب نزدِیك هُوئِي ـ مُرغ بولا ـ آدمِیون کِي آواز آني لگِي * مَین ني فجرکي نماز پڑهہ‌کر صندُوق کو خُورجِي مین کسا * جونهِین دروازہ شہر کا کهلا ـ مَین شہر مین داخل هُوا * هرایك

آدمِي اور دُکان‌دار سي حَویلِي کِرائي کِي تلاش کرني لگا * ڈھُونڈھتي ڈھُونڈھتي ایک مکانِ خُوش‌قطع نیا فراغت کا بھاڑي لیکر جا اُترا * پہلي اُس معشرق کو صنْدُوق سي نِکال کر رُوئِي کي پہلون پر مُلایِم بِچھَونا کرکي ایک گوشي مین لِٹایا ــ اَور آدمِي اِعْتِبارِي وہان چھوڑکر فقِیر جرّاح کِي تلاش مین نِکلا * هرایک سي پُوچھتا پھِرتا تھا کہ اِس شہر مین جرّاحِ کارِیگر کَون هَي اَور کہان رهتا هَي ؟ ایک شخص ني کہا ــ ایک حجّام جرّاحِي کي کسب اَور حکِیمِي کي فنّ مین یکّا هَي ــ اَور اِس کام مین نِپٹ پکّا هَي ــ اگر مَردي کو اُس پاس لیجاؤ ــ خُداکي حُکم سي ایسِي تدبِیر کري کہ ایک بار وُہ بھِي جِي‌اُٹھي * وُہ اِس محلّي مین رهتا هَي ــ اَور عِیسىٰ نام هَي *

مَین یِہہ مُژدہ سُنکر بي‌اِختِیار چلا * تلاش کرتي پتي سي اُس کي دروازي پر پہُنچا * ایک مردِ سُفَید رِیش کو دهْلِیز پر بَیٹھا دیکھا ــ اَور کَئِي آدمِي مرْهم کِي تیّارِي کي لِیئي کُچھ پِیس‌پاس رهي تھي * فقِیرني ماري خُوشامدکي ادب سي سلام کِیا اَور کہا ــ مَین تُمھارا نام اَور خُوبِیان سُنکر آیا هُون * ماجرا یِہہ هَي کہ مَین اپني مُلک سي تجارت کي لِیئي چلا ــ قبِیلي کو بہ سبب مُحبّت کي ساتھ لِیا ــ جب نزدِیک اِس شہرکي آیا ــ تھوڑي‌سي دُور رها تھا جو شام پڑگئِي * ان‌دیکھي مُلک مین رات کو چلنا مُناسِب نہ جانا ــ مَیدان مین ایک درخْت کي تلي اُتر پڑا * پچھلي پہر ڈاکا آیا ــ جو کُچھ مال اسباب پایا لُوٹ لِیا ــ گہني کي لالچ سي اِس بِي‌بِي کو بھِي گھایل کِیا * مُجھ سي کُچھ نہ هو سکا ــ رات جو باقِي تھِي ــ جون تون کرکاٹِي ــ فجر

هِي شهر مين آن کر ايك مکان کِرائي لِيا ـ اُن کو وهان رکهہ کر مَين تُمهاري پاس دَوڑا آيا هُون * خُداني تُمهين يِهہ کمال دِيا هَي ـ اِس مُسافر پر مِهرباني کرو غريب خاني تشرِيف لي‌چلو ـ اُس کو ديکهو ـ اگر اُس کِي زِندگِي هُوئي تو تُمهين بڑا جس هوگا ـ اَور مَين ساري عُمر غُلامي کرُونگا * عِيسيِٰ جرّاح بهُت رحم‌دِل اَور خُداپرست تها ـ ميري غرِيبي کِي باتون پر ترس کهاکر ميري ساتهہ اُس حَويلي تك آيا * زخمون کو ديکهتي هِي ميري تسلّي کِي ـ بولا کہ خُداکي کرم سي اِس بِيبِي کي زخم چالِيس دِن مين بهر آوينگي ـ غُسل شِفا کا کرْوا دُونگا *

غرض اُس مردِ خُدا ني سب زخمون کو نِيم کي پانِي سي دهو دهاکر صاف کِيا ـ جو لائِق ٹانکون کي پائي اُنهين سِيا ـ باقِي گهاؤن پر اپني کهِيسي سي ايك ڈِبيا نِکال کر کِتنون مين پٹّي رکهِي ـ اَور کِتنون پر پهائي چڑهاکر پٹّي سي باندهہ دِيا ـ اَور نِهايت شفقت سي کها ـ مَين دونون وقت آيا کرُونگا ـ تُو خبردار رهيو اَيسي حرکت نہ کري جو ٹانکي ٹُوٹ جائين * مُرغ کا شوربا بہ جاي غِذا اُس کي حلق مين چُوائيو اَور اکثر عرقِ بيد مُشك گُلاب کي ساتهہ دِيا کِيجِيئو جو قُوّت رَهي * يِهہ کهکر رُخصت چاهِي * مَين ني بهُت مِنّت کِي اَور هاتهہ جوڑکر کها ـ تُمهارِي تشفّي ديني سي ميري بهِي زِندگِي هُوئي ـ نهِين تو سِواي مرنے کي کُچهہ سُوجهتا نہ تها ـ خُدا تُمهين سلامت رکهي * عِطر پان ديکر رُخصت کِيا ـ مَين رات دِن خِدمت مين اُس پري کِي حاضِر رهتا ـ آرام اپني اُوپر حرام کِيا * خدُا کِي درگاه سي روز روز اُس کي چنگي هوني کِي دُعا مانگتا

اِتّفاقاً وُہ سَوداگر بھِي آپُہنچا ـ اَور میرا مالِ امانت میري حَوالي کِیا * مَیں
نِي اُسي اَونِي پَونِي بیچ ڈالا ـ اَور دارُو درمن مین خرچ کرنِي لگا * وُہ مردِ جرّاح
همیشہ آتا جاتا ـ تھوڑِي عرصي مین سب زخم بھرکر انگور کر لائي * بعد کَئِي
دِن کي غُسل شِفاکا کِیا ـ عجب طرح کِي خُوشِي حاصِل هُوئِي * خِلعت
اَور اشْرفِیان عِیسيِٰ حجّام کي آگي دھرِین ـ اَور اُس پرِي کو مُکلّف فرش بِچھاکر
مسْند پر بِٹھایا * فقِیر غریبون کو بہُت سِي خَیرخَیرات کِي ـ اُس دِن گویا
بادشاهت هفْت اِقْلیم کِي اِس فقِیرکي هاتھ لگِي ـ اَور اُس پرِي کا شِفا پاني
سي اَیسا رنگ نِکھرا کہ مُکھڑا سُورج کِي مانند چمکني اَور کُنْدن کِي طرح دمکني
لگا * نظر کِي مجال نہ تھِي جو اُس کي جمال پر ٹھہرِي * فقِیر بہ سروچشم
اُس کي حُکم مین حاضِر رهتا ـ جو فرماتِي سو بجا لاتا * وُہ اپني حُسن کي
غُرُور اَورْ سرْدارِي کي دِماغ مین جو میرِي طرف کبھُو دیکْھتِي تو فرماتِي ـ
خبردار ـ اگر تُجھي هماري خاطِر منْظُور هَي تو هرگز هماري بات مین دم نہ
مارِیئو ـ جو هم کہین سو بِلا عُذر کِیئي جائیو ـ اپنا کِسِي بات مین دخل نہ
کِریو ـ نہین تو پچھتاویگا * اُس کي وضع سي یہہ معلُوم هوتا تھا کہ حقّ میرِي
خِدْمت گذارِي اَور فرمان برداري کا اُسي البتّہ منْظُور هَي * فقِیر بھِي اُس کِي بي
مرضِي ایک کام نہ کرتا ـ اُس کا فرْمانا بہ سروچشم بجا لاتا *

ایک مُدّت اِسي راز و نِیاز مین کٹِي ـ جو اُس نِي فرمایش کِي ـ وونْہِین
مَین نِي لاکر حاضِر کِي * اِس فقِیر پاس جوکُچھ جِنْس اَور نقد اصل و نفع
کا تھا ـ سب صرف هُوا * اُس بیگانِي مُلک مین کَون اِعْتِبار کري جو قرض

وامؔ سي کام چلي؟ آخِر تکلیف روزمرّي کي خرچ کِي هوني لگي ـ اِس سي دِل بہُت گھبرایا ـ فِکر سي دُبلا هوتا چلا ـ چہري کا رنگ کلجھوان هو گیا ـ لیکن کِس سي کہوں؟ جو کُچھہ دِل پر گُذري سو گُذري ـ قہرِ درویش بر جانِ درویش * ایک دِن اُس پري ني اپني شعُور سي دریافت کرکي کہا ـ اَي فُلاني! تیري خِدمتون کا حق هماري جِي مین نقشِ کالحجر هَي ـ پر اُس کا عِوَض بِالفِعل هم سي نہین هو سکتا * اگر واسطي خرچِ ضروري کي کُچھہ درکار هو تو اپني دِل مین اندیشہ نہ کر ـ ایک ٹُکڑا کاغذ اَور دَوات قلم حاضِر کر * مَین ني تب معلوم کِیا کِسِي مُلک کِي بادشاهزادي هَي جو اِس دِل و دِماغ سي گُفتگو کرتِي هَي * فِي الفَور قلمدان آگي رکھہ دِیا * اُس نازنین ني ایک شُقّہ دستخطّ خاصّ سي لِکھہ کر میري حَوالي کِیا اَور کہا ـ قِلعي کي پاس ترپولیا هَي ـ وهان اُس کوچي مین ایک حَویلي بڑي سي هَي ـ اُسؔ مکان کي مالِک کا نام سیدي بہار هَي ـ تُو جاکر اِس رُقعي کو اُس تلک پہُنچا دي *

فقیر مُوافِق فرماني اُس کي اُسِي نام و نِشان پر منزِلِ مقصُود تک جا پہُنچا * دربان کِي زباني کَیفِیّت خطّ کِي کہلا بھیجِي * وونہِین سُنتي هِي ایک حبشِي جَوان خُوبصُورت ایک پھینٹا طرحدار سجي هُوئي باهر نِکل آیا * اگرچہ رنگ سانولا تھا پر گویا تمام نمک بھرا هُوا * میري هاتھہ سي خطّ لي لِیا ـ نہ بولا نہ کُچھہ پُوچھا * اُنہِین قدمون پِھر اندر چلا گیا ـ تھوڑِي دیر مین گیارہ کِشتیان سربمُہر زربفت کي تورہ پوش پڑيّ هُوئي غلامون کي سِر پر دهري باهر آیا * کہا اِس جَوان کي ساتھہ جاکر چوگوشي پہنچا دو * مَین بھِي سلام کر رُخصت

ھو اپنی مکان مین لایا ـ آدْمِیون کو دروازی کی باھر سی رخصت کِیا * وو کِشْتیِیان امانت حُضُور مین اُس پرِی کی گُذرانِیان * دیکھہ کر فرمایا ـ یِی گیارہ بدْری اشْرفیون کی لی اَور خرچ مین لا ـ خُدا رزّاق هَی * فقِیر اُس نقد کو لیکر ضرُورِیات مین خرچ کرنی لگا * اگرچِہ خاطِر جمع هُوئی پر دِل مین یِہہ خلِش رھِی ـ یا اِلٰہی ! یِہہ کیا صُورت هَی ؟ بغَیر پُوچھی کُچھی اِتنا مال نا آشنا صُورت اجْنبی نی ایک پُرزی کاغذ پر میری حَوالی کِیا ـ اگر اُس پرِی سی یِہہ بھید پُوچھُون ـ تو اُس نی پہلی هِی منع کر رکھا تھا * ماری ڈرکی دم نہین مار سکْتا تھا *

بعد آٹھہ دِن کی وُہ معْشُوقہ مُجھہ سی مُخاطِب هُوئی کہ حقّ تعالٰی نی آدمی کو اِنْسانِیَّت کا جامہ عِنایت کِیا هَی کہ نہ پھٹی نہ مَیلا ھو ـ اگرچِہ پُرانی کپڑی سی اُس کِی آدْمِیّت مین فرق نہین آتا ـ پر ظاھِر مین خلقُ اللّٰہ کِی نظرون مین اِعْتِبار نہین پاتا * دو توڑی اشرفی کی ساتھہ لیکر چَوک کی چَوراھی پر یُوسُف سَوداگر کِی دُکان مین جا اَور کُچھہ رقم جَواھِر کی بیش قِیمت اَور دو خِلعتین زرق برق کِی مول لی آ * فقِیر وُونْہِین سَوار ھوکر اُس کِی دُکان پر گیا * دیکھا تو ایک جَوانِ شکِیل زعفرانی جوڑا پہنی گدّی پر بَیٹھا هی ـ اَور اُس کا یِہہ عالم هَی کہ ایک عالم دیکھنی کی لِیئی دُکان سی بازار تک کھڑا هی * فقِیر کمالِ شَوق سی نزدِیک جاکر سلامٌ علَیکَ کرکر بَیٹھا اَور جو جو چِیز مطْلُوب تھی ـ طلب کِی * میری بات چیت اُس شہر کی باشنْدون کِی سی نہ تھِی * اُس جَوان نی گرم جوشی

سی کہا - جو صاحب کو چاہئی سب موجود ہی - لیکن یہہ فرمائیی کس ملک سی آنا ہوا ؟ اور اس اجنبی شہر مین رہنی کا کیا باعث ہی ؟ اگر اس حقیقت سی مطلع کیجیئی تو مہربانی سی بعید نہین * میری تئین اپنا احوال ظاہر کرنا منظور نہ تھا * کچھہ بات بناکر اور جواہر پوشاک لیکر اور قیمت اس کی دیکر رخصت چاہی * اس جوان نی روکھی پھیکی ہو کر کہا - ای صاحب ! اگر تم کو ایسی ہی ناآشنائی کرنی تھی - تو پہلی دوستی اتنی گرمی سی کرنی کیا ضرور تھی ؟ بھلی آدمیون مین صاحب سلامت کا پاس بڑا ہوتا ہی * یہہ بات اس مزی اور انداز سی کہی - بی اختیار دل کو بھائی اور بی مروت ہوکر وہان سی اٹھنا انسانیت کی مناسب نہ جانا * اس کی خاطر پھر بیٹھا اور بولا - تمھارا فرمانا سر آنکھون پر - مین حاضر ہون *

اتنی کہنی سی بہت خوش ہوا - ہنس کر کہنی لگا - اگر آج کی دن غریب خانی مین گرم کیجیئی تو تمھاری بدولت مجلس خوشی کی جماکر دو چار گھڑی دل بہلاوین - اور کچھہ کھانی پینی کا شغل باہم بیٹھہ کرکرین * فقیر نی اس پری کو کبھو اکیلا نہ چھوڑا تھا - اس کی تنہائی یاد کرکر چند در چند عذر کیئی - پر اس جوان نی ہرگز نہ مانا * آخر وعدہ ان چیزون کو پہنچاکر میری پھر آنی کا لیکر اور قسم کھلاکر رخصت دی * مین دکان سی اٹھکر جواہر اور خلعتین اس پری کی خدمت مین لایا * اس نی قیمت جواہر کی اور حقیقت جوہری کی پوچھی * مین نی سارا احوال مول تول

کا اَور مِہمانِي کي بجِدّ هوني کا کہہ سُنایا * فرمانِي لگِي - آدمِي کو اپنا قَول قرار پُورا کرنا واجِب هَي - همین خُدا کِي نِگہبانِي مین چهوڑ کر اپني وعدي کو وفا کر - ضِیافت قبوُل کرنِي سُنّت رسُول کِي هَي * تب مَین ني کہا - میرا دِل چاهتا نہین کہ تُمهین اکیلا چهوڑکر جاُؤن - اَور حُکم یُون هوتا هَي - لاچار جاتا هُون - جب تلک آؤُنگا دِل یہین لگا رهیگا * یہہ کہکر پهِر اُس جَوهرِي کِي دُکان پر گیا - وُہ مونڈهي پر بَیٹها میرا اِنْتِظار کهینچ رها تها * دیکهتي هِي بولا آؤ مِہربان - بڑِي راہ دِکهائِي *

وُهِین اُٹهہ کر میرا هاتهہ پکڑ لِیا اَور چلا - جاتي جاتي ایک باغ مین لي گَیا * وُہ بڑِي بہارکا باغ تها - حَوض اَور نہرون مین فَوّارِي چهُوٹتي تهي - میوي طَرح بہ طرح کي پهل رهي تهي - هرایک درخت ماري بوجهہ کي جهُوم رها تها - رنگ بہ رنگ کي جانْور اُن پر بَیٹهِي چہچہي کر رهي تهي - اَور هر مکانِ عالیشان مین فرش سُتهرا بِچّها تها * وهان لبِ نہر ایک بنْگلي مین جاکر بیَٹها - ایک دم کي بعد آپ اُٹهہ کر چلا گیا - پهِر دُوسرِي پوشاک معقُول پہن کر آیا * مَین ني دیکهہ کر کہا سُبْحان اللّہ ! چشمِ بد دُور * سُنکر مُسکُرایا وَر بولا - مُناسِب یِہہ هَي کہ صاحِب بهِي اپنا لِباس بدل ڈالین * اُس کِي خاطِر مَین ني بهِي دُوسري کپڑي پہنْي * اُس جَوان ني بڑِي ٹیپ ٹاپ سي تیّارِي ضِیافت کِي کِي - اَور سامان خُوشِي کا جَیسا چاهِیئي مَوجُود کِیا - اَور فقِیرسي صُحْبت بہُت گرم کرمزي کِي بآتین کرني لگا * اِتْني مین ساقِي صُراحِي و پِیالہ بِلّورکا لیکر حاضِر هُوا اَور گزک کَئي قِسم کِي لا رکهِي - نمکْدان

چُن دِیئي ـ دَور شراب کا شُرُوع ھُوا * جب دو چار جام کِي نَوبت پہُنچِي
چار لڑکي امرد صاحِبِ جمال زُلفین کھولي ھُوئي مجلِس مین آئي گاني
بجاني لگي * یِہہ عالم ھُوا اَور اَیسا سمان بنْدھا اگر تان سین اُس گھڑِي هوتا ـ
تو اپنِي تان بُھول جاتا ـ اَور بَیجُوباؤرا سُنکر باؤلا هو جاتا * اِس مزي مین ایکبارگِي
وُہ جَوان آنسُو بھر لایا ـ دو چار قطري بي اِختِیار نِکل پڑِي اَور فقِیر سي بولا ـ
اب هماري تُمهاري دوستي جانِي ھُوئي ـ پس دِل کا بھید دوستون سي
چھپانا کسُو مذھب مین دُرُست نہین * ایک بات بي تکلُّف آشنائِي کي
بھروسي کہتا ھُون ـ اگر حُکم کرو تو اپنِي معشُوقہ کو بُلواکر اِس مجلِس مین
تسلّي اپنِي دِل کِي کرُون ـ اُس کِي جُدائِي سي جِي نہین لگتا *

یِہہ بات اَیسي اِشتِیاق سي کہِي کہ بغَیر دیکھي بھالي فقِیر کا دِل بھِي
مُشتاق ھُوا * مَین ني کہا ـ مُجھي تُمهارِي خُوشِي درکار هَي ـ اِس سي کیّا بہتر؟
دیر نہ کیجئي ـ سچ هَي معشُوق بِن کُچھہ اچّھا نہین لگتا * اُس جَوان ني
چِلوَن کِي طرف اِشارت کِي ـ وونہِین ایک عَورت کالِي کلوٹِي بھُتنِي سِي جِس
کي دیکھني سي اِنسان بي اجل مرجاوي ـ جَوان کي پاس آن بَیٹھِي * فقِیر
اُس کي دیکھني سي ڈر گیا ـ دِل مین کہا یِہِي بلا محبُوبہ اَیسي جَوانِ
پریزاد کِي هَي جِس کِي اِتنِي تعرِیف اَور اِشتِیاق ظاهِر کِیا ! مَین لاحَول پڑھ کر
چُپ هو رها * اُسِي عالم مین تِین دِن رات مجلِس شراب اَور راگ رنگ
کِي جمِي رهِي * چَوتھِي شب کو غلبہ نشي اَور نِیند کا ھُوا ـ مَین خوابِ
غفلت مین بي اِختِیار سو گیا ـ جب صُبح ھُوئي اُس جَوان ني جگایا *

کَئی پِیالی خُمارشکنِی کي پِلاکر اپْنِي معْشُوقہ سي کہا ۔ اب زِیادہ تکْلیف مِہمان کو دینِي خُوب نہِین *

دونون ہاتہ پکڑ کي اُٹھي ۔ مَین نی رُخصت مانگي خُوشي بہ خُوشي اِجازت دِي ۔ تب مَین نی جلد اپنی قدِیمي کپڑي پہن لِئی اپْنِي گھرکي راہ لِي ۔ اَور اُس پرِي کِي خِدْمت مین جا حاضِر ہُوا * مگر اَیسا اِتّفاق کبھُو نہ ہُوا تھا کہ اُسي تنہا چھوڑکر شب‌باش کہِین ہُوا ہُون * اِس تِین دِن کِي غَیرحاضِرِي سي نِہایت خجِل ہوکر عُذر کِیا ۔ اَور قِصّہ ضِیافت کا اَور اُس کي نہ رُخصت کرنیکا سارا عرض کِیا * وہ ایک دانا زمانی کِي تھِي ۔ تبسّم کرکي بولِي ۔ کیا مُضایِقہ اگر ایک دوست کِي خاطِر رہنا ہُوا ؟ ہم نی مُعاف کِیا ۔ تیرِي کیا تقْصِیر ہَي ؟ جب آدمِي کِسُوکي گھر جاتا ہَي تب اُس کِي مرضِي سي پھِر آتا ہَي ۔ لیکِن یِہہ مُفت کِي مِہمانِیان کہا پِي کر چُپکي ہو رہوگي یا اِس کا بدلا بھِي اُتاروگي ؟ اب یِہہ لازِم ہَي کہ جاکر اُس سَوداگر بچّي کو اپنِي ساتھہ لي آؤ ۔ اَور اُس سي دو چند ضِیافت کرو * اَور اسباب کا کُچھہ اندیشہ نہِین ۔ خُدا کي کرم سي ایک دم مین سب لَوازِمہ تَیّار ہو جاویگا ۔ اَور بہ خُوبِي مجلِس ضِیافت کِي رَونق پاویگِي * فقِیر مُوافِق حُکم کي جَوہرِي پاس گَیا اَور کہا ۔ تُمہارا فرمانا مَین تو سر آنکھون سي بجا لایا ۔ اب تُم بھِي مِہْربانِي کِي راہ سي میرِيْ عرض قبُول کرو * اُس نی کہا جان و دِل سي حاضِر ہُون *

تب مَین نی کہا اگر اس بندي کي گھر تشرِیف لي چلو ۔ عَین غرِیب

نَوازِي هَي * اُس جَوان ني بہُت عُذر اَور حِيلي کِيئي - پر مَين ني پِنڈ نہ چھوڑا * جب تلک وُہ راضِي هُوا - ساتھ هِي ساتھ اُس کو اپني مکان پر ليچلا * ليکن راہ مين يِہِي فِکر کرتا آتا تھا کہ اگر آج اپني تَئِين مقدُور هوتا تو اَيسِي تَواضُع کرتا کہ يِہہ بھِي خُوش هوتا * اب مَين اِسي لِيئي جاتاهُون - ديکھِيئي کيا اِتِّفاق هوتا هَي * اِسِي حَيص بَيص مين گھر کي نزديک پہُنچا - تو کيا ديکھتا هُون ؟ کہ دروازي پر دھُوم دھام هو رهِي هَي * گليارِي مين جھاڑو ديکر چھِڑکاؤ کِيا هَي * يساوَل اَور عصي بردار کھڑي هَين * مَين حَيران هُوا ليکن اپنا گھر جان کر قدم اندر رکھا - ديکھا تو تمام حَوِيلي مين فرشِ مُکَلَّف لائق هر مکان کي جابجا بِچھا هَي - اَور مسندين لگي هَين * پاندان گُلاب پاش عِطردان پِيکدان چنگيرين نرگس دان قرِينِي سي دھري هَين * طاقون پر رنگترِي کنولي نارنگيان اَور گُلابِيان رنگ برنگ کِي چُنِي هَين * ايک طرف رنگ آميز ابرک کِي ٹٹّيون مين چِراغان کِي بہار هَي * ايک طرف جھاڑ اَور سرو کنول کي روشن هَين - اَور تمام دالان اَور شہ نشِينون مين طِلائي شمع دانون پر کافُوري شمعين چڑھِي هَين - اَور جڑاؤ فانُوسين اُوپر دھري هَين * سب آدمِي اپني اپني عُهدون پر مُستعِدّ هَين - باورچِي خاني مين ديگين ٹھنٹھنا رهِي هَين - آبدارخاني کِي وَيسِي هِي تَيّارِي هَي - کوري کوري ٹھِلِيان رُوپِي کِي گھڑَونچِيون پر صافِيون سي بندھِين - اَور بھَرون سي ڈھکِي رکھِي هَين * آگي چَوکِي پر ڈونگي کٹوري بمعہ تھالِي سر پوش دھري - برف کي آبخوري لگ رهي هَين - اَور شوري کِي صُراحِيان هِل رهِي هَين *

غرض سب اسبابِ بادشاہانہ مَوجُود هَي ـ اَور کنْچنِیان ـ بهانْڈ ـ بهگتئي ـ کلاوَنْت قَوّال ـ اچّهي پوشاك پہني ساز کي سُر مِلائي حاضِر هَین * فقیرنيؑ اُس جَوان کو لي جاکر مسْند پر بِٹھایا اَور دِل مین حَیران تھا کہ یا اِلٰہي ! اِتْني عرصي مین یِہہ سب تَیّاري کیُون کر هُوئي ؟ هر طرف دیکھتا پِھرتا تھا لیکِن اُس پرِي کا نِشان کہین نہ پایا * اِسِي جُسْتجُو مین ایك مِرْتبہ باورچِي خاني کِي طَرف جا نِکلا ـ دیکھتا هُون تو وُہ نازنین ایك مکان مین گلي مین کُرتِي ـ پاوُن مین تربوشِي ـ سِر پر سُفَید رُومالِي اَوڑهي هُوئي سادِي خُوزادِي بن گہني پاتي بنِي هُوئي *

نہین مُحتاج زیوَر کا جِسي خُوبِي خُدا ني دِي
کہ جَیسي خُوش نُما لگتا هَي دیکھو چانْد بِن گہني

خبر گیرِي مین ضِیافت کِي لگ رهِي هَي ـ اَور تاکِید هر ایك کھاني کِي کر رهِي هَي ـ کہ خَبردار بامزہ هو اَور آب و نمك بو باس دُرسْت رهي اِس * محنْت سي وُہ گُلاب سا بدن سارا پسینِي پسینِي هو رها هَي *

مَین پاس جاکر تصدّق هُوا اَور اِس شُعُور و لیاقت کو سراہ کر دُعائین دیني لگا * یِہہ خوشامد سُنکر تیورِي چڑهاکر بولِي ـ آدمِي سي اَیسي اَیسي کام هوتي هَین کہ فرِشتي کِي مجال نہین ـ مَین ني اَیسا کیا کِیا هَي جو تُو اِتنا حَیران هو رها هَي ؟ بس بہُت باتین بنائین مُجھي خُوش نہین آتین * بھلا کہہ تو یِہہ کَون آدْمیّت هَي کہ مِہْمانْ کو اکیلا بِٹھاکر اِدھر اُدھر پڑي پِھري ؟ وُہ اپني جِي مین کیا کہتا هوگا ؟ جلد جا مجلِس مین بَیٹھ کر

مِہمان کِی خاطِر دارِی کر ۔ اَور اُس کِی مَعْشُوقہ کو بِھی بُلْواکر اُس کی پاس بِٹھلا * فقیر ووِنہیں اُس جَوان کی پاس گَیا اَور گرم جوشِی کرنی لگا * اِتنی مین دو غُلام صاحِبِ جمال صُراحِی اَور جام جڑاؤ ھاتھ مین لِیئی رُوبرُو آئی شراب پِلانی لگی * اِس مین مَین نی اُس جَوان سی کہا ۔ مَین سب طرح مُخلِص اَور خادِم ھُون ۔ بِہتر یِہہ ھَی کہ وُہ صاحِبِ جمال کہ جِس کی طرف دِل صاحِب کا مائِل ھَی تشرِیف لاوی تو بڑِی بات ھَی ۔ اگر فرماؤ تو آدمِی بُلانی کی خاطِر جاوی * یِہہ سُنتی ھِی خُوش ھوکر بولا بہُت اچّھا ۔ اِس وقت تُم نی میری دِل کِی بات کہی * مَین نی ایک خوجی کو بھیجا ۔ جب آدھِی رات گئِی وُہ چُڑَیل خاصّی چَوڈول پر سَوار ھوکر بلائی ناگہانِی سِی آپہنچی *

فقِیر نی لاچار خاطِر سی مِہمان کِی اِسْتِقْبال کرکر نِہایَت تپاک سی برابر اُس جَوان کی لا بِٹھایا * جَوان اُس کی دیکھتی ھِی اَیسا خُوش ھُوا جَیسی دُنْیا کِی نعمت مِلِی * وُہ بھُتنِی بھِی اُس جَوانِ پرِیزاد کی گلی لِپٹ گئِی ۔ سچ مُچ یِہہ تماشا ھُوا جَیسی چَودھوِین رات کی چاند کو گہن لگتا ھَی * جِتْنی مجلِس مین آدمِی تھی ۔ اپنِی اپْنِی اُنْگلِیان دانْتون مین دابْنی لگی ۔ کہ کیا کوئی بلا اِس جَوان پر مُسلّط ھوئی ؟ سب کِی نِگاہ اُسِی طرف تھِی ۔ تماشا مجْلِس کا بھُول کر اُس کا تماشا دیکھنی لگی * ایک شخص کِناری سی بولا ۔ یارو! عِشق اَور عقل مین ضِدّ ھَی ۔ جو کُچھہ عقل مین نہ آوی یِہہ کافرِ عِشق کر دِکھاوی ۔ لَیلِی کو مجْنُون کِی آنکھون سی دیکھو ۔ سبھون نی کہا آمنّا ۔ یِہِی بات ھَی

یہہ فقیر بہ مُوجِب حُکم کی مِہمان داری مین حاضِر تھا ـ ہرچند جَوان ہم پیالہ ہم نِوالہ ہونی کو مُجَوِّز ہوتا تھا ـ پرمَین ہرگز اُس پری کی خَوف کی ماری اپنا دِل کھانی پینی یا سَیر تماشی کی طرف رُجُوع نہ کرتا تھا * اَور عُذر مِہمان داری کا کرکی اُس کی شامِل نہ ہوتا * اِسی کَیفیَّت سی تین شبانہ روز گُذری * چَوتھی رات وُہ جَوان نِہایَت جوشِش سی مُجھی بُلاکر کہنی لگا ـ اب ہم بھی رُخصت ہونگی تُمھاری خاطِر اپنا سب کاروبار چھوڑ چھاڑ کر تین دِن سی تُمھاری خِدمت مین حاضِر ہَین * تُم بھی تو ہماری پاس ایک دم بَیٹھہ کر ہمارا دِل خُوش کرو * مَین نی اپنی جی مین خیال کِیا اگر اِس وقت کہا اِس کا نہین مانتا تو آزُردہ ہوگا ـ پس نَیئی دوست اَور مِہمان کی خاطِر رکھنی ضرُور ہَی ـ تب یہہ کہا ـ صاحِب کا حُکم بَجا لانا منظُور ـ کہ الامر فَوقُ الادب * سُنتی ہی اِس کو ـ جَوان نی پیالہ توَاضُع کِیا اَور مَین نی پی لِیا ـ پھر تو اَیسا پَیہم دَور چلا کہ تھوڑی دیر مین سب آدمی مجلِس کی کَیفی ہوکر بیخبر ہو گَیئی ـ اَور مَین بھی بی ہوش ہو گَیا *

جب صُبح ہُوئی اَور آفتاب دو نیزی بُلند ہُوا ـ تب میری آنکھہ کھُلی ـ تو دیکھا مَین نی نہ وُہ تَیّاری ہَی نہ وُہ مجلِس نہ وُہ پری * فقط خالی حَویلی پڑی ہَی ـ مگر ایک کونی مین کمّل لِپٹا ہُوا دھرا ہَی * جو اُس کو کھول کر دیکھا تو وُہ جَوان اَور اُس کی رنڈی دونون سر کٹی پڑی ہَین * یہہ حالت دیکھتی ہی حَواسّ جاتی رہی ـ عقل کُچھہ کام نہین کرتی کہ یہہ کیا تھا اَور

کیا ہُوا؟ حَیرانی سی ہر طرف تک رہا تہا * اِتنی مین ایک خواجہ سرا (جِسی ضِیافت کی کام کاج مین دیکہا تہا) نظر پڑا * فقِیر کو اُس کی دیکہنی سی کُچہہ تسلّی ہُوئی - احْوال اِس وارِدات کا پُوچہا * اُس نی جَواب دِیا - تُجہی اِس بات کی تحْقِیق کرنی سی کیا حاصِل جو تُو پُوچہتا ہَی؟ مَین نی بہِی اپنی دِل مین غَور کِیا کہ سچ تو کہتا ہَی - پہر ایک ذرّہ تَأَمّل کرکی مَین بولا خَیر نہ کہو - بہلا یہہ تو بتاؤ وُہ معْشوقہ کِس مکان مین ہَی؟ تب اُس نی کہا البتّہ جو مَین جانتا ہُون سو کہہ دُونگا - لیکن تُجہہ سا آدمی عقلْمنْد بی مرضِی حُضُور کی دو دِن کی دوستِی پر بی مُحابا بی تکّلف ہوکر صُحْبت مَی نوشِی کِی باہم گرم کری - یہہ کیا معْنِی رکہتا ہَی؟

فقِیر اپنی حرکت اَور اُس کِی نصِیحت سی بہُت نادِم ہُوا * سِوای اِس بات کی زبان سی کُچہہ نہ نِکلا - فِی الحقِیقت اب تو تقْصِیر ہُوئی مُعاف کِیجِیئی * باری محلّی نی مِہرْبان ہوکر اُس پری کی مکان کا نِشان بتایا اَور مُجہی رُخْصت کِیا - آپ اُن دونون زخمِیون کی گاڑنی دابْنی کِی فِکر مین رہا * مَین تُہمت سی اُس فساد کِی الگ ہُوا اَور اِشْتیاق مین اُس پرِی کی مِلْنی کی لِیئی گہبْرایا ہُوا * گِرْتا پڑْتا ڈہُونڈہتا شام کی وقت اُس کُوچی مین اُسِی پتی پر جا پہنچا اَور نزْدِیک دروازی کی ایک گوشی مین سارِی رات تلپْہتی کٹی - کِسُو کِی آمدورفت کِیْ آہٹ نہ مِلی - اَور کوئی احوال پُرسان میرا نہ ہُوا * اُسی بیکسِی کِی حالت مین صُبح ہو گئی - جب سُورج نِکلا اُس مکان کی بالا خانی کِی ایک کہِڑکِی سی وُہ ماہرُو میرِی طرف دیکہنی لگی *

اُس وقْت عالم خُوشِي کا جو مُجھہ پر گُذرا ــ دِل هِي جانتا هَي ـ شُکر خُدا کا کِیا *

اِتْني مین ایك خوجي ني میري پاس آکر کہا ــ اِس مسْجِد مین تُو جاکر بَیٹھ ـ شایَد تیرا مطْلب اِس جگہہ برآوي ـ اَور اپني دِل کِي مُراد پاوي * فقِیر فرماني سي اُس کي وهان سي اُٹھ کر اُسِي مسْجِد مین جا رہا * لیکن آنکھین دروازي کِي طرف لگ رهِین تھِین ـ کہ دیکھِیئي پردهٔ غَیب سي کیا ظاهِر هوتا هَي ؟ تمام دِن جَیسي روزهدار شام هوني کا اِنْتِظار کھَینْچتا هَي ـ مَین ني بھِي وُہ روز وَیسي هِي بیقرارِي مین کاٹا * باري جِس تِس طرح سي شام هُوئي اَور دِن پہاڑسا چھاتِي پر سي ٹلا * ایکبارگِي وُهِي خواجہ سرا جِن ني اُس پري کي مکان کا پتا دِیا تھا مسْجِد مین آیا * بعد فراغت نمازِ مغْرِب کي میري پاس آکر اُس شفِیق ني (کہ سب راز و نیاز کا محْرم تھا) نِہایَت تسلّي دیکر هاتھ پکڑ لِیا اَور اپنْي ساتھ لي چلا * رفْتہ رفْتہ ایك باغیچي مین مُجھي بٹھاکر کہا ـ یہان رهو جب تك تُمْهاري آرزُو بر آوي ـ اَور آپ رُخصت هوکر شایَد میري حقِیقت حُضُور مین کہنْي گیا * مَین اُس باغ کي پھُولون کِي بہار اَور چاندنِي کا عالم اَور حَوض نہرون مین فوّاري ساوَن بھادون کي اُچھلني کا تماشا دیکھ رہا تھا ـ لیکن جب پھُولون کو دیکھتا تب اُس گُلبدن کا خِیال آتا ــ جب چانْد پر نظر پڑتِي تب اُس مہرُو کا مُکھڑا یاد کرتا ـ یِہہ سب بہار اُس کي بغَیر میرِي آنکھون مین خار تھِي *

باري خُدا نے اُس کي دِل کو مِہربان کِیا * ایک دم کي بعد وُہ پرِي دروازي سي جَیسي چَودھوِین رات کا چاند بناوٗ کِیئي گلي مین پِشواز بادلي کِي سنْجاف کِي موتیون کا دردامن ٹکا ہُوا اَور سِر پر اوڑھنِي جِس مین آنچل پلّو لہر گوکھرو لگا ہُوا ـ سِر سي پاؤن تلک موتیون مین جڑي رَوِش پر آکر کھڑِي ہُوئِي * اُس کي آنِي سي تر و تازگي نَئي سِر سي اُس باغ کو اَور اِس فقیر کي دِل کو ہو گئي * ایک دم اِدھر اُدھر سَیر کرکرّ شہ‌نِشِین مین مُغرّق مسْند پر تکیہ لگا کر بَیٹھِي * مَین دَوڑکر پرْوانِي کِي طرح جَیسي شمع کي گِرد پِھرتا ہَي تصدّق ہُوا ـ اَور غُلام کِي مانند دونون ہاتھ جوڑکر کھڑا ہُوا * اِس مین وُہ خوجہ میرِي خاطِر بہ طَور سِفارِش کي عرض کرنی لگا * مَین نے اُس محلّي سي کہا ـ بنْدہ گُنہگار تقْصِیروار ہَي ـ جو کُچھ سزا میري لائِق ٹھہري سو ہو * وُہ پرِي از بسکہ ناخُوش تھِي ـ بد دِماغِي سي بولِي کہ اب اِس کي حقّ مین یِہِي بھلا ہَي ـ کہ سَو توڑي اشْرفِي کي لیوي ـ اپنا اسباب دُرُست کرکي وطن کو سِدھاري *

مَین یِہہ بات سُنْتي ہِي کاٹھ ہو گیا اَور سُوکھ گیا ـ کہ اگر کوئِي میري بدن کو کاٹي تو ایک بُوند لُہو کِي نہ نِکلي ـ اَور تمام دُنْیا آنکھون کي آگي اندھیرِي لگنے لگِي ـ اَور ایک آہ نا مُرادِي کِي بي اِخْتِیار جِگر سي نِکلِي ـ آنْسو بِھي ٹپکنے لگي * سِواي خُدا کي اُس وقْت کِسو کِي توَقّع نہ رہِي ـ مایُوسِ محض ہوکر اِتْنا بولا ـ بھلاّ ٹُک اپنِي دِل مین غَور فرْمائِیي ـ اگر مُجھ کم نصِیب کو دُنْیا کا لالچ ہوتا ـ تو اپنا جان و مال حُضُور مین نہ کھوتا * کیا

ایکبارگي حقّ خِدمت گُذاري اَور جان نِثاري کا عالم سي اُٹھ گیا؟ جو مُجھ سي کم بخت پر اِتني بي‌مِہري فرمائي * خَیر اب میري تَئین بھي زِندگي سي کُچھ کام نہین - مَعشُوقون کي بي‌وفائي سي بیچاري عاشِق نِیم جان کا نِباہ نہین هوتا *

یہہ سُنکر تیکھي هو تیوري چڑھاکر خفگي سي بولي - چِہ خُوش! آپ، هماري عاشِق هَین؟ مینڈکي کو بھي زُکام هُوا؟ اَي بیوقُوف! اپني حَوصلي سي زِیادہ باتین بنانِین خیالِ خام هَي - چھوٹا مُنھ بڑي بات * بس چُپ رہ یہہ نِکمّي بات‌چیت مت کر - اگر کِسي اَور نی یہہ حرکتِ بي معني کي هوتي - پروردگار کي سون - اُس کي بوٹیان کٹوا چِیلون کو بانٹتي - پر کیا کرُون؟ تیري خِدمت یاد آتي هَي * اب اِسي مین بھلائي هَي کہ اپني راہ لي - تیري قِسمت کا دانا پاني هماري سرکار مین یہین تلک تھا * پھر مَین نی روتي بِسورتي کہا - اگر میري تقدِیر مین یہي لِکھا هَي کہ اپني دِل کي مقصد کو نہ پہُنچُون اَور جنگل پہاڑ مین سِر ٹکراتا پھرُون تو لاچار هُون * اِس بات سي بھي دِقّ هو کہني لگي - میري تَئین یي پھُساهِندي چوچلي اَور رمز کي باتین پسند نہین آتین - اِس اِشاري کي گُفتگو کي جو لائق هو اُس سي جاکر کر * پھر اُسي خفگي کي عالم مین اُٹھ کر اپني دَولتخاني کو چلي * مَین نی بہتیرا سر پٹکا - مُتوجِہ نہ هُوئي * لاچار مَین بھي اُس مکان سي اُداس اَور نا اُمّید هوکر نِکلا *

غرض چالِیس دِن تک یہي نَوبت رهي * جب شہر کي کُوچہ‌گردي

سي اُکتاتا جنگل میں نِکل جاتا ـ جب وہاں سي گھبراتا ـ پِھر شہر کِي گلیون میں دِیوانہ سا آتا * نہ دِن کو کھاتا نہ رات کو سو جاتا ـ جَیسي دھوبي کا کُتّا نہ گھرکا نہ گھات کا * زِندگي اِنسان کِي کھاني پِیني سي هَي ـ آدمِي اناج کا کِیڑا هَي * طاقت بدن میں مُطلق نہ رهِي ـ اپاهج هوکر اُسِي مسجِد کِي دِیوار کي تلي جا پڑا ـ کہ ایک روز وُهِي خواجہ سرا جُمعي کِي نماز پڑهني آیا * میري پاس سي هوکر چلا ـ مَین یہہ شِعر آهستہ نا طاقتِي سي پڑهہ رها تها *

اِس دردِ دِل سي مَوت هویا دِل کو تاب هو ـ

قِسمت میں جو لکِها هو اِلهِي شِتاب هو *

اگرچہ ظاهِر میں صُورت میرِي بِالکُل تبدِیل هوگئِي تهِي ـ چِهري کِي یہہ شکل بنِي تهِي کہ جِن ني مُجهي پہلي دیکها تها ـ وُہ بهِي نہ پہچان سکتا کہ یہہ وُهِي آدمِي هَي * لیکن وُہ محلّي آواز درد کِي سُنکر مُتوجّہہ هُوا ـ میري تَئِین بہ غَور دیکهکر افسوس کِیا اَور شفقت سي مُخاطِب هُوا کہ آخِر یہہ حالت اپنِي پہُنچائِي * مَین ني کہا ـ اب تو جو هُوا سو هُوا ـ مال سي بهِي حاضِر تها ـ جان بهِي تصدّق کِي ـ اُس کِي خُوشِي یُون هِي هُوئِي تو کیا کُرون ؟

یہہ سُنکر ایک خِدمتگار میري پاس چهوڑکر مسجِد میں گَیا ـ نماز اَور خُطبي سي فِراغت کرکر جب باهر نِکلا ـ فقِیرکو ایک مِیاني میں ڈال کر اپنِي ساتهہ خِدمت میں اُس پرِيِ بي‌پروا کِي لیجاکر چِق کي باهر بِٹهایا * اگرچہ میري رُوهت کُچهہ باقِي نہ رهِي تهِي پر مُدّت تلک شب و روز اُس پرِي کي پاس اِتّفاق رهني کا هُوا تها ـ جان بُوجهہ کر بیگانِي هوکر خوجي سي پُوچهني لگِي

یِہہ کَون هَي ؟ اُس مردِ آدمِي ني کہا - یِہہ وُهِي کم بخت بد نصِیب هَي جو حُضُور کِي خفگِي اَور عِتاب مین پڑا تها - اُسِي سبب سي اِس کِي یِہہ صُورت بنِي هَي - عِشق کِي آگ سي جلا جاتا هَي - هرچند آنسُوؤن کي پانِي سي بُجهاتا هَي - پر وُہ دُونِي بهڑکتِي هَي * کُچهہ فائِدہ نہین هوتا - علاوہ اپنِي تقصِیر کِي خِجالت سي مُوا جاتا هَي * پرِي ني تهٹهولِي سي فرمایا کیُون جهُوٹهہ بکتا هي ؟ بہُت دِن هُوئي اُس کِي خبر وطن پہُنچنے کِي مُجهي خبردارون ني دِي هَي * و اللّٰہ اعلم - یِہہ کَون هَي اَور تُو کِس کا ذِکر کرتا هَي ؟ اُس دم خواجہ سرا ني هاتهہ جوڑکر اِلتماس کِیا - اگر جان کِي امان پاؤُن تو عرض کرُون * فرمایا کہہ - تیرِي جان تُجهي بخشِي * خوجا بولا - آپ کِي ذات قدردان هَي - واسطي خُداکي چِلمون کو درمِیان سي اُٹهوا کر پہچانیئي اَور اِس کِي بیکسِي کِي حالت پر رحم کِیجِیئي - ناحق شِناسِي خُوب نہین * اب اِس کي احوال پر جو کُچهہ ترس کهائِیي بجا هَي اَور جاي ثَواب هَي - آگي حدِّ ادب - جو مِزاجِ مُبارک مین آوي سو هِي بہتر هَي *

اِتنِي کہنِي پر مُسکرا کر فرمایا - بهلا - کوئي هو اِسي دارُالشِفا مین رکهو - جب بهلا چنگا هوگا تب اُس کي احوال کِي پُرسِش کِي جائیگِي * خوجي ني کہا اگر اپنِي دستِ خاص سي گُلاب اِس پر چهڑکِیئي اَور زبان سي کُچهہ فرمائِیي تو اِس کو اپنِي جِینے کا بهروسا بندهي - نا اُمیدِي بُرِي چِیز هَي - دُنیا بہ اُمید قائِم هَي * اِس پر بهِي اُس پرِي ني کُچهہ نہ کہا * یِہہ سُوال جَواب سُنکر مَین بهِي اپنِي جِي سي اُکتا رها تها * نِدهڑک بول اُٹها کہ اب اِس

طَورکي زِندگي کو دِل نہین چاہتا * پاؤن تو گور مین لٹکا چُکا ہُون ـ ایلٹ روز مرنا هَي آور عِلاج میرا پادشاہزادي کي هاتهہ مین هَي ـ کرین یا نہ کرین وو جانین * باري مُقلِّبُ القُلُوب ني اُس سنگدِل کي دِل کو نرم کِیا ـ مِہربان هوکر فرمایا جلد پادشاهي حکیمون کو حاضِر کرو * وونہین طبیب آکر جمع ہُوئي * نبض قارُورہ دیکھہ کر بہُت غَور کِي * آخِرش تشخِیص مین ٹهہرا کہ یہہ شخص کہِین عاشِق ہُوا هَي * سِواي وصلِ معشُوق کي اِس کا کُچھہ عِلاج نہین ـ جِس وقت وہ مِلي یہہ صِحّت پاوي * جب حکیمون کي بهي زباني یہي مرض میرا ثابت ہُوا ـ حُکم کِیا اِس جَوان کو گرمابي مین لي جاؤ ـ نہلاکر خاصّي پوشاك پہنا کر حُضُور مین لي آؤ * وونہین مُجهي باهر لیگیئي ـ حمّام کروا اچّهي کپڑي پہنا خِدمت مین پرِي کي حاضِر کِیا * تب وہ نازنین تپاك سي بولي تُو ني مُجهي بَیٹهي بِٹهائي ناحق بدنام آور رُسوا کِیا ـ اب آور کیا کیا چاهتا هَي؟ جو تیري دِل مین هَي صاف صاف بَیان کر *

یا فُقرا! اُس وقت یہہ عالم ہُوا کہ شادِي مرگ ہو جاؤن * خُوشي کي ماري ایَسا پهُولا کہ جامي مین نہ سماتا تها ـ آور صُورت شکل بدل گئي * شُکر خُدا کا کِیا آور اُس سي کہا ـ اِس دم ساري حکیمي آپ پر ختم ہُوئي کہ مُجهہ سي مُردي کو ایلٹ بات مین زِندہ کِیا ـ دیکھو تو اُس وقت سي اِس وقت تلك میري احوال مین کیا فرق ہو گیا؟ یہہ کہکر تین بار گِرد پهِرا آور سامهني آکر کهڑا ہُوا آور کہا ـ حُضُور سي یُون حُکم ہوتا هَي کہ جو تیري جي مین ہو سو کہہ ـ بندي کو هفت اِقلیم کي سلطنت سي زِیادہ یہہ هَي

کہ غرِیب نوازِي کرکر اِس عاجز کو قبُول کِیجِیئِي اَور اپْنِي قدم بوسِي سي سرفرازِي دِیجِیئِي * ایک لمحہ تو سُنْکر غوطي مین گئِي - پِھر کن آنکھیون سي دیکھکر کہا بیٹھو - تُم نی خِدمت اَور وفادارِي اَیسِي هِي کِي هَي - جو کُچھہ کہو سو پھبْتِي هَي اَور اپْنِي بھِي دِل پر نقش هَي - خَیر هم نی قبُول کِیا *

اُسِي دِن اچّھِي ساعت سُبھہ لگن مین چُپْکي چُپْکي قاضِي نی نِکاح پڑھ دِیا * بعد اِتْنِي مِحْنت اَور آفت کي خُدا نی یِہہ دِن دِکھایا کہ مَین نی اپْنِي دِل کا مُدّعا پایا - لیکِن جَیسِي دِل مین آرزُو اُس پرِي سي هم بِسْتر هونی کِي تھِي - وَیسِي هِي جِي مین بیکلِي اُس وارِداتِ عجِیب کي معْلُوم کرني کِي تھِي - کہ آج تک مَین نی کُچھہ نہ سمْجھا کہ یِہہ پرِي کَون هَي؟ اَور وُہ حبشِي سانولا سجِیلا جِس نی ایک پُرزِي کاغذ پر اِتْنِي اشْرفِیون کي بدرِي میرِي حَوالي کِیئِي کَون تھا؟ اَور تیّارِي ضِیافت کِي پادشاهون کي لائِق ایک پہر مین کِیُون کر هُوئِي؟ اَور وُہ دونون بي گُناہ اُس مجْلِس مین کِس لِیئِي مارِي گَیئِي؟ اَور سببِ خفگِي اَور بي مُروّتِي کا (با وُجُود خِدْمتگُذارِي اَور ناز برْدارِي کي) مُجھہ پر کیا هُوا؟ اَور پھِر ایک بارگِي اِس عاجز کو یُون سربُلنْد کِیا؟

ایک دِن مَین نی کہا - واقِعِي بڑِي آرزُو اَور مُراد میرِي یِہِي تھِي سو مُجھي مِلِي - لیکن دِل میرا دُبدھي مین هَي - اَور دو دِلي آدمِي کِي خاطِر پریشان رهْتِي هَي * اُس سي کُچھہ هو نہِین سکتا اِنْسانِیّت سي خارِج هو جاتا هَي * مَین نی اپنِي دِل مین یِہہ قَول کِیا تھا کہ بعد اِس نِکاح کي (کہ عَین دِل کِي شادِي هَي) بعضِي بعضِي باتین (جو خِیال مین نہِین

آتیِن اَور نہیں کہلْتیِن) حُضُور مین پُوچھُونگا کہ زبانِ مُبارک سي اُس کا
بَیان سُنُون تو جِي کو تسکِین ہو * اُس پرِي ني چِین بہ جبِین ہو کر کہا
کیا خُوب! ابِھي سي بھُول گئي * یاد کرو بارہا ہم ني کہا ہَي کہ ہماري
کام مین ہرگز دخل نہ کیِجیو - اَور کِسي بات کي مُتَعرِّض نہ ہُوجِیو -
خِلافِ معمُول.یہہ بي‌ادبِي کرنِي کیا لازِم ہَي؟ فقِیر ني ہنْس کر کہا جَیسي
اَور بي‌ادبِیان مُعاف کرني کا حُکم ہَي - ایک یِہہ بِھي سہي * وُہ پرِي نظرین
بدل کر تیہي مین آکر آٹ کا بگُولا بن گئِي اَور بولِي - اب تُو بہُت سِر
چڑہا! جا اپْنا کام کر - اِن باتون سي تُجھي کیا فائدہ ہوگا؟ جِي مین
یِہہ سوچ آتا ہَي - کہ اگر مَجھہ نِگوڑي کا راز فاش ہو تو بڑِي قِیامت مچي *
مَین بولا یِہہ کیا مذکُور ہَي؟ بندي کِي طرف سي یِہہ خِیال دِل مین نہ
لاؤ - اَور خُوشِي سي سارِي کَیفِیّت جو بیِتِي ہَي فرماؤ - ہرگز ہرگز مَین
دِل سي زبانّ تک نہ لاُونگا - کِسُو کي کان پڑنا کیا اِمکان ہَي؟ جب اُس
ني دیکھا کہ اب سِواي کہني کي اِس عزِیز سي چُھٹکارا نہیِن - لاچار ہو کر
بولِي - اِن باتون کي کہني مین بہُت سي خرابِیان ہَین - تُو خواہ نُخواہ
درپَي ہُوا * خَیر تیرِي خاطِر عزِیز ہَي - اِس لِیئي اپْنِي سرگُذشت بَیان
کرتِي ہَون - تُجھي بِھي اُس کا پوشِیدہ رکْھنا ضرُور ہَي - خبر شرط *

غرض بہُت سي تاکِید کوکر کہني لگِي - کہ مَین بدبخت مُلک دمشق
کي سُلطان کي بیٹِي ہُون * اَور وُہ سلاطِینون سي بڑا بادشاہ ہَي * سِواي
میري کوئِي لڑکا بالا اُسکي یہان نہیِن ہُوا * جِس دِن سي مَین پَیدا ہُوئِي

ماباپ کي سائي مین ناز و نعمت اَور خُوشِي خُرّمي سي پلِي * جب هوش آیا تب اپني دِل کو خُوب‌صُورتون اَور نازنینون کي ساتھ لگایا * چُنانچِہ سُتھري سُتھري پریزاد همجولي اُمرازادِیان مُصاحِبت مین - اَور اچّھي اچّھي قبول‌صُورت هم‌عُمر خواصّین سہیلیان خِدمت مین رهتِي تھِین * تماشا ناچ اَور راگ رنگ کا همیشہ دیکھا کرتِي - دنُیا کي بھلي، بُري سي کُچھ سروکار نہ تھا - اپنِي بي فِکرِي کي عالم کو دیکھ کر سِواي خُدا کي شُکر کي کُچھ مُنہ سي نہ نِکلتا تھا *

اِتّفاقاً طبِیعت خُودبخُود اَیسِي بي مزہ هُوئِي کہ نہ مُصاحِبت کِسُوکِي بھاوي - نہ مجلِس خُوشِي‌کِي خُوش آوي * سَودائِي سا مِزاج هوگیا - دِل اُداس اَور حَیران - نہ کِسُوکِي صُورت اچّھِي لگي - نہ بات کہني سُنّي کو جِي چاهتي * میرِي یِہ حالت دیکھ کر دائِي ددا چھوچھو انگا سب کِي سب مُتفکِّر هُوئِین - اَور قدم پر گِرنِي لگِین * یِہِي خواجہ‌سرا نمک‌حلال قدِیم سي میرا محْرم اَور همراز هَي - اِس سي کوئِي بات مُخفِي نہِین - میرِي وحْشت دیکھ‌کر بولا کہ اگر پادشاہ‌زادِي تھوڑا سا شربت ورقُ الخیال کا نوشِ جان فرماوین - تو اغلب هَي - کہ طبِیعت بحال هو جاوي اَور فرْحت مِزاج مین آوي * اُسکي اِس طرح کي کہنيِ‌سي مُجھي بِھي شَوق هُوا - تب مَین ني فرمایا جلد حاضِر کر *

محلّي باهِر گیا اَور ایک صرُاحِي اُسِي شربت کِي تکلّف سي بناکر برف مین لگاکر لڑکي کي هاتھ لِواکر آیا * مَین ني پِیا اَور جو کُچھ اُس کا فائِدہ

بَیان کِیا تھا وَیسا ھي دیکھا * اُسي وقت اُس خِدمت کي اِنعام مین ایک
بھاري خِلعت خوجي کو عِنایت کِي - اَور حُکم کِیا کہ ایک صُراحِي ھمیشہ
اِسي وقت حاضِر کِیا کر * اُس دِن سي یِہہ مُقرّر ھُوا کہ خواجہسرا صُراحِي
اُسي چھوکري کي ھاتھہ لِوا لاوي - اَور بندِي پِي جاوي * جب اُسکا نشہ طُلوع
ھوتا - تو اُس کِي لہر مین اُس لڑکيسي ٹھٹھا مِزاخ کرکر دِل بہلاتِي تھي *
وُہ بھِي جب ڈھیٹھ ھُوا تب اچّھِي اچّھِي مِیٹھِي باتین کرني لگا - اَور
اچنْبھي کِي نقلین لاني - بلکہ آہ اوھِي بھِي بھرني - اور سسْکِیان لیني * صُورت
تو اُسکِي طرحدار لائِق دیکھني کي تھِي - بيِاختِیار جِي چاھني لگا * مَین دِلْ
کي شَوق سي اَور اٹھکھیلِیوْن کي ذَوق سي ھر روز اِنعام بخشِش دیني لگِي -
پر وُہ کمبخت اُنھِین کپڑوْن سي جَیسي ھمیشہ پہن رھا تھا حُضُور مین آتا -
بلکہ وُہ لِباس بھِي مَیلا کُچَیلا ھوجاتا *

یک دِنْ پُوچھا کہ تُجھي سرکار سي اِتنا کُچھ مِلا - پر تُو ني اپنِي صُورت
وَیسي کِي وَیسِي ھِي پریشان بنا رکھِي * کیا سبب ھَي - وي رُوپَي کہان
خرچ کِئي - یا جمع کر رکھي ؟ لڑکي ني یِي خاطِرداري کِي باتین جو سُنِین -
اَور مُجھي اپنا احْوال پُرسان پایا - آنسُو ڈبڈباکر کہني لگا - جو کُچھ آپ ني
اِس غُلام کو عِنایت کِیا سب اُستاد ني لي لِیا - مُجھي ایک پَیسا نہین دِیا *
کہان سي دُوسري کپڑي بناؤن جو پہنکر حُضُور مین آؤن ؟ اِس مین میري
تقصِیر نہین - مَین لاچار ھُون * اِس غریبي کي کہني پر اُسکي ترس آیا *
ونھِین خواجہسرا کو فرمایا کہ آج سي اِس لڑکي کو اپنِي صحبت مین تربیت

کر ۔ اَور اچّھا لِباس تَیّار کرواکر پہنا ۔ اَور لَونڈون مین بی فائدہ کھیلنی کُودنی نہ دی ۔ بلکہ اپنی خُوشی یہہ ہَی کہ آداب لائق حُضور کی خِدمت کی سِیکھی اور حاضِر رہی * خواجہسرا مُوافِق فرمانی کی بجالایا ۔ اَور میری مرضی جو اُدھر دیکھی نِہایت اُسکی خبرگیری کرنی لگا * تھوڑی دِنون مین فراغت اَور خُوش خُوری کی سبب سی اُسکا رنگ وروغن کُچھہ کا کُچھہ ہوگیا اَور کینچلی سی ڈال دی * مَین اپنی دِل کو ہرچند سنبھالتی پر اُس کافِر کی صُورت جی مین اَیسی کُھب گئی تھی ۔ یہی جی چاھتا کہ ماری پیار کی اُسی کلیجی مین ڈال رکھون ۔ اَور اپنی آنکھون سی ایک پل جُدا نہ کرون *

آخِر اُسکو مُصاحبت مین داخِل کِیا ۔ اَور خِلعتین طرح بہ طرح کی اَور جواہِر رنگ بہ رنگ کی پہناکر دیکھا کرتی * باری اُسکی نزدیک رہنی سی آنکھون کو سُکہہ کلیجی کو ٹھنڈھک ہُوئی ۔ ہر دم اُسکی خاطِرداری کرتی * آخِرکو میری یہہ حالت پہُنچی کہ اگر ایک دم کُچھہ ضروری کام کو میری سامھنی سی جاتا ۔ تو چَین نہ آتا * بعد کَئی برس کی وُہ بالِغ ہُوا ۔ مسین بھیگنی لگین ۔ چھب تختی دُرُست ہُوئی ۔ تب اُسکا چرچا باھِر درباریون مین ہونی لگا * دربان اَور رَوَنّی میوڑی باریدار اَور یساول چوبدار اسکو محل کی اندر آنیجانی سی منع کرنی لگی * آخِر اُسکا آنا مَوقُوف ہُوا ۔ مجھی تو اُس بغَیر کل نہ پڑتی تھی ۔ ایک دم پہاڑ تھا * جب یہہ احوال نا اُمّیدی کا سُنا ۔ اَیسی بد حَواس ہوگئی گویا مُجھہ پر قِیامت ٹُوٹی ۔ اَور یہہ حالت ہُوئی کہ نہ کُچھہ کہہ سکتی ہَون ۔ نہ اُس بِن رہ سکتی ہُون ۔ کُچھہ بس نہین چل

سکتا ـ الہي کیا کُرون ! عجب طرح کا قلق ہُوا ـ ماري بي‌قراري‌کي اِسي محلّي کو (جو میرا بھیدُو تھا) بُلاکر کہا کہ مجُھي غور اَور پرداخت اُس لڑکي‌کي منظُور ھَي ـ بِالفعل صلاح وقت یِہہ ھَي کہ ہزار اشرفي پُونچي دیکر چَوک‌کي چَوراھي مین دُوکان جَوہرِي کِي کروا دو ـ تو تجارت کرکي اُس کي نفع‌سي اپني گُذران فراغت سي کِیاکري ـ اَور میري محلّ‌کي قریب ایک‌حَویلي اچّھي نقشي کِي رھني کي‌لئي بنوا دو * لَونڈي غُلام نَوکر چاکر جو ضرُور ہون مول لیکر اَور درماھا مُقرّر کرکر اُسکي پاس رکھوا دو کہ کِسُو طرح بي آرام نہ ھو * خواجہ سرا ني اُسکي بُودوباش‌کِي اَور جَوہري‌پني اَور تجارت‌کِي سب تَیّارِي کر دِي * تھوڑي عرصي مین اُسکي دُوکان اَیسي چمکي اَور نمُود ہُوئي کہ جو خِلعتین فاخرہ اَور جَواہر بیش‌قیمت سرکار مین پادشاہ کِي اَور امیرون کِي درکار و مطلُوب ھوتي ـ اُسي کي یہان بہم پہنچتي * آہستہ آہستہ یِہہ دُوکان جمِي کہ جو تُحفہ ہرایک مُلک کا چاھئي وِھین مِلي ـ سب جَوہریون کا روزگار اُسکي آگي مندا ھو گَیا ـ غرض اُس شہر مین کوئي برابري اُسکي نہ کر سکتا ـ بلکہ کِسي مُلک مین وَیسا کوئي نہ تھا *

اِسي کار و بار مین اُسني تو لاکھون رُوپي کمائي ـ پر جُدائِي اُسکي روز بہ روز نُقصان میري تن بدن کا کرني لگي * کوئي تدبیر نہ بن آئي کہ اُسکو دیکھ کر اپني دِل کِي تسلّي کرُون * غرض صلاح کِي خاطر اُسي واقف‌کار محلّي کو بُلایا اور کہا ـ کہ کوئي اَیسِي صُورت بن نہین آتِي کہ ذرّا اُسکي صُورت مَین دیکھُون اَور اپني دِل کو صبر دُون * مگر یِہہ طرح ھَي کہ ایک سُرنگ اُسکي حَویلي سي

کُھدواکر محلّ مین مِلا دو * حُکم کرتي ہِي تہوڑي دِنون مین اَیسِي نقب تیّار ہُوئِي کہ جب سانجھ ہوتي چُپکي ہِي وہ خواجہ‌سرا اُس جَوان کو اُسِي راہ سي لي آتا * مَین اُسکي مِلنيسي آرام پاتي ـ وہ میري دیکھني سي خُوش ہوتا * جب فجر کا تارا نِکلتا اَور مُوذِّن اذان دیتا ـ محلّي اُسِي راہ سي اُس جَوان کو اُسکي گھر پُہنچا دیتا * اِن باتون سي سِواي اُس خوجيکي اَور دو دائیون کي (جِنھون ني مُجھي دُودھ پِلایا اَور پالا تھا) چَوتھا آدمِي کوئِي واقِف نہ تھا *

مُدّت تلک اِس طرح سي گُذرِي ـ ایک روز یہ اِتّفاق ہُوا ـ کہ مُوافِق معمُول کي خواجہ سرا جو اُسکو بُلاني گیا دیکھي تو وہ جَوان فِکرمند سا چُپکا بَیٹھا ہَي * محلّي ني پُوچھا آج خَیر ہَي کیُون اَیسي دِلگیر ہو رہي ہو؟ چلو حُضُور مین یاد فرمایا ہَي ـ اُسني ہرگز کُچھ جَواب نہ دِیا ـ زبان نہ ہِلائِي * خواجہ سرا اپناسا مُنہ لیکر اکیلا پھِر آیا ـ اَور احوال اُسکا عرض کِیا * مَیري تَئِین شَیطان جو خراب کریہ اِس پر بھِي مُحبّت اُسکِي دِل سي نہ بھُولِي ـ اگر یہ جانتِي کہ عِشق اور چاہ اَیسي نمک حرام بي وفا کي آخِر کو بدنام اَور رُسوا کریگي ـ اَور ننگ و ناموس سب ٹھکاني لگیگا ـ تو اُسِي دم اُس کام سي باز آتي ـ اَور تَوبہ کرتِي ـ پھِر اُسکا نام نہ لیتِي نہ اپنا دل اُس بي‌حَیا کو دیتِي * پر ہونا تو یُون تھا ـ اِس لِئي حرکتِ بیجا اُسکِي خاطِر مین نہ لائي ـ اَور اُسکي نہ آني کو معشوقون کا چوچلا اَور ناز سمجھا * اُسکا نتیجہ یہ دیکھا کہ اُس سرگُذشت سي بغَیر دیکھي بھالي تُو بھِي واقِف ہُوا ـ نہین تو مَین کہان اَور تُو

کہان ؟ خَیر جو ہُوا سو ہُوا - اِس خر دِماغي پر اُس گدھي کي خِیال نہ کر - دوبارہ خوجي کي هاتھہ پَیغام بھیجا - کہ اگر تُو اِس وقت نہیں آویگا - تو مَین کِسُو نہ کِسُو ڈھب سي وہین آتي ہُون - لیکن میري آني مین بڑي قباحت هَي - اگر یہہ راز فاش ہُوا تو تیري حقّ مین بہُت بُرا هَي * تب اَیسا کام نہ کر جِس مین سِواي رُسْوائِي کي اَور کُچھہ پھل نہ مِلي * بِہتر یِہي هَي کہ جلد چلا آ - نہین تو مُجھي پُہنچا جان * جب یہہ سندیسا گیا اَور اِشتِیاق میرا نِپٹ دیکھا - بھُونڈِي سي صُورت بنائي هُوئي ناز نخري سي آیا *

جب میري پاس بَیٹھا تب مَین ني اُس سي پُوچھا کہ آج رُکاوٹ اَور خفگِي کا کیا باعِث هَي ؟ اِتني شَوخِي اَور گُستاخِي تُو ني کبھُو نہ کِي تھِي همیشہ بِلا عُذر حاضِر هوتا تھا * تب اُسني کہا کہ مَین گُمنام غرِیب حُضور کِي تَوَجّہہ سي اَور دَامنِ دَولت کي باعِث اِس مقدُور کو پہُنچا - بہُت آرام سي زِندگِي کٹتِي هَي * آپ کي جان و مال کو دُعا کرتا هَون - یہہ تقصِیر پادشاہزادِي کي مُعاف کرني کي بھروسي اِس گُنہگار سي سرزد هُوئي - اُمّیدوار عفُو کا هُون * مَین تو جان و دِل سي اُسي چاهتِي تھِي - اُسکِي بناوٹ کِي باتون کو مان لِیا - اَور شرارت پر نظر نہ کِي - بلکہ پھِر دِلدارِي سي پُوچھا کہ کیا تُجھہ کو اَیسِي مُشکِل کٹھِن پیش آئيِ - جو اَیسا مُتفکّر هو رها هَي ؟ اُسکو عرض کر - اُسکِي بھِي تدبِیر هوجائیگِي *

غرض اُسني اپنِي خاکسارِي کِي راہ سي یہِي کہا - کہ مُجھہ کو سب مُشکِل ني - آپ کي رُوبرُو سب آسان هَي * آخِر اُسکي فحواي کلام اَور بت کہاؤ

سی یہہ کہلا ۔ کہ ایک باغ نہایت سرسبز اَور عمارتِ عالی حَوض تالاب کُوئی پُختہ سمیت غُلام کی حَویلی کی نزدِیک نائب شہر میں بِکاؤ ھَی ۔ اَور اُس باغ کی ساتھہ ایک لَونڈی بھی گائن کہ عِلمِ مُوسِقی میں خُوب سلیقہ رکھتی ھَی * لیکن یی دونوں باھم بِکتی ھَیں نہ اکیلا باغ ۔ جَیسی اُونٹ کی گلی میں بِلّی * جو کوئی وہ باغ لیوی اُس کنیز کی بھی قیمت دیوی ۔ اَور تماشا یہہ ھَی کہ باغ کا مول پانچ ہزار رُوپَی ۔ اَور اُس باندی کا بہا پانچ لاکھہ * فدوی سی اِتنی رُوپَی بِالفِعل سرانجام نہیں ہو سکتی * مَیں نی اُسکا دِل بہت بیاِختیار شَوق میں اُنکی خریداری کی پایا ۔ کہ اِسی واسطی دِل حَیران اَور خاطِر پریشان تہا * باوُجودی کہ رُوبرُو میری بَیٹھا تہا ۔ تب بہی اُسکا چہرہ مَلین اور جی اُداس تہا * مجھی تو خاطِرداری اُسکی ہر گھڑی اَور ہر پل منظُور تہی ۔ اُسی وقت خواجہسرا کو حُکم کیا ۔ کہ کل صُبح کو قیمت اُس باغ کی لَونڈی سمیت چُکاکر قبالہ باغ کا اَور خطّ کنیزک کا لِکھواکر اِس شخص کی حَوالی کرو ۔ اَور مالِک کو زرِ قیمت خزانہء عامرہ سی دِلوا دو *

اِس پروانگی سُنتی ہی جَوان نی آداب بجا لایا اَور مُنہہ پر روہت آئی * فجر ہوتیہی وہ رُخصت ہُوا ۔ خوجی نی مُوافِق فرمانی کی اُس باغ کو اَور لَونڈی کو خرید کردیا ۔ پہر وُہ جَوان رات کو مُوافِقِ معمُول کی آیا جایا کرتا * ایک روز بہارکی مَوسِم میں کہ مکان بہی دِلچسپ تہا بدلی گھُمنڈ رہی تہی ۔ پہونہیاں پڑ رہیں تہیں ۔ بِجلی بہی کوندھہ رہی تہی ۔ اَور ھَوا نرم نرم بہتی تہی ۔ غرض عجب کَیفیَّت اُس دم تہی * جونہیں

رنگ بہ رنگ کی حُباب اَور گُلابیاں طاقون پر چُنِدین هُوئِین نظر پڑِین - دِل للچایا کہ ایک کھُونٹ لُون * جب دو تِین پِیالون کی نَوبت پہُنچی ورنہِین خِیال اُس باغ نَوخرِید کا گُذرا * کمال شَوق هُوا کہ ایکدم اِس عالم مین وهان کی سَیر کِیا چاهِیئی * کم بختی جو آوی - اُونٹ چڑھی کُتّا کاٹی * اچھی طرح بَیٹھی بِٹھائی ایک دائی کو ساتھ لیکر سُرنگ کی راه سی اُس جَوان کی مکان کو گئی - وهان سی باغ کی طرف چلی * دیکھا تو ٹھیک اُس باغ کی بہار بِہِشت کی برابری کر رهِی هَی * قطری مینہ کی درختون کی سبزسبز پتّون پر جو پڑی هَین - گویا زُمُرّد کی پٹرِیون پر موتی جڑی هَین - اُور سُرخی پھُولون کی اُس ابر مین اَیسی چھبی لگتِی هَی جَیسی شام کو شفق پھُولی هَی - اَور نہرین لبالب مانند فرش آئینی کی نظر آتی هَین اَور مَوجین لہراتی هَین *

غرض اُس باغ مین هر طرف سَیر کرتی پھرتی تھی - کہ دِن هو چُکا - سِیاهی شام کی نمُود هُوئی * اِتنی مین وُہ جَوان ایک رَوش پر نظر آیا - اَور مجھی دیکھ کر بہُت ادب اَور گرمجوشی سی آگی بڑھکی میری هاتھ کو اپنی هاتھ پر دھرکر بارہ دری کی طرف لی چلا * جب وهان مَین گئی تو وهان کی عالم نی ساری باغ کی کَیفِیّت کو دِل سی بھُلا دِیا * یہہ روشنی کا ٹھاٹھ تھا - جابجا قُمقُمی سرْو چراغان کنْول اَور فانُوسِ خِیال شمعِ مجلس حَیران اَور فانُوسین روشن تھین - کہ شبِ برات باوُجُود چاندنی اَور چراغان کی اسکی آگی اندھیری لگتی * ایک طرف آتش بازی پھل جھڑی انار داؤدی بھچنیا مرواریدِ مہتابی هَوائی چرخی هتھ پھُول جاهِی جُوهی پٹاخی سِتاری چھُٹتی تھی *

اِس عرصي مین بادل پھٹ گیا اَور چاند نِکل آیا بِعَینِہٖ جَیسي نافرمانی جوڑا پہني ہُوئي کوئي معشُوق نظر آجاتا هَي * بڑِي کَیفِیَّت هُوئي چاندنِي چھٹکتي هِي جَوان ني کہا - کہ اب چلکر باغ کي بالاخانی پر بَیٹھیئي * مَین اَیسِي احمق ہوگئِي تِھي کہ جو وُہ نِگوڑا کہتا سو مَین مان‌لیتِي - اب یِہہ ناچ نچایا کہ مُجھ‌کو اُوپر لیگیا * وُہ کوٹھا ایَسا بُلند تھا کہ تمامِ شہر کي مکان اَور بازار کي چراغان گویا اُسکي پائِین باغ تھي * مَین اُس جَوان کي گلي مین بانہہ ڈالي هُوئي خُوشِي کي عالم مین بَیٹھِي تِھي * اِتني مین ایک رنڈِي نِہایَت بھُونڈِي سِي - صُورت نہ شکل - چُولھي مین سي نِکل شراب کا شِیشہ هاتھہ مین لِیئي هُوئي آپہُنچِي * مُجھي اُس وقت اُسکا آنا نِہیت بُرا لگا * اَور اُسکي صُورت دیکھني‌سي دِل مین هَول اُٹھِي *

تب مَین ني گھبراکر جَوان‌سي پُوچھا کہ یِہہ تُحفہٴ عِلّت کَون هي ؟ تُرنے کہانسي پَیدا کِي ؟ وُہ جَوان هاتھہ باندھکر کہني لگا کہ یِہہ وهِي لَونڈِي‌هَي جو اِس باغ‌کي ساتھہ حُضُورکي عِنایت‌سي خرِید هُوئِي * مَین نِي معلُوم کِیاکہ اِس احمق ني بڑِي خواهِش سي اِسکو لِیا هَي - شاید اِسکا دِل اِس پرمائل هَي * اِسِي خاطِر سي پیچ‌تاب کھاکر مَین چُپکِي هو رهِي - لیکن دِل اُسِي وقت سي مُکدّر هُوا اَور ناخُوشِي مِزاج پر چھاگئِي - تِسپر قِیامت اُس اَیسي تَیسي‌ني یِہہ کِي - کہ ساقِي اُسِي کو بنایا * اُس وقت مَین اپنا لہُو پِیتِي‌تِهِي اَور جَیسي طُوطِي کو کوئِي کَوّي کي ساتھہ ایک پِنجري مین بند کرتا هَي - نہ جانےکِي فُرصت پاتِي‌تِهِي - اَور نہ بیٹھنےکو جِي چاهتا تھا *

قصہ مختصر وہ شراب بوندکي بوند تھي جسکي پینے سي آدمي حیوان هوجاوي * دو چار جام پي درپي اُسي تیزآب کي جوان کو دیئي - اَور آدھا پیالہ جوان کي منّت سي مَینني بھي زهرمار کیا * آخر وہ پلشت بي حَیا بھي بدمست هوکر اُس مردود سي بیہودہ اداٸین کرني لگي *

مجھي یہہ غیرت آئي اگر اُس وقت زمین پھاٹي تو مَین سما جاؤن - لیکن اُسکي دوستي کي باعث مَین بلّلي اِس پر بھي چُپ هو رهي * پروہ تو اصل کا پاجي تھا - میري اِس درگذر کرني کو نہ سمجھا - نشي کي لہر مین اَور بھي دو پیالي چڑھا گیا - کہ رهتا سہتا هوش جو تھا وہ بھي گم هُوا - اَور میري طرف سي مُطلق دھڑکا جي سي اُٹھا دیا * نہ اِس بي وفا مین وفا نہ اُس بي حَیا مین حَیا - جَیسي رُوح وَیسي فرشتي * میري اُس وقت یہہ حالت تھي جَیسي اَوسرچوکي ڈومني گاوي تال بي تال - اپني اُوپر لعنت کرتي تھي - کہ کیُون تُو یہان آئي جسکي یہہ سزا پائي ؟ آخر کہان تلک سہُون - میري سرسي پاُون تلک آگ لگ گئي - اَور انگارون پر لوٹني لگي - اِس غصّي اَور طَیش مین یہہ کہاوت (بَیل نہ کُودا کُودي گون - یہہ تماشا دیکھي کون -) کہتي هُوئي وهان سي اُٹھي *

وہ شرابي اپني خرابي دل مین سوچا - کہ اگر بادشاهزادي اِس وقت ناخُوش هُوئي - توکل میرا کیا حال هوگا - اور صُبح کو کیا قیامت مچیگي ؟ اب یہہ بہتر هَي کہ شاهزادي کو مار ڈالُون یہہ ارادہ اُس غَیباني کي صلاح سي جي مین ٹھہراکر گلي مین پٹکا ڈال میري پاُون آکر پڑا اور پگڑي سرسي

اتارکر منّت و زاري کرني لگا * میرا دِل تو اُس پر لٹّو هو رها تها - جیدهر لئي پهرتاتها پهرتي تهي - اَور چکّي کي طرح مَین اُسکي اِختِیار مین تهي - جو کہتاتها سو کرتي تهي - جون توں مُجهي پهسلا پندّهلاکر پهر بِٹهلایا - اَور اُسي شراب دوآتشہ کي دو چار پیالي بهر بهرکر آپ بهي پیئي - اَور مُجهي بهي دیئي * ایک تو غُصّي کي ماري جل بهُن کر کباب هو رهي تهي - دوسري اَیسي شراب پي جلد بي هوش هوگئي - کُچهہ حَواسّ باقي نہ رهي * تب اُس بيرحم نمک حرام کٹر سنگدِل ني تلْوار سي مُجهي گهایل کیا - بلکہ اپني دانِست مین مارچُکا * اُس دم میري آنکهہ کُهلي تو مُنہہ سي یہي نکلا - خَیر - جَیسا همني کیا وَیسا پایا - لیکن تُو اپني تَئين میري اِس خُون ناحقّ سي بچائیو * مبادا هو کوئي ظالم ترا گریبانگیر - مِري لہُو کو تُو دامن سي دهو - هُوا سو هُوا *

کِسي سي یہہ بهید ظاهِر نہ کیجو - هم ني تو تُجهسي جان تلک بهي درگُذر نہ کي * پهر اُسکو خُدا کي حَوالي کرکر میرا جي ڈُوب گیا - مُجهي اپني سُدهہ بُدهہ کُچهہ نہ رهي - شاید اُس قصائي ني مُجهي مُردہ خِیال کر اُس صندُوق مین ڈال کر قلعي کي دِیوار کي تلي لٹکا دیا - سو تُوني دیکها * مَین کِسُوکا بُرا نہ چاهتي تهي - لیکن یي خرابیان قِسمت مین لِکهي تهین * مِٹتي نہین کرم کي ریکها * اِن آنکهون کي سبب یہہ کُچهہ دیکها اگر خُوبصُورتون کي دیکهني کا دِل مین شَوق نہ هوتا - تو وُہ بدبخت میري گلي کا طَوق نہ هوتا * اللّہ ني یہہ کام کیا کہ تُجهکو وهان پہُنچا دیا - اَور سبب میري زِندگي

کا کیا * اب حیا جی مین آتی هی کہ یی رسوائیان کهینچکر اپنی تئین جیتا نہ رکهون - یا کسو کو منہہ نہ دکهاؤن * پر کیا کرون - مرنی کا اختیار اپنی هاتهہ مین نہین - خدا نی مارکر پهر جلایا - آگی دیکهئی کہ کیا قسمت مین بدا هی * ظاهر مین تو تیری دوڑ دهوپ اور خدمت کام آئی جو ویسی زخمون سی شفا پائی * تو نی جان و مال سی میری خاطر کی - اور جو کچهہ اپنی بساط تهی حاضر کی * ان دنون تجهی بی خرچ اور دودلا دیکهہ کر وہ شقہ سیدی بهار کو (جو میرا خزانچی هی) لکها - اس مین یہی مضمون تها کہ مین خیر و عافیت سی اب فلانی مکان مین هون - مجهہ بد طالع کی خبر والدہ شریفہ کی خدمت مین پہنچائیو *

اس نی تیری ساتهہ وو کشتیان نقد کی خرچ کی خاطر بهیج دین - اور جب تجهی خلعت اور جواهر کی خرید کرنی کو یوسف سوداگر بچی کی دوکان کو بهیجا - مجهی یہہ بهروسا تها کہ وہ کم حوصلہ هر ایک سی جلد آشنا هو بیٹهتا هی - تجهی بهی اجنبی جانکر اغلب هی کہ دوستی کرنی کی لیئی تراکر دعوت اور ضیافت کریگا - سو میرا منصوبہ ٹهیک بیٹها - جو کچهہ میری دل مین خیال آیا تها اسنی ویساهی کیا * تو جب اسی قول قرار پهر آنی کا کرکر میری پاس آیا - اور مہمانی کی حقیقت اور اسکا بجد هونا مجهہ سی کہا - مین دل مین خوش هوئی کہ جب تو اسکی گهر مین جاکر کهاوی پیویگا تب اگر تو بهی اسکو مہمانی کی خاطر بلاویگا وہ دوڑا چلا آویگا * اس لیئی تجهی جلد رخصت کیا * تین دن کی پیچهی جب تو وهان سی

فراغت کرکي آیا ـ اُور میري رُوبرُو عذر غَیرحاضِري کا شرمندگي سي لایا ـ مَین
ني تیري تشفّي کي لِیئي فرمایا ـ کُچھہ مُضایقہ نہین ـ جب اُسني رِضا دِي،
تب تُو آیا ـ لیکن بي شرمي خُوب نہین کہ دُوسري کا اِحسان اپني سِرپر رکھِیئي
اَور اُسکا بدلا نہ کِیجِیئي ـ اب تُو بھِي جاکر اُسکي اِستِدعا کر ـ اَور اپني ساتھہِي
سَاتھہ لي آ * جب تُو اُسکي گھرکو گَیا تب مَین ني دیکھا کہ یہان کُچھہ
اسباب مِہمانداري کا تیّار نہین ـ اگر وُہ آجاوي تو کیا کرُون؟ لیکن یہہ فُرصت
پائي کہ اِس مُلک مین قدِیم سي پادشاهون کا یہہ معمُول هَي ـ کہ آتھہ مہینی
کاروبار مُلکي اَور مالِي کي واسطي مُلک گِیري مین باهر رهتي هَین ـ اَور چار
مہینی مَوسِمِ برسات کي قِلعۂ مُبارک مین جُلُوس فرماتي هَین * اُن دِنون دو
چار مہینی سي پادشاه یعني وَلِي نِعمت مُجھہ بدبخت کي بندوبست کي
خاطِر مُلک مین تشریف لي گَئي تھي *

جب تک تُو اُس جَوان کو ساتھہ لیکر آوي کہ سِیدي بہار ني میرا احوال
خِدمت مین پادشاه بیگم کي (کہ والِدہ مُجھہ ناپاک کي هَین) عرض کیا ـ
پھِر مَین اپني تقصِیر اَور گُناه سي خجِل هوکر اُنکي رُوبرُو جاکر کھڑِي هُوئي اَور جو
سرگُذشت تھِي سب بَیان کِي * هرچند اُنهون ني میري غائب هوني کِي
کَیفیّت دُوراندیشي اَور مِہرِ مادرِي سي چھِپا رکھِي تھِي کہ خُداجاني اِسکا انجام
کیا هو ـ ابھِي یہہ رُسوائي ظاهِر کرنِي خُوب نہین ـ میري بدلي میري عَیبون
کو آپني پیٹ مین رکھہ چھوڑا تھا ـ لیکن میرِي تلاش مین تھِین * جب
مُجھي اِس حالت مین دیکھا اَور سب ماجرا سُنا آنسُو بھرلائین اَور فرمایا ـ

اَي کم‌بخت ناشُدني ! تُو نے جان بُوجھکر نام و نِشان بادشاهت کا سارا کهویا ـ هزار افسوس ! اَور اپني زِندگي سي بهي هاته دهویا * کاش‌کي تیري عِوض مین پتهر جنتِي تو صبر آتا ! اب بهي تَوبه کر ـ جو قِسمت مین تها سو هُوا ـ اب آگي کیا کریگي ؟ جِیویگي یا مریگي ؟ مَین‌نے نِہایت شرمندگي سي کہا که مُجهه بي‌حَیا کي نصِیبون مین یِهي لِکها تها ـ جو اِس بد نامي اَور خرابي مین اَیسي اَیسي آفتون سي بچکر جِیتي رهُون * اِس سي مرنا هي بهلا تها ـ اگرچه کلنک کا ٹیکا میري ماتهي پر لگا ـ پر اَیسا کام نہین کِیا جِس مین ماباپ کي نام‌کو عَیب لگي *

اب یِهه بڑا دُکهه هَي که وي دونون بیحَیا میري هاته سي بچ جاوین ـ اَور آپس مین رنگ رلیان مناوین ـ اَور مَین اُنکي هاتهون سي یِهه کُچهه دُکهه دیکهُون * حَیف هَي که مُجهه سي کُچهه نه هو سکي * یِهه اُمّیدوار هُون که خان‌سامان کو پروانگي هو ـ تو اسباب ضِیافت کا بہ‌خُوبي تمام اِس کم‌بخت کي مکان مین تَیّار کري ـ تو مَین دعوت کي بہانے سي اُن دونون بدبختون کو بُلوَاکر اُن کي عملون‌کي سزا دُون ـ اَور اپنا عِوض لُون * جِس طرح اُس نے مُجهه پر هاته چهوڑا ـ اَور گهایل کِیا مَین بهي دونون کي پُرزي پُرزي کرُون ـ تب میرا کلیجا ٹهنڈا هو ـ نہین تو اِس غُصّي کي آگ مین پهُنک رهِي هُون ـ آخِر جل‌بل کر بهُوبهل هو جاؤنگي * یِهه سُنکر امّا نے آتماکي درد سي مِہربان هوکر میري عَیب پوشي کي ـ اَور سارا لَوازِمہ ضِیافت کا اُسي خواجہ‌سرا کي ساته (جو میرا محرم هَي) کر دِیا * سب اپني اپني کارخانے مین آکر حاضِر هُو ئي *

شام کي وقت تُو اُس مُوئي کو لیکر آیا ـ مُجھي اُس قحبہ باندي کا بھِي آنا منظُور تھا *

چُنانچہ پھِر تُجھ کو تقیّد کرکر ـ اُسي بھِي بُلوآیا * جب وُہ بھِي آئي اَور مجلِس جمِي شراب پي‌پي‌کر سب بدمست اَور بي‌ھوش ھُوئي ـ اَور نکي ساتھ تُو بھِي کَیفِي ھوکر مُردا سا پڑا ـ مَیں‌نی قِلماقنِي کو حُکم کِیا کہ اُن دونوں کا سِر تلوار سي کاٹ ڈال * اُسني وونھیں ایک دم مین شمشیر نِکالکر دونوں کي سِر کاٹ بدن لال کردیئي ـ اَور تُجھ پر غُصّي کا یِہ باعِث تھا ـ کہ مَیں ني اِجازت ضِیافت کِي دِي تھِي ـ نہ دو دِن کِي دوستِي پر اِعتماد کرکي شرِیک مَي خُوري کا ھو * البتّہ یِہ تیرِي حِماقت اپنِي تَئِین پسند نہ آئِي ـ اِس واسطي کہ جب تُو پِي‌پاکر بي‌ھوش ھُوا ـ تب توقّعُ رِفاقت کِي تُجھ سي کیا رھِي؟ پر تیرِي خِدمت کي حقّ اَیسي میرِي گردن پر ھَین ـ کہ جو تُجھ سي اَیسِي حرکت ھوتِي ھَي تو مُعاف کرتِي ھُون * لي ـ مَین ني اپنِي حقِیقت اِبتِدا سي اِنتِہا تک کہہ سُنائِي ـ اب بھِي دِل مین کُچھ اَور ھَوَس باقِي ھَي؟ جَیسي مَین نِي تیرِي خاطِر کرکي تیري کہنِي کو سب طرح قبُول کِیا ـ تُو بھِي میرا فرمانا اِسِي صُورت سي عمل مین لا * صلاح وقت یِہ ھَي کہ اب اِس شہر مین رھنا میري اَور تیري حقّ مین بھلا نہیں * آگي تُو مُختار ھَي *

یا معبُود اللہ! شہزادِي اِتنیا فرماکر چُپ رھِي * فقِیر تو دِل و جان سي اُس کي حکُم کو سب چیز پر مُقدّم جانتا تھا ـ اَور اُس کِي مُحبّت کي جال

میں پہنسا تھا ۔ بولا ۔ جو مرضِي مُبارك میں آوي سو بہتر ہَي ۔ یِہہ فِدوِي بي عُذر بجا لاویگا * جب شہزادِي ني میري تَئِیں فرمان بردار و خِدمتگار اپنا پُورا سمجھا ۔ فرمایا ۔ دو گھوڑي چالاك اَور جانباز (کہ چلنی میں ہَوا سي باتین کرین) بادشاہ کي خاصّ اِصطبل سي منگوا کر تَیّار رکھہ * مَین ني وَیسیٔ ہِي پرِیزاد چار گُردي کي گھوڑي چُن کر زِین بندھوا کر منگوائي * جب تھوڑِي سِي رات باقِي رہِي ۔ بادشاہزادِي مردانہ لِباس پہن اَور پانچوں ہتھیار باندھہ کر ایك گھوڑي پر سَوار ہُوئِي ۔ اَور دُوسري مرکب پر مَین مُسلّح ہوکر چڑھہ بَیٹھا اَور ایك طرف کِي راہ لِي *

جب شب تمام ہُوئِي اَور پرچھا ہونی لگا ۔ تب ایك پوکھر کي کناري پہُنچي * اُتر کر مُنہہ ہاتھہ دھوئي ۔ جلدِي جلدِي کُچھہ ناشتا کرکي پھر سَوار ہوکر چلي * کبہُو ملِکہ کُچھہ کُچھہ باتین کرتِي ۔ اَور یوں کہتِي ۔ کہ ہم ني تیريؔ خاطِر شرم حَیا مُلك مال ما باپ سب چھوڑا ۔ اَیسا نہ ہو کہ تُو بہِي اُس ظالِم بیوفا کِي طرح سُلُوك کري * کدھُو مَین کچھہ احوال اِدھر اُدھر کا راہ کاٹنی کي لِیئي کہتا ۔ اَور اُس کا بہِي جَواب دیتا کہ پادشاہزادِي! سب آدمِي ایك سي نہِیں ہوتي * اُس پاجِي کي نُطفي میں کُچھہ خلل ہوگا جو اُس سي اَیسِي حرکت واقِع ہُوئِي ۔ اَور مَین ني تو جان و مال تُم پر تصدّق کِیا ۔ اَور تُم ني مُجھي ہر طرح سر فرازِي بخشِي * اب مَین بندہ بغَیر داموں کا ہُوں * میري چمڑِي کِي اگر جُوتِیاں بنْواکر پہنو ۔ تو مَین آہ نہ کرُوں * اَیسِي اَیسِي باتین باہم ہوتِي تھِین ۔ اَور رات دِن چلنی سي کام تھا * کبھُو جو ماندگِي

کي سبب کہین اُترتي - تو جنگل کي چرند و پرند شِکار کرتي * حلال کرکي نمکدان سي لون نِکال چکمک سي آگ جھاڑ بھون بھان کر کھا لیتي - اَور گھوڑون کو چھوڑ دیتي * وي اپني مُنہہ سي گھاس پات چر چگ کر اپنا پیٹ بھر لیتي *

ایک روز ایسي کفِدست مَیدان مین جا نِکلي کہ جہان بستِي کا نام نہ تھا - اَور آدمِيْ کِي صُورت نظر نہ آتِي تھِي - اِس پر بھِي پادشاھزادِي کِي رِفاقت کي سبب سي دِن عِید اَور رات شبِ برات معلُوم ھوتِي تھِي * جاتي جاتي اَچنچت ایک دریا (کہ جِس کي دیکھني سي کلیجا پانِي ھو) راہ مین مِلا * کِناري پر کھڑي ھوکر جو دیکھا تو جہان تلک نِگاہ ني کام کِیا - پانِي ھِي تھا - کُچھہ تھل بیڑا نہ پایا * یا اِلہِي! اب اِس سمُندر سي کیُون کر پار اُترین! ایک دم اِسِي سوچ مین کھڑي رھي * آخِر یہہ دِل مین لہر آئِي - کہ مِلکہ کو یہین بِٹھا کر مَین تلاش مین ناؤ نِواڑي کِي جاؤن - جب تلک اسباب گُذاري کا ھاتھہ آوي - تب تلک وُہ نازنِین بھِي آرام پاوي * تب مَین ني کہا - اَي مِلکہ! اگر حُکم ھو تو گھاٹ باٹ اِس دریا کا دیکھوُن * فرماني لگِي مَین بہُت تھک گئِي ھُون - اَور بھُوکھِي پیاسِي ھو رھِي ھُون * مَین ذرّا دم لي لُون جب تَیئِن تُو پار چلني کِي کُچھہ تدبِیر کر *

اس جگہہ ایک درخت پیپل کا تھا بڑا - چھتر باندھي ھُوئي - کہ اگر ھزار سَوار آوي تو دھُوپ اَور مینہہ مین اُس کي تلي آرام پاوي * وھان اُس کو بِٹھاکر مَین چلا - اَور چارون طرف دیکھتا تھا کہ کہِین بھِي زمِین پر یا دریا مین

نِشان اِنسان کا پاؤں * بہُتیرا سِر مارا پر کہِین نہ پایا * آخِر مایُوس ہوکر وهان سي پھِر آیا - تو اُس پرِي کو پیڑ کي نِیچي نہ پایا * اُس وقت کِي حالت کیا کہوُن کہ سُرت جاتِي رہِي ؟ دِیوانہ باوُلا هو گیا * کبھُو درخت پر چڑھہ جاتا - اَور ڈال ڈال پات پات پھِرتا - کبھُو هاتھہ پاؤں چھوڑ کر زمِین مین گِرتا - اَور اُس درخت کِي جڑکي آس پاس تصدّق هوتا * کدھُو چِنگھاڑ مار کر اپنِي بي بسِي پر روتا * کبھُو پچّھم سي پُورب کو دَوڑا جاتا - کدھُو اُتّر سي دکھن کو پھِر آتا * غرض بہُتیرِي خاک چھانِي لیکن اُس گوھرِ نایاب کِي نِشانِي نہ پائِي * جب میرا کُچھہ بس نہ چلا تب روتا اَور خاک سِرپر اُڑاتا هُوا تلاش هر کہِین کرنِي لگا *

دِل مین یِہہ خِیال آیا کہ شاید کوئِي جِنّ اُس پرِي کو اُٹھا کر لیگَیا - اَور مُجھي یِہہ داغ دیگیا - یا اُس کي مُلک سي کوئِي اُس کي پِیچھي لَگا چلا آیا تھا - اُس وقت اکیلا پاکر منامنُو کر پھِر شام کِي طرف لي اُبھرا * اَیسي خِیالون مین گھبراکر کپڑي پڑي پھینک پھانک دِیئي - ننگا مُنگا فقِیر بن کر شام کي مُلک مین صُبح سي شام تک ڈھُونڈھتا پھِرتا - اَور رات کو کہِین پڑ رهتا * سارا جہان رَوند مارا - پر اپنِي بادشاہزادِي کا نام و نِشان کِسي سي نہ سُنا - نہ سبب غائِب هونِي کا معلُوم هُوا * تب دِل مین یِہہ آیا کہ جب اُس جان کا تُو نِي کُچھہ پتا نہ پایا - تو اب جِینا بھِي حَیف هَي * کِسي جنگل مین ایک پہاڑ نظر آیا - تب اُس پر چڑھہ گَیا - اَور یِہہ اِرادہ کیا کہ اپنِي تَئِین گِرا دُون - کہ ایک دم مین سِر مُنہہ پتھرون سي ٹکراتي ٹکراتي پھُوٹ جاویگا - تو اَیسي مُصِیبت سي جي چھُوٹ جاویگا *

یہہ دِل مین کہکر چاھتا ھُون کہ اپني تَئِین گِراؤن - بلکہ پاؤن بہي اُٹھ چُکي تھي - کہ کِسُو ني میرا ھاتھ پکڑ لیا * اِتني مین ھوش آگیا - دیکھتا ھُون تو ایک سَوار سبز پوش مُنہہ پر نِقاب ڈالي مُجھي فرماتا ھَي - کہ کیوُن تُو اپني مرني کا قصد کرتا ھَي ؟ خُدا کي فضل سي نا اُمّید ھونا کُفر ھَي * جب تلک سانس ھَي - تب تلک آس ھَي * اب تھوڑي دِنون مین رُوم کي مُلک مین تِین درویش تُجھسار کھي - اَیسِي ھِي مُصِیبت مین پھنسي ھُوئي اَور اَیسي ھِي تماشي دیکھي ھُوئي تُجھ سي مُلاقات کرینگي - اَور وھان کي پادشاہ کا آزاد بخت نام ھَي - اُس کو بہي ایک بڑي مُشکِل در پیش ھَي - جب وُہ بہِي تُم چارون فقیرون کي ساتھ مِلیگا - تو ھر ایک کي دِل کا مطلب اَور مُراد جو ھَي - بہ خُوبي حاصِل ھوگي *

مَین ني رِکاب پکڑ کر بوسہ دِیا - اَور کہا - اَي خُدا کي وِلي ! تُمھاري اِتني ھِي فرماني سي میري دِلِ پُر اِضطِرار کو تسلّي ھُوئي - لیکن خُدا کي واسطي یِہہ فرمائِیي کہ آپ کَون ھَین اَور اِسمِ شرِیف کیا ھَي ؟ تب اُنہون ني فرمایا کہ مُرتضيِٰ علِي میرا نام ھَي - اَور میرا یِہي کام ھَي - کہ جِس کو جو مُشکِل کٹھِن پیش آوي - تو مَین اُس کو آسان کر دُون * اِتنا فرما کر نظرون سي پوشِیدہ ھوگئي * باري اِس فقِیر ني اپني مَولا مُشکِل کُشا کِي بشارت سي خاطِر جمع کر قصد قُسطُنطُنِیہ کا کِیا * راہ مین جو کُچھ مُصِیبتین قِسمت مین لِکھِي تھِین کھینچتا ھُوا اُس پادشاہزادِي کِي مُلاقات کي بھروسي خُدا کي فضل سي یہان تلک آپہُنچا - اَور اپني خُوش نصِیبِي سي

تُمھارِي خِدمت مین مُشرّف ھُوا * ھماري تُمھاري آپس مین مُلاقات تو ھُوئِي ۔ باھم صُحبت اَور بات‌چِیت مُیسّر آئِي ۔ اب چاھِیئے کہ پادشاہ آزادبخت سي بِھِي رُوشناس اَور جان پہچان ھو *

بعد اِس کي مُقرّر ھم پانچون اپني مقصدِ دِلي کو پہُنچینگي * تُم بِھِي دُعا مانگو اَور آمِین کہو * یا ھادِي ! اِس حَیران سرگردان کِي سر گُذشت یِہہ تِھِي ۔ جو حضُورِي مین درویشون کِي کہہ سُنائِي * اب آگي دیکھِیئے کہ کب یِہہ محِنت اَور غم ھمارا پادشاہ‌زادِي کي مِلني سي خُوشِي وخُرّمِي سي بدل ھو * آزادبخت ایک کونے مین چھپا ھُوا چُپکا دھیان لگائي پہلي درویش کا ماجرا سُنکر خُوش ھُوا ۔ پھر دوُسري درویش کِي حَقِیقت کو سُنّني لگا *

سَیر دوُسري درویش کِي

جب دوُسري درویش کي کہني کِي نَوبت پہُنچِي ۔ وہ چارزانُو ھو بَیٹھا اَور بولا ۔

اَي یارو! اِس فقِیر کا ٹُک ماجرا سُنو ۔ مَین اِبْتِدا سي کہتا ھُون تا اِنْتِہا سُنو *
جِس کا عِلاج کرنہِین سکتا کوئِي حکِیم ۔ ھَیگا ھمارا درد نِپٹ لادَوا سُنو *

اي دلق‌پوشو! یِہہ عاجِز پادشاہ‌زادہ فارس کي مُلک کا ھَي ۔ ھر فنّ کي آدمِي وھان پَیدا ھوتي ھَین ۔ چُنانچہ اِصفہان نِصفِ جہان مشہُور ھَي * ھفت اِقلِیم مین اُس اِقلِیم کي برابر کوئِي وِلایت نہِین ۔ کہ وھان کا سِتارہ آفتاب ھَي ۔ اَور وُہ ساتون کوَاکِب مین نَیّرِ اعْظم ھَي * آب و ھَوَا وھان کِي خُوش

اَور لوگ روشن‌طبع اَور صاحب‌سلیقه هوتي هَین * میري قِبله گاه نی (جو پادشاه اُس مُلک کي تهي) لڑکپن سي قاعدي اَور قانُون سلطنت کي تربیّت کرني کي واسطي بڑي بڑي دانا اُستاد هر ایک عِلم اَور کسب کي چُن‌کر میري اتالیقي کي لِیئي مُقرّر کِیئي تهي ــ تَو تعلِیم کامِل هر نَوع کِي پاکر قابِل هون * خُداکي فضل سي چَودہ برس کي سِنّ و سال مین سب عِلم سي ماہِر هُوا * گُفتگُو معقُول نِشسْت و برخاستِ پسندیدہ اَور جو کُچھ پادشاهون کو لائق اَور درکار هَي سب حاصِل کِیا ــ اَور یِہي شَوق شب و روز تها کہ قابِلون کِي صُحبت مین قِصّي هر ایک مُلک کي اَور احوال اُولُوالعزم پادشاهون اَور نام آورون کا سُنا کرُون *

ایک روز ایک مُصاحِب دانا نی کہ خُوب تَوَارِیخ دان اَور جہاندِیدہ تها مَذکُور کِیا کہ اگرچہ آدمِي کِي زِندگِي کا کُچھ بهروسا نہِین ــ لیکن اکثر وصف اَیسي هَین کہ اُن کي سبب سي اِنسان کا نام قیامت تک زبانون پر بخُوبِي چلا جائیگا * مَین نی کہا ــ اگر تهوڑا سا احوال اُس کا مُفصّل بَیان کرو تو مَین بهي سُنُون ــ اَور اُس پر عمل کرُون * تب وُہ شخص حاتِم طائِي کا ماجرا اِس طرح سي کہني لگا کہ حاتِم کي وقت مین ایک پادشاہ عرب کا نَوفل نام تها * اُسکو حاتِم کي ساتھ بسبب نام‌آورِي کي دُشمنِيء کمال هُوئِي * بُهت سا لشکر فَوج جمع کرکر لڑائِي کِي خاطِر چڑھ آیا * حاتِم تو خُدا ترس اَور نیک‌مرد تها ــ یِہہ سمجها کہ اگر مَین بهِي جنگ کِي تیّارِي کرُون ــ تو خُدا کي بندي ماري جائینگي ــ اَور بڑي خُون ریزِي هوگي * اِسکا عذاب میري

نام لِکھا جائیگا * یِہہ بات سوچکر تن تنہا اپنِي جان لیکر ایک پہاڑ کِي کھوہ مین جاچھپا * جب حاتِم کي غائِب ہونِي کِي خبر نَوفل کو معلُوم ہُوئِي سب اسباب گھربار حاتِم کا قُرق کِیا - اَور منادِي کُروا دِي - کہ جوکوئِي ڈھُونڈھ ڈھانڈھ کر پکڑ لاوي - پان سَي اشرفِي پادشاہ کِي سرکار سي اِنعام پاوِي * یِہہ سُنکر سب کو لالچ آیا اَور جُستجُو حاتِم کِي کرنِي لگي *

ایک دِن ایک بُوڑھا اَور اُسکِي بڑھِیا دو تِین بچّي چھوٹي چھوٹي ساتھ لیئي ہُوئي لکڑیان توڑنِي کي واسطي اُس غار کي پاس جہان حاتِم پوشِیدہ تھا پہُنچي - اَور لکڑیان اُس جنگل سي چُنّي لگي * بُڑھِیا بولِي کہ اگر ہماري دِن کُچھہ بھلي آتي - تو حاتِم کو کہِین ہم دیکھہ پاتي - اَور اُسکو پکڑکر نَوفل کي پاس لیجاتي - تو وُہ پانچ سَو اشرفِي دیتا - اَور ہم آرام سي کھاتي - اِس دُکھہ دھندھي سي چھوٹ جاتي * بُوڑھي ني کہا کیا ٹرٹر کرتِي ہَي؟ ہماري طالِع مین یِہِي لِکھا ہَي - کہ روز لکڑیان توڑین - اَور سِر پر دھرکر بازار مین بیچین - تب لون روٹِي مُیسّر آوي - یا ایک روز جنگل سي باگھہ لي جاوي * لي اپنا کام کر - ہماري ہاتھہ حاتِم کاھیکو آویگا - اَور پادشاہ اِتني رُوپَي دِلاویگا؟ عَورت ني ٹھنڈِي سانس بھرِي اَور چُپکِي ہو رہِي *

یِي دونون کِي باتین حاتِم ني سُنِین - مردُمِي اَور مُرُوّت سي بعِید جانا کہ اپنِي تَئِین چھپائي اَور جان کو بچائي اَور اِن دونون بیچارون کو مطلب تک نہ پہُنچائي * سچ ہَي اگر آدمِي مین رحم نہِین تو وُہ اِنسان نہِین - اَور جِسکي جِي مین درد نہِین وُہ قصائِي ہَي *

دردِ دِل کي واسطي پیَدا کِیا اِنسان کو -
ورنہ - طاعت کي لِیئي کُچھ کم نتھي کرّوبیان *

غرض حاتِم کِي جَوان مردي ني نہ قبُول کِیا کہ اپني کانون سي سُنکر چُپکا هو رهي * وونہین باهر نِکل آیا اَور اُس بُوڑھي سي کہا - کہ اَي عزِیز حاتِم مَین هِي هُون - میري تئِین نَوفل کي پاس لي چل - وُہ مُجھي دیکھیگا اَور جو کُچھ رُوپَي دینی کا قرار کِیا هَي - تُجھي دیویگا * پِیر مرد ني کہا سچ هَي کہ اِس صُورت مین بھلائي اَور بہبُودِي میري البتّہ هَي - لیکِن وُہ کیا جاني تُجھ سي کیا سلُوک کري؟ اگر مارڈالي تو مَین کیا کرُون؟ یہہ مُجھ سي هرگز نہ هو سکیگا کہ تُجھ کو اپنِي طمع کِي خاطِر دُشمن کي حَوالي کرُون * وُہ مال کَئي دِن کھاؤنگا - اَور کب تلک جِیُونگا؟ آخِر مر جاؤنگا تب خُدا کو کیا جَواب دُونگا؟

حاتِم ني بہُتیرِي مِنّت کِي - کہ مُجھي نَوفل کي پاس لیچل - مین اپنِي خُوشِي سي کہتا هُون - اَور همیشہ اِسي آرزُو مین رهتا هُون - کہ میرا جان و مال کِسُوکي کام آوي - تو بہتر هَي * لیکِن وُہ بُوڑھا کِسِي طرح راضِي نہ هُوا کہ حاتِم کو لیجاوي - اَور اِنعام پاوي * آخِر لاچار هوکر حاتِم ني کہا اگر تُو مُجھي یُون نہین لیجاتا - تو مَین آپ سي آپ پادشاہ پاس جاکر کہتا هُون کہ اِس بُوڑھي ني مُجھي جنگل مین ایک پہاڑ کِي کھوہ مین چھِپا رکھا تھا * وُہ بُوڑھا هنسا اَور بولا - بھلائِي کي بدلي بُرائِي مِلي - تو یا نصیب! اِس ردّ و بدل کي سوال و جَواب مین آدمِي اَور بھِي آپہنچي -

بھیڑ لگ گئی * اُنھوں نے معلوم کیا کہ حاتم یہی ہے ۔ تُرت پکڑ لیا ۔ اَور حاتم کو لے چلے * وہ بُوڑھا بھی افسوس کرتا ہُوا پیچھے پیچھے ساتھ ہو لیا * جب نوفل کے رُوبرُو لیگئے ۔ اُس نے پُوچھا کہ اِسکو کَون پکڑ لایا ؟ ایک بدذات سنگدل بولا کہ اَیسا کام سِوای ہماری کَون کرسکتا ہَے ؟ یہہ فتح ہماری نام ہَے ۔ ہم نے عرش پر جھنڈا گاڑا ہے ایک اَور لن ترانی والا ڈینگ مارنے لگا کہ مَیں کئے دِن سے دَوڑ دھُوپ کر جنگل سے پکڑ لایا ہُوں ۔ میری محنت پر نظر کیجئے ۔ اَور جو قرار ہَے سو دیجئے * اِسی طرح اَشرفیوں کی لالچ سے ہر کوئی کہتا تھا کہ یہہ کام مُجھہ سے ہُوا * وہ بُوڑھا چُپکا ایک کونے میں لگا ہُوا سب کی شیخیاں سُن رہا تھا ۔ اَور حاتم کے خاطر کھڑا روتا تھا * جب اپنی اپنی دِلاوری اَور مردانگی سب کہہ چُکے ۔ تب حاتم نے بادشاہ سے کہا ۔ اگر سچ بات پُوچھو تو یہہ ہَے ۔ کہ وہ بُوڑھا جو الگ سب سے کھڑا ہے مُجھہ کو لایا ہَے * اگر قیافہ پہچان جانتے ہو تو دریافت کرو ۔ اور میرے پکڑنے کے خاطر جو قبُول کیا ہَے پُورا کرو ۔ کہ ساری ڈیل میں زبان حلال ہَے ۔ مرد کو چاہیئے جو کہے سو کرے ۔ نہیں تو جیبھہ حَیوان کو بھی خُدا نے دی ہَے ۔ پھر حَیوان اَور اِنسان میں کیا تفاوُت ہَے ؟

نَوفل نے اُس لکڑھاری بُوڑھے کو پاس بُلاکر پُوچھا ۔ کہ سچ کہہ اصل کیا ہَے ؟ حاتم کو کَون پکڑ لایا ؟ اُس بِچارے نے سِر سے پاؤں تلک جو گُذرا تھا راست کہہ سُنایا ۔ اَور کہا کہ حاتم میرے خاطر آپ سے آپ چلا آیا ہے * نَوفل یہہ ہِمّت حاتم کی سُنکر مُتعجّب ہُوا کہ بل بے ! تیری سخاوت اپنی

جان کا بِهي خطرہ نہ کِیا * جِتني جهوُتهہ دعوي حاتِم کي پکڑ لاني کي کرتي تهي ـ حُکم کِیا کہ اُنکي ٹنڈیان کس کر پان سَو اشرفِي کي بدلي پان پان سَي جُوتیان اُنکي سِر پر لگاؤ کہ اُنکي بهِي جان نکل پڑي * وونہِین تڑ تڑ پَیزارین پڑني لگِین کہ ایک دم مین سِر اُنکي گنجي هوگئي * سچ هَي ـ جهُوتهہ بولنا اَیسا هِي گُناہ هَي کہ کوئِي گُناہ اُسکو نہِین پہُنچتا * خُدا سب کو اِس بلا سي محفُوظ رکهي ـ اَور جهُوتهہ بولني کا چسکا نہ دي * بہُت آدمِي جهُوتهہ مُوتهہ بکي جاتي هَین ـ لیکِن آزمایِش کي وقت سزا پاتي هَین *

غرض اُن سب کو مُوافِق اُنکي اِنعام دیکر ـ نَوفل ني اپني دِل مین خیال کِیا کہ حاتِم سي شخص سي کہ ایک عالم کو اُس سي فَیض پہُنچتا هَي ـ اَور محتاجون کِي خاطِر جان اپني دریغ نہِین کرتا ـ اَور خُدا کِي راہ مین سر تا پا حاضِر هَي دُشمني رکهني اَور اُسکا مُدّعِي هونا مردِ آدمیّت اَور جَوان مردِي سي بعِید هَي * وونہِین حاتِم کا هاتهہ بڑِي دوستي اَور گرمجوشِي سي پکڑ لیا اَور کہا ـ کیوُن نہ هو ـ جب اَیسي هو تب اَیسي هو * تَواضُع تعظِیم کرکر پاس بِٹهلایا اَور حاتِم کا مُلک و املاک اَور مال و اسباب جو کُچهہ ضبط کِیا تها ـ وونہِین چهوڑ دِیا * نئي سِر سي سردارِي قبِیلۂ طَي کِي اُسي دِي ـ اَور اُس بوُڑهي کو پانچ سَو اشرفیان اپني خزاني سي دِلوا دِین * وُہ دُعا دیتا هُوا چلا گیا *

جب یِہہ ماجرا حاتِم کا مَین ني تمام سُنا ـ جي مین غَیرت آئي ـ اَور یِہہ خیال گُذرا کہ حاتِم اپنِي قَوم کا فقط رئیس تها ـ جِن ني ایک سخاوت کي باعِث یِہہ نام پَیدا کِیا کہ آج تلک مشہُور هَي * مَین خُدا کي حُکم

سي بادشاہ تمام اِیران کا ھُون ـ اگر اِس نِعمت سي محرُوم رھُون تو بڑا افسوس هَي * فِي الواقِع دُنیا مین کوئي کام بڑا داد و دِهش سي نہِین ـ اِس واسطي کہ آدمِي جو کُچھہ دُنیا مین دیتا هَي - اُس کا عِوض عاقبت مین لیتا هَي * اگر کوئي ایك دانہ بوتا هَي ـ تو اُس سي کِتنا کُچھہ پَیدا هوتا هَي؟ یِہہ بات دِل مین ٹھہرا کر مِیرِ عِمارت کو بُلوا کر حُکم کِیا کہ ایك مکانِ عالِیشان جِس کي چالِیس دروازي بُلند اَور بہُت کُشادہ هون باهر شہر کي جلد بنوائو * تھوڑي عرصي مین وَیسي هِي عِمارتِ وسِیع جَیسا دِل چاهتا تھا ـ بن کر تیّار هُوئي ـ اَور اُس مکان مین هر روز هر وقت فجر سي شام تك مُحتاجون اَور بیکسون کِتنِین رُوپي اشرفِیان دیتا ـ اَور جو کوئي جِس چِیز کا سُوال کرتا ـ مَین اُسي مالا مال کرتا *

غرض چالِیسون دروازي سي حاجتمند آتي ـ اَور جو چاهتي سو لیجاتي * ایك روز کا یِہہ ذِکر هَي ـ کہ ایك فقِیر سامھني کي دروازي سي آیا ـ اَور سُوال کِیا * مَین ني اُسي ایك اشرفِي دِي * پھِر وهِي دُوسري دروازي سي هو کر آیا ـ دو اشرفِیان مانگِین ـ مَین ني پہچان کر درگُذر کِي اَور دِین * اِسِي طرح اُن ني هر ایك دروازي سي آنا اَور ایك ایك اشرفِي بڑھانا شُرُوع کِیا ـ اَور مَین بھِي جان بُوجھہ کر انجان هُوا ـ اَور اُس کي سُوال کي مُوافِق دِیا کِیا * آخِر چالِیسوین دروازي کِي راہ سي آکر چالِیس اشرفِیان مانگِین * وُہ بھِي مَین ني دِلوا دِین * اِتنا کُچھہ لیکر وُہ درویش پھِر پہلي دروازي سي گھُس آیا اَور سُوال کِیا * مجھي بہُت بُرا معلُوم هُوا ـ مَین ني کہا سُن اَي لالچِي ! تُو کَیسا

فقير هَي که هرگز فقر کي تينون حرفون سي بهي واقف نهين؟ فقير کا عمل اُن پر چاهيئي * فقير بولا - بهلا داتا! تمهين بتاؤ * مَين ني کها ف سي فاقه - ق سي قناعت - ر سي رياضت نکلتي هَي * جس مين يي باتين نه هون وه فقير نهين * اِتنا جو تجهي مِلا هَي اِس کو کها پي کر پهر آئيو اَور جو مانگيگا سو پائيو * يهه خَيرات اِحتياج رفع کرني کي واسطي هَي - نه جمع کرني کي ليئي * اَي حريص! چالِيس دروازون سي تو ني ايک اشرفي سي چالِيس اشرفيون تلک لين - اس کا حِساب تو کر که ريوڙي کي پهير کي طرح کِتني اشرفيان هوئين - اَور اِس پر بهي تجهي حِرص پهر پهلي دروازي سي لي آئي * اِتنا مال جمع کرکر کيا کريگا؟ فقير کو چاهيئي که ايک روز کي فِکر کري دوسري دِن پهر نئي روزي رزّاق ديني والا مَوجود هَي * اب حَيا و شرم پکڑ - اَور صبر و قناعت کو کام فرما * يهه کَيسي فقيري هَي جو تجهي مُرشِد ني بتائي هَي؟

يهه ميري بات سُنکر خفا اَور بددِماغ هُوا - اَور جِتنا مُجهه سي لي کر جمع کِيا تها - سب زمين مين ڈال دِيا اَور بولا - بس بابا! اِتني گرم مت هو * اپني کائنات ليکر رکهه چهوڑو - پهر سخاوت کا نام نه ليجو * سخي هونا بهت مُشکِل هَي - تُم سخاوت کا بوجهه نهين اُٹها سکتي * اُس منزل کو کب پهنچوگي؟ ابهي دِلّي دُور هَي * سخي کي بهي تين حرف هَين - پهلي اُن پر عمل کرو - تب سخي کهلاؤ * تب تو مَين ڈرا اَور کها - بهلا داتا! اِس کي معني مُجهي سمجهاؤ * کهني لگا - س سي سمائي - اَور خ سي خَوفِ الهي - اَور ي سي ياد رکهنا اپني پَيدائش اَور مرني کو * جب تلک اتنا نه

هو لي توسخاوت کا نام نہ لي - اَور سخي کا یہہ درجہ هَي کہ اگر بدکار هو - تَو بهي دوست خُدا کا هَي - اِس فقِیر ني بہُت مُلکون کِي سَیر کِي هَي - لیکِن سِواي بصري کِي پادشاهزادِي کي کوئي سخي دیکهني مين نہ آیا * سخاوت کا جامہ خُدا ني اُس عَورت پر قطع کِیا هَي - اَور سب نام چاهتي هَین پر وَیسا کام نہِین کرتِي * یہہ سُنکر مَین ني بہُت مِنّت کِي - اَور قسمین دِین کہ میرِي تقصِیر مُعاف کرو اَور جو چاهِیئي سو لو * میرا دِیا هرگز نہ لِیا - اَور یہہ بات کہتا هُوا چلا - اب اگر اپني ساري پادشاهت مُجهِي دي تو اُس پر بهِي نہ تهُوکُون - اَور نہ دهر مارُون * وُہ تو چلا گیا پر بصري کِي بادشاهزادِي کِي یہہ تعرِیف سُنّي سي دِل بیکل هُوا کِسِي طرح کل نہ تهِي * اب یہہ آرزُو هُوئي کہ کِسو صُورت سي بصري چل کر اُس کو دیکها چاهِیئي *

اِس عرصي مین بادشاہ ني وفات پائي - اَور تخت پر مَین بَیٹها - سلطنت مِلِي پر وُہ خِیال نہ گیا * وزِیر اَور امِیرون سي (جو پايۂ تخت سلطنت کي اَور ارکان ممْلکت کي تهي) مشوَرت کِي کہ سفر بصري کا کِیا چاهتا هُون * تُم اپني کام مین مُستعِدّ رهو - اگر زِندگِي هَي تو سفر کِي عُمر کوتاہ هوتِي هَي - جلد پهِر آتا هُون * کوئي میري جاني پر راضِي نہ هُوا - لاچار دِل تو اُداس هو رها تها * ایک دِن بغَیر سب کي کہي سُني چُپکي وزِیر با تدبِیر کو بُلاکر مختار اَور وکِیلِ مُطلق اپنا کِیا - اَور سلطنت کا مدارُ المهامّ بنایا * پهِر مَین ني گیرُوا بستر پہن فقِیرِي بهیس کر - اکیلي راہ بصري کِي لِي * تهوڑي دِنون مین اُس کِي سرحدّ مین جا پہنچا * تب سي یہہ تماشا دیکهني لگا - کہ

جهان رات کو جاکر مقام کرتا ـ نَوکر چاکر اُسِي ملِکہ کي اِستِقبال کرکر ایک مکانِ معقُول مین اُتارتي ـ اَور جِتنا لَوازِمہ ضِیافت کا هوتا هَي بخُوبِي مَوجُود کرتي ـ اَور خِدمت مین دست بستہ تمام رات حاضِر رهتي * دوُسري دِن دوُسرِي منزِل مین یِہي صُورت پیش آتي * اِس آرام سي مہِینون کِي راہ طَي کِي ـ آخِر بصري مین داخِل هُوا * ونہِین ایک جَوانِ شکِیل خُوش لِباس نیک‌خو صاحِبِ مرُوّت (کہ دانائي اُس کي قِیافي سي ظاهِر تہي) میري پاس آیا اَور نِہیت شِیرِین زبانِي سي کہني لگا ـ کہ مَین فقِیرون کا خادِم هُون ـ همیشہ اِسِي تلاش مین رهتا هُون کہ جو کوئي مُسافِر فقِیر یا دُنیادار اِس شهر مین آوي ـ میري گهر مین قدم رنج فرماوي ـ سِواي ایک مکان کي یهان اَور بدیِسي کي رهني کِي جگہہ نہِین هَي * آپ تشرِیف لي چلِیئي اور اُس مقام کو زِینت بخشِئي اَور مُجہي سرفراز کیِجِئي *

فقِیر ني پُوچها ـ صاحِب کا اِسمِ شرِیف کیا هَي؟ بولا اِس گُمنام کا نام بیدار بخت کہتي هَین * اُس کِي خُوبِي اَور تملّق دیکهکر یہہ عاجِز اُس کي ساتہہ چلا ـ اَور اُس کي مکان مین گَیا * دیکها تو ایک عِمارتِ عالِي لَوازِمِ شاهانہ سي تیّار هَي * ایک دالان مین اُس ني لیجا کر بِٹهایا اَور گرم پانِي منگوا کر هاتہہ پانو دهُلوائي ـ اَور دسترخوان بِچهوا کر مُجہہ تن‌تنہا کي رُوبرُو بکاول ني ایک توري کا تورا چُن دِیا * چار مُشقاب ایک مین یخنِي پُلاوٗ دوُسرِي مین قورما پُلاوٗ تیسرِي مین مُتنجن پُلاوٗ اَور چَوتہِي مین کُوکُو پُلاوٗ ـ اَور ایک قاب زردي کِي اَور کَئي طرح کي قلئِي دوپیازہ نرگِسِي بادامِي رَوغن جوش ـ

اَور روٹیان کَئي قِسم کِي باقِرخاني تُنکي شِیرمال گاودیده گاوزبان نانِ نعمت پراٹھي ـ اَور کباب کوفتي کي تِکّي کي مُرغ کي خاگینہ ملغوبہ شبدیگ دم‌پُخت حلیم هریسا سموسي ورقي قبولي فِرنِي شِیر برنج ملائي حلوا فالُودہ پن بھتّا نمش آبشورہ ساقِ عرُوس اَوزِیات مُربّا اچاردان دهِي کِي قُلفیان * یِہ نعمتین دیکھکر رُوح بھر گئي ـ جب ایک ایک نِوالا هر ایک سي لِیا پیٹ بِھي بھر گیا تب هاتھہ کھاني کھَینچا *

وُہ شخص مُجَوِّز هُوا کہ صاحِب ني کیا کھایا؟ کھانا تو سب امانت دھرا هَي ـ بي تکلّف اَور نوشجان فرمائیں * مَین ني کہا کھاني مین شرم کیا هَي؟ خُدا تُمھارا خانہ آباد رکھي ـ جو کُچھہ میري پیٹ مین سمایا سو مَین ني کھایا ـ اَور ذائقي کِي اُس کي کیا تعریف کرُون! کہ اب تک زبان چاٹتا هُون ـ اَور جو ڈکار آتِي هَي سو مُعطّر ـ لو اب مزِید کرو * جب دسترخوان اُٹھا زیر انداز کاشاني مخمل کا مُقَیّشي بِچھاکر چِلمچي آفتابہ طِلائي لاکر بیسن دان مین سي خُوشبو بیسن دیکر گرم پاني سي میري هاتھہ دھُلائي * پِھر پان‌دانِ جڑاؤ مین گِلَوریان سوني کِي پکھَروٹون مین بندھِي هُوئین اَور چَوگھرون مین کِھلَوریان اَور چِکنِي سُپیارِیان اَور لَونگ اِلاچِیان رُوپي کي ورقون مین مڑھي هُوئِین لاکر رکھِین * جب مَین پاني پِینِي کو مانگتا تب صُراحي برف مین لگي هُوئي آبدار لي آتا * جب شام هُوئِي ـ فانُوسون مین کافُوري شمعین روشن هُوئِین * وُہ عزیز بَیٹھا هُوا باتین کرتا رها * جب پہر رات گئي ـ بولا اب اِس چھپرکھٹ مین (کہ جِس کي آگي دالدا پیش‌گیر کھڑا هَي) آرام

کِیجِیئي * فقیر نے کہا اَي صاحِب! هم فقیرون کو ایك بورِیا یا مِرگ چھالا بِستر کي لِیئي بہت هَي - یِہہ خُدا ني تُم دُنیادارون کي واسطي بنایا هَي *

کہنے لگا - یِہہ سب اسباب درویشون کِي خاطِر هَي - کُچھہ میرا مال نہین * اُس کي بعد هوني سي اُن بِچھَونون پر (کہ پھُولون کِي سیج سي بھِي نرم تھِین) جاکر لیٹا * دونون پٹّیون کِي طرف گُلدان اَور چنگیرین پھُولون کِي چُنِي هُوئین - اَور عُودسوز اَور لخلخي روشن تھي - جِیدھر کِي کروٹ لیتا - دماغ مُعطّر هو جاتا * اِس عالم مین سو رها * جب صُبح هُوئي ناشتي کو بھِي بادام پِستي انگُور انجیر ناشپاتي انار کِشمِش چھُهاري اَور میوي کا شربت لا حاضِر کیا * اِسِي طَورسي تِین دِن رات رها - چَوتھي روز مَین ني رُخصت مانگِي * هاتھہ جوڑ کر کہني لگا - شاید اِس گُنہگار سي صاحِب کِي خِدمتگاري مین کُچھہ قُصور هُوا کہ جِس کي باعِث مِزاج تُمهارا مُکدّر هُوا! مَین ني حَیران هو کر کہا - برائي خُدا یِہہ کیا مذکُور هَي؟ لیکِن مِہماني کِي شرط تِین دِن تلك هَي - سو مَین رها - زِیادہ رهنا خُوب نہین - اَور علاوہ یِہہ فقیر واسطي سَیر کي نِکلا هَي - اگر ایك هِي جگہہ رہ جاوي تو مُناسِب نہین - اِس لِیئي اِجازت چاهتا هَي - نہین تو تُمهارِي خُوبیان اَیسِي نہین کہ جُدا هوني کو جِي چاهي *

تب وہ بولا جَیسِي مرضِي - لیکِن ایك ساعت تَوَقُّف کِیجي کہ بادشاهزادِي کي حُضُور مین جاکر عرض کرُون - اَور تُم جو جایا چاهتي هو - تو جو کُچھہ

سباب اوڑھني بچھاني کا اَور کھاني کي باسن رُوپي سوني کي اَور جڑاؤ کي اِس مِہمان خاني مین هَین یِہہ سب تُمھارا مال هَي - اِس کي ساتھہ لیجاني کي خاطِر جو فرماؤ تدبِیر کِي جائي * مَین نی کہا - لاحَول پڑھو - هم فقِیر نہ هُوئي بھاٹ هُوئي - اگر یِہي حِرص دِل مین هوتي تو فقِیر کاهي کو هوتي - دُنیا دارِي کیا بُرِي تھِي ؟ اُس عزِیز نی کہا اگر یِہہ احْوال ملِکہ سُني تو خُدا جاني مُجھي اِس خِدمت سي تغیِر کرکر کیا سُلُوک کري - اگر تُمھین اَیسِي هِي بي پرْوائي هَي تو اِن سب کو ایک کوٹھرِي مین امانت بند کرکر دروازي کو سر بہ مُہر کردو - پھِر جو چاهو سو کِیجو *

مین نہ قبُول کرتا تھا - اَور وُہ بھِي نہ مانتا تھا - لاچار یِہي صلاح ٹھہرِي کہ سب اسباب کو بند کرکر قُفل کردِیا - اَور مُنتظِر رُخصت کا هُوا * اِتني مین ایک خواجہسرا مُعتبر سِر پر سر پیچ اَور گوش پیچ اَور کمر مین بندِي باندھي - ایک عصا سوني کا جڑاؤ هاتھہ مین اَور ساتھہ اُس کي کَئي خِدمتکارِ معقُول عہدي لِیئي هُوئي اِس شان وشَوکت سي میرِي نزدِیک آیا * اَیسِي اَیسِي مِہربانگِي اَور مُلایمت سي گُفتگُو کرني لگا کہ جِس کا بَیان نہِین کرسکتا - پھِر بولا کہ اَي مِیان ! اگر تَوَجُّہہ اَور کرم کرکر اِس مُشتاق کي غرِیب خاني کو اپني قدم کِي برکت سي رَونق بخشو - تو بندہ نَوازِي اَور غرِیب پرْورِي سي بعِید نہِین *

شاید شہزادِي سُني کہ کوئي مُسافِر یہان آیا تھا - اُس کِي تَواضُع مُدارات کِسُو نی نہ کِي - وُہ یُونہِین چلا گیا - اِس واسطي و اللّٰہ اعلم مُجھہ پر کیا آفت

لاوي اَور کَیسِي قِیامت اُٹھاوي ـ بلکہ حرف زِندگي پر هَي * مَین نيّ اِن باتون کو نہ مانا ـ تب خواہ مخواہ مِنّتین کرکي میري تَئین اَور ایک حَویلي مین (کہ پہلي مکان سي بہتر تھِي) لیگیا ـ اُسِي پہلي میزبان کِي مانند تِین دِن رات دونون وقت وَیسي هِي کھاني ـ اَور صُبح اَور تیسري پہر شربت ـ اَور تفنّن کِي خاطِر میوي کھِلائي ـ اَور باسن نُقرئي و طِلائِي اَور فرش فُرُوش اَور اسباب جو کُچھہ وھان تھا ـ مُجھہ سي کہني لگا کہ اِن سب کي تُم مالِک مُختار هو ـ جو چاهو سو کرو *

مَین یي باتین سُنکر حَیران هُوا ـ اَور چاها کہ کِسِي نہ کِسِي طرح یہان سي رُخصت هوکر بھاگُون * میري بشري کو دیکھہ کر وہ محلّي بولا ـ اَي خُداکي بندي! جو تیرا مطلب یا آرزُو هو سو مُجھہ سي کہہ ـ تو حُضُور مین مِلکہ کي جاکر عرض کرُون * مَین نے کہا ـ مَین فقیري کي لِباس مین دُنیا کا مال کیا مانگُون کہ تُم بغَیر مانگي دیتي هو ـ اَور مَین اِنکار کرتا هُون؟ تب وُہ کہني لگا کہ حِرص دُنیا کي کِسِي کي جِي سي نہین گَئي ـ چُنانچہ کِسُو کب ني یہہ کبِت کہا هَي *

नख बिन कटा देखे, सीस भारी जटा देखे, जोगी कन फटा देखे, छार लाये तन में;
मौनी अनबोल देखे, सेवड़ा सिर छोल देखे, करत कलोल देखे बन खंडी वन में;
वीर देखे, सूर देखे, सब गुनी और कूढ़ देखे, माया के पूर देखे, भूल रहे धन में;
आदि अंत सुखी देखे, जनम ही के दुखी देखे, पर वे न देखे, जिनके लोभ नांहि मन में.

مَین ني یہہ سُنکر جَواب دِیا کہ یہہ سچ هَي ـ پر مَین کُچھہ نہین چاهتا ـ اگر فرماؤ تو ایک رُقعہ سربمُہر اپني مطلب کا لِکھہ کر دُون ـ جو حضُور مِلکہ کي

پہنُچا دو ۔ تو بڑي مِہربانِي هَي ۔ گویا تمام دُنیا کا مال مُجهہ کو دِیا * بولا بہ سروچشم کیا مُضایقہ * مَین ني ایك رُقعہ لِکها ۔ پہلي شُکر خُدا کا ۔ پهِر احْوال کہ یِہہ بندہ خُدا کا کَئي روز سي اِس شہر مین وارِد هَي ۔ اَور سرکار سي سب طرح کِي خبرگیِري هوتِي هَي ۔ جَیسِي خُوبیان اَور نیکنامِیان ملِکہ کِي سُنکر اِشتِیاق دیکهني کا هُوا تها ۔ اُس سي چار چند پایا * اب حُضُور کي ارکانِ دَولت یوُن کہتي هَین ۔ کہ جو مطلب اَور تمنّا تیرِي هو سو ظاهِر کر * اِس واسطي بي حِجابانہ جو دِل کِي آرزُو هَي سو عرض کرتا هُون ۔ کہ مَین دُنیا کي مال کا مُحتاج نہین ۔ اپني مُلك کا مَین بهِي پادشاہ هُون * فقط یہان تلكْ آنا اَور محنت اُٹهانا آپ کي اِشتِیاق کي سبب سي هُوا ۔ جو تنِ تنہا اِس صُورت سي آپہنُچا هُون * اب اُمّید هَي کہ حُضُور کِي تَوَجّہہ سي یِہہ خاك نِشِین مطلبِ دِلِي کو پہنُچي تو لائِق هَي ۔ آگي جو مرضِي مُبارك * لیکن اگر یِہہ اِلتماس خاك سار کا قبوُل نہ هوگا ۔ تو اِسِي طرح خاك چهانتا پهِریگا ۔ اَور اس جانِ بیقرار کو آپ کي عِشق مین نِثار کریگا * مجْنُون اَور فرْهاد کِي مانند جنگل مین یا پہاڑ پر مر رهیگا *

یِہِي مُدّعا لِکهہ کر اُس خوجي کو دِیا ۔ اس ني بادشاهزادِي تلك پہُنچایا * بعد ایکدم کي پهِر آیا اَور میري تئین بُلایا اَور اپني ساتهہ محل کِي ڈیوڑهي پر لیگیا * وهان جاکر دیکها تو ایك بوُڑهي سي عَورت صاحب لِیاقت سُنہرِي کُرسِي پر گہنا پاتا پہني هُوئي بَیٹهِي هَي ۔ اَور کَئي خوجي خِدمتگار تکلّف کي لِباس پہني هُوئي هاتهہ باندهي سامهني کهڑي هَین * مَین اُسي

مُختارِ کار جان کر اَور دیرینہ سمجھہ کر دست بسر ھُوا * اُس ماما ني بہت مِہرباني سي سلام کِیا اَور حُکم کِیا کہ آؤ بَیٹھو خُوب ھُوا تُم آئي * تُمھِین ني ملِکہ کي اِشتِیاق کا رُقعہ لِکھا تھا؟ مَین شرم کھا کر چُپ ھو رھا اَور سر نِیچا کرکي بَیٹھا *

ایک ساعت کي بعد بولِي کہ اَي جَوان! پادشاہزادِي ني سلام کہا ھَي اَور فرمایا ھَي کہ مُجھہ کو خاوِند کرني سي عَیب نہِین - تُم ني میري درخواست کِي - لیکن اپنِي بادشاھت کا بَیان کرنا اَور اِس فقِیري مین اپني تَئِین پادشاہ سمجھنا اَور اُس کا غُرور کرنا نِپٹ بیجا ھي - اِس واسطي کہ سب آدمِي آپس مین فِي الحقِیقت ایک ھَین لیکن فضِیلت دِین اِسلام کِي البتّہ ھي * اور مَین بھِي ایک مُدّت سي شادِي کرني کِي آرزُومند ھُون اَور جَیسي تُم دَولتِ دُنیا سي بي پروا ھو - میري تَئِین بھِي حقّ تعالیٰ ني اِتنا مال دِیا ھَي کہ جِس کا کُچھہ حِساب نہِین * پر ایک شرط ھَي کہ پہلي مہر ادا کر لو - اَور مہر شہزادِي کا ایک بات ھَي جو تُم سي ھو سکي * مَین ني کہا - مَین سب طرح حاضِر ھُون - جان و مال سي دریغ نہِین کرني کا - وُہ بات کیا ھَي؟ کہو تو مَین سُنُون * تب اُس ني کہا - آج کي دِن رہ جاؤ - کل تُمھِین کہہ دُونگِي * مَین ني خوشِي سي قبُول کِیا اَور رُخصت ھو کر باھر آیا *

دِن تو گُذرا - جب شام ھُوئِي مُجھي ایک خواجہسرا محلّ مین بُلاکر لیگیَا * جاکر دیکھا تو اکابِر عالِم اَور فاضِل صاحِبِ شرع حاضِر ھَین - مَین بھِي

اُسِي جلسي مين جاکر بَيٹھا کہ اِتني مين دسترخوان بِچھایاگیا - اَور کھاني اقسام اقسام کي شِیرِین اَور نمکِین چُنني گئي * وي سب کھاني لگي - اَور مُجھي بِھي تَواضُع کرکر شرِیک کِیا * جب کھاني سي فراغت ھُوئي ایک دائي اندر سي آئي اَور بولِي کہ بہرَوَر کہان هَي؟ اُسي بُلاؤ * یساولون ني وونہِین حاضِر کِیاہ * اُس کِي صُورت بہُت مرد آدمِي کِي سِي اَور بہُت سِي کُنجِیان رُوپي سوني کِي کمر مین لٹکتِین هُوئِین - سلامٌ عَلیَک کرکر میري پاس آکر بَیٹھا * وهِي دائِي کہني لگِي کہ اَي بہرَوَر! تُوني جو کُچھ دیکھا هَي - مُفصّل اُس کا بَیان کر *

بہرَوَر ني یہہ داستان کہنِي شُروع کِي اَور مُجھ سي مُخاطِب هوکر بولا - اَي عزیز! همارِي پادشاہزادِي کِي سرکار مین هزارون غُلام هَین کہ سَوداگرِي کي کام مین مُتعَیّن هَین - اُن مینسي ایک مَین بھِي ادنا خانہ زاد هُون * هر ایک مُلک کِي طرف لاکھون رُوپَي کا اسباب اَور جِنس دیکر رُخصت فرماتِي هَین - جب وہ وهان سي پھِر آتا هَي تب اُسّي اُس دیس کا احوال اپنِي حُضُور مین پُوچھتِي هَین اَور سُنتِي هَین * ایک باریہہ اِتّفاق هُوا کہ یہہ کمترین تِجارت کِي خاطِر چلا اَور شہرِ نیمروز مین پہُنچا - وهان کِي باشِندون کو دیکھا تو سب کا لِباس سِیاہ هَي - اَور هردم نالہ و آہ هَي - اَیسا معلُوم هوتا تھا کہ اُن پر کُچھ بڑِي مُصیبت پڑِي هَي * اِس کا سبب جِس سي مَین پُوچھتا کوئي جَواب میرا نہ دیتا * اِسي حَیرت مین کَئِي روز گُذري * ایک دِن جونہِین صُبح هُوئِي - تمام آدمِي چھوٹي بڑي لڑکي بُوڑھي غرِیب غنِي شہرکي باهر چلي *

ایک مَیدان مین جاکر جمع هُوئي - اَور اُس مُلک کا پادشاه بهِي سب اِمیرون کو ساتهہ لیکر سَوار هُوا - اَور وهان گَیا - تب سب برابر قطار باندہ کر کهڑي هُوئي *

مَین بهِي اُن کي درمِیان کهڑا تماشا دیکهتا تها - پر یِهہ معلُوم هوتا تها کہ وي سب کِسُوکا اِنتِظار کهَینچ رهي هَین * ایک گهڑي کي عرصي مین دُور سي ایک جَوانِ پریزاد صاحِب جمال پندرہ سولہ برس کا سِنّ وسال غُل اور شور کرتا هُوا اَور کف مُنهہ سي جارِي - زرد بَیل کِي سَوارِي - ایک هاتهہ مین کُچهہ لِیئي مُقابِل خلقُ اَللّہ کي آیا - اَور اپني بَیل پر سي اُترا - ایک هاتهہ مین ناتهہ اَور ایک هاتهہ مین ننگِي تلوار لیکر دو زانو بَیٹها * ایک گُل اندام پرِي چِہرہ اُس کي همراہ تها - اُس کو اُس جَوان ني وُہ چِیز جو هاتهہ مین تهِي دِي * وُہ یتِیم لیکر ایک سِري سي هر ایک کو دِکهاتا جاتا تها - لیکِن یِہہ حالت تهِي کہ جو کوئِي دیکهتا تها - بي اِختِیار داڑهہ مارکر روتا تها * اِسِي طرح سب کو دِکهاتا اَور رُلاتا هُوا سب کي سامهني سي هو کر اپني خاوِند کي پاس پهِر گَیا *

اُس کي جاتي هِي وُہ جَوان اُٹها اَور اُس غُلام کا سِر شمشیر سي کاٹ کر اَور سَوار هوکر جِیدهر سي آیا تهااُودهر کو چلا * سب کهڑي دیکها کِیئي - جب نظرون سي غائِب هُوا لوگ شهر کِي طرف پهِري * مَین هرایک سي اِس ماجري کِي حقِیقت پُوچهتا تها - بلکہ رُوپیون کا لالچ دیتا اَور خوشامد مِنّت کرتا کہ مُجهي ذرّا بتا دو کہ یِہہ جَوان کَون هَي ؟ اَور اِس ني یِہہ کیا حرکت

کِي - اَور کهان سي آیا - اَور کهان گَیا؟ هرگز کِسِي نِي نہ بتلایا اَور نہ کُچھہ میري خیال مین آیا - یِہہ تعجّب دیکهکر جب مَین یہان آیا اَور مَلِکہ کي رُوبرُو اِظہار کِیا تب سي پادشاهزادِي بِهِي حَیران هو رهِي هَي - اَور اُس کي تحقِیق کرني کِي خاطِر دوڑلِي هو رهِي هَي * لِهذا مہر اپنا یِہِي مُقرّر کِیا هَي - کہ جو شخص اُس عجُوبي کِي کماحقّہُ خبر لاوي - اُس کو پسند فرماوي اَور وهِي مالِک ساري مال مُلک کا اَور مَلِکہ کا هووي *

یِہہ ماجرا تُم نِي سب سُنا * اپنِي دِل مین غَور کرو اگر تُم اُس جَوان کِي خبر لا سکو تو قصد مُلکِ نِیم روز کا کرو اَور جلد رَوانہ هو - نہِین تو اِنکار کرکر اپني گهر کِي راہ لو * مَین نِي جَواب دِیا کہ اگر خُدا چاهي تو جلد اُس کا احوال سِرسي پانو تک دریافت کرکر پادشاهزادِي کِي پاس آ پہُنچتا هُون اَور کامیاب هوتا هُون - اَور جو میرِي قِسمت بد هَي تو اِس کا کُچھہ عِلاج نہِین - لیکِن مَلِکہ اِس کا قَول قرار کرین کہ اپنِي کهني سي نہ پهِرین - اَور بِالفعل ایک اندیشہ مُشکِل میري دِل مین خلِش کر رها هَي - اگر مَلِکہ غرِیب نَوازِي اَور مُسافِرپروري سي حُضُور مین بُلاوین اَور پردي کي باهر بِٹهلاوین اَور میرا اِلتماس اپني کانون سُنین اَور اُس کا جَواب اپنِي زبان سي فرماوین - تو میري خاطِر جمع هو اَور مُجهہ سي سب کُچهہ هو سکي * یِہہ میري مطلب کِي بات اُس ماما نِي رُوبرُو اُس پرِي پَیکر کِي عرض کِي - باري قدردانِي کِي راہ سي حُکم کیا کہ اُنهین بُلا لو *

دائي پهِر باهر آئِي اَور مُجهي اپني ساتهہ جِس محلّ مین بادشاهزادِي تهِي

لي گَئِي * کیا دیکھتا هُون کہ دو رُویہ صفّ باندھي دست بستہ سہیلِیاں اَور خَوَاصّین اَور اُردابیگنیان قِلماقنِیان تُرکنِیان حبشنِیان اُذبکنِیان کشمیرنِیان جَواهِر مین جڑِي عُہدي لِیئِي کھڑي هَین * اِنْدر کا اکھاڑا کہُون یا پرِیون کا اُتارا ؟ بي اِختِیار ایک آہ بیخُودِي سي زبان تک آئِي اَور کلیجہ تھلکني لگا پر بزور اپني تَئِین تھانبا * اُن کو دیکھتا بھالتا اَور سَیر کرتا هُوا آگي چلا - لیکن پانو سَو سَو مَن کي هوگئِي * جِس کو دیکھُون پھر یِہہ نہ جِي چاهي کہ آگي جاؤُن * ایک طرف چِلْون پڑِي تھِي اَور مونڈھا جڑاؤُ بِچھوا رکھا تھا - اَور ایک چَوکِي بھِي صندل کِي بِچھِي تھِي * دائِي ني مُجھي بَیٹھني کِي اِشارت کِي * مَین مونڈھي پر بَیٹھہ گیا اَور وہ چَوکِي پر - کھني لگِي - لو اب جو کھنا هَي سو جِي بھر کر کھو *

مَین ني ملِکہ کِي خُوبِیون کِي اَور عدل و اِنصاف داد دِهِش کِي پھلي تعرِیف کِي - پھِر کھني لگا - جب سي مَین اِس مُلک کِي سرحدّ مین آیا - هر ایک منزِل مین یِہِي دیکھا کہ جابجا مُسافِر خاني اَور عِمارتین عالِي بنِي هُوئِي هَین - اَور آدمِي هر ایک عُہدي کي تعِینات هَین کہ خبرگِیرِي مُسافِرون اَور مُحتاجون کِي کرتي هَین - مُجھي بھِي تِین تِین دِن هر ایک مقام مین گُذرِي * چَوتھِي روز جب رُخصت هوتي لگا تب بھِي کِسُو ني خُوشِي سي نہ کھا کہ جاؤ - اَور جِتنا اسباب اُس مکان مین تھا - شطرنجِي - چاندنِي - قالِینین سِیتل پاٹِي - منگل کوٹِي - دِیوار گِیرِي - چھت پردي - چِلْونین - سائِبان - نمگیرِي - چھپرکھٹ معہُ غِلاف - ادقچہ - توشک -

بالاپوش ـ سیج بند ـ چادر ـ تکیي ـ تکینِي ـ گل تکیي ـ مسند ـ گاو تکیي ـ دیگ ـ دیگچي ـ پتیلي ـ طباق ـ رِکابِي ـ بادِیئي ـ تشتري ـ چمچي ـ بکاولِي ـ کفگیر ـ طعام بخش ـ سرپوش ـ سِینِي ـ خوان پوش ـ تورہ پوش ـ آبخوري ـ بُجْھري ـ صُراحِي ـ لگن ـ پاندان ـ چَوگھري ـ چنکیر ـ گُلاب پاش ـ عُودسوز ـ آفتابہ چِلمچي سب میري حوَالي کِیئي ـ کہ یِہہ تُمھارا مال هَي ـ چاهو اب لیجاوٴ ـ نہین تو ایک کوٹھرِي مین بند کرکر اپنِي مُہر کرو ـ جب تُمھارِي خُوشِي هوگي پھرتي هُوئي لِیئي جائیو * مَین ني یونہین کِیا ـ پر یِہہ حَیرت هَي کہ جب مُجھہ سي فقِیر تنہا سي یِہہ سلُوک هُوا ـ تو اَیسي غرِیب هزارون تُمھاري مُلکون مین آتي جاتي هونگي ـ پس اگر هر ایک سي یِہِي مِہماندارِي کا طَور رهتا هوگا ـ تو مبلغ بي حِساب خرچ هوتي هونگي * پس اِتنِي دَولت کہ جِس کا یِہہ صرف هَي کہان سي آتِي اَور کَیسي هَي ؟ اگر گنج قارُون هو تَو بھِي وفا نہ کري ـ اَور ظاهِر مین اگر مِلکہ کِي سلطنت پر نِگاہ کِیجي تو اُس کِي آمد فقط باورچِي خاني کي خرچ کو بھِي کِفایت نہ کرتي هوگي ـ اَور خرچون کا تو کیا ذِکر هَي * اگر اِس کا بَیان مِلکہ کِي زبان سي سُنُون ـ تو خاطِر جمع هو قصد مُلکِ نِیمروز کا کرُون ـ اَور جون تون وهان جا پہُنچُون ـ پھر سب احوال دریافت کرکي مِلکہ کِي خِدمت مین بشرطِ زِندگي بارِ دِگر حاضِر هُون ـ اپنِي دِل کِي مُراد پاؤُن *

یِہہ سُنکر مِلکہ ني اپنِي زبان سي کہا کہ اَي جَوان ! اگر تُجھي آرزُو کمال هَي کہ یِہہ ماهِیّت دریافت کري ـ تو آج کي دِن بھِي مقام کر ـ شام کو

مُجهي حُضُور مين طلب کرکر جو کُچهه احوال اِس دَولتِ بیزوال کا هَي بي کم و کاست کها جائيگا * مَين يِهه تسلّي پاکر اپني اِستِقامت کي مکان پر آکر مُنتظِر تها کہ کب شام هو جو ميرا مطلب تمام هو * اِتني مين خواجہ سرا کَئي چوگوشي تورہ پوش پڑي بهوئيون کي سِر پر دهري آکر مَوجُود هُوا اَور بولا کہ حُضُور سي اُلشِ خاصّ عِنايت هُوا هَي ۔ اِس کو تناوُل کرو * جِس وقت ميري سامهني کهولي ۔ بو باس سي دِماغ مُعطّر هُوا اَور رُوح بهر گئي * جِتنا کها سکا کها لِيا ۔ باقي اُن سبهون کو اُٹها دِيا اَور شُکرِ نعمت کہہ بهِجايا * باري جب آفتاب تمام دِن کا مُسافِر تهکا هُرا گرتا پڑتا اپني محل مين داخِل هُوا ۔ اَور ماهتاب دِيوان خاني مين اپني مُصاحِبون کو ساتهہ ليکر نِکل بَيٹها ۔ اُس وقت دائِي آئِي ۔ اَور مُجهہ سي کهني لگِي کہ چلو پادشاهزادِي ني ياد فرمايا هَي *

مَين اُس کي همراہ هو لِيا ۔ خِلوتِ خاصّ مين ليگئِي ۔ روشنِي کا يِهہ عالم تها کہ شبِ قدر کو وهان قدَر نہ تهِي اَور پادشاهِي فرش پر مسندِ مُغرّق بِچهِي ۔ مُرصّع کا تکيہ لگا هُوا اَور اُس پر ايک شمِيانہ موتيئن کي جهالر کا جڑاؤ اِستادون پر کهڑا هُوا ۔ اَور سامهني مسند کي جَواهِر کي درخت پهُول پات لگي هُوئي (گويا عَين مين قُدرتِي هَين) سوني کِي کياريون مين جمي هوئي ۔ اور دونون طرف دستِ راست اَور دستِ چپ شاگرد پيشي اَور مجرائِي دست بستہ با ادب آنکهين نِيچِي کِيئي هُوئي حاضِر تهي ۔ اَور طَوائِف اَور گائِنين سازون کي سُر بنائي مُنتظِر * يِهہ سمان اَور يِهہ تيّارِي کرّ و فرّ کِي

دیکھہ کر عقل ٹِھکانی نہ رہي * دائي سي پُوچھا کہ دِن کو وُہ زیبایِش اَور رات کو یِہہ آرایِش کہ دِن عِید اَور رات شبِ برات کہا چاہِیئي ـ بلکہ دُنیا مین بادشاہِ ھفت اِقلیم کو یِہہ عَیش مُیسّر نہ ہوگا ـ ھمیشہ یِہي صُورت رہتِي ہَي؟ دائي کہني لگِي کہ ہماري مِلکہ کا جِتنا کار خانہ تُم نی دیکھا ـ یِہہ سب اِسي دستُور سي جارِي ہَي ـ اِس مین ہرگز خلل نہِین بلکہ افزُون ہَي * تُم یہان بَیٹھو ـ مِلکہ دُوسري مکان مین تشرِیف رکہتِین ہَین ـ جاکر خبر کرُون *

دائي یِہہ کہکر گئي ـ اَور انُہین پانوُن پِھر آئِي ـ کہ چلو حُضُور مین * بہ مُجرّد اُس مکان مین جاتي ہِي بھَیچک رھگیا ـ نہ معلُوم ہُوا کہ دروازہ کہان اَور دِیوار کِیدھر ہَي ـ اِس واسطي کہ حلبِي آئینی قدِّ آدم چارون طرف لگي ـ اَور اُن کِي پردازون مین ہِیري اَور موتِي جڑي ہُوئي تھي * ایک کا عکس ایک مین نظر آتا ـ تو یِہہ معلُوم ہوتا کہ جواہِر کا سارا مکان ہَي * ایک طرف پردہ پڑا تھا ـ اُس کي پِیچھي مِلکہ بَیٹھِین تھِین * وُہ دائي پردي سي لگ کر بَیٹھِي اَور مُجھي بھِي بَیٹھني کو کہا ـ تب دائي مِلکہ کي فرماني سي اِس طَور بَیان کرني لگِي کہ سُن اَي جَوانِ دانا! سُلطان اِس اِقلیم کا بڑا پادشاہ تھا ـ اُن کي گھر مین سات بیٹِیان پَیدا ہُوئین * ایک روز پادشاہ نی جشن فرمایا ـ یِي ساتون لڑکیان سولہ سنگار بارہ ابھرن بال بال گج موتِي پِرو کر بادشاہ کي حُضُور کھڑِي تھِین * سُلطان کي کُچھہ جِي مین آیا ـ تو بیٹِیون کِي طرف دیکھکر فرمایا ـ اگر تُمھارا باپ بادشاہ نہ ہوتا اَور کِسي غرِیب کي گھر تُم پَیدا

هونیں ـ تو تُمھیں پادشاہزادِي اَور ملِکہ کَون کہتا؟ خُدا کا شُکر کرو کہ شہزادِیاں
کہلاتِي ہو * تُمھارِي یِہہ سارِي خُوبِي میرِي دم سے ہَے *
چھہ لڑکیاں ایک زبان ہو کر بولیں کہ جہاں پناہ جو فرماتے ہَیں بجا ہَے ـ
اَور آپ ہِي کِي سلامتِي سے ہمارِي بھلائِي ہَے * لیکن یِہہ ملِکۂ جہان
سب بہنوں سے چھوٹِي تھیں ـ پر عقل و شُعُور میں اُس عُمر میں بھِي گویا
سب سے بڑِي تھیں ـ چُپکِي کھڑِي رہیں ـ اِس گُفتگُو میں بہنوں کِي
شریک نہ ہُوئیں ـ اِس واسطے کہ یِہہ کلِمہ کُفر کا ہَے * پادشاہ نے نظرِ غضب
سے اُن کِي طرف دیکھا اَور کہا ـ کیُوں بِي بِي! تُم کُچھہ نہ بولیں ـ اِس کا کیا
باعِث ہَے؟ تب ملِکہ نے دونوں ہاتھہ اپنے رُومال سے باندھہ کر عرض کِي
کہ اگر جان کِي امان پاؤں اَور تقصیر مُعاف ہو تو یِہہ لَونڈِي اپنے دِل کِي
بات گُذارِش کرے * حُکم ہُوا کہ کہہ ـ کیا کہتِي ہَے؟ تب ملِکہ نے کہا کہ
قِبلۂ عالم! آپ نے سُنا ہَے کہ سچّي بات کڑوِي لگتِي ہَے ـ سو اِس
وقت مَیں اپنِي زِندگِي سے ہاتھہ دھو کر عرض کرتِي ہُوں ـ اَور جو کُچھہ میرِي
قِسمت میں لِکھنےوالے نے لِکھا ہَے ـ اُس کا مِٹانےوالا کوئِي نہیں ـ کِسُو
طرح نہیں ٹلنے کا *

خواہ تُم پانْو گھِسو یا کہ رکھو سر بہ سُجُود ـ
بات پیشانِي کِي جو کُچھہ ہَے سو پیش آتِي ہَے *

جِس بادشاہِ علی الاطلاق نے آپ کو پادشاہ بنایا ـ اُنھیں نے مُجھے بھِي
پادشاہزادِي کہوایا * اُس کِي قُدرت کِي کارخانے میں کِسُو کا اِختیار نہیں

چلنا * آپ کي ذات هماري وِلي نعمت اَور قبلہ و کعبہ هَي - حضرت کي قدمِ مُبارك کي خاك کو اگر سُرمہ کرُون تو بجا هَي - مگر نصِیب هر ایك کي هرایك کي ساتهہ هَین * پادشاہ یِہہ سُنکر طَیش مین آئي - اَور یِہہ جَواب دِل پر سخت گِران معلُوم هُوا - بیزار هو کر فرمایا - چهوٹا مُنہہ بڑي بات - اب اِس کي یِہي سزا هَي کہ گہنا پاتا جو کُچهہ اِس کي هاتهہ گلي مین هَي اُتار لو - اَور ایك مِیاني مین چڑهاکر اَیسي جنگل مین کہ جهان نام و نِشان آدمِي آدمزاد کا نہ هو - پهینك آو - دیکهین اِس کي نصِیبون مین کیا لِکها هَي *

بہ مُوجِب حُکمِ پادشاہ کي اُس آدهي رات مین کہ (عَین اندهیرِي تهي) مِلکہ کو (جو جونري بهَونري مین پلِي تهین اَور سِوائي اپني محلّ کي دوُسرِي جگہہ نہ دیکهي تهي) بهوئي لیجاکر ایك مَیدان مین (کہ وهان پرندہ پر نہ مارتا - اِنسان کا تو کیا ذِکر هَي چهوڑ کر چلي آئي * مِلکہ کي دِل پر عجب حالت گُذرتي تهي کہ ایکدم مین کیا تها اَور کیا هو گیا؟ پهِر اپني خُدا کي جناب مین شُکر کرتِین اَور کہتِین - تُو اَیسا هِي بي‌نِیاز هَي جو چاها سو کِیا - اَور جو چاهتا هَي سو کرتا هَي اَور جو چاهیگا سو کریگا * جب تلك نتهنون مین دم هَي تُجهہ سي نا اُمّید نہین هوتي * اِسي اندیشي مین آنکهہ لگ گئِي * جِس وقت صُبح هوني لگي - مِلکہ کي آنکهہ کهُل گئي - پُکارِین کہ وضُو کو پانِي لانا - پهِر ایکبارگِي رات کِي بات چیت یاد آئِي کہ تُو کہان اَور یِہہ بات کہان؟ یِہہ کہکر اُٹهکر تَیمّم کِیا - اَور

دوگانہ شُکر کا پڑھا * اَي عزیز! مَلِکہ کِي اِس حالت کي سُنّنِيَ سي چھاتِي پھٹتِي هَي - اُس بھُولي بھالي جِي سي پُوچھا چاهِیئي کہ کیا کہتا هوگا *
غرض اُس مِیاني مین بَیٹھِي هُوئِي خُدا سي لَو لگائي رهِین تھِین - اَور یِہہ کبِت اُس دم پڑھتِي تھِین *

(۱) जब दांत न थे तब दूध दियौ, जब दांत दिये काहा अन्न न दै है;
जो जल में थल में पंछी पशु की सुध लेत, सो तेरी भी लै है;
काहेको सोच करे, मन मूरख सोच करे, कछु हाथ न आय है;
जान को देत, अजान को देत, जहान को देत, सो तोकौं भी दै है.

سچ هَي جب کُچھ بن نہِین آتا - تب خُدا هِي یاد آتا هَي * نہِین تو اپنِي اپنِي تدبِیر مین هرایک لُقمان اَور بُوعلِي سِینا هَي * اب خُدا کي کارخاني کاتماشا سُنو * اِسِي طرح تِین دِن رات صاف گُذر گَئي کہ مَلِکہ کي مُنہہ مین ایک کھِیل بھِي اُڑکر نہ گَئِي - وُہ پھُول سا بدن سُوکھ کر کانٹا هو گَیا - اَور وُہ رنگ جو کُندن سا دمکتا تھا - هلدِي سا بن گَیا مُنہہ مین پھیپھڑِي بندھ گَئِي - آنکھِین پتھرا گَئِین - مگر ایک دم اٹک رها تھا کہ وُہ آتا جاتا تھا - جب تلک سانس تب تلک آس - چَوتھِي روز صُبح کو ایک درویش خِضر کِي سِي صُورت نُورانِي چِہرہ روشن دِل آکر پَیدا هُوا * مَلِکہ کو اُس حالت مین دیکھکر بولا اَي بیٹِي! اگرچہ تیرا باپ بادشاہ هَي لیکِن تیرِي قِسمت مین یِہہ بھِي بدا تھا * اب اِس فقِیر بُوڑھي کو اپنا خادِم سمجھ - اَور اپني پَیداکرنیوالي کا رات دِن دھیان رکھ خُدا خُوب کریگا * اَور فقِیر کي کچکول مین جو ٹُکڑي بھِیکھ کي مَوجُود تھي - مَلِکہ کي رُوبرُو رکھي اَور پانِي کِي

تلاش مین پِھرنِي لگا * دیکھِي تو ایك کُوا تو ھَي - پر ڈول رسّي کہان - جِس سي پانِي بھرِي؟ تھوڑِي پتّي درخت سي توڑ کر دَونا بنایا - اَور اپنِي سیلِی کھول کر اُس مین باندھہ کر نِکالا - اَور مِلکہ کو کُچھہ کِھلایا پِلایا * باري ٹُك ھوش آیا - اُس مردِ خُدا نِي بِیکس اَور بِیبس جان کر بُہت سِي تسلّي دِي - خاطِر جمع کِي - اَور آپ بِھي رونِي لگا * مِلکہ نِي جب غمخوارِي اَور دِلدارِي اُس کِي بِي حدّ دیکھِي - تب اُن کِي بِھي مِزاج کو اِستِقلال ھُوا * اُس روز سي اُس پِیرمرد نِي یِہہ مُقرّر کِیا کہ صُبح کو بِھیکھ مانگنِي کِي لِیئِي شہر مین نِکل جاتا - جو ٹُکڑا پارچہ پاتا - مِلکہ کِي پاس لِي آتا اَور کِھلاتا *

اِس طَور سي تھوڑِي روز گُذرِي * ایك دِن مِلکہ نِي تیل سِر مین ڈالنِي اَور کنگھِي چوٹِي کرنِي کا قصد کِیا * جونہِین مُباف کھولا - چُٹلِي مین سي ایك موتِي کا دانہ گول آبدار نِکل پڑا * مِلکہ نِي اُس درویش کو دِیا اَور کہا - شہر مین سي اِس کو بیچ لاؤ * وُہ فقِیر اُس گَوھر کو بیچ کر اُس کِي قِیمت پادشاھزادِي کِي پاس لِي آیا * تب مِلکہ نِي حُکم کِیا کہ ایك مکان مُوافِق گُذران کِي اِس جگہہ بنواؤ * فقِیر نِي کہا اَي بیٹِي! نیو دِیوار کِي کھود کر تھوڑِي سِي مِٹّي جمع کرو - ایك دِن مَین پانِي لاکر گاڑا کرکر گھر کِي بُنیاد دُرُست کر دُونگا * مِلکہ نِي اُس کِي کہنِي سي مِٹّي کھودنِي شُرُوع کِي - جب ایك گز عمِیق گڑھا کھودا گَیا - زمِین کِي نِیچِي سي ایك دروازہ نمُود ھُوا * مِلکہ نِي اُس در کو صاف کِیا - ایك بڑا گھر جَواھِر اَور اشرفِیئُون سي

معمُور نظر آیا * ملِکہ نی پانچ چار لپ اشرفیئون کِي لیکر پھِر بند کِیا - اَور مِٹّي دیکر اُوپر سي همْوار کردِیا * اِتني مین فقِیر آیا - ملِکہ نی فرمایا کہ راج اَور معمار کارِیگر اَور اپني کام کي اُستاد اَور مزدُور جلددست بُلاؤ جو اِس مکان پر ایک عِمارتِ پادشاهانہ کہ طاقِ کِسریٰ کا جُفت هو - اَور قصرِ نعمان سي سبقت لیجائي - اَور شهر پناه اَور قِلعہ اَور باغ اَور باوٌلي اَور ایک مُسافرخانہ کہ لاثاني هو - جلد تَیار کرین - لیکن پهلي نقشہ اُن کا ایک کاغذ پر دُرست کرکي حُضُور مین لاوین جو پسند کِیا جائي *

فقِیر نی اَیسي هِي کارکُن کارکرده ذِي هوش لاکر حاضِر کیئي * مُوافِق فرماني کي تعمِیرِ عِمارت کِي هوني لگي - اَور نَوکر چاکر هرایک کارخانجات کِي خاطِر چُن چُن کر فهمیده اَور با دِیانت مُلازِم هوني لگي * اُس عِمارتِ عالیشان کِي تَیّارِي کِي خبر رفتہ رفتہ پادشاهِ ظِلِّ سُبحاني کو (جو قِبلہ گاه ملِکہ کي تهي) پهُنچِي * سُنکر بهُت مُتعجِّب هُوئي - اَور هر ایک سي پُوچها کہ یِہ کَون شخص هَي جِن نی یِہ محلّات بناني شُرُوع کیئي هَین ؟ اُس کِي کیفِیّت سي کوئي واقِف نہ تها جو عرض کري - سبهون نی کانون پر هاتھ رکهي کہ کوئِي غُلام نهِین جانتا کہ اِس کا بانِي کَون هَي * تب پادشاه نی ایک امِیر کو بهیِجا اَور پَیغام دِیا کہ مَین اُن مکانون کي دیکهني کو آیا چاهتا هُون - اَور یِہ بِهي معلُوم نهِین کہ تُم کهان کِي پادشاهزادِي هو اَور کِس خاندان سي هو * یِہ سب کَیفِیّت دریافت کرنِي اپني تَئِین منظُور هَي *

جونهِین ملِکہ نی یِہ خُوش خبرِي سُنِي - دِل مین بهُت شاد هو کر عرضي

لِکھي - کہ جہان‌پناہ سلامت! حُضُور کي تشرِیف لاني کِي خبر طرف غرِیب خدا نیِ‌اِي سُکر نِہایت خُوشِي حاصِل ھُوئي - اَور سبب حُرمت اَور عِزّت اِس کمترِین کا ھُوا * زھي طالِع اُس مکان کي! کہ جہان قدمِ مُبارک کا نِشان پڑي - اَور وھان کي رھني والون پر دامنِ دَولت سایہ کري - اَور نظرِ توجّہہ سي وي دونون سرفراز ھوویں * یِہہ لَونڈي اُمّیدوار ھَي کہ کل روزِ پنجشنبہ روزِ مُبارک ھَي - اَور میري نزدِیک بہتر روزِ نَوروز سي ھَي * آپ کِي ذات مُشابِہہ آفتاب کي ھَي - تشرِیف فرماکر اپني نُور سي اِس ذرّہ بي مِقدار کو قدر و منزِلت بخشِیئي - اَور جو کُچھہ اِس عاجِزہ سي مُیسّر ھو سکي نوشجان فرمائِیي - یِہہ عَینِ غرِیب نَوازِي اَور مُسافِر پرورِي ھَي - زِیادہ حدّ ادب * اَور اُس عُمدہ کو بھِي کُچھہ تَواضُع کرکر رُخصت کِیا *

بادشاہ ني عرضِي پڑھي اَور کہلا بھیجا کہ ھم ني تُمھارِي دعْوت قبُول کِي - البتّہ آوینگي * ملِکہ ني نَوکرون اَور سب کارباریون کو حُکم کِیا کہ لوَازِمہ ضِیافت کا اَیسي سلِیقي سي تَیّار ھو کہ بادشاہ دیکھہ کر اَور کھاکر بہُت محظُوظ ھون - اَور ادنیٰ اعلیٰ جو بادشاہ کِي رِکاب میں آوین - سب کھا پِي کر خُوش ھو کر جاوین * ملِکہ کي فرماني اَور تاکِید کرني سي سب قِسم کي کھاني سلوني اَور مِیٹھي اِس ذایقہ کي تیّار ھُوئي کہ اگر باھمن کِي بیٹي کھاتي تو کلِمہ پڑھتِي * جب شام ھُوئي - بادشاہ مُنڈي تخت پر سَوار ھو کر ملِکہ کي مکان کِي طرف تشرِیف لائي * ملِکہ اپني خان خَواصّ سہیلِیون کو لیکر اِستِقبال کي واسطي چلِین * جون بادشاہ کي تخت پر نظر پڑي -

اِس آداب سي مُجرا شاهانہ کِیا کہ یِہہ قاعدہ دیکھکر پادشاہ کو اَور بهي حَیرت نی لِیا ـ اَور اُسِي انداز سي جلْوہ کرکر پادشاہ کو تخت مُرصّع پر لا بِٹھایا * ملِکہ ني سَوا لاکھہ رُوپَی کا چبُوترہ تیّار کرْوا رکھا تھا ـ اَور ایک سَو ایک کِشتِي جوَاہِر اَور اشرفِي اَور پشمِینہ اَور نُوربافِي اَور ریشمِي اَور طِلابافِي اَور زردوزِي کِي لگا رکھِي تھِي ـ اَور دو زنجِیرِ فیل اَور دس راسِ اسپِ عِراقِي اَور یمنِي مُرصّع کي ساز سي تیّار کر رکھِي تھي ـ نذر گُذرانِي ـ اَور آپ دونون هاتھہ باندھي رُوبرُو کھڑِي رهِین * پادشاہ ني بہُت مِہربانِي سي فرمایا کہ تُم کِس مُلک کِي شہزادِي هو ـ اَور یہان کِس صُورت سي آنا هُوا ؟

ملِکہ ني آداب بجا لاکر اِلتماس کِیا کہ یِہہ لَونڈِي وهِي گُنہگار هَی جو غضبِ سُلطانِي کي باعِث اِس جنگل مین پہُنچِي ـ اَور یي سب تماشي خُدا کي هَین جو آپ دیکھتي هَین * یِہہ سُنتي هِي پادشاہ کي لہُو ني جوش مارا ـ اُٹھہ کر مُحبّت سي گلي لگا لِیا اَور هاتھہ پکڑ کي اپنِي تخت کي پاس کُرسِي بِچھواکر حُکم بَیٹھني کا کِیا * لیکِن پادشاہ حَیران اَور مُتعَجِّب بَیٹھي تھي ـ فرمایا کہ پادشاہ بیگم کو کہو کہ پادشاهزادِیون کو اپنِي ساتھہ لیکر جلد آوین * جب وي آئین ما بہنون ني پہچانا ـ اَور گلي مِلکر روئین اَور شُکر کیا * ملِکہ ني اپنِي والِدہ اَور چھُٹیون همشِیرون کي رُوبرُو اِتنا کُچھہ نقد اَور جَواهِر رکھا کہ خزانہ تمام عالم کا اُس کي پاسنگ مین نہ چڑھي * پھر پادشاہ ني سب کو ساتھہ بِٹھاکر خاصّہ نوشجان فرمایا *

جب تلک جہان پناہ جِیتي رهي ـ اِسِي طرح گُذرِي * کبھُو کبھُو

آپ آتي ـ اَور کبھِي مِلکہ کو بھِي اپني ساتھہ محلّون مین لي جاتي * جب پادشاہ نِي رِحلت فرمائِي ـ سلطنت اِس اِقلِیم کِي مِلکہ کو پہُنچِي ـ کہ اِن کي سِوا دُوسرا کوئِي لائِق اِس کام کي نہ تھا * اَي عزِیز! سرگُذشت یِہہ هَي جو تُونِي سُنِي ـ پس دَولتِ خُداداد کو هرگز زَوال نہین هوتا ـ مگر آدمِي کِي نِیّت دُرُست چاهِیئِي ـ بلکہ جِتنِي خرچ کرو اُس مین اُتنِي هِي برکت هوتِي هَي * خُدا کِي قُدرت مین تعجّب کرنا کِسِي مذهب مین رَوا نہین * دائِي نِي یِہہ بات کہکر کہا کہ اب اگر قصد وهان کي جاني کا اَور اُس خبر لاني کا دِل مین مُقرّر رکھتِي هو ـ تو جلد رَوانہ هو * مَین نِي کہا اِسِي وقت مَین جاتا هُون ـ اَور خُدا چاهِي تو جلد پھِر آتا هُون * آخِر رُخصت هو کر اَور فضلِ اِلٰهِي پر نظر رکھہ کر اُس سِمت کو چلا

برس دِن کي عرصي مین هرج‌مرج کھَینچتا هُوا شہرِ نیمروز مین جا پہُنچا * جِتنِي وهان کي آدمِي هزارِي اَور بزارِي نظر پڑِي ـ سِیاہ پوش تھي ـ جیسا احوال سُنا تھا اپنِي آنکھون سي دیکھا * کَئِي دِنون کي بعد چاندرات هُوئِي * پہلِي تارِیخ ساري لوگ اُس شہر کي چھوٹِي بڑِي لڑکِي بالِي اُمرا پادشاہ عَورت مرد ایک مَیدان مین جمع هُوئِي * مَین بھِي اپنِي حالت مین حَیران سرگردان اُس کثرت کي ساتھہ اپني مال مُلک سي جُدا فقِیر کِي صُورت بنا هُوا کھڑا دیکھتا تھا کہ دیکھِیئِي پردہء غَیب سي کیا ظاهِر هوتا هَي * اِتني مین ایک جَوان گاو سَوار مُنہہ مین کف بھرِي جوش خروش کرتا هُوا جنگل مین سي باهر نِکلا * یِہہ عاجِز جو اِتنِي محنت کر کي اُس

کي احوال دریافت کرنیکي خاطر گیا تها - دیکهتي هِي اُسي - حَواس باخته هوکر حَیران کهڑا رہ گیا * وُہ جَوان مرد قدِیم قاعِدي پر جو جو کام کرتا تها کرکر پهر گیا * اَور خِلقت شهر کِي شهر کِي طرف مُتَوجّهہ هُوئي * جب مُجهي هوش آیا تب مَین پچتایا کہ یِہہ کیا تُجهہ سي حرکت هُوئي * اب مہینني بهر پهر راہدیکهنِي پڑِي * لاچار سب کي ساتهہ چلا آیا - اَور اُس مہینني کو ماہِ رمضان کِي مانند ایک ایک دِن گِن کر کاٹا * باري دوسرِي چاند رات آئي - مُجهي گویا عِید هُوئي - غُرّي کو پهر پادشاہ خِلقت سمیت وهِین جاکر اِکٹهي هُوئي - تب مَین ني دِل مین مُصمّم اِرادہ کِیا کہ اب کِي بار جو هو سو هو - اپني تَئِین سنبهال کر اِس ماجراي عجِیب کو معلُوم کیا چاهِیئي *

ناگاہ جَوان بدستُور زرد بَیل پر زِین باندهي سَوار هو آ پهُنچا - اَور اُترکر دوزانُو بَیٹها * ایک هاتهہ مین ننگي سَیف اَور ایک هاتهہ مین بَیل کِي ناتهہ پکڑِي - اَور مرتبان غُلام کو دِیا * غُلام هر ایک کو دِکها کر لیگیا - آدمِي دیکهہ کر روني لگي - اُس جَوان ني مرتبان پهوڑا - اَور غُلام کو ایک تلوار اَیسِي مارِي کہ سِر جُدا هوگیا - اَور آپ سَوار هوکر مُڑا * مَین اُس کي پِیچهي جلد قدم اُٹها کر چلني لگا - شهر کي آدمِیون ني میرا هاتهہ پکڑا اَور کها یِہہ کیا کرتا هَي - کیُون جان بُوجهہ کر مرتا هَي ؟ اگر اَیسا هِي تیرا دم ناک مِین آیا هَي - تو بہُتیرِي طرحین مرني کِي هَین - مررهِیو * هرچند مَین ني مِنّت کِي - اَور زور بهِي کِیا کہ کِسُو صُورت سي اُن کي هاتهہ سي چهُوٹُون چهُٹکارا نہُوا * دوچار آدمِي لِپٹ

گئي اَور پکڑي هُوئي بستِي کِي طرف لي آئي * عجب طرح کا قلق پهر مہینے بهر گُذرا *

جب وُہ بهِي مہینا تمام هُوا اَور سلخ کا دِن آیا ۔ صُبح کو اُسِي صُورت سي سَاري عالم وهان کا اِزدِحام هُوا * مَین الگ سب سي نماز کي وقت اُٹهہ کر آگي هِي جنگل مین (جو عَین اُس جَوان کِي راہ پر تها) گهُس کر چهپ رها ۔ کہ یهان تو کوئي میرا مُزاحِم نهوگا * وُہ شخص اُسِي قاعِدي سي آیا ۔ اَور وهِي حرکتین کرکر سَوار هُوا اَور چلا * مَین ني اُس کا پیچها کِیا اَور دَوڑتا دهُوپتا ساتهہ هو لِیا * اُس عزِیز ني آهٹ سي معلُوم کِیا کہ کوئي چلا آتا هَي * ایکبارگِي باگ موڑ کر ایک نعرہ مارا اَور گهُرکا * تلوار کهینچ کر میري سر پر آپهُنچا ۔ چاهتا تها کہ حملہ کري * مَین ني نِہایت ادب سي نِہُڑکر سلام کِیا ۔ اَور دونون هاتهہ باندهہ کر کهڑا رہ گیا * وُہ قاعِدہ‌دان مُتکلِّم هُوا کہ اَي فقِیر! تُو ناحق مارا گیا هوتا پر بچ گیا * تیرِي حَیات کُچهہ باقِي هَي * جا ۔ کهان آتا هَي؟ اَور جڑاؤ خنجر موتیؤن کا اَور آویزہ لگا هُوا کمر سي نِکال کر میري آگي پهینکا اَور کها ۔ اِس وقت میري پاس کُچهہ نقد مَوجُود نهین جو تُجهي دُون ۔ اِس کو پادشاہ پاس لیجا ۔ جو تُو مانگیگا مِلیگا * اَیسِي هَیبت اَور اَیسا رُعب اُس کا مُجهہ پر غالِب هُوا کہ نہ بولني کِي قُدرت نہ چلني کِي طاقت * مُنهہ مین گهگهِي بندهہ گئِي ۔ پانوُن بهارِي هوگئي *

اِتنا کهکر وُہ غازِي مرد نعرہ بهرتا هُوا چلا * مَین ني دِل مین کها هرچہ بادا باد ۔ اب رہ‌جانا تیري حق مین بُرا هَي ۔ پهر اَیسا وقت نہ مِلیگا * اپني

جان سي هاتهہ دهو کر مَین بهِي رَوانہ هُوا - پهِر وُہ پهِرا - اَور بڑي غُصّي سي ڈانٹا - اَور مُقرّر ارادہ میري قتل کا کِیا * مَین ني سِر جهُکا دِیا اَور سَوگند دِي کہ اَي رُستم وقت کي! اَیسِي هِي ایک سَیف مار کہ صاف دو ٹُکڑي هو جاؤن * ایک تسمہ باقِي نہ رهي - اَور اِس حَیرانِي اَور تباهِي سي چهُوٹ جاؤن * مَین ني اپنا خُون مُعاف کِیا * وُہ بولا کہ اَي شَیطان کِي صُورت! کیُون اپنا خُونِ ناحقّ میرِي گردن پر چڑهاتا هَي - اَور مُجهي گُنهگار بناتا هَي؟ جا اپنِي راہ لي - کیا جان بهارِي پڑِي هَي؟ مَین ني اُس کا کہا نہ مانا - اَور قدم آگي دهرا - پهِر اُس ني دِیدہ و دانِستہ آنا کانِي دِي - اَور مَین پِیچهي لگ لیا * جاتي جاتي دو کوس وُہ جهاڑ جنگل طَي کِیا * ایک چار دِیوارِي نظر آئِي * وُہ جَوان دروازي پر گیا - اَور ایک نعرہُ مُهیب مارا * وُہ در آپ سي آپ کهُل گیا * وُہ اندر پَیٹها - مَین باهر کا باهر کهڑا رہ گیا * اِلٰهِي اب کیا کرُون! حَیران تها - باري ایک دم کي بعد غُلام آیا اَور پَیغام لایا کہ چل تُجهي رُوبرُو بُلایا هَي * شاید تیري سِر پر اجل کا فِرِشتہ آیا هَي * کیا تُجهي کم بختِي لگِي تهِي! مَین ني کہا زهي نصِیب! اَور بیدهڑک اُس کي ساتهہ اندر باغ کي گیا *

آخِر ایک مکان مین لي گیا جہان وُہ بَیٹها تها - مَین ني اُسي دیکهہ کر فرّاشِي سلام کِیا * اُس ني اِشارت بَیٹهني کِي کِي * مَین ادب سي دوزانُو بَیٹها - کیا دیکهتا هُون - کہ وُہ مرد اکیلا ایک مسند پر بَیٹها هَي - اَور هتهیار زرگرِي کي آگي دهري هَین - اَور ایک جهاڑ زُمُرّد کا تَیّار کر چُکا هَي * جب

اُس کي اُٹھني کا وقت آیا - جِتنے غُلام اُس شہ نِشین کي گِرد پیش حاضِر تھي - حُجرون مین چھپ گئي * مَین بھي ماري وسوَاس کي ایک کوٹھري مین جا گھُسا * وُہ جَوان اٹھ کر سب مکانون کِي کُنڈیان چڑھا کرباغ کي کوني کِي طرف چلا - اَور اپنِي سَوارِي کي بَیل کو مارني لگا * اُس کي چلّاني کِي آواز میري کان مین آئي - کلیجہ کانپني لگا - لیکن اِس ماجري کي دریافت کرنے کِي خاطِر یہہ سب آفتین سہین تھِین * ڈرتي ڈرتي دروازہ کھول کر ایک درخت کي تنے کِي آڑ مین جاکر کھڑا ہُوا اَور دیکھني لگا * جَوان نِي وُہ سونٹا جِس سي مارتا تھا - ہاتھ سي ڈال دِیا - اَور ایک مکان کا قُفل کنُجي سي کھولا - اَور اندر گَیا * پھِر وونہین باہر نِکل کر نرگاو کِي پیٹھ پر ہاتھ پھیرا - اَور مُنھ چُونما اَور دانہ گھاس کھِلا کر اِیدھر کو چلا * مَین دیکھتي ہِي جلد دَوڑ کر پھِر کوٹھري مین جا چھپا *

اُس جَوان نِي زنجیرین سب دروازون کِي کھول دِین - ساري غُلام باہر نِکلي * زیرانداز اَور سِلَپچي آفتابہ لیکر حاضِر ہُوئي * وُہ وضُو کرکر نماز کِي خاطِر کھڑا ہُوا - جب نماز ادا کرچُکا پُکارا کہ وُہ درویش کہان ہَي؟ اپنا نام سُنتي ہِي مَین دَوڑ کر روبرو جا کھڑا ہُوا * فرمایا بَیٹھ - مَین تسلیم کرکر بَیٹھا * خاصّہ آیا - اُس نِي تناوُل فرمایا - مُجھ بھِي عِنایت کِیا - مین نِي بھِي کھایا * جب دستر خوان بڑھایا اَور ہاتھ دھوئي غُلامون کو رُخصت دِي - کہ جاکر سو رہو * جب کوئِي اُس مکان مین نہ رہا تب مُجھ سي ہم کلام ہُوا اَور پُوچھا - کہ اَي عزِیز! تُجھ پر کیا اَیسي آفت آئِي ہَي جو تُو اپنِي

مَوت کو ڈھُونڈھتا پھِرتا هَي؟ مَین ني اپنا احوال آغاز سي انجام تک جو کُچھ گُذرا تھا تفصیل وار بَیان کِیا ـ اَور کہا ـ آپ کِي تَوَجُّہ سي اُمّید هَي کہ اپنِي مُراد کو پہُنچُون * اُس ني یہہ سُنتي هِي ایک ٹھنڈھِي سانس بھرِي اَور بیہوش هُوا اَور کہني لگا ـ بارِي خُدایا! عِشق کي درد سي تیري سِوا کَون واقِف هَي * جِس کِي نہ پھٹِي هو بِوائِي کیا جاني پِیر پرائِي * اِس درد کِي قدر جو دردمند هو ـ سو جاني *

آفتون کو عِشق کِي عاشِق سي پُوچھا چاهِیئي ـ
کیا خبر فاسِق کو هَي؟ صادِق سي پُوچھا چاهِیئي *

بعد ایک لمحي کي هوش مین آکر ایک آہِ جِگر سوز بھرِي ـ سارا مکان گُونج گیا ـ تب مُجھي یقین هُوا کہ یہہ بھِي اِسي عِشق کِي بلا مین گِرفتار هَي ـ اَور اِسي مرض کا بیِمار هَي * تب تو مَین ني دِل چلاکر کہا کہ مَین ني اپنا احوال سب عرض کِیا ـ آپ تَوَجُّہ فرماکر اپنِي سرگُذشت سي بندي کو مُطّلِع فرمائِیي ـ تو بہ‌مقدُور اپني پہلي تُمھاري واسطي سعي کرُون ـ اَور دِل کا مطلب کوشِش کرکر هاتھ مین لاؤُن * القِصّہ وُہ عاشِقِ صادِق مُجھ کو اپنا همراز اَور همدرد جان کر ـ اپنا ماجرا اِس صُورت سي بَیان کرني لگا ـ کہ سُن اَي عزِیز! مَین پادشاهزادہء جِگر سوز اِس اِقلیمِ نیمروز کا هُون * پادشاہ یعني قبلہ گاہ ني میري پَیدا هوني کي بعد نُجُومِي اَور رمّال اَور پنڈِت جمع کِیئي اَور فرمایا کہ احوال شہزادي کي طالِعون کا دیکھو اَور جانچو ـ اَور جنم‌پتری دُرست کرو ـ اَور جو جو کُچھ هونا هَي حقِیقت پل پل گھڑِي گھڑِي اَور پہر

پهر اَور دِن دِن مهینی مهینی اَور برس برس کي مُفصّل حُضُور مین عرض کرو * بموُجِبِ حُکم پادشاه کي سب ني مُتّفِق هو اپنی اپنی عِلم کي رُو سي تهہرا - اَور سادهکر اِلتِماس کِیا - کہ خُدا کي فضل سي اَیسي نیک ساعت اَور سُبهہ لگن مین شهزادي کا تَولّد اَور جنم هُوا هَي - کہ چاهِیئي سِکندر کي سِي بادشاهت کري - اَور نَوشِیروان سا عادِل هو - اَور جِتنی عِلم اَور هُنر هَین - اُن مین کامِل هو - اَور جِس کام کِي طرف دِل اُس کا مائِل هو - وُہ بخُوبِي حاصِل هو * سخاوت و شُجاعت مین اَیسا نام پَیدا کري کہ حاتِم اَور رُستَم کو لوگ بهُول جاوین - لیکِن چَودہ برس تلک سُورج اَور چاند کي دیکهنی سي ایک بڑا خطرہ نظر آتا هَي - بلکہ یِهہ وسواس هَي کہ جُنُونِي اَور سَودائِي هوکر بهُت آدمِیون کا خُون کري - اَور بستِي سي گهبراوي جنگل مین نِکل جاوي - اَور چرند پرند کي ساتهہ دِل بهلاوي * اِس کا تقَیّد رهي کہ رات دِن آفتاب ماهتاب کو نہ دیکهي - بلکہ آسمان کِي طرف بهِي نِگاہ نہ کرنی پاوي * جو اِتنِي مُدت خَیر و عافِیَت سي کٹي - تو پهِر سارِي عُمر سُکهہ اَور چَین سي سلطنت کري *

یِهہ سُنکر پادشاہ ني اِسِي لِیئي اُس باغ کِي بِنا ڈالِي - اَور مکانِ مُتعدّد هر ایک نقشي کي بنوائي * میري تَئین تهخاني مین پلنی کا حُکم کِیا - اَور اُوپر ایک بُرج نمدي کا تیّار کروایا - تو دهُوپ اَور چاندنِي اُس مین سي نہ چهنی * مَین دائِي دُودهہ پِلائِي اَور انگا چهوچهو اَور کَئِي خَواصّون کي ساتهہ اِس مُحافظت سي اُس مکانِ عالِي شان مین پرْورِش پانی لگا - اَور ایک

اُستادِ دانا کار آزمُودہ واسطي میرِي ترِبیّت کي مُتَعَیّن کِیا ۔ تو تعلِیم ہرعِلم اَور ہُنر کِي اَور مشقِ ہفت قلم لِکھنِي کِي کري ۔ اَور جہان پناہ ہمیشہ میري خبرگِیران رہتي ۔ دمبدم کِي کَیفِیّتِ روزمرّہ حُضُور مین عرض ہوتِي * مَین اُس مکان ہِي کو عالمِ دُنیا جانکر کھِلونون اَور رنگ‌برنگ پھُولون سي کھیلا کرتا ۔ اَور تمام جہان کِي نِعمتین کھانِي کي واسطي مَوجُود رہتِین ۔ جو چاہتا سو کھاتا * دس برس کِي عُمر تک جِتنِي صنعتین اَور قابِلِیّتین تھِین تحصِیل کِین *

ایک روز اُس گُنبذ کي نِیچي روشن‌دان سي ایک پھُول اچنبھي کا نظر پڑا ۔ کہ دیکھتي دیکھتي بڑا ہوتا جاتا تھا * مَین ني چاہا کہ ہاتھہ سي پکڑ لُون ۔ جون مَین ہاتھہ لنبا کرتا تھا وُہ اُونچا ہو جاتا تھا * مَین حَیران ہوکر اُسي تک رہا تھا * وونہِین ایک آواز قہقہي کِي میري کان مین آئِي ۔ مَین ني اُس کي دیکھني کو گردن اُٹھائِي * دیکھا تو نمدا چِیرکر ایک مُکھڑا چاند کا سا نِکل رہا ہَي ۔ دیکھتي ہِي اُس کي میري عقل و ہوش بجا نرہي ۔ پھِر اپنِي تئِین سنبھالکر دیکھا تو ایک مُرصّع کا تخت پرِیزادون‌کي کاندھي پر مُعلّق کھڑا ۔ ہَي اَور ایک تخت نِشین تاج جَواہِر کا سِر پر ۔ اَور خِلعتِ جھلابور بدن مین پہنِي ۔ ہاتھہ مین یاقُوت کا پیالا لِیئي اَور شراب پِیئي ہُوئي بَیٹھِي ہَي * وُہ تخت بُلندِي سي آہستہ آہِستہ نِیچي اُترکر اُس بُرج مین آیا * تب پرِي ني مُجھي بُلایا ۔ اَور اپنِي نزدِیک بِٹھایا ۔ باتین پیار کِي کرنِي لگِي ۔ اَور مُنہہ سي مُنہہ لگاکر ایک جام شرابِ گُل‌گُلاب کا میري تئِین

پلایا اَور کہا ـ آدمي زاد بیوفا هوتا هَي ـ لیکن دِل همارا تُجهي چاهتا هَي * ایك دم مین اَیسي اَیسي انداز و ناز کي باتین کِین کہ دِل محو هوگیا ـ اَور اَیسي خُوشِي حاصِل هُوئي کہ زِندگاني کا مزا پایا ـ اَور یِہہ سمجها کہ آج تو دُنیا مین آیا *

حاصِل یِہہ هَي کہ مَین تو کیا هُون؟ کِسُو ني یِہہ عالم نہ دیکها هوگا ـ نہ سُنا هوگا * اُس مزي مین خاطِر جمع سي هم دونون بَیٹهي تهي ـ کہ کرِیال مین غُلیلا لگا * اب اُس حادِثہء ناگہاني کا ماجرا سُن ـ کہ وونہِین چار پرِي‌زاد ني آسمان پر سي اُترکر کُچهہ اُس معشُوقہ کي کان مین کہا * سُنتي هِي اُس کا چِہرہ تغیر هوگیا ـ اَور مُجهہ سي بولِي کہ اَي پیاري! دِل تو یِہہ چاهتا تها کہ کوئي دم تیري ساتهہ بَیٹهکر دِل بہلاؤن ـ اَور اِسِي طرح همیشہ آؤن یا تُجهي اپني ساتهہ لیجاؤن * پر یِہہ آسمان دو شخص کو ایك جگہہ آرام سي اَور خوشِي سي رهني نہِین دیتا * لي ـ جانان! تیرا خُدا نِگہبان هَي * یِہہ سُنکر میري حواسّ جاتي رهي ـ اَور طُوطي هاتهہ کي اُڑ گئي * مَین ني کہا کہ اجي اب پهِر کب مُلاقات هوگي؟ یِہہ کیا تُم ني غضب کِي بات سُنائي؟ اگر جلد آؤگي تو مُجهي جِیتا پاؤگي ـ نہِین تو پچتاؤگي ـ یا اپنا ٹهکانا اَور نام و نِشان بتاؤ کہ مَین هِي اُس پتي پر ڈهُونڈهتي ڈهُونڈهتي اپني تئِین تُمهاري پاس پہنچاؤن * یِہہ سُنکر بولي ـ دُور پار شَیطان کي کان بهري ـ تُمهاري صد و بِیست سالہ کِي عُمر هووي ـ اگر زِندگي هَي تو پهِر مُلاقات هو رهیگي * مَین جِنّون کي پادشاہ کِي بیٹي هُون ـ اَور کوہِ قاف

مین رهتِي هُون * یِہ کہکر تخت اُٹھایا ـ اَور جِس طرح اُترا تھا وونہِین بُلند هوني لگا *

جب تلک سامهني تها ـ میرِي اَور اُس کِي چار آنکھین هو رهِین تهِین * جب نظرون سي غائب هُوا یِہ حالت هو گئِي جَیسي پرِي کا سایہ هوتا هَي ـ عجب طرح کِي اُداسِي دِل پر چها گئِي ـ عقل و هوش رُخصت هُوا ـ دُنیا آنکھون کِي تلي اندهیرِي هو گئِي * حَیران پریشان زار زار رونا ـ اَور سر پر خاک اُڑانا ـ کپڑي پهاڑنا ـ نہ کھاني کِي سُدھ ـ نہ بهلي بُرِي کِي بُدھ *

اِس عِشق کِي بدَولت کیا کیا خرابیان هَین ـ
دِل مین اُداسیان هَین اَور اِضطرابیان هَین *

اِس خرابِي سي دائِي اَور مُعلِّم خبردار هُوئِي ـ ڈرتي ڈرتي پادشاہ کِي رُوبرُو گئِي ـ اَور عرض کِي ـ کہ پادشاهزادۂ عالمِیان کا یِہ حال هَي * معلُوم نہِین خُود بہ خُود یِہ کیا غضب ٹُوٹا جو اُن کا آرام اَور کهانا پِینا سب چهُوٹا * تب پادشاہ وزِیر اُمرایِ صاحِبِ تدبِیر اَور حکِیم حاذِق مُنجِّم صادِق مُلّا سِیاني خُوب درویشِ سالک اَور مجذُوب اپني ساتھ لیکر اُس باغ مین رَونق افزا هُوئِي * میرِي بي قرارِي اَور نالہ و زارِي دیکهکر اُن کِي بهِي حالت اِضطِراب کِي هوگئِي * آبدِیدہ هوکر بي اِختِیار گلي سي لگا لِیا اَور اُس کِي تدبِیر کِي خاطِر حُکم کِیا * حکِیمون ني قُوّت دِل اَور خللِ دِماغ کي واسطي نُسخي لِکهي ـ اَور مُلّاؤن ني نقش و تعوِیذ پِلاني اَور پاس رکهني کو دِیئي ـ دُعائین پڑھ پڑھکر پهُونکني لگي ـ اَور نُجومِي بولي کہ سِتارون کِي گردِش

کي سبب سي یِہہ صُورت پیش آئي هَي - اُس کا صدقہ دِیجئي *
غرض هرکوئي اپني اپني عِلم کِي باتین کہتا تها - پر مُجهہ پر جو گُذرتِي تهِي
میرا دِل هِي سهتا تها - کِسُوکِي سعِي اَور تدبِیر میرِي تقدِیرِ بد کي کام نہ آئي -
دِن بدِن دِیوانِگِي کا زور هُوا - اَور میرا بدن بي آب و داني کمزور هوچلا * رات
دِن چِلّانا اَور سِر پٹکنا هِي باقِي رها * اُس حالت مین تِین سال گُذري - چَوتهي
برس ایک سَوداگر سَیر و سفر کرتا هُوا آیا - اَور هرایک مُلک کي تُحفہ تحائِف
عجِیب و غرِیب جهان پناه کي حُضُور مین لایا - مُلازمت حاصِل کِي *
پادشاه ني بہُت تَوَجُّہہ فرمائِي اَور احوال پُرسي اُس کِي کرکي پُوچها - کہ تُم
ني بہُت مُلک دیکهي - کہین کوئي حکِیم کامِل بهِي نظر پڑا یا کِسُو سي
مذکُور اُس کا سُنا؟ اُس ني اِلتماس کِیا کہ قِبلہءِ عالم! غُلام ني بہُت سَیر
کِي - لیکِن هِندُوستان مین دریا کي بِیچ ایک پہاڑِي هَي - وهان ایک گُسائِین
جٹادهارِي ني بڑا مندهب مهادیوٗ کا اَور سنگت اَور باغ بڑِي بهار کا بنایا هَي -
اُس مین رهتا هَي * اَور اُس کا یِہہ قاعِده هَي - کہ برسوِین دِن شیورات کي
روز اپني استهان سي نِکلکر دریا مین پَیرتا هَي - اَور خُوشِي کرتا هَي * اشنان
کي بعد جب اپني آسن پر جاني لگتا هَي - تب بِیمار اَور دردمند دیس
دیس اَور مُلک مُلک کي جو دُور دُور سي آتي هَین دروازي پر جمع هوتي
هَین * اُن کِي بڑِي بهِیڑ هوتِي هَي *
وُہ مهنت (جِسي اِس زماني کا افلاطُون کہا چاهِئیي) قارُوره اَور نبض
دیکهتا هُوا اَور هرایک کو نُسخہ لِکهہ کردیتا هُوا چلا جاتا هَي * خُدا ني اَیسا دستِ

ایک روز طاق مین ایک جِلد کِتاب کِي نظر آئِي - اُتارکر دیکھا تو ساري عِلم دِین و دُنیا کي اُس مین جمع کِئي تھي - گویا دریا کو کُوزي مین بھر دِیا تھا * ھر گھڑي اُس کا مُطالعہ کِیا کرتا - عِلم حِکمت اَور تسخیر مین نِہایت قُوّت بہم پہُنچائِي * اِس عرصي مین برس دِن گُذر گَیا - پھر وھِي خُوشِي کا دِن آیا - جوگِي اپني آسن پر سي اُٹھکر باھر نِکلا * مَین نِ سلام کِیا - اُن نِ قلمداُن مُجھي دیکر کہا ساتھ چلو - مَین بھِي ساتھ ھو لِیا * جب دروازي سي باھر نِکلا ایک عالم دُعا دینِي لگا - وُہ امِیر اَور سَوداگر مُجھي ساتھ دیکھکر گُسائِین کي قدمون پر گِري اَور اداي شُکر کرنِي لگي - کہ آپ کِي تَوَجُّہ سي باري اِتنا تو ھُوا * وُہ اپنِي عادت پر دریا کي گھاٹ تک گَیا - اَور اشنان پُوجا جِس طرح ھر سال کرتا تھا کِي - پھرتِي بار بیمارون کو دیکھتا بھالتا چلا آتا تھا *

اِتّفاقاً سَودائِیون کي غول مین ایک جَوانِ خُوبصُورت شکِیل کہ ضُعف سي کھڑي ھونِي کِي طاقت اُس مین نہ تھِي نظر پڑا - مُجھ کو کہا کہ اُس کو ساتھ لي آؤ * سب کِي دارُو درمن کرکي جب خِلْوت خانِي مین گَیا - تھوڑِي سِي کھوپرِي اُس جَوان کِي تراش کر - چاھا کہ کنکھجُورا جو مغز پر بَیٹھا تھا زنبُور سي اُٹھا لیوي * میري خِیال مین گُذرا - اَور بول اُٹھا - کہ اگر دست پناہ آگ مین گرم کرکر اُس کِي پِیٹھ پر رکھِیئي تو خُوب ھَي - آپ سي آپ نِکل آویگا - اَور جو یُون کھِچیئگا تو مغز کي گودي کو نہ چھوڑیگا - پھر خَوف زِندگِي کو ھَي * یِہہ سُنکر میرِي طرف دیکھا - اَور چُپکا اُٹھ باغ کي کونِي مین ایک درخت کَولي مین پکڑ جٹاکِي لٹ کِي گلي مین پھانسِي لگاکر رھگَیا *

مَین پاس جاکر جو دیکھا تو واہ واہ یہہ تو مرگیا! یہہ اچنبھا دیکھکر نہایت افسوس ہُوا لاچار جِي مین آیا اُسي گاڑ دُون * جون درخت سي جُدا کرني لگا دو کنُجیان اُس کِي لتون مین سي گرپڑین * مَین ني اُن کو اُٹھا لِیا اَور اُس گنجِ خُوبي کو زمِین مین دفن کِیا * وي دونون کنُجیان لیکر سب قُفلون مین لگاني لگا * اِتّفاقاً دو حُجري کي تالي اُن تالِیون سي کھُلي - دیکھا تو زمِین سي چھت تلک جَواہِر بھرا ہُوا ہَي - اَور ایک پیٹِي مخمل سي مڑھِي سوني کي پتّر لگِي قُفل دِي ہُوئِي ایک طرف دھرِي ہَي * اُس کو جو کھولا تو ایک کِتاب دیکھِي کہ اُس مین اِسمِ اعظم اَور حاضِرات جِنّ و پرِي کِي اَور رُوحون کِي مُلاقات اَور تسخِیر آفتاب کِي ترکِیب لِکھِي ہَي *

اَیسي دَولت کي ہاتھ لگني سي نِہایت خُوشِي حاصِل ہُوئِي - اَور اُن پر عمل کرنا شُرُوع کِیا * دروازہ باغ کا کھول دِیا - اپني اُس امِیر کو اَور ساتھ والون کو کہا کہ کِشتِیان منگواکر یہہ سب جَواہِر و نقد و جِنس اَور کِتابین بار کر لو - اَور ایک نِواڑي پر آپ سَوار ہوکر وہان سي بحر کو رَوانہ کِیا * آتي آتي جب نزدِیک اپني مُلک کي پہُنچا - جہان پناہ کو خبر ہُوئِي * سَوار ہوکر اِستِقبال کِیا اَور اِشتِیاق سي بیقرار ہوکر کلیجي سي لگا لِیا * مَین ني قدم بوسِي کرکر کہا کہ اِس خاکسار کو قدِیم باغ مین رہني کا حُکم ہو * بولي کہ اي برخُوردار! وُہ مکانِ میري نزدِیک منحُوس ٹھہرا - لِہذا اُس کِي مرمّت اَور تیّارِي مَوقُوف کِي - اب وُہ مکان لائق اِنسان کي رہني کي نہِین رہا - اَور جِس محلّ مین جِي چاھي اُترو * بِہتر یُون ہَي کہ قِلعي مین

کوئي جگهہ پسند کرکي میري آنکهون کي رُوبرُو رهو - اَور پائین باغ جَیسا چاهو تیّار کرواکر سَیر تماشا دیکها کرو * مَین نی بهُت ضِدّ اَور هٹ کرکر اُس باغ کو نئي سِرسي تعمیر کروایا - اَور بِهشت کِي مانند آراستہ کر داخِل هُوا - پهِر فراغت سي جِنّون کِي تسخِیر کِي خاطِر چِلّي بَیٹها - اَور ترکِ حَیوانات کرکر حاضِرات کرني لگا *

جب چالیس دِن پُوري هُوئي - تب آدهي رات کو ایک اَیسِي آندهِي آئي کہ بڑي بڑي عِمارتین گِرپڑِین - اَور درخت جڑپیڑ سي اُکهڑکر کهِین سي کهِین جا پڑي - اَور پریزادون کا لشکر نمُود هُوا * ایک تخت هَوا سي اُترا - اُس پر ایک شخصِ شان‌دار موتیون کا تاج اَور خِلعت پهني هُوئي بَیٹها تها * مَین نی دیکهتي هِي بهُت مُؤدّب هوکر سلام کِیا * اُس نی میرا سلام لِیا اَور کہا کہ اَي عزیز یِہ کیا تُو نی ناحقّ دُند مچایا؟ هم سي تُجهي کیا مُدّعا هَي؟ مَین نی اِلتماس کِیا کہ یِہ عاجِز بهُت مُدّت سي تُمهارِي بیٹِي پر عاشِق هَي - اَور اُسي لِیئي کہان سي کہان خراب و خستہ هُوا - اور جِیتي جِي مُوا * اب زِندگِي سي بہ تنگ آیا هُون - اَور اپنِي جان پر کهیلا هُون جو یِہ کام کِیا هَي * اب آپ کِي ذات سي اُمّیدوار هُون کہ مُجهہ حَیران سرگردان کو اپنِي تَوَجُّہ سي سرفراز کرو - اَور اُس کي دِیدار سي زِندگِي اَور آرام بخشو - تو بڑا ثَواب هوگا *

یِہ میرِي آرزُو سُنکر بولا - کہ آدمِي خاکِي اَور هم آتشِي - اِن دونون مین مُوافقت آنِي مُشکِل هَي * مَین نی قسم کهائِي کہ مَین اُن کي دیکهني کا

مُشتاق هُون ـ اَور کُچهه مطلب نہِین * پهر اُس تختنِشِین نِي جَواب دِیا ـ کہ اِنسان اپنِي قَول قرار پر نہِین رهتا ـ غرض کي وقت سب کُچهه کهتا هَي لیکِن یاد نہِین رکهتا * یِہہ بات مَین تیرِي بهلي کي لِیئي کہہ سُناتا هُون ـ کہ اگر تُو نِي کبهُو قصد کُچهه اَور کِیا ـ تو وُہ بهِي اَور تُو بهِي دونون خراب خستہ هوگي ـ بلکِہ خَوف جان کا هَي * مَین نِي پهر دوبارہ سَوگند یاد کِي ـ کہ جِس مین طرفَین کِي بُرائِي هووي وَیسا کام هرگز نہ کرُونگا ـ مگر ایک نظر دیکهتا رهُونگا * یِي باتین هوتِیان تهِین ـ کہ انچهت وُہ پرِي (کہ جِس کا مذکُور تها) نِہایت تهسي سي بناؤ کِئي هُوئي آ پہُنچِي ـ اَور بادشاہ کا تخت وهان سي چلا گَیا * تب مَین نِي بي اِختِیار اُس پرِي کو جان کِي طرح بغل مین لي آیا ـ اَور یِہہ شِعر پڑها ـ

کمان ابرُو مِري گهر کیُون نہ آوي ـ کہ جِس کي واسطي کهَینچِي هَین چِلّي *

اُسِي خُوشِي کي عالم مین باهم اُس باغ مین رهنِي لگي ـ ماري ڈر کي کُچهه اَور خِیال نہ کرتا ـ بالائِي مزي لیتا اَور فقط دیکهہ کرتا * وُہ پرِي میري قَول قرار کي نِباهنِي پر دِل مین حَیران رهتِي ـ اَور بعضي وقت کهتِي ـ کہ پیارِي ! تُم بهِي اپنِي بات کي بڑي سچّي هو ـ لیکِن ایک نصِیحت مَین دوستِي کِي راہ سي کرتِي هُون ـ اپنِي کِتاب سي خبردار رهِیو ـ کہ ـ نّ کِسِي نہ کِسِي دِن تُمهین غافِل پاکر چُرا لیجائینگي * مَین نِي کها اِسي مَین اپنِي جان کي برابر رکهتا هُون *

اِتّفاقاً ایک روز رات کو شَیطان نِي ورغلانا ـ شہوت کِي حالت مین یِہہ

دِل مین آیا - کہ جو کُچھہ ہو سو ہو کہان تلک اپني تئین تھانبون ؟ اُسي چھاتي سي لگا لیا - اَور بوس و کِنار کِیا * ونہین ایک آواز آئي - یہہ کِتاب مُجھہ کو دي کہ اُس مین اِسمِ اعظم هَي - بي ادبي نہ کر * اُس مستي کي عالم مین کُچھہ هوش نہ رها - کِتاب بغل سي نِکالکر بغَیر جاني بہچاني حَوالي کر دِي * وُہ نازنین یہہ میري ناداني کي حرکت دیکھکر بولي کہ هَي ظالِم! آخِر چوُکا اَور نصیحت بھُولا *

یہہ کہکر بي هوش هوگئي اَور مَین ني اُس کي سِرهاني ایک دیو دیکھا کہ کِتاب لِئي کھڑا هَي * چاها پکڑکر خُوب مارُون اَور کِتاب چھِین لُون - اِتني مین اُس کي هاتھہ سي کِتاب دُوسرا لي بھاگا * مَین ني جو افسُون یاد کِیئي تھي پڑھني شُروع کِیئي - وُہ جِنّ جو کھڑا تھا بَیل بن گیا - لیکن افسوس کہ پرِي ذرّا بھي هوش مین نہ آئي - اَور وهي حالت بي خُودي کي رهي * تب میرا دِل گھبرایا - سارا عَیش تلخ هوگیا * اُس روز سي آدمِیوُن سي نفرت هُوئي - اِس باغ کي گوشي مین پڑا رهتا هُون - اَور دِل کي بہلاني کي خاطِر یہہ مرتبان زُمُرّد کا جھاڑ دار بنایا کرتا هُون - اَور هر مہِیني اُس مَیدان مین اُسِي بَیل پر سَوار هوکر جایا کرتا هُون - مرتبان کو توڑ کر غُلام کو مار ڈالتا هُون - اِس اُمید پر کہ سب میري یہہ حالت دیکھین - اَور افسوس کھاوین - شاید کوئي اَیسا خدا کا بندہ مِہربان هو کہ میري حقّ مین دعا کري - تو مَین بھي اپني مطلب کو پہُنچُون * اَي رفِیق! میري جُنُون اَور سَودا کي یہہ حقِیقت هَي جو مَین ني تُجھي کہہ سُنائي *

مَين سُنکر آبدِيدہ هُوا اَور بولا کہ اَي شہزادي! تُوني واقِعي عِشق کِي بڑي مِحنت اُٹھائِي - ليکِن قسم خُدا کِي کھاتا هُون کہ مَين اپني مطلب سي درگُذرا * اب تيرِي خاطِر جنگل پہاڑ مين پِھرُونگا - اَور جو مُجھہ سي هوسکيگا سو کرُونگا * يِہہ وعدہ کرکرمَين اُس جَوان سي رُخصت هُوا - اَور پانچ برس تک سَودائِي سا وِيراني مين خاک چھانتا پِھرا - سُراغ نہ مِلا * آخِر اُکتاکر ايک پہاڑ پر چڑھہ گيا اَور چاها کہ اپني تَئِين گِرا دُون کہ هڈِّي پسلي کُچھہ ثابِت نہ رهي - وهِي سَوارِ بُرقعہ پوش آپہنُچا - اَور بولا کہ اپنِي جان مت کھو - تھوڑي دِنون کي بعد تُو اپني مقصد سي کامياب هوگا * يا سائِين اللّٰہ! تُمهاري دِيدار تو مُيسّر هُوئي - اب خُدا کي فضل سي اُمّيدوار هُون کہ خُوشِي اَور خُرّمِي حاصِل هو - اَور سب نامُراد اپنِي مُراد کو پہنچين *

سرگذشت آزادبخت پادشاہ کِي

جب دوُسرا درويش بھِي اپنِي سَير کا قِصّہ کہہ چُکا - رات آخِر هوگئِي - اَور وقت صُبح کا شُرُوع هوني پر آيا * پادشاہ آزادبخت چُپکا اپني دَولتخاني کِي طرف رَوانہ هُوا - محلّ مين پہنچ کر نماز ادا کِي * پھِر غُسل خاني مين جا خِلعتِ فاخِرہ پہن کر دِيوانِ عامّ مين تخت پر نِکل بَيٹھا - اَور حُکم کِيا - کہ يساوَل جاوي - چار فقِير فُلاني مکان پر وارِد هَين - اُن کو بعِزّت اپنِي ساتھہ حُضُور مين لي آوي * بموُجِب حُکم کي چوبدار وهان گيا - ديکھا - تو چارون بي‌نَوا جھاڑا جھٹکا پھِر - هاتھہ مُنہہ دهو کر - چاهتي هَين کہ دِسا کرين - اَور اپني

اپني راہ لين * چيلي ني کہا شاہ جي ! بادشاہ ني چارون صُورتون کو طلب فرمايا هَي - ميري ساته چليئي * چارون درويش آپس مين ايك ايك کو تکني لگا - اَور چوبدار سي کہا - بابا ! هم اپني دِل کي بادشاہ هَين - همين دُنيا کي پادشاہ سي کيا کام هَي ؟ اُس ني کہا مِيانِ اللّٰہ ! مُضايقہ نہين - اگر چلو تو اچّها هَي *

اِتنيّ مين چارون کو ياد آيا کہ مَولا مُرتضيٰ ني جو فرمايا تها سو اب پيش آيا - خُوش هُوئي اَور يساوَل کي همراہ چلي * جب قِلعي مين پہُنچي اَور رُوبرُو پادشاہ کي گئي - چارون قلندرون ني دُعا دِي کہ بابا ! تيرا بهلا هو - پادشاہ دِيوانِ خاصّ مين جا بَيٹهي - اَور دو چار خاصّ اميرون کو بُلايا اَور فرمايا - کہ چارون گُدڑي پوشون کو بُلاؤ * جب وهان گَئي حُکم بَيٹهني کا کِيا - احوال پُرسي فرمائي کہ تُمهارا کہان سي آنا هُوا - اَورکہان کا اِرادہ هَي ؟ مکان مُرشِدون کي کہان هَين ؟

اُنهون ني کہا کہ پادشاہ کي عُمر و دَولت زِيادہ رهي - هم فقِير هَين - ايك مُدّت سي اِسِي طرح سَير و سفر کرتي پهِرتي هَين - خانہ بدوش هَين * وُہ مثل هَي فقِير کو جہان شام هُوئي وُنہين گهر هَي - اَور جو کُچهہ اِس دُنياي ناپائدار مين ديکها هَي - کہان تك بَيان کرين ؟

آزاد بخت ني بہُت تسلّي اَور تشفّي کِي - اَور کهاني کو منگواکر اپني رُوبرُو ناشتا کروايا * جب فارِغ هُوئي پهر فرمايا کہ اپنا ماجرا تمام بي کم و کاست مُجهہ سي کہو - جو مُجهہ سي تُمهارِي خِدمت هوسکيگي قُصُور نہ کرُونگا *

فقيرون ني جواب ديا کہ هم پر جو جو کچهہ بيتا هَي ـ نہ همين بَيان کرني کي طاقت هَي ـ اَور نہ پادشاہ کو سُنّي سي فرحت هوگي ـ اُس کو مُعاف کيجي * تب پادشاہ ني تبسّم کيا اَور کہا ـ شب کو جهان تُم بِستروں پر بَيٹهي اپنا اپّنا احوال کہہ رهي تهي ـ وهان مَين بهي مَوجُود تها ـ چُنانچہ دو درويش کا احوال سُن چُکا هُون ـ اب چاهتا هُون کہ دونون جو باقي هَين وي بهي کهين ـ اَور چند روز بہ خاطرِجمع ميري پاس رهين ـ کہ قدمِ درويشان ردِّ بلا هَي * پادشاہ سي يِہہ بات سُنتي هِي ماري خَوف کي کانپني لگي ـ اَور سِر نِيچي کرکي چُپ هو رهي ـ طاقت گويائي کي نہ رهي*

آزادبخت ني جب ديکها کہ اب اِن مين ماري رُعب کي حَواسّ نهين رهي جو کُچهہ بولين ـ فرمايا کہ اِس جهان مين کوئي شخص اَيسا نہ هوگا جِس پر ايک نہ ايک وارِداتِ عجيب و غرِيب نہ هُوئي هوگي ـ با وُجُودي کہ مَين پادشاہ هُون ليکن مَين ني بهِي اَيسا تماشا ديکها هَي کہ پهلي مَين هِي اُس کا بَيان کرتا هُون * تُم بخاطِرجمع سنُو * درويشون ني کہا پادشاہ سلامت! آپ کا الطاف فقيرون کي حال پر اَيسا هَي ـ اِرشاد فرمائِيي * آزادبخت ني اپنا احوال شُرُوع کيا ــ اَور کہا ــ

اَي شاهو! پادشاہ کا اب ماجرا سُنو ـ
جو کُچهہ کہ مَين ني ديکها هَي ـ اَور هَي سنُا ـ سنو *
کهتا هُون مَين فقِرون کِي خِدمت مين سربسر ـ
احوال ميرا ـ خُوب طرح دِل لگا سنُو *

ميري قبلہ گاہ ني جب وفات پائي اَور مَين اِس تخت پر بَيٹھا عَين عالم شباب کا تھا ۔ اَور سارا يِہہ مُلک رُوم کا ميري حُکم مين تھا * اِتّفاقاً ايک سال کوئي سَوداگر بدخشان کي مُلک سي آيا ۔ اَور اسباب تجارت کا بہُت سا لايا * خبرداروں ني ميري حُضُور مين خبر کِي کہ اَيسا بڑا تاجِر آج تک شہر مين نہين آيا ۔ مَين ني اُس کو طلب فرمايا *

وُہ تحفي ہر ايک مُلک کي لائِق ميري نذر کي ليکر آيا * فِي اْلواقِع ہر ايک جِنس بي بہا نظر آئي ۔ چُنانچہ ايک ڈِبِيا مين ايک لعل تھا ۔ نہايت خُوشرنگ اَور آبدار قد و قامت دُرُست اَور وزن مين پانچ مِثقال کا * مَين ني با وُجُود سلطنت کي اَيسا جَواہِر کبھو نہ ديکھا تھا ۔ اَور نہ کِسُو سي سُنا تھا ۔ پسند کِيا * سَوداگر کو بہُت سا اِنعام وِاکرام دِيا اَور سند راہداري کِي لِکھ دِي کہ اُس سي ہماري تمام قلمَرو مين کوئي مُزاحِم محصُول کا نہ ہو ۔ اَور جہان جاوي اُس کو آرام سي رکھين * چَوکي پہري مين حاضِر رہين ۔ اُس کا نُقصان اپنا نُقصان سمجھين * وُہ تاجِر حُضُور مين دربار کي وقت حاضِر رہتا ۔ اَور آدابِ سلطنت سي خُوب واقِف تھا ۔ اَور تقرِير و خُوشگوئي اُس کِي لائِق سُنّي کي تھِي ۔ اَور مَين اُس لعل کو ہر روز جَواہِر خاني سي منگواکر سرِ دربار ديکھا کرتا *

ايک روز دِيوانِ عامّ کِيئي بيٹھا تھا ۔ اَور اُمرا ارکانِ دَولت اپني اپني پائي پر کھڑي تھي ۔ اَور ہر مُلک کي پادشاہون کي ايلچي مُبارکباد کِي خاطِر جو آئي تھي ۔ وُہ بھِي سب حاضِر تھي * اُس وقت مَين ني مُوافِق معمُول کي اُس

لعل کو منگوایا * جَواہِر خاني کا داروغہ لیکر آیا - مَین ہاتھ مین لیکر تعرِیف کرني لگا - اَور فرنگ کي ایلچِي کو دِیا * اُن ني دیکھ کر تبسّم کِیا اَور زمانہ سازِي سي صِفت کِي * اُسِي طرح ہاتھون ہاتھ ہر ایک ني لِیا اَور دیکھا اَور ایک زبان ہوکر بولي - کہ قِبلۂ عالم کي اِقبال کي باعِث یِہہ مُیسّر ہُوا ہَي - والاّ نہ کِسُو پادشاہ کي ہاتھ آج تک اَیسا رقمِ بي بہا نہین لگا * اُس وقت میري قِبلہ گاہ کا وزِیر کہ مردِ دانا تھا - اَور اُسِي خِدمت پر سرفراز تھا - وِزارت کي چَوکِي پر کھڑا تھا - آداب بجا لایا اَور اِلتماس کِیا کہ کُچھ عرض کِیا چاھتا ہُون اگر جان بخشِي ہو *

مَین ني حُکم کِیا کہ کہہ - وُہ بولا قِبلۂ عالم! آپ بادشاہ ہَین اَور بادشاہون سي بہُت بعِید ہَي کہ ایک پتّھر کِي اِتنِي تعرِیف کرین * اگرچہ رنگ ڈھنگ سنگ مین لاثانِي ہَي لیکِن سنگ ہَي - اَور اِس دم سب مُلکون کي ایلچِي دربار مین حاضِر ہَین - جب اپني اپني شہر مین جاوینگي البتّہ یِہہ نقل کرینگي - کہ عجب بادشاہ ہَي کہ ایک لعل کہِین سي پایا ہَي - اُسي اَیسا تُحفہ بنایا ہَي کہ ہر روز رُوبرُو منگاتا ہَي - اَور آپ اُس کِي تعرِیف کرکر سب کو دِکھاتا ہَي * پس جو بادشاہ یا راجہ یِہہ احوال سُنیگا - اپنِي مجلِس مین ہنسیگا * خُداوند! ایک ادنا سَوداگر نَیشاپُور مین ہَي - اُس ني بارہ داني لعل کي کہ ہر ایک سات سات مِثقال کا ہَي پٹّي مین نصب کرکر کُتّي کي گلي مین ڈال دِئیي ہَین * مُجھي سُنتي ہِي غُصّہ چڑھ آیا - اَور کھِسیاني ہوکر فرمایا کہ اِس وزِیر کِي گردن مارو *

جلّادون ني وونہين اُس کا هاتھہ پکڑ ليا ـ اَور چاها کہ باهر ليجاوين * فرنگ کي بادشاہ کا ايلچي دست بستہ رُوبرُو آ کھڑا هُوا * مَين ني پُوچھا کہ تيرا کيا مطلب هَي؟ اُس ني عرض کِي کي اُمّيدوار هُون کہ تقصِير سي وزِير کِي واقِف هون * مَين ني فرمايا کہ جھُوٹھہ بولني سي اَور بڑا گُناہ کَون سا هَي ـ خُصُوصاً بادشاهون کي رُوبرُو؟ اُن ني کہا ـ اُس کا دروغ ثابِت نہين هُوا ـ شايد جو کُچھہ کہ عرض کِي هَي سچ هو * ابهِي بي گُناہ کا قتل کرنا دُرُست نہين * اُس کا مَين ني يہہ جَواب دِيا ـ کہ هرگز عقل مين نہين آتا ايک تاجِر کہ نفع کي واسطي شهر بشهر اَور مُلک بمُلک خراب هوتا پهِرتا هَي اَور کَوڑي کَوڑي جمع کرتا هَي ـ بارہ دانې لعل کي جو وزن مين سات سات مِثقال کي هون ـ کُتّي کي پٹّي مين لگاوي * اُس ني کہا خُدا کِي قُدرت سي تعجّب نہين ـ شايد کہ باشد ـ اَيسي تُحفي اکثر سَوداگرون اَور فقِيرون کي هاتھہ آتي هَين * اِس واسطي کہ يي دونون هر ايک مُلک مين جاتي هَين اَور جہان سي جو کُچھہ پاتي هَين لي آتي هَين * صلاحِ دَولت يہہ هَي کہ اگر وزِير ايسا هِي تقصِيروار هَي ـ تو حُکم قَيد کا هو ـ اِس لِيئي کہ وزِير پادشاهون کِي عقل هوتي هَين ـ اَور يہہ حرکت سلاطِينون سي بدنُما هَي ـ کہ اَيسي بات پر کہ جھُوٹھہ سچ اِس کا ابهِي ثابِت نہين هُوا حُکم قتل کا فرمائِيين ـ اَور اُس کِي تمام عُمر کِي خِدمت اَور نمک حلالي بھُول جائِيين *

پادشاہ سلامت! اگلي شهرياروں ني بندِيخانہ اِسي سبب اِيجاد کِيا هَي ـ کہ پادشاہ يا سردار اگر کِسُو پر غضب هون تو اُسي قَيد کرين * کئي

دِن مَین غُصّہ جاتا رھیگا اَور بي تقصِیرِي اُس کِي ظاہِر ھوگي - پادشاہ خُونِ ناحقّ سي محفُوظ رھینگي - کل کو روزِ قِیامت مین ماخُوذ نہ ھوئینگي * مَین ني جِتنا اُس کي قاتِل کرني کو چاھا - اُس ني اَیسِي معقُول گفتگو کِي کہ مُجھي لاجَواب کِیا * تب مَین ني کہا کہ خَیر تیرا کہنا پذِیرا ھُوا - مَین خُون سي اُس کي درگُذرا لیکِن زِندان مین مُقَیَّد رھیگا - اگر ایک سال کي عرصي مین اُس کا سُخن راست ھُوا کہ اَیسِي لعل کُتّي کي گلي مین ھَین تو اُس کِي نجات ھوگي - اَور نہین تو بڑِي عذاب سي مارا جاویگا * فرمایا کہ وزِیر کو پنڈِت خاني مین لیجاؤ * یِہہ حُکم سُن کر ایلچِي ني زمِین خِدمت کِي چُومِي - اَور تسلِیمات کِي *

جب یِہہ خبر وزِیر کي گھر مین گئي آہ واوَیلا مچا - اور ماتم سرا ھو گیا * اُس وزِیر کِي ایک بیٹِي تھِي برس چَودہ پندرہ کِي - نِہایت خُوبصُورت اَور قابِل - نَوِشت خواند مین دُرُست * وزِیر اُس کو نِپٹ پیار کرتا تھا اَور عزِیز رکھتا تھا - چُنانچہ اپنِي دِیوان خاني کي پِچھواڑي ایک رنگ محلّ اُس کِي خاطِر بنْوا دِیا تھا - اَور لڑکیاں عُمدون کِي اُس کِي مُصاحِبت مین اَور خَواصّین شکیل خِدمت مین رھتِین - اُن سي ھنسِي خُوشِي کھیلا کُودا کرتِي *

اِتّفاقاً جِس دِن وزِیر کو محبُوس خاني مین بھیجا - وُہ لڑکِي اپنِي ھمجولیون مین بَیٹھِي تھِي - اَور خُوشِي سي گُڑیا کا بیاہ رچایا تھا - اَور ڈھولک پکھاوج لیئي ھُوئي رتجگي کِي تَیّارِي کر رھِي تھِي - اَور کڑاھِي چڑھاکر گُلگُلي اَور رحم تلتِي اَور بنا رھِي تھِي - کہ ایکبارگِي اُس کِي ما روتِي پیٹتِي سرکھلي

پانو ننگي بيٹي کي گھر مين گئي - اَور دو ھتڑ اُس لڑکي کي سِر پر مارِي اَور کہني لِگي * کاشکي تيري بدلي خُدا اندھا بيٹا ديتا - تو ميرا کليجا ٹھنڈا ھوتا - اَور باپ کا رفيق ھوتا * وزيرزادِي ني پُوچھا اندھا بيٹا تُمھاري کِس کام آتا؟ جو کُچھ بيٹا کرتا مَين بھي کرسکتي ھُون * امّا ني جَواب دِيا خاک تيري سِر پر - باپ پر يِہہ بِپتا بِيتي ھَي کہ پادشاہ کي رُوبرُو کُچھ اَيسي بات کہي کہ بندي خاني مين قَيد ھُوا * اُس ني پُوچھا وُہ کيا بات تھِي؟ ذرّا مَين بھِي سنُوں * تب وزِير کي قبِيلي ني کہا کہ تيري باپ ني شايد يِہہ کہا کہ نَيشاپُور مين کوئي سَوداگر ھَي - اُس ني بارہ عدد لعلِ بي‌بہا کُتّي کي پٹّي مين ٹانکي ھَين * پادشاہ کو باور نہ ھُوا - اُسي جھُوٹھا سمجھا اَور اسِير کِيا - اگر آج کي دِن بيٹا ھوتا تو ھر طرح سي کوشش کرکر اِس بات کوتحقيق کرتا - اَور اپني باپ کا اُپرالا کرتا - اَور پادشاہ سي عرض معرُوض کرکي ميري خاوِند کو بندي خاني سي مخلصِي دِلواتا *

وزِير زادِي بولِي - اِمّا جان! تقدير سي لڑا نہين جاتا - چاھيئي اِنسان بلاي ناگہانِي مين صبر کري - اَور اُمّيدوار فضلِ اِلہي کا رھي * وُہ کرِيم ھَي - مُشکل کِسُو کِي اٹکي نہين رکھتا - اَور رونا دھونا خُوب نہين * مبادا دُشمن اَور طرح سي پادشاہ کي پاس لگاوين اَور لُتري چُغلِي کھاوين کہ باعِث زِيادہ خفگي کا ھو - بلکہ جہان‌پناہ کي حق مين دُعا کرو - ھم اُس کي خانہ‌زاد ھَين - وُہ ھمارا خُداوند ھَي - وھِي غضب ھُوا ھَي وھِي مہربان ھوگا * اُس لڑکي ني عقلمندِي سي اَيسِي اَيسِي طرح ما کو سمجھايا کہ کُچھ

اُس کو صبر و قرار آیا - تب اپني محلّ مین گئي اَور چُپکي هو رهي *
جب رات هُوئي - وزیر زادي ني داوا کو بُلایا - اُس کي هاتهہ پانو پڑي بہُت
سي مِنّت کِي اَور روني لگِي اَور کہا - مَین یہہ اِرادہ رکهتِي هُون کہ امّا جان کا
طعنہ مُجهہ پر نہ رهي - اَور میرا باپ مخلصِي پاوي - جو تُو میرا رفیق هو - تو
مَین نَیشاپُور کو چلُون - اَور اُس تاجِر کو (جِس کي کُتّي کي گلي مین اَیسي
لعل هَین) دیکهہ کر جو بن آوي کر آؤن - اَور اپني باپ کو چُهڑاؤن *

پہلي تو اُس مرد ني اِنکار کِیا - آخِر بہُت کہني سُنّي سي راضِي هُوا - تب
وزیرزادِي ني فرمایا چُپکي چُپکي اسباب سفر کا دُرُست کر - اَور جِنس
تِجارت کِي لائِق نذرِ پادشاهون کي خرِید کر - اَور غُلام و نَوکر چاکر جِتني ضَرُور
هون ساتهہ لي - لیکِن یہہ بات کِسُو پر نہ کهُلي * داوا ني قبُول کِیا اَور اُس
کِي تَیّارِي مین لگا * جب سب اسباب مُہَیّا کِیا - اُونٹون اَور خچّرون
پر بار کرکر رَوانہ هُوا - اَور وزِیرزادِي بهِي لِباسِ مردانہ پہن کر ساتهہ جا مِلِي -
هرگز کِسُو کو گهر مین خبر نہ هُوئي * جب صُبح هُوئي وزِیر کي محلّ مین چرچا
هُوا کہ وزیرزادِي غائِب هَي - معلُوم نہِین کیا هُوئِي *

آخِر بدنامِي کي ڈر سي ما ني بیٹِي کا گُم هونا چهپایا - اَور وهان وزِیرزادِي
ني اپنا نام سَوداگربچّہ رکها * منزِل بہ منزِل چلتي چلتي نَیشاپُور مین پہُنچي *
خُوشي بہ خُوشي کاروان سرا مین جا اُترِي - اَور سب اپنا اسباب اُتارا - رات
کو رهي * فجر کو حمّام مین گئي اَور پوشاکِ پاکیزہ جَیسي رُوم کي باشِندي
پہنتي هَین پہنِي - اَور شہر کِي سَیر کي واسطي نِکلِي * آتي آتي حب چَوک

مین پہنچي چوراھي پر کھڑي ھُوئي - ايك طرف دُوکان جَوھري کي نظر پڑي
کہ بہت سي جَواھر کا ڈھير لگ رہا ھَي - اَور غُلام لِباسِ فاخِرہ پہنے ھُوئي
دست بستہ کھڑي ھَين - اَور ايك شخص جو سردار ھَي - برس پچاس ايك
کي اُس کي عُمر ھَي - طالع مندون کي سِي خِلعت اَور نيمہ آستين پہني
ھُوئي - اَور کَئي مُصاحِبِ با وضع نزديك اُس کي کُرسيون پر بَيٹھي ھَين
اَور آپَس مين باتين کر رھي ھَين *

وُہ وزير زادِي (جِس ني اپني تَئين سَوداگر بچّہ کر مشہُور کِيا تھا) اُسي ديکھہ
کر مُتعجّب ھُوئي - اَور دِل مين سمجھہ کر خُوش ھُوئي کہ خُدا جھوٹھہ نہ
کري - جِس سَوداگر کا ميري باپ ني پادشاہ سي مذکُور کِيا ھَي - اغلب
ھَي کہ يِہي ھو * باري خُدايا ! اِس کا احوال مُجھ پر ظاھر کر * اِتّفاقاً ايك
طرف جو ديکھا تو ايك دُوکان ھَي - اُس مين دو پِنجري آھني لٹکتي ھَين -
اَور اُن دونون مين دو آدمِي قَيد ھَين * اُن کي مجنُون کي سِي صُورت ھو رھي
ھَي - کہ چرم و اُستخوان باقِي ھَي اَور سِر کي بال اَور ناخُن بڑھ گَئي ھَين -
سِر اَوندھائي بَيٹھي ھَين اَور دو حبشِيء بد ھَيئت مُسلّح دونون طرف کھڑي
ھَين * سَوداگر بچّي کو اچنبھا آيا - لاحَول پڑھہ کر دوسرِي طرف جو ديکھا
تو ايك دُوکان مين قالِيچي بِچھي ھَين - اُن پر ايك چَوکِي ھاتھي دانت
کي - اُس پر گديلا مخمل کا پڑا ھُوا - ايك کُتّا جَواھِر کا پٹّا گلي مين اَور سوني
کي زنجير سي بندھا ھُوا بَيٹھا ھَي - اَور دو غُلامِ امرد خُوبصُورت اُس کي خِدمت
کر رھي ھَين * ايك تو مورچھل جڑاؤ دستي کا لِيئي جھلتا ھَي - اَور دوسرا

رومال تارکشي کا هاتهہ مين ليکر منهہ اَور پانؤن اُس کا پونچهہ رها هَي *
سَوداگربچّي ني خُوب غور کرکر جو ديکها - تو پٹّي مين کُتّي کي بارهون
داني لعل کي جَيسي سُني تهي موجُود هَين * شُکر خُدا کا کِيا اَور فِکر مين
گَيا کہ کِس صُورت سي اُن لعلون کو پادشاه پاس ليجاؤن اَور دکهاکر اپني باپ
چُهڑاؤن ؟ يِهہ تو اُس حَيراني مين تها اَور تمام خِلقت چَوك اَور رستي کِي
اُس کا حُسن جمال ديکهہ کر حَيران تهِي - اَور هکّا بکّا هو رهِي تهِي * سب
آدمي آپس مين يِهہ چرچا کرتي تهي - کہ آج تلك اِس صُورت و شبِيهہ کا
اِنسان نظر نہين آيا * اُس خواجہ ني بهِي ديکها - ايك غُلام کو بهيجا کہ تُو جا
کر بمِنّت اُس سَوداگربچّي کو ميري پاس بُلا لا *

وُہ غُلام آيا اَور خواجہ کا پَيام لايا - کہ اگر مِہربانِي فرمائِي تو همارا خداوند
صاحِب کا مُشتاق هَي - چل کر مُلاقات کِيجي * سَوداگربچّہ تو يِهہ چاهتا
هِي تها - بولا کيا مُضايقہ ؟ جونہين خواجہ کي نزديك آيا اَور اُس پر خواجہ کي
نظر پڑي - ايك برچهِي عِشق کِي سِيني مين گڑي - تعظِيم کِي خاطِر سروقد
اُٹها ليکِن حَواسّ باختہ * سَوداگربچّي ني دريافت کِيا کہ اب يِهہ دام مين
آيا * آپس مين بغلگيري هُوئي * خواجہ ني سَوداگربچّي کِي پيشاني کو
بوسہ دِيا اَور اپني برابر بٹهايا - بهُت سا تملّق کرکي پُوچها کہ اپني نام و نسب
سي مُجهي آگاه کرو - کهان سي آنا هُوا اَور کهان کا اِرادہ هَي ؟ سَوداگربچّہ
بولا کہ اِس کمترين کا وطن رُوم هَي - اَور قدِيم سي اِستنبول زادبُوم هَي - ميري
قبلہگاه سَوداگر هَين * اب بسبب پِيري کي طاقت سَير و سفر کِي نہين

رهي - اِس واسطي مُجهي رُخصت کِيا هَي کہ کار بارِ تجارت کا سِيکھُون * آج تلک مَين ني قدم گھر سي باهر نہ نِکالا تها - يِہہ پہلا هِي سفر درپيش هُوا - دريا کِي راہ هِواو نہ پڑا - خُشکِي کِي طرف سي قصد کِيا - ليکِن اِس عجم کي مُلک مين آپ کي اخلاق اَور خُوبيِوْن کا جو شور هَي - محض صاحب کِي مُلاقات کِي آرزُو مين يہان تک آيا هُون * باري فضلِ اِلہِي سي خِدمتِ شريف مين مُشرّف هُوا - اَور اُس سي زِيادہ پايا - تمنّا دِل کِي بر آئِي * خُدا سلامت رکھي - اب يہان سي کُوچ کرُونگا *

يِہہ سُنتي هِي خواجہ کي عقل و هوش جاتي رهي - بولا کہ اَي فرزند! اَيسِي بات مُجهي نہ سُناؤ - کوئِي دِن غرِيب خاني مين کرم فرماؤ * بهلا يِہہ تو بتاؤ کہ تُمھارا اسباب اَور نَوکر چاکر کہان هَين؟ سَوداگر بچّي ني کہا کہ مُسافِر کا گھر سرا هَي - اُنهين وهان چھوڑ کر مَين آپ کي پاس آيا هُون * خواجہ ني کہا کہ بھٹھِيارخاني مين رهنا مُناسِب نہين - ميرا اِس شہرمين اِعتِبارهَي اَور بڑا نام هَي - جلدِ اُنهين بُلْوا لو * مَين ايک مکان تُمھاري اسباب کي لِيئي خالِي کر ديتا هُون - جو کُچھ جِنس لائي هو - مَين ديکھُون - اَيسِي تدبِير کرُونگا کہ يہِين تُمھين بہُت سا نفع مِلي * تُم بهِي خُوش هوگي اَور سفر کي هرج مرج سي بچوگي - اَور مُجهي بهِي چند روز رهني سي اپنا اِحسانمند کروگي * سَوداگر بچّي ني اُوپرِي دِل سي عُذر کِيا ليکِن خواجہ ني پذِيرا نہ کِيا - اَور اپني گُماشتي کو فرمايا کہ باربردار جلد بهيجو اَور کارْوانسرا سي اِن کا اسباب منگوا کر فُلاني مکان مين رکھواؤ *

سوداگربچّي ني ايك زنگي غُلام كو اُن كي ساتھ كر ديا كہ سب مال متاع لدواكر لي آ - اَور آپ شام تلك خواجہ كي ساتھ بَيٹھا رہا * جب گُذري كا وقت ہو چُكا - اَور دُوكان بڑھائي - خواجہ گھر كو چلا * تب دونون غُلامون مين سي ايك ني كُتّي كو بغل مين ليا - دوسري ني كُرسي اَور قاليچہ اُٹھا ليا - اَور اُن دونون حبشي غُلامون ني اُس پنجري كو مزدُورون كي سرپر دھر ديا - اَور آپ پانچون ھتھيار باندھي ساتھہ ھُوئي * خواجہ سَوداگر بچّي كا ھاتھہ ھاتھہ مين ليئي باتين كرتا ھُوا حَويلي مين آيا *

سَوداگربچّي ني ديكھا كہ مكانِ عالي شان لائق پادشاھون يا اميرون كي ھَي * لبِ نہر فرش چاندني كا بِچھا ھَي - اَور مسند كي رُوبرُو اسباب عَيش كا چُنا ھَي * كُتّي كي صندلي بھي اُسي جگہہ بِچھائي - اَور خواجہ سَوداگربچّي كو ليكر بَيٹھا - بي تكلّف تواضع شراب كي كي - دونون پيني لگي * جب سرخُوش ھُوئي تب خواجہ ني كھانا مانگا - دستر خوان بِچھا اَور دُنيا كي نعمت چُني گئي * پہلي ايك لنگري مين كھانا ليكر سرپوشِ طلائي ڈھانپ كر كُتّي كي واسطي ليگئي - اَور ايك دستر خوان زربفت كا بِچھاكر اُس كي آگي دھر ديي * كُتّا صندلي سي نيچي اُتر جِتنا چاھا اُتنا كھايا - اَور سوني كي لگن مين پاني پيا - پھر چَوكي پر جا بَيٹھا * غُلامون ني رُومال سي ھاتھہ مُنہہ اُس كا پاك كِيا - پھر اُس طباق اَور لگن كو غُلام پنجري كي نزديك لي گئي - اَور خواجہ سي كُنجي مانگ كر قُفل قفس كا كھولا *

اُن دونون اِنسانون كو باھر نِكال كر كَئي سونٹي مار كر كُتّي كا جھُوٹا

اُنھين کِھلايا اَور وهي پاني پِلايا - پھر تالا بند کرکر تالي خواجہ کي حَوالي کِي * جب يِہہ سب ہو چُکا - تب خواجہ ني آپ کھانا شُرُوع کِيا * سَوداگر بچّي کو يِہہ حرکت پسند نہ آئي - گھِن کھاکر هاتھہ کھاني مين نہ ڈالا * هر چند خواجہ ني مِنّت کِي پر اُس ني اِنکار هِي کِيا * تب خواجہ نيّ سبب اُس کا پُوچھا کہ تُم کيُون نہين کھاتي؟ سَوداگربچّي ني کہا کہ يِہہ حرکت تُمهارِي اپني تئين بدنُما معلُوم هُوئي - اِس لِيئي کہ اِنسان اشرَفُ اَلمخلُوقات هَي - اَور کُتّا نجِسُ اَلعَين هَي * پس خُدا کي دو بندون کو کُتّي کا جھوٹا کِھلانا کِس مذهب و مِلّت مين رَوا هَي؟ فقط يِہہ غنِيمت نہين جانتي کہ وي تُمهارِي قَيد مين هَين؟ نہين تو تُم اَور وي برابر هَين * اب ميري تئين شکّ آئي کہ تُم مُسلمان نہين - کيا جانُون کَون هو کہ کُتّي کو پُوجتي هو؟ مُجھي تُمهارا کھانا کھانا مکرُوہ هي جب تلک يِہہ شُبہہ دِل سي دُور نہو *

خواجہ ني کہا اَي بابا! جوکُچھہ تُو کہتا هَي مَين يِہہ سب سمجھتا هُون - اَور اِسِي خاطِر بدنام هُون کہ اِس شهر کِي خِلقت ني ميرا نام خواجۂ سگ پرسْت رکھا هَي - اُسِي طرح پُکارتي هَين - اَور مشهُور کِيا هَي * ليکن خُدا کِي لعنت کافِرون اَور مُشرِکون پر هُوجِيو * کلمہ پڑها اَور سَوداگربچّي کِي خاطِر جمع کِي * تب سَوداگربچّي ني پُوچھا کہ اگر مُسلمان بہ دِل هو - تو اِس کا کيا باعِث هَي؟ اَيسِي حرکت کرکي اپني تئين بدنام کِيا هَي * خواجہ ني کہا اَي فرزند! نام ميرا بدنام هَي - اَور دُگنا محصُول اِس شهر مين بھرتا هُون - اِسِي واسطي کہ يِہہ بھيد کِسُو پر ظاهِر نہو * عجب يِہہ ماجرا هَي کہ جو کوئي

سُني سِوائي غم اَور غُصّي کي اُسي کُچھ اَور حاصِل نہو * تُو بھِي مُجھي مُعاف رکھ ـ کہ نہ مُجھ مين قُدرت کہني کِي اَور نہ تُجھ مين طاقت سُنّي کِي رھيگي * سَوداگر بچّي ني اپني دِل مين غَور کِي کہ مُجھي اپني کام سي کام ھَي ـ کيا ضرور هَي جو ناحقّ مَين زِيادہ مُجَوِّز هون ؟ بولا خَير اگر لائِق کہني کي نہين تو نہ کہيئي * کھاني مين هاتھ ڈالا ـ اَور نِوالہ اُٹھا کر کھاني لگا * دو مہيني تک اِس هوشِياري اَور عقلمندِي سي سَوداگر بچّي ني خواجہ کي ساتھ گُذران کِي کہ کِسُو پر هرگِز نہ کھُلا کہ يِہ عَورت هَي * سب يِہي جانتي تھي کہ مرد هَي ـ اَور خوجہ سي روز بروز اَيسِي مُحبّت زِيادہ هُوئي کہ ايک دم اپني آنکھون سي جُدا نہ کرتا *

ايک دِن عَين مَينوشي کي صُحبت مين سَوداگر بچّي ني رونا شُرُوع کِيا * خواجہ ني ديکھتي هِي خاطِرداري کِي اَور رُومال سي آنسُو پُونچھني لگا ـ اَور سبب گِريہ کا پُوچھا * سَوداگر بچّي ني کہا اَي قِبلہ ! کيا کہُون ؟ کاشکي تُمھارِي خِدمت مين بندگي پَيدا نہ کِي هوتِي ـ اَور يِہ شفقت جو صاحِب ميري حقّ مين کرتي هَين نہ کرتي * اب دو مُشکِلين ميري پيش آئين هَين ـ نہ تُمھارِي خِدمت سي جُدا هوني کو جِي چاهتا هَي ـ اَور نہ رهني کا اِتّفاق يہان هو سکتا هَي * اب جانا ضرور هُوا ـ ليکن آپ کِي جُدائي سي اُمّيد زِندگي کِي نظر نہين آتِي *

يِہ بات سُن کر خواجہ بي اِختِيار اَيسا روني لگا کہ هِچکي بندھ گئي ـ اَور بولا کہ اَي نُورِ چشم ! اَيسِي جلدِي اِس اپني بُوڑھي خادِم سي سير هُوئي کہ

اِسي دِلگير کيئُي جاتي ہو؟ قصد رَوانہ ہوني کا دِل سي دُور کرو - جب تلَک ميرِي زِندگِي هَي رهو - تُمهارِي جُدائِي سي ايك دم مَين جِيتا نہ رهُونگا - بغَير اجل کي مر جاؤنگا * آور اِس مُلكِ فارس کِي آب و هَوا بهُت خوب آور مُوافِق هَي - بِهتر تو يُون هَي کہ ايك آدمِي مُعتبر بهيج کر اپني والِدَين کو معہ اسباب يہين بلُوا لو - جو کُچهہ سَوارِي آور بردارِي درکار هو - مَين مَوجُود کرُون * جب ماباپ تُمهاري آور گهر بار سب آيا - اپنِي خُوشِي سي کار بار تجارت کا کِيا کرِيو * مَين ني بهِي اِس عُمر مين زمانی کِي بهُت سختِيان کهَينچِين هَين - آور مُلك مُلك پهِرا هُون * اب بُوڑها هُوا - فرزند نہين رکهتا - مَين تُجهي بِهتر اپني بيٹي سي جانتا هُون - آور اپنا وليِ عہد و مُختار کرتا هُون * ميري کارخاني سي بهِي هوشيار آور خبردار هو * جب تلك جِيتا هُون - ايك ٹُکڑا کهاني کو اپني هاتهہ سي دو - جب مرجاؤُن گاڑ داب دِيجِو - آور سب مال و متاع ميرا لِيجو *

تب سَوداگربچي ني جَواب دِيا کہ واقِعِي صاحِب ني زِيادہ باپ سي ميرِي غمخوارِي آور خاطِر دارِي کِي کہ مُجهي ماباپ بهُول گئي - ليکِن اِس عاصِي کي والِد ني ايك سال کِي رُخصت دِي تهِي - اگر دير لگاؤُنگا تو وي اِس پِيرِي مين روتي روتي مرجائينگي - پس رِضامندِي پدر کِي خُوشنُودِي خُدا کِي هَي - آور اگر وہ مُجهہ سي ناراضِي هونگي - تو مَين ڈرتا هُون کہ شايد دُعائي بد نہ کرين کہ دونون جهان مين خُدا کِي رحمت سي محرُوم رهُون *

اب آپ کِي يِہِي شفقت هَي کہ بندي کو حُکم کِيجِي کہ فرمانا قِبلہ گاہ

کا بجا لاوي - اَور حقِّ پدرِي سي ادا هووي - اَور صاحِب کِي توجّهه کا اداي شُکر جب تلك دم مين دم هَي ميرِي گردن پر هَي * اگر اپني مُلك مين بهِي جاؤنگا تو هر دم دِل و جان سي ياد کِيا کرُونگا - خُدا مُسبِّبُ الاَسباب هَي - شايد پهِر کوئِي اَيسا سبب هو کہ قدم بوسِي حاصِل کرُون * غرض سَوداگربچّي ني اَيسِي اَيسِي باتين لون مِرچين لگاکر خواجہ کو سُنائِين کہ وُہ بچارا لاچار هوکر هونٹهہ چاٹني لگا * ازبسکہ اُس پر شيفتہ اَور فريفتہ هو رها تها - کهني لگا اچّها - اگر تُم نهين رهتي تو مَين هِي تُمهارِي ساتهہ چلتا هُون * مَين تُجهہ کو اپني جان کِي برابر جانتا هُون - پس جب جان چلِي جاوي تو خالِي بدن کِس کام آوي ؟ اگر تُو اِسِي مين رِضامند هَي تو چل - اَور مُجهي بهِي ليچل * سَوداگربچّي سي يهہ کهکر اپنِي بهِي تيّارِي سفر کِي کرني لگا - اَور گُماشتون کو حُکم کِيا کہ بار بردارِي کِي فِکر جلدِي کرو *

جب خواجہ کي چلني کِي خبر مشهُور هُوئِي * وهان کي سَوداگرون ني سُنکر سب ني تهيّہ سفر کا کِيا * خواجہُ سگ پرست ني گنج اَور جَواهِرِ بيشُمار نَوکر اَور غُلام انگنت تُحفي اَور اسبابِ شاهانہ بهُت سا ساتهہ ليکر شهر کي باهر تنبُو اَور قنات اَور بيچوبي اَور سراپردي اَور کُندلي کهڑي کرواکر اُن مين داخِل هُوا * جِتني تُجّار تهي اپني اپني بِساط مُوافِق مال سَوداگرِي کا ليکر همراہ هُوئي - براي خُود ايك لشکر هو گيا *

ايك دِن جوگني کو پيٹهہ ديکر وهان سي کُوچ کِيا - هزارون اُونٹون پر شلِيتي اسباب کي اَور خچّرون پر صندُوق نقد جَواهِر کي لاد کر پانچ سَو غُلام دشتِ

قبچاق اَور زنگ و رُوم کي مُسلّح صاحِبِ شمشیر تازِي اَور تُرکي وعِراقِي وعربِي گھوڑون پر چڑھہ کر چلي * سب کي پِیچھي خواجہ اَور سَوداگر بچّہ خِلعتِ فاخِرہ پہني سُکھپال پر سَوار اَور ایک تختِ بغدادِي اُونٹ پر کسا اُس پر کُتّا مسند پر سویا ھُوا ۔ اَور اُن دونون قَیدِیون کي قفس ایک شُتر پر لٹکائي ہوئي رَوانہ ھُوئي * جِس منزِل مین پہُنچتي سب سَوداگر خواجہ کِي بارگاہ مین آکر حاضِر ہوتي ۔ اَور دسترخوان پر کھانا کھاتي اَور شراب پِیتي * خواجہ سَوداگر بچّي کي ساتھہ ہوئي کِي خُوشِي مین شُکر خُدا کا کرتا اَور کُوچ در کُوچ چلا جاتا تھا * باري بخَیر و عافیَت نزدِیک قُسْطُنْطُنِیَہ کي آپہُنچي ۔ باھر شہر کي مقام کِیا * سَوداگر بچّي ني کہا اَي قِبلہ! اگر رُخصت دِیجي تو مَین جاکر ما باپ کو دیکھُون * اَور مکان صاحِب کي واسطي خالِي کرُون ۔ جب مِزاج سامِي مین آوي شہر مین داخِل ھُوجِیئي *

خواجہ ني کہا تُمھارِي خاطِر تو مَین یہان آیا ۔ اچّھا ۔ جلد مِل جُل کر میري پاس آؤ ۔ اَور اپني نزدِیک میري اُترني کو مکان دو * سَوداگر بچّہ رُخصت ھو کر اپني گھر مین آیا ۔ سب وزیر کي محلّ کي آدمِي حَیران ھُوئي کہ یہہ مرد کَون گھُس آیا * سَوداگر بچّہ (یعني بیٹِي وزِیر کِي) اپنِي ما کي پاؤن پر جا گِرِي اَور روئِي اَور بولي ۔ کہ مَین تُمھارِي جائِي ھُون * سُنتي ھِي وزِیر کِي بیگم گالِیان دیني لگِي کہ اَي تتري! تُو بڑِي شتّا ھو نِکلِي ۔ اپنا مُنہہ تُو ني کالا کِیا ۔ اَور خاندان کو رُسْوا کِیا ۔ ھم تو تیرِي جان کو رو پِیٹ کر صبر کرکي تُجھہ سي ھاتھہ دھو بَیٹھي تھي ۔ جا دفع ھو *

تب وزيرزادي ني سر پر سي پگڑي اُتار کر پهينك دي اَور بولي - اَي امّا جان! مَين بُري جگهہ نہين گئي - کُچهہ بدي نہين کي - تُمهاري بمُوجب فرماني کي بابا کو قَيد سي چُهڑاني کي خاطر يهہ سب فِکر کي - الحمدُ لِلّٰہ! کہ تُمهاري دُعا کي برکت سي اَور اللّٰہ کي فضل سي پُورا کام کرکي آئي هُون - کہ نَيشاپُور سي اُس سَوداگر کو بمعہ کُتّي (جِس کي گلي مين وي لعل پڑي هَين) اپني ساتهہ لائي هُون - اَور تُمهاري امانت مين بهي خِيانت نہين کي * سفر کي لِيئي مردانہ بهيس کِيا هَي - اب ايك روز کا کام باقي هَي - وُہ کرکر قِبلہ گاہ کو بندِيخاني سي چُهڑاتي هُون - اَور اپني گهر مين آتي هُون - اگر حُکم هو تو پهر جاؤن اَور ايك روز باهر رہ خدمت مين آؤن * ما ني جب خُوب معلُوم کِيا کہ ميري بيٹي ني مردون کا کام کِيا - اَور اپني تَئين سب طرح سلامت و محفُوظ رکها هَي - خُدا کي درگاہ مين نلك گهِسني کي - اَور خُوش هوکر بيٹي کو چهاتي سي لگا لِيا اَور مُنہہ چُوما - بلائين لين دُعائين دِين اَور رُخصت کِيا - کہ تُو جو مُناسِب جان سو کر - ميري خاطِر جمع هُوئي *

وزيرزادي پهر سَوداگربچہ بنکر خواجہ سگ‌پرست پاس چلي * وهان خواجہ کو جُدائي اُس کي ازبسکہ شاق هُوئي - بي اِختيار هوکر کُوچ کِيا * اِتّفاقاً نزديك شهر کي اِيدهر سي سَوداگربچّہ جاتا تها - اَور اُودهر سي خواجہ آتا تها - عين راہ مين مُلاقات هُوئي * خواجہ ني ديکهتي هي کها - بابا! مُجهہ بُوڑهي کو اکيلا چهوڑ کر کهان گيا تها؟ سَوداگربچّہ بولا آپ سي اِجازت ليکر

اپني گھر گيا تھا - آخر مُلازمت کي اِشتياق ني وھان رھني نہ دِيا - آکر حاضر ھُوا * شھر کي دروازي پر دريا کي کِناري ايک باغ سايہ‌دار ديکھہ کر خيمہ اِستادہ کِيا اَور وھين اُتري * خواجہ اَور سَوداگربچّہ باھم بَيٹھہ کر شراب و کباب پيني کھاني لگي * جب عصر کا وقت ھُوا - سَير تماشي کِي خاطِر خِيمي سي نِکل کر صندلِيون پر بَيٹھي * اِتّفاقاً ايک قراوِلِ بادشاھِي اُدھر آنِکلا - اُن کا لشکر اَور نِشست برخاست ديکھہ کر اچنبھي ھو رھا اَور دِل مين کھا - شايد ايلچِي کِسُو بادشاہ کا آيا ھَي - کھڑا تماشا ديکھتا تھا *

خواجہ کي شاطِر ني اُس کو آگي بُلايا اَور پُوچھا کہ تُو کَون ھَي ؟ اُس ني کھا مَين بادشاہ کا مِير شِکار ھُون * شاطِر ني خواجہ سي اُس کا احوال کھا * خواجہ ني ايک غُلامِ کافِري کو کھا کہ جاکر بازدار سي کھہ - کہ ھم مُسافِر ھَين - اگر جِي چاھي تو آؤ بَيٹھو - قھوہ قليان حاضِر ھَي * جب مِير شِکار ني نام سَوداگر کا سُنا زِيادہ مُتَعجّب ھُوا - اَور يتيم کي ساتھہ خواجہ کِي مجلِس مين آيا - لوَازِم اَور شان و شَوکت اَور سِپاہ و غُلام ديکھي * خواجہ اَور سَوداگر بچّي کو سلام کِيا اَور مرتبہ سگ کا نِگاہ کِيا - ھوش اُس کي جاتي رھي - ھکّا بکّا سا ھو گيا * خواجہ ني اُسي بِٹھلا کر قھوي کِي ضِيافت کِي - قراول ني نام و نِشان خواجہ کا پُوچھا * جب رُخصت مانگي خواجہ ني کَئِي تھان اَور کُچھہ تُحفي اُسي ديکر اِجازت دِي * صُبح کو جب بادشاہ کي دربار مين حاضِر ھُوا - درباريون سي خواجہ سَوداگر کا ذِکر کرني لگا * رفتہ رفتہ مجھہ کو خبر ھُوئي - مِير شِکار کو مَين ني رُوبرُو طلب کِيا اَور سَوداگر کا احوال پُوچھا *

اُس ني جو کُچھہ ديکھا تھا عرض کِيا - سُنّي سي کُتّي کي تجمّل کي اَور دو آدمِيون کي پِنجري مين قَيد هوني کي مُجھہ کو خفگي آئِي * مَين ني فرمايا - وُہ مردُود تاجِر واجِبُ ٱلقتل هَي * نسقْچِيون کو حُکم کِيا کہ جلد جاؤ - اُس بيدِين کا سر کاٹ لاؤ * قضاکار وهِي ايلچِي فرنگ کا دربار مين حاضِر تھا - مُسکرايا * مُجھي اَور بھِي غضب زِيادہ هُوا - فرمايا کہ اَي بي ادب ! پادشاهون کي حُضُور مين بي سبب دانت کھولني ادب سي باهِر هَين - بي محلّ هنسني سي رونا بِہتر هَي * اُس ني اِلتماس کِيا - جہان پناہ ! کَئِي باتين خِيال مين گُذرِين - لِهذا فدوِي مُتَبسّم هُوا * پہلي يِہہ کہ وزِير سچّا هَي اب قَيد خاني سي رِهائِي پاويگا - دوسري يِہہ کہ پادشاہ خُونِ ناحق سي اُس وزِير کي بچي - تِيسري يِہہ کہ قِبلۂ عالم ني بي سبب اَور بي تقصِير اُس سَوداگر کو حُکم قتل کا کِيا * اِن حرکتون سي تعجّب آيا کہ بي تحقِيق ايک بي وُقُوف کي کہني سي آپ هر کِسُو کو حُکم قتل کا کر بَيٹھتي هَين * خُدا جاني فِي ٱلحقِيقت اُس خواجہ کا احوال کيا هَي ! اُسي حُضُور مين طلب کِيجِئي - اَور اُس کِي وارِدات پُوچھِئي - اگر تقصِيروار ٹھہري تب مُختار هو - جو مرضِي مين آوي اُس سي سُلُوک کِيجِئي *

جب ايلچِي ني اِس طرح سي سمجھايا - مُجھي بھِي وزِير کا کہنا ياد آيا - فرمايا جلد سَوداگر کو اُس کي بيٹي کي ساتھہ اَور وُہ سگ اَور قفس حاضِر کرو * قورچِي اُس کي بُلاني کو دَوڑ آئي - ايک دم مين سب کو حُضُور مين لي آئي - رُوبرُو طلب کِيا * پہلي خواجہ اَور اُس کا پِسر آيا - دونون لِباسِ

فاخرہ پہني هُوي * سوداگربچّي کا جمال ديکهني سي سب ادنا اعلا حَيران اَور بهَيچك هُوئي * ايك خوانِ طِلائي جَواهِر سي بهرا هُوا (کہ هر ايك رقم کِي چهوٹ ني ساري مکان کو روشن کرديا) سَوداگربچّہ هاتهہ مين لِيئي آيا - اَور ميري تخت کي آگي نِچهاوَر کِيا - آداب کورنِشات بجا لاکر کهڑا هُوا * خواجّہ ني بهِي زمين چُومي اَور دُعا کرني لگا - اِس گويائي سي بولتا تها کہ گويا بُلبُلِ هزاردَاستان هَي * مَين ني اُس کِي لِياقت کو بہُت پسند کِيا - ليکن عِتاب کي رُو سي کها - اَي شَيطان آدمِي کِي صُورت! تُوني يِہہ کيا جال پهَيلايا هَي - اَور اپني راہ مين کُوّان کهودا هَي؟ تيرا کيا دِين هَي اَور يِہہ کَون آئين هَي؟ کِس پَيغمبر کِي اُمّت هَي؟ اگر کافِر هَي تَو بهِي يِہہ کَيسي مت هَي - اَور تيرا کيا نام هَي کہ تيرا يِہہ کام هَي؟

اُن ني کها قِبلۂ عالم کِي عُمر و دَولت بڑهتي رهي - غُلام کا دِين يِہہ هَي - کہ خُدا واحِد هَي اُس کا کوئي شرِيك نہين اَور مُحمّد مُصْطفيٰ (صليٰ اللّہ علَيہِ و آلِہ وسلّم) کا کِلمہ پڑهتا هُون - اَور اُس کي بعد بارہ اِمام کو اپنا پيشوا جانتا هُون - اَور آئين ميري يِہہ هَي کہ پانچون وقت کِي نماز پڑهتا هُون - اَور روزہ رکهتا هُون - اَور حج بهِي کر آيا هُون - اَور اپني مال سي خُمس زکواۃ ديتا هُون - اَور مُسلمان کهاتا هُون * ليکن ظاهِر مين يِہہ ساري عَيب جو مجهہ مين بهري هَين - جِن کي سبب سي آپ ناخُوش هُوئي هَين اَور تمام خلقُ اللّہ مين بدنام هو رها هُون - اِس کا ايك باعِث هَي کہ ظاهِر نہين کرسکتا * هرچند سگ پرسْت مشهُور هُون اَور مُضاعف محصُول ديتا هُون يِہہ

سب قبول کِیا هَي - پر دِل کا بهید کِسُو سي نہین کہا * اِس بہاني سي میرا غُصّہ زیادہ هُوا اَور کہا - مُجهي تُو باتون مین پهُسلاتا هَي - مَین نہین مانني کا جب تلک اِس اپني گُمراهي کي دلیلِ معقول عرض نہ کري کہ میري دِلنشِین هو - تب تو جان سي بچیگا - نہین تو اُس کي قِصاص مین تیرا پیٹ چاک کرواؤنگا - تو سب کو عِبرت هو کہ بارِ دِیگر کوئي دِینِ مُحمّدي مین رخنہ نہ کري *

خواجہ ني کہا - اَي پادشاہ! مُجھ کم بخت کي خُون سي درگُذر کر - اَور جِتنا مال میرا هَي کہ گِنتِي اَور شُمار سي باهر هَي سب کو ضبط کر لي - اَور مُجهي اَور میري بیٹي کو اپني تخت کي تصدّق کرکر چهوڑ دي اَور جان بخشِي کر * مَین ني تبسّم کرکي کہا - اَي بیوقُوف! اپني مال کي طمع مُجهي دِکهاتا هَي - سِواي سچ بولني کي اب تیري مخلصِي نہین * یہہ سُنتي هِي خواجہ کي آنکهون سي بي اِختِیار آنسُو ٹپکني لگي - اَور اپني بیٹي کي طرف دیکهہ کر ایک آہ بهري اَور بولا - مَین تو پادشاہ کي رُوبرُو گُنہگار ٹهہرا - مارا جاؤُنگا - اب کیا کرُون؟ تُجهي کِس کو سَونپون؟ مَین ني ڈانٹا کہ اَي مکّار! بس اب عُذر بہت کِئي - جو کہنا هَي جلد کہہ *

تب تو اُس مرد ني قدم بڑهاکر تخت کي پاس آکر پائي کو بوسہ دِیا اَور صِفت و ثنا کرني لگا اَور بولا - اَي شہنشاہ! اگر حُکم قتل کا میري حقّ مین نہ هوتا - تو سب سِیاستین سہتا اَور اپنا ماجرا نہ کہتا * لیکِن جان سب سي عزِیز هَي - کوئي آپ سي کُوئي مین نہین گِرتا - پس جان کي مُحافظت

واجب هَي - اَور ترك واجب کا خِلاف حکمِ خُدا کي هَي * خَير جو مرضِيء مُبارك يهي هَي - تو سرگُذشت اِس پِيرِ ضعِيف کِي سُنِيئي * پهلي حکم هو کہ وہ دونون قفس جِن مين دو آدمِي قَيد هَين حُضُور مين لاکر رکهين * مَين اپنا احوال کهتا هُون - اگرکهِين جهُوٹه کهُون - تو اُن سي پُوچهہ کر مُجهي قائِل کِيجِيئي اَور اِنصاف فرمائِيي * مُجهي يهہ بات اُس کِي پسند آئِي - پِنجرون کو منگوا کر اُن دونون کو نِکلوا کر خواجہ کي پاس کهڑا کِيا *

خواجہ ني کها اَي پادشاہ! يِهہ مرد جو داهني طرف هَي غُلام کا بڑا بهائِي هَي - اَور جو بائين کو کهڑا هَي منجهلا برادر هَي * مَين اِن دونون سي چهوٹا هُون - ميرا باپ مُلكِ فارس مين سَوداگر تها * جب مَين چودہ برس کا هُوا قبلہ گاہ ني رِحلت کِي * جب تجهِيز و تکفِين سي فراغت هُوئِي - اَور پهُول اُٹهہ چُکي - ايك روز اِن دونون بهائِيون ني مُجهي کها - کہ اب باپ کا مال جو کُچهہ هَي تقسِيم کر لين - جِس کا دِل جو چاهي سو کام کري * مَين ني سُن کر کها اَي بهائِيو! يِهہ کيا بات هَي؟ مَين تُمهارا غُلام هَون - بهائِي چارِي کا دعوِي نهِين رکهتا * ايك باپ مرگيا - تُم دونون ميري پدر کِي جگهہ ميري سِر پر قائِم هو * ايك نانِ خُشك چاهتا هُون جِس مين زِندگِي بسر کرُون اَور تُمهارِي خِدمت مين حاضِر رهُون * مُجهي حِصّي بخري سي کيا کام هَي؟ تُمهاري آگي کي جهُوٹي سي اپنا پيٹ بهر لُونگا - اَور تُمهاري پاس رهُونگا * مَين لڑکا هُون - کُچهہ پڑها لِکها بهِي نهِين - مُجهہ سي کيا هو سکيگا؟ ابهِي تُم مُجهي تربِيَت کرو *

یہہ سن کر جواب دِیا کہ تو چاہتا ہَے اپنے ساتھہ ہمین بھي خراب اَور محتاج کري * مَین چُپکا ایک گوشي مین جاکر رونے لگا - پھر دِل کو سمجھایا کہ بھائي آخر بزرگ ہَین - میري تعلیم کي خاطِر چشم نمائي کرتي ہَین کہ کچھہ سیکھي * اِسي فِکر مین سوگیا * صبح کو ایک پیادہ قاضي کا آیا اَور مجھي دارالشّرع مین لیگیا * وہان دیکھا تو یہي دونون بھائي حاضر ہَین * قاضي ني کہا کیون اپني باپ کا ورثہ بانٹ چونٹ نہین لیتا ؟ مَین ني گھر مین جو کہا تھا وہان بھي جواب دِیا * بھائیون ني کہا - اگر یہہ بات اپني دِل سي کہتا ہَے - تو ہمین لا دعوٰي لِکھہ دي - کہ باپ کي مال و اسباب سي مجھي کچھہ عِلاقہ نہین * تب بھي مَین ني یہي سمجھا کہ یہہ دونون میري بزرگ ہَین - میري نصیحت کي واسطي کہتي ہَین - کہ باپ کا مال لیکر بیجا تصرّف نہ کري * بہ موجِب اِن کي مرضي کي فارغ خطّي بہ مہرِ قاضي مَین ني لِکھہ دي * یہہ راضي ہوئي - مَین گھر مین آیا *

دوسري دِن مجھہ سي کہني لگي - اَي بھائي ! یہہ مکان جِس مین تو رہتا ہَے ہمین درکار ہَي - تو اپني بودباش کي خاطِر اَور جگہہ لیکر جا رہ * تب مَین ني دریافت کیا کہ یہہ باپ کي حَویلي مین بھي رہني سي خوش نہین - لاچار اِرادہ اُٹھہ جانیکا کیا * جہان پناہ ! جب میرا باپ جیتا تھا - تو جِس وقت سفر سي آتا - ہر ایک مُلک کا تحفہ بطریق سَوغات کي لاتا اَور مجھي دیتا - اِس واسطي کہ چھوٹي بیٹي کو ہر کوئي زِیادہ پیار کرتا ہَي * مَین ني اُن کو بیچ بیچ کر تھوڑي سي اپني خرچ کي پونجي بہم

پہنچائي تہي - اُسي سي کُچھ خريد فروخت کرتا * ايکبار لَونڈي ميريّ خاطِر تُرکستان سي ميرا باپ لايا - اَور ايک دفعہ گھوڑي ليکر آيا * اُن مين سي ايک بچھيڑا ناکند کہ ہونہار تہا - وُہ بہِي مُجھي دِيا * مَين اپني پاس سي دانہ گہاس اُس کا کرتا تہا *

آخِر اِن کي بي مُروّتي ديکھ کر ايک حَويلي خريد کي - وہان جا رہا - يہہ کُتّا بہِي ميري ساتہ چلا آيا * واسطي ضرُوريات کي اسباب خانداري کا جمع کِيا - اَور دو غُلام خِدمت کِي خاطِر مول لِيئي - اَور باقي پُونجي سي ايک دُوکان بزّازي کي کر کي خُدا کي تَوکُّل پر بَيٹھا - اپني قِسمت پر راضي تہا * اگرچہ بہائيون ني بد خُلقي کي - پر خُدا جو مِہربان ہُوا - تِين برس کي عرصي مين اَيسي دُوکان جمِي کہ مَين صاحِبِ اِعتِبار ہُوا * سب سرکارون مين جو تُحفہ چاہتا - ميري ہِي دُوکان سي جاتا * اُس مين بہُت سي رُوپَي کمائي - اَور نِہايت فراغت سي گُذرني لگي * ہر دم جنابِ بارِي مين شُکرانہ کرتا - اَور آرام سي رہتا * يہہ کبِت اکثر اپني احوال پر پڑھتا -

रूठे क्यूं न राजा? वा तें कछू नाही काजा; एक तूसे महाराजा, और कौन को सराहिये?
रूठे क्यूं न भाई? वा तें कछू न बसाई; एक तूही है सहाई, और कौन पास जाइये?
रूठे क्यूं न मित्र, शत्रु? आठों जाम एक रावरे चरन के नेह को निभाइये.
संसार है रूठा, एक तू है अनूठा, सब चूमेंगे अंगूठा, एक तू न रूठा चाहिये.

اِتّفاقاً جُمعي کي روز مَين اپني گھر بَيٹھا تہا کہ ايک غُلام ميرا سَودي سُلف کو بازار گَيا تہا - بعد ايکدم کي روتا ہُوا آيا * مَين ني سبب پُوچھا کہ تُجھي کيا ہُوا ؟ خفا ہوکر بولا کہ تُمہين کيا کام ہَي ؟ تُم خُوشي مناؤ - ليکِن

قِيامت مين کيا جَواب دوگي؟ مَين نِي کہا اَي حبشي! اَيسِي کيا بلا تجھہ پر نازِل هُوئِي؟ اُس نِي کہا يِہہ غضب هَي کہ تُمهاري بڑي بهائِيون کِي چَوك کي چَوراهي مين ايك يہُودِي نِي مُشکين باندهين هَين - اَور تمچِيان مارتا هَي - اَور هنْستا هَي کہ - اگر ميرا رُوپَي نہ دوگي تو مارتي مارتي مار هِي ڈالُونگا - بهلا مُجهِي ثَواب تو هوگا * پس تُمهاري بهائِيون کِي يِہہ نَوبت اَور تُم بي فِکر هو * يِہہ بات اچّهِي هَي - لوگ کيا کہينگي؟ يِہہ بات غُلام سي سُنتي هِي لہُو نِي جوش کِيا - ننگي پانْو بازار کِي طرف دَوڑا اَور غُلامون کو کہا جلد رُوپَي ليکر آؤ * جونہِين وهان گَيا - ديکها تو جو کُچھہ غُلام نِي کہا تها سچ هَي - اِن پر مار پڑ رهِي هَي * حاکِم کي پِيادون کو کہا - واسطي خُدا کي ذرّا رہ جاؤ - مَين يہُودِي سي پُوچهُون کہ اَيسِي کيا تقصِير کِي هَي جِس کي بدلي يِہہ تعزِير کِي هَي؟

يِہہ کہکر مين يہُودِي کي نزديك گَيا اَور کہا - آج روزِ ادِينہ هَي - اِن کو کيُون ضربِ شلاق کر رها هَي؟ اُس نِي جَواب دِيا اگر حِمايَت کرتي هو - تو پُورِي کرو - اِن کي عِوض رُوپَي حَوالي کرو - نہِين تو اپني گهر کِي راہ لو * مَين نِي کہا - کَيسي رُوپَي؟ دست آويز نِکال - مَين رُوپَي گن ديتا هُون * اُن نِي کہا تمسّك حاکِم کي پاس دي آيا هُون * اِس مين ميري دونون غُلام دو بدرہ رُوپَي ليکر آئي - هزار رُوپَي مَين نِي يہُودي کو دِيئي اَور بهائِيون کو چهُڑايا * اِن کِي يِہہ صُورت هو رهِي تهِي کہ بدن سي ننگي اَور بهُوکهي پِياسي اپني همراہ گهر مين لايا - وونہِين حمّام مين نہلْوايا - نئي پوشاك

پہنائي کہانا کہلایا * ہرگز اِن سي یہہ نہ کہا - کہ اِتنا مال باپ کا تُم نّي کیا کِیا؟ شاید شرمندہ ہون *

اَي پادشاہ! يي دونون موجُود ہَين - پُوچہِئي کہ سچ کہتا ہُون یا کوئي بات جہُوٹہہ بہِي ہَي؟ خَیر جب کَئي دِن مین مارکي کوفت سي بحال ہُوئي - ایک روز مَین ني کہا - کہ اَي بہائِیو! اب اِس شہر میں تُم يي اِعتبّار ہو گَئي ہو - بہتر یہہ ہَي کہ چند روز سفر کرو * یہہ سُنکر چُپ ہو رہي * مَین ني معلُوم کِیا کہ راضي ہَین - سفر کِي تیّارِي کرني لگا - پال پرتل بار برداري اَور سوارِي کِي فِکر کر کي بِیس ہزار رُوپَي کِي جِنس تجارت کِي خرِید کِي * ایک قافلہ سوداگرون کا بُخاري کو جاتا تہا - اُن کي ساتہہ کر دِیا *

بعد ایک سال کي وُہ کاروان پہر آیا * اِن کِي خَیر خبر کُچہہ نہ پائِي - آخِر ایک آشنا سي قسمین دیکر پُوچہا * اُس ني کہا جب بُخاري مین گَئي ایک ني جُوئي خاني مین اپنا تمام مال ہار دِیا - اب وہان کِي جارُوب کشي کرتا ہَي - اَور پہڑ کو لیپتا پوتتا ہَي - جُوارِي جو جمع ہوتي ہَین اُن کِي خِدمت کرتا ہَي - وُہ بہ طرِیق خَیرات کي کُچہہ دیتي ہَین - وہان گُرگا بنا پڑا رہتا ہَي * اَور دوسرا بوزہ فروش کِي لڑکِي پر عاشِق ہو اپنا مال سارا صرف کِیا - اب وُہ بوزہ خاني کِي ٹہل کِیا کرتا ہَي * قافِلي کي آدمِي اِس لِیئي نہین کہتي کہ تُو شرمِندہ ہوگا *

یہہ احوال اُس شخص سي سُنکر میرِي عجیب حالت ہُوئِي - مارِي فِکر کي نِیند بہُوکہہ جاتِي رہِي * زادِ راہ لیکر قصد بُخاري کا کِیا * جب وہان پہنچا

دونون کو ڈھونڈھ ڈھانڈھ کر اپني مکان مين لايا ـ غسل کرواکر نئي پوشاك پہنائي ـ اور اُن کي خجالت کي ڈرسي ايك بات مُنہہ پر نہ رکھي * پھر مال سوداگري کا اِن کي واسطي خريدا ـ اور ارادہ گھر کا کيا * جب نزديك نيشاپور کي آيا ـ ايك گانو مين بہ معہ مال اسباب اِن کو چھوڑ کر گھر مين آيا ـ اِس ليئي کہ ميري آني کي کِسو کو خبر نہ ہو * بعد دو دِن کي مشہور کيا کہ ميري بھائي سفر سي آئي ہين ـ کل اُن کي اِستقبال کي خاطِر جاؤنگا * صُبح کو چاہا کہ جاؤن ـ ايك گرِہست اُسي موضع کا ميري پاس آيا اور فرياد کرني لگا * مين اُس کي آواز سُنکر باہر نِکلا ـ اُسي روتا ديکھکر پوچھا کہ کيون زاري کرتا ہي؟ وہ بولا تمھاري بھائيون کي سبب سي ہماري گھر لُوٹي گئي ـ کاشکي اُن کو تُم وہان نہ چھوڑ آتي!

مين ني پوچھا کيا مُصيبت گُذري؟ بولا کہ رات کو ڈاکا آيا ـ اُن کا مال و اسباب لوٹا اور ہماري گھر بھي لوٹ ليگئي * مين ني افسوس کيا اور پوچھا کہ اب وي دونون کہان ہين؟ کہا شہر کي باہر ننگي مُنگي خراب خستہ بيٹھي ہين * ونہين دو جوڑي کپڑون کي ساتھ ليکر گيا ـ پہناکر گھر مين لايا * لوگ سُن کر ان کي ديکھني کو آتي تھي ـ اور يي ماري شرمِندگي کي باہر نہ نِکلتي تھي * تين مہينی اُسي طرح گذري ـ تب مين ني اپني دِل مين غور کي ـ کہ کب تلك يہہ کونی مين دبکي بيٹھي رہينگي ـ بني تو اِن کو اپني ساتھ سفر مين ليجاؤن *

بھائيون سي کہا ـ اگر فرمائيي تو يہہ فِدوِي آپ کي ساتھ چلي * يي

خاموش رهي ـ پهر لوازمہ سفر کا اَور جنس سوداگري کي تیّار کرکي چلا اَور اُن کو ساتهہ لیا * جس وقت مال کي زکواۃ دیکر اسباب کشتي پر چڑهایا ـ اَور لنگر اُٹهایا ناؤ چلي * یہہ کُتّا کناري پر سو رها تها ـ جب چَونکا اَور جهاز کو مانجهہ دهار مین دیکها حَیران هوکر بهَونکا ـ اَور دریا مین کُود پڑا اَور پَیرنّي لگا * مَین نی ایک پنسوئي دَوڑا دي ـ باري سگ کو لیکر کشتي مین پہنچایا * ایک مہینا خَیر و عافیَت سي دریا مین گُذرا ـ کہین منجهلا بهائي میري لَونڈي پر عاشق هُوا * ایک دن بڑي بهائي سي کہني لگا ـ کہ چهوٹي بهائي کي منّت اُٹهاني سي بڑي شرمندگي حاصل هُوئي ـ اِس کا تدارُک کیا کرین؟ بڑي نی جَواب دیا کہ ایک صلاح دل مین ٹهہرائي هَي ـ اگر بن آوي تو بڑي بات هَي * آخر دونون نی مصلحت کرکي تجویز کي کہ اِسي مار ڈالین ـ اَور ساري مال اسباب کي قابض متَصرّف هون *

ایک دن مَین جهاز کي کوٹهري مین سوتا تها ـ اَور لَونڈي پانْو داب رهي تهي کہ منجهلا بهائي آیا اَور جلدي سي مُجهي جگایا ـ مَین هڑبڑاکر چَونکا اَور باهر نِکلا ـ یہہ کُتّا بهي میري ساتهہ هو لیا * دیکهُون تو بڑا بهائي جهاز کي باڑ پر هاتهہ ٹیکي نِہوڑا هُوا تماشا دریا کا دیکهہ رها هَي ـ اَور مُجهي پُکارتا هَي * مَین نی پاس جاکر کہا خَیر تو هَي؟ بولا عجب طرح کا تماشا هو رها هَي کہ دریائي آدمي موتي کي سیپیان اَور مُونگي کي درخت هاتهہ مین لیئي هُوئي ناچتي هَین * اگر اَور کوئي اَیسي بات خلافِ قیاس کہتا تو مَین نہ مانتا ـ بڑي بهائي کي کہني کو راست جانا ـ دیکهني کو سر جُهکایا * هرچند نِگاہ

کي کُچھہ نظر نہ آيا - اَور وُہ يہي کہتا رہا - اب ديکھا؟ ليکن کُچھہ ہو تو ديکھُون * اِس مين مُجھي غافل پاکر منجھلي ني اچانک پيچھي آکر اَيسا ڈھکيلا کہ بي اِختيار پاني مين گِر پڑا - اَور وُہ روني دھوني لگي کہ دَوڑيو ہمارا بھّائي دريا مين ڈُوبا *

اِتني مين ناؤ بڑھہ گئِي - اَور دريا کي لہر مُجھي کہين سي کہين ليگئِي * غوطي پر غوطي کھاتا تھا - اَور مَوجون مين چلا جاتا تھا * آخِر تھک گيا نہ خُدا کو ياد کرتا تھا - کُچھہ بس نہ چلتا تھا * ايکبارگي کِسُو چيز پر ھاتھہ پڑا - آنکھہ کھول کر ديکھا تو يہي کُتّا ہَي * شايد جِس دم مُجھي دريا مين ڈالا - ميري ساتھہ يِہہ بھي کُودا اَور پَيرتا ہُوا ميري ساتھہ لِپٹاچلا جاتا تھا * مَين ني اُس کي دُم پکڑلِي * اللّہ ني اُس کو ميرِي زِندگِي کا سبب کِيا * سات دِن اَور رات يہي صُورت گُذرِي - آٹھوين دِن کناري جا لگي - طاقت مُطلق نہ تھِي - ليٹتي ليٹتي کرْوٹين کھاکر جون تون اپني تَئِين خُشکِي مين ڈالا * ايک دِن بيہوش پڑا تھا دُوسري دِن کُتّي کِي آواز کان مين گئِي - ہوش مين آيا - خُدا کا شُکر بجا لايا * اِدھر اُدھر ديکھني لگا - دُور سي سَواد شہر کا نظر آيا - ليکن قُوّت کہان کہ اِرادہ کرُون! لاچار دو قدم چلتا پھِر بَيٹھتا - اِسي حالت سي شام تک کوس بھر راہ کاٹِي *

بيچ مين ايک پہاڑ مِلا - رات کو وہان گِر رہا - صُبح کو شہر مين داخِل ہُوا * جب بازار مين گَيا - نان بائي اَور حلْوائِيون کِي دُوکانين نظر آئين - دِل ترسني لگا - نہ پاس پَيسا جو خرِيد کرُون - نہ جِي چاھي کہ مُفت

مانگوں * اِسي طرح اپني دِل کو تسلّي ديتا هُوا کہ اگلي دُوکان سي لُونگا چلا جاتا تها * آخِر طاقت نہ رهي اَور پيٹ مين آگ لگي - نزديك تها کہ رُوح بدن سي نِکلي * ناگاہ دو جَوان کو ديکها کہ لِباس عجم کا پهني - اَور هاتهہ پکڙي چلي آتي هَين * اِن کو ديکهکر خُوش هُوا کہ يِہہ اپني مُلك کي انسان هَين - شايد آشنا صُورت هون - اِن سي اپنا احوال کهُونگا * جب نزديك آئي تو ميري دونون برادرِ حقيقي تهي - ديکهکر نِہايت شاد هُوا - شُکر خُدا کا کِيا کہ خُدا ني آبرُو رکهہ لِي - غَير کي آگي هاتهہ نہ پسارا * نزديك جاکر سلام کِيا اَور بڙي بهائِي کا هاتهہ چُوما - اِنهون ني مُجهي ديکهتي هِي غُل و شور کِيا - منجهلي بهائِي ني طمانچہ مارا کہ مَين لڙکهڙاکر گر پڙا * بڙي بهائِي کا دامن پکڙا کہ شايد يِہہ حِمايَت کريگا - اِس ني لات ماري *

غرض دونون ني مُجهي خُوب خُورد خام کِيا - اَور حضرت يُوسُف کي بهائِيون کا سا کام کِيا * هرچند مَين ني خُدا کي واسطي ديئي اَور گِهگِيايا هرگز رحم نہ کهايا * ايك خِلقت اِکهٹّهي هُوئِي - سب ني پُوچها اِس کا کيا گُناہ هَي؟ تب بهائِيون ني کہا - يِہہ حرامزادہ هماري بهائِي کا نَوکر تها - سو اُس کو دريا مين ڈال دِيا - اَور مال اسباب سب لي لِيا * هم مُدّت سي تلاش مين تهي - آج اِس صُورت سي نظر آيا * اَور مُجهہ سي پُوچهتي تهي کہ اَي ظالِم! يِہہ کيا تيري دِل مين آيا کہ هماري بهائِي کو مار کهپايا! کيا اُس ني تيري تقصِير کِي تهِي؟ اُن ني تُجهہ سي کيا بُرا سلُوك کِيا تها کہ اپنا مُختار بنايا تها؟ پهر اِن دونون ني اپني گريبان چاك

کر ڈالي - اَور بي اِختِيار جھوٹھہ موٹھہ بھائِي کِي خاطِر روتي تھي - اور لات مُکّي مُجھہ پر کرتي تھي *

اِس مين حاکِم کي پِيادي آئي - اِن کو ڈانٹا کہ کيُون مارتي ہو؟ اَور مَيرا ہاتھہ پکڑ کر کوتوال کي پاس ليگئي * يي دونون بھِي ساتھہ چلي اَور حاکِم سي بھِي يہِي کہا - اَور بطَور رِشوت کي کُچھہ ديکر اپنا اِنصاف چاہا - اَور خُونِ ناحق کا دعوِي کِيا * حاکِم ني مُجھہ سي پُوچھا * ميرِي يِہہ حالت تھِي کہ ماري بھُوکھہ اَور مار پيٹ کي طاقت گويائِي کِي نہ تھِي * سر نِيچي کِيئي کھڑا تھا - کُچھہ مُنہہ سي جَواب نہ نِکلا * حاکِم کو بھِي يقِين ہُوا کہ يِہہ مُقرّر خُونِي ہَي - فرمايا کہ اِسي مَيدان مين ليجاکر سُولي دو * جہان پناہ! مَين ني روپَي ديکر اِن کو يہُودِي کِي قَيد سي چھُڑايا تھا - اُس کي عِوض اِنھون ني بھِي روپَي خرچ کرکي ميرِي جان کا قصد کِيا * يي دونون حاضِر ہَين - اِن سي پُوچھِيي کہ مَين اِس مين سرِ مُو تفاوُت کہتا ہُون * خَير مُجھي ليگئي - جب دار کو ديکھا - ہاتھہ زِندگِي سي دھوئي *

سِواي اِس کُتّي کي کوئِي ميرا رونيوالا نہ تھا - اِس کِي يِہہ حالت تھِي کہ ہر ايک آدمِي کي پانُون مين لوٹتا اَور چِلّاتا تھا * کوئِي لکڑِي کوئِي پتّھر سي مارتا ليکِن يِہہ اُس جگہہ سي نہ سرکتا - اَور مَين رُو بقِبلہ کھڑا ہو خُدا کو کہتا تھا - کہ اِس وقت مين تيرِي ذات کي سِوا ميرا کوئِي نہين جو آڑي آوي اَور بيگُناہ کو بچاوي - اب تُو ہِي بچاوي تو بچتا ہُون * يِہہ کہکر کلمہ شہادت کا پڑھہ کر تيوُرا کر گِر پڑا * خُدا کِي حِکمت سي اُس شہر

کي بادشاہ کو قُلنج کي بيماري هُوئي - اُمرا اَور حکيم جمع هُوئي - جو عِلاج کرتي تهي فائدہ‌مند نہ هوتا تها * ايك بُزُرگ ني کها کہ سب سي بِهتر يِهہ دَوا هَي کہ مُحتاجون کو کُچهہ خَيرات کرو اَور بندِيوانون کو آزاد کرو - دَوا سي دُعا مين بڑا اثر هَي * وونهِين پادشاهِي چيلي پنڈِت‌خانون کِي طرف دَوڑي *

اِتّفاقاً ايك اُس مَيدان مين آ نِکلا - اِزدِهام ديکهہ کر معلُوم کِيا کہ کِسُو کو سُولِي چڑهاتي هَين * يِهہ سُنتي هِي گهوڑي کو دار کي نزديك لاکر تلوار سي طنابين کاٹ دِين * حاکِم کي پيادون کو ڈانٹا اَور تنبِيهہ کِي کہ اَيسي وقت مين کہ پادشاہ کِي يِهہ حالت هَي - تُم خُدا کي بندي کو قتل کرتي هو! اَور مُجهي چهڑوا دِيا * تب يِهہ دونون بهائي پهِر حاکِم کي پاس گئي - اَور ميري قتل کي واسطي کها * شحنہ ني تو رِشوت کهائي تهِي - جو يِهہ کهتي تهي سو کرتا تها *

کوتوال ني اِن سي کها کہ خاطِر جمع رکهو - اب مَين اِسي اَيسا قيد کرتا هُون کہ آپ سي آپ ماري بهُوکهون کي بي آب و دانہ مر جاوي - کِسُو کو خبر نہ هووي * مُجهي پکڑ لائي اَور ايك گوشي مين رکها * اُس شهر سي باهر کوس ايك پر ايك پهاڑ تها کہ حضرت سُلَيمان کي وقت مين ديوون ني ايك کُوا تنگ و تاريك اُس مين کهودا تها - اُس کا نام زِندانِ سُلَيمان کهتي تهي * جس پر بڑا غضبِ پادشاهِي هوتا - اُسي وهان محبُوس کرتي - وہ خُود بہ خُود مر جاتا * القِصہ رات کو چُپکي يي دونون بهائي اَور کوتوال

کِي ڈنڈِي نِي مُجھي اُس پہاڑ پر ليگئي - اَور اُس غار مين ڈال کر اپنِي خاطِر جمع کرکي پھِري * اَي بادشاہ! يِہ کُتّا ميري ساتھ چلاگيا - جب مُجھي کُوئي مين گِرايا - تب يِہ اُس کي مينڈ پر ليٹ رہا * مَين اندر بيہوش پڑا تھا - ذرّہ سُرت آئي تو مَين اپنِي تئين مُردہ خِيال کِيا اَور اُس مکانّ کو گور سمجھا * اِس مين دو شخصون کِي آواز کان مين پڑي کہ کُچھ آپس مين باتين کرتي ہَين * يہِي معلُوم کِيا کہ نکِير مُنْکِر ہَين - تُجھ سي سُوال کرني آئي ہَين * سُرسُراہٹ رسّي کِي سُنِي - جَيسي کِسُو نِي وہان لٹکائِي * مَين حَيرت مين تھا - زمِين کو ٹٹولتا تو ہڈّيان ہاتھ مين آتين

بعد ايک ساعت کي آواز چپڑ چپڑ مُنہہ چلانِي کِي ميري کان مين آئي - جَيسي کوئي کُچھ کھاتا ہَي * مَين نِي پُوچھا کہ اَي خُدا کي بندو! تُم کَون ہو؟ خُدا کي واسطي بتاؤ * وُہ ہنسي اَور بولي - يِہ زِندان مِہتر سُلَيمان کا ہَي - اَور ہم قَيدِي ہَين * مَين نِي اُن سي پُوچھا - کيا مَين جِيتا ہُون؟ پھِر کِھلکِھلاکر ہنسي اَور کہا - اب تلک تُو تو زِندہ ہَي - پر اب مريگا * مَين نِي کہا - تُم کھاتي ہو - کيا ہو جو مُجھي بھِي تھوڑا سا دو؟ تب جھُنجھلاکر خالِي جَواب دِيا اَور کُچھ نہ دِيا * وُہ کھا پِي کر سو رہي - مَين ماري ضُعف و ناتَوانِي کي غش مين پڑا روتا تھا - اَور خُدا کو ياد کرتا تھا * قبلۂ عالم! سات دِن دريا مين اَور اِتني دِن بھائِيون کي بُہتان کي سبب دانہ نہ مُيسّر آيا - علاوہ کھانيکي بدلي مارپيٹ کھائِي - اَور اَيسي زِندان مين پھنسا کہ صُورت رِہائِي کِي مُطلق خِيال مين بھِي نہ آتِي تھِي *

آخر جان کندني کي نَوبت پہنچي - کبھُو دم آتا کبھُو نِکل جاتا تھا ـ لیکن کبھُو کبھُو آدھي رات کو ایک شخص آتا اَور رُومال مین روٹیان اَور پاني کي صُراحي ڈوري مین باندھہ کر لٹکا دیتا اَور پکارتا * وُہ دونون آدمي جو میري پاس محبُوس تھي لي لیتي اَور کھاتي پیتي * اُوپر سي کُتّي ني همیشہ یہہ احوال دیکھتي دیکھتي عقل دَوڑائي - کہ جِس طرح یہہ شخص آب نان کُوئي مین لٹکا دیتا هَي - تُو بھي اَیسي فِکر کر کہ کُچھہ اُس بي کس کو جو میرا خاوِند هَي آزُقہ پہنچي تو اُس کا دم بچي * یہہ خِیال کرکي شہر مین گَیا - نان‌بائي کي دُوکان مین مِنْبر پر گِردي چُني هُوئي دھري تھي ـ جست مار کر ایک کُلچہ مُنہہ مین لِیا اَور بھاگا * لوگ پیچھي دَوڑي - ڈھیلي مارتي تھي لیکن اُس ني نان کو نہ چھوڑا * آدمي تھک کر پھري - شہر کي کُتّي پیچھي لگي اُن سي لڑتا بھِڑتا روٹي کو بچائي اُس چاہ پر آیا ـ اَور نان کو اندر ڈال دِیا * روز روشن تھا - مَین ني روٹي کو اپني پاس پڑا دیکھا اَور کُتّي کي آواز سُني * کُلچي کو اُٹھا لِیا - اَور یہہ کُتّا روٹي پھینک کر پاني کي تلاش مین گَیا *

کِسي گاؤن کي کناري ایک بُڑھیا کي جھوپڑي تھي - تھِلیا اَور بدھنا پاني سي بھرا هُوا دھرا تھا - اَور وُہ پیر زن چرخا کاتتي تھي * کُتّا کُوزي کي نزدیک گَیا - چاہا کہ لوٹي کو اُٹھاوي - عَورت ني ڈانٹا - لوٹا اُس کي مُنہہ سي چھُوٹا ـ گھڑي پر گِرا - مٹکا پھُوٹا - باقي باسن لُڑھ گئي - پاني بہہ چلا * بُڑھیا لکڑي لیکر مارني کو اُٹھي - یہہ سگ اُس کي دامن مین لِپٹ گَیا -

اُس کي پاؤن پر مُنہہ ملني اَور دُم ہِلاني لگا ۔ اَور پہاڑ کي طرف دَوڑ گيا ۔ پھر اُس کي پاس آکر کبھُو رسّي اُٹھاتا ۔ کبھُو ڈول مُنہہ مين پکڑکر دِکھاتا ۔ اَور مُنہہ اُس کي قدمون پر رگڑتا ۔ اَور آنچل چادر کا پکڑکر کھَينچتا * خُدا ني اُس عَورت کي دِل مين رحم دِيا کہ ڈول رسّي کو ليکر اُس کي ہمراہ چلي * يِہہ اُس کا آنچل پکڑي گھر سي باہر ہو کر آگي آگي ہو ليا *

آخر اُس کو پہاڑ ہِي پر لي آيا ۔ عَورت کي جي مين کتّي کِي اُس حرکت سي اِلہام ہُوا کہ اِس کا مِيان مُقرّر اِس غار مين گرِفتار ہَي ۔ شايد اُس کِي خاطِر پانِي چاہتا ہَي * غرض پِيرزن کو لِيئي ہُوي غار کي مُنہہ پر آيا * عَورت ني لوٹا پانِي کا بھر کر رسّي سي لٹکايا ۔ مَين ني وُہ باسن لي لِيا اَور نان کا ٹُکڑا کھايا ۔ دو تِين گھُونٹ پانِي پِيا ۔ اِس پيٹ کي کُتّي کو راضِي کِيا * خُدا کا شُکر کرکر ايک کناري بَيٹھا اَور خُدا کِي رحمت کا مُنتظِر تھا ۔ کہ ديکھِيئي اب کيا ہوتا ہَي ؟ يِہہ حَيوانِ بيزبان اِسِي طَور سي نان لي آتا ۔ اَور بڑھيا کي ہاتھہ پانِي پِلْواتا * جب بھٹھِيارون ني ديکھا کہ کُتّا ہميسہ روٹِي ليجاتا ہَي ۔ ترس کھا کر مُقرّر کِيا کہ جب اِسي ديکھتي ايک گِردا اُس کي آگي پھينک ديتي ۔ اَور اگر وُہ عَورت پانِي نہ لاتِي ۔ تو يِہہ اُس کي باسن پھوڑ ڈالتا ۔ لاچار وُہ بھِي ہر روز ايک صُراحي پانِي کِي ديجاتِي ۔ اُس رفيق ني آب و نان سي ميرِي خاطِر جمع کِي اَور آپ زِندان کي مُنہہ پر پڑا رہتا * اِس طرح چھہ مہينِي گُذري ليکن جو آدمِي اَيسي زِندان مين رہي کہ دُنيا کِي ہَوا اُس کو نہ لگي ۔ اُس کا کيا حال ہوا نِرا پوست و

اُستخوان مُجھہ مين باقي رہا * زِندگي وبال ھُوئي - جِي مين آوي کہ يا الٰہي ! يہہ دم نِکل جاوي تو بہتر ھَي *

ايک روز رات کو وُہ دونون قَيدِي سوتي تھي - ميرا دِل اُمنڈا آيا - بي اِختِيار روني لگا - اَور خُدا کي درگاہ مين نک گھِسني کرني * پِچھلي پہر کيا ديکھتا ھُون - کہ خُدا کي قُدرت سي ايک رسّي غار مين لٹکي - اَور آواز سہج مين سُني کہ اَي کم‌بخت بد نصِيب ! ڈور کا سِرا اپني ھاتھہ مين مضبُوط باندھہ اَور يہان سي نِکل * مَين ني سُنکر دِل مين خِيال کِيا کہ آخِر بھائي مُجھہ پر مِہربان ھو کر لہُو کي جوش سي آپ ھِي نِکالني آئي * نہايت خُوشي سي اُس طناب کو کمر مين خُوب کسا - کِسُو ني مُجھي اُوپر کھَينچا * رات اَيسي اندھيرِي تھِي کہ جِن ني مُجھي نِکالا اُس کو مَين ني نہ پہچانا کہ کَون ھَي * جب مَين باھر آيا تب اُس ني کہا جلد آ - يہان کھڑي ھوني کي جگہہ نہين * مُجھہ مين طاقت تو نہ تھِي پر مَاري ڈر کي لُڑھتا پڑتا پہاڑ سي نِيچي آيا * ديکھُون تو دو گھوڑي زِين بندھي ھُئي کھڑي ھَين * اُس شخص ني ايک پر مُجھي سَوار کِيا - اَور ايک پر آپ چڑھہ لِيا اَور آگي ھُوا * جاتي جاتي دريا کي کناري پر پہُنچا *

صُبح ھوگئي اُس شہر سي دس بارہ کوس نِکل آئي - اُس جَوان کو ديکھا کہ اوپچي بنا ھُوا زرہ بکتر پہني چار آيئنہ باندھي گھوڑي پر پاکھر ڈالي ميرِي طرف غضب کي نظرون سي گھُور کر اَور ھاتھہ اپنا دانتون سي کاٹ کر تلوار مِيان سي کھَينچي اَور گھوڑي کو جست کرکر مُجھہ پر چلائي * مَين ني اپني

تَذِيي گهوڑي پر سي نِيچي گِرا دِيا اَور گهگهياني لگا - کہ مَين بي تقصِير هُون - مُجهي کيُون قتل کرتا هَي ؟ اَي صاحِبِ مُرُوّت ! وَيسي زِندان سي ميري تَذِين تُو ني نِکالا - اب يِہہ بي مُرُوّتِي کيا هَي ؟ اُس ني کها سچ کہہ تُو کَون هَي ؟ مَين ني جَواب دِيا کہ مُسافِر هُون - ناحقّ کِي بلا مين گرِفتار هو گيا تها - تُمهاري تصدّق سي باري جِيتا نِکلا هُون * اَور بہُت باتين خُوشامد کِي کِين *

خُدا ني اُس کي دِل مين رحم دِيا - شمشير کو غِلاف کِيا اَور بولا - خَير خُدا جو چاهي سو کري - جا تيرِي جان بخشِي کِي - جلد سَوار هو يهان تَوَقُّف کا مکان نہين * گهوڑون کو جلد کِيا اَور چلي - راہ مين افسوس کهاتا اَور پچتاتا جاتا تها * ظُهر کي وقت تک ايک جزِيري مين جا پہُنچي * وهان گهوڑي سي اُترا - مُجهي بهِي اُتارا - زِين خوگِير مرکبون کِي پِيٹهہ سي کهولا اَور چرني کو چهوڑ دِيا * اپنِي بهِي کمر سي هتهيار کهول ڈالي اَور بيٹها - مُجهہ سي بولا - اَي بد نصِيب ! اب اپنا احوال کہہ تو معلُوم هو کہ تُو کَون هَي * مَين ني اپنا نام نِشان بتايا - اَور جو جو کُچهہ بِپتا بِيتِي تهِي اُس سي آخِر تک کہِي *

اُس جَوان ني جب ميرِي سرگُذشت سب سُنِي - روني لگا - اَور مُخاطِب هُوا کہ اَي جَوان ! اب ميرا ماجرا سُن - مَين کنْيا زيرباد کي ديس کي راجا کِي هُون - اَور وُہ گبرو جو زِندانِ سُلَيمان مين قَيد هَي اُس کا نام بهرہ‌مند هَي - ميري پِتا کي منتري کا بيٹا هَي * ايک روز مهاراج ني اگيا دِي کہ جِتني راجا اَور کُنْور هَين - مَيدان مين زير جهروکهي نِکل کر تيراندازِي اَور

چَوگان بازِي کرين - تو گھُڑچڑھي اَور کسب هر ايك کا ظاهِر هو * مَين راني کي نيڑي جو ميرِي ماتا تھِين اٹارِي پر اوجھل مين بَيٹھِي تھِي اَور دائِيان اَور سہيلِيان حاضِر تھِين - تماشا ديکھتِي تھِي * يِہہ دِيوان کا پُوت سب مين سُندر تھا - اَور گھوڑي کو کاوي ديکر کسب کر رها تھا - مُجھہ کو بھايا اَور دِل سي اُس پر رِيجھِي - مُدّت تلك يِہہ بات گُپت رکھِي *

آخِر جب بہُت بياکُل هُوئِي - تب دائِي سي کہا اَور ڈھيرسا اِنعام دِيا * وُہ اُس جَوان کو کِسُو نہ کِسُو ڈھب سي پوشِيدہ ميرِي دِهراهر مين لي آئِي - تب يِہہ بھِي مُجھي چاهني لگا * بہُت دِن اِس عِشق مُشك مين کٹي * ايك روز چَوکِيدارون ني آدھِي رات کو هتھيار باندهي اَور محلّ مين آتي ديکھہ کر اُسي پکڑا اَور راجہ سي کہا * اُسي حُکم قتل کِيا - سب ارکانِ دَولت ني کہہ سُنکر جان بخشِي کروائِي - تب فرمايا کہ اِس زِندانِ سُلَيمان مين ڈال دو * اَور دوُسرا جَوان جو اُس کي همراہ اسير هَي - اُس کا بھگنا هَي - اُس رَين کو وُہ بھِي اُس کي ساتھہ تھا - دونون کو اُس کُوئِي مين چھوڑ دِيا * آج تِين برس هُوئِي کہ وي پھنسي هَين - مگر کِسُو ني نہين دريافت کِيا کہ يِہہ جَوان راجہ کي گھر مين کيون آيا تھا * بھگوان ني ميرِي پت رکھِي * اُس کي شُکراني کي بدلي مَين ني اپني اُوپر لازِم کِيا هَي - کہ انّ اَور جل اُس کو پہنچايا کرون - جب سي اٹھواڑي مين اِيك دِن آتِي هُون - اَور آٹھہ دِن کا آزُقہ اِکٹھا دي جاتِي هُون *

کل کِي رات سپني مين ديکھا کہ کوئِي مانُس کہتا هَي کہ شِتابِي اُٹھہ -

اَور گھوڑا جوڑا اَور کمند اَور کُچھ نقد خرچ کي واسطي لي کر اُس غار پر جا ـ اَور اُس بچاري کو وھان سي نِکال * يہہ سُنکر مَين چَونك پڑي اَور مگن ھوکر مردانہ بھيس کِيا ـ اَور ايك صندُوقچہ جَواھِر و اشرفي سي بھر لِيا ـ اَور يہہ گھوڑا اَور کپڑاجوڑا ليکر وھان گَئي کہ کمند سي اُسي کھَينچُون * کرم مين تيري تھا کہ وَيسي قَيد سي اِس طرح چُھٹکارا پاوي ـ اَور ميري اِس کرتب سي محرم کوئي نِہين ـ شايد وُہ کوئي ديوتا تھا کہ تيري مخلِصي کِي خاطِر مُجھي بھِجْوايا * خَير جو ميري بھاگ مين تھا سو ھُوا * يہہ کتھا کھکر پُورِي کچَورِي ماس کا سالن انگُوچھي سي کھولا ـ پہلي قند نِکال ايك کٹوري مين گھولا اَور عرق بيد مُشك کا اُس مين ڈال کر مُجھي دِيا * مَين ني اُس کي ھاتھ سي ليکر پِيا ـ پھِر تھوڑا سا ناشتا کِيا * بعد ايك ساعت کي ميري تَئين لُنگي بندھوا کر دريا مين ليگئي ـ قَينچي سي ميري سِرکي بال کترِي ـ ناخُن لِيئي ـ نہلا دھُلاکر کپڑي پہنائي ـ نَئي سِر سي آدمِي بنايا * مَين دوگانہ شُکرانِي کا رُوبقِبلہ ھوکر پڑھني لگا ـ وُہ نازنين اِس ميري حرکت کو ديکھتي رھي *

جب نماز سي فارِغ ھُوا پُوچھني لگي ـ کہ يہہ تُو ني کيا کام کِيا؟ مَين ني کہا جِس خالِق ني سارِي خِلقت کو پَيدا کِيا اَور تُجھ سي محبُوبہ سي ميري خِدمت کرْوائِي اَور تيري دِل کو مُجھ پر مِہربان کِيا اَور وَيسي زِندان سي خلاص کرْوايا ـ اُس کي ذات لا شريك ھَي ـ اُس کِي مَين ني عِبادت کِي ـ اَور بندگِي بجا لايا اَور اداي شُکر کِيا * يہہ بات سُنکر کھني لگي ـ تُم مُسلمان ھو؟ مَين ني کہا شُکر الحمدُ لِلّٰہِ * بولِي ميرا دِل تُمھارِي باتون سي

خُوش هُوا - ميري تَئين بهِي سِکهاؤ اَور کلِمہ پڑهاؤ * مَين ني دِل مين کہا
الحمدُ للّٰہِ کہ يہہ هماري دِين کِي شريك هُوئي * غرض مَين ني لا الہ اِلاّ اللّٰہُ
مُحمّدٌ رسُولُ اللّٰہِ پڑها - اَور اُس سي پڑهوايا * پهِر وهان سي گهوڑون پر سَوار
هوکر هم دونون چلي * رات کو اُترتي تو وُہ ذِکر دِين ايمان کا کرتي اَور سُنتي
اَور خُوش هوتي * اِسِي طرح دو مہينې تلك يہہ شبانہ روز چلي گئي *

آخر ايك وِلايت مين پہنچي کہ درميان سرحدِ مُلكِ زيرباد اَور سرانديپ
کي تهِي - ايك شہر نظر آيا کہ آبادِي مين اِستنبول سي بڑا - اَور آب و هوا
بہت خُوش اَور مُوافِق * پادشاہ اُس شہر کا کِسرىٰ سي زيادہ عادِل اَور رعيّت
پرور ديکهہ کر دِل نِہايت شاد هُوا * ايك حويلي خرِيد کرکي بُود باش مُقرر
کي * جب کَئي دِن مين رنج سفر سي آسُودہ هُوئي - کُچهہ اسبابِ ضرورِي
دُرست کرکي اس بي بي سي مُوافِق شرعِ مُحمّدي کي نِکاح کِيا اَور رهني
لگا * تين سال مين وهان کي اکابِر و اصاغِر سي مِل جُل کر اِعتِبار بہم پہنچايا -
اَور تجارت کا تهاٹهہ پهيلايا * آخِر وهان کي سب سوداگرون سي سبقت
ليگيا * ايك روز وزيرِ اعظم کِي خِدمت مين سلام کي لِيئي چلا - ايك
مَيدان مين کثرت خلقُ اللّٰہ کي ديکهي - کِسُو سي پُوچها کہ کيُون اِتنا اِزدِهام
هَي ؟ معلُوم هُوا کہ دو شخصون کو زِنا اَور چوري کرتي پکڑا هَي - اَور شايد خُون
بهِي کِيا هَي - اُن کو سنگ سار کرني کو لائي هَين *

مُجهي سُنتي هي اپنا احوال ياد آيا کہ ايك دِن مُجهي بهِي اِسِي طرح
سُولي چڑهاني ليگئي تهي - خُدا ني بچا لِيا * آيا يِي کَون هَينگي کہ ايسِي

بلا مين گرِفتار ہُوئي ہَين ؟ معلُوم نہين کہ راست ہَي يا ميرِي طرح تُہمت مين گرِفتار ہُوئي ہَين * بھيڑ کو چِير کر اندر گُھسا ۔ ديکھا تو يہي ميري دونون بھائِي ہَين کہ ٹُنڈِيان کسي سروپا برہنہ اُن کو لِيئي جاتي ہَين * اُن کِي صُورت ديکھتي ہِي خُون ني جوش کِيا اَور کليجہ جلا ۔ مُحصِّلون کو ايک مُٹّھي اشرفيان دِين اَور کہا ۔ کہ ايک ساعت تَوقُّف کرو ۔ اَور وہان سي گھوڑي کو سرپٹ پھينک کر حاکِم کي گھر گَيا * ايک دانہ ياقُوتِ بي‌بہا کا نذر گُذرانا ۔ اَور اِن کِي شِفاعت کِي * حاکِم ني کہا ۔ ايک شخص اِن کا مُدّعِي ہَي ۔ اَور اِن کي گُناہ ثابِت ہُوئي ہَين ۔ اَور پادشاہ کا حُکم ہوچُکا ہَي ۔ مَين لاچار ہُون *

باري بہُت مِنّت و زارِي سي حاکِم ني مُدّعِي کو بُلواکر پانچ ہزار رُوپَي پر راضِي کِيا ۔ کہ وُہ دعوِيِ خُون کا مُعاف کري * مَين ني رُوپَي گِن دِئيي ۔ اَور لا دعوِي لِکھوا لِيا اَور اَيسي بلا سي مخلصِي دِلوائِي * جہان پناہ ! اِن سي پُوچھِيئي کہ سچ کہتا ہُون يا جھُوٹھ بکتا ہُون * وي دونون بھائِي سِر نِيچي کِيئي شرمِندہ سي کھڑي تھي * خَير اِن کو چُھڑواکر گھر مين لايا ۔ حمّام کرْوا کر لباس پہنوايا ۔ دِيوان خاني مين مکان رہني کو دِيا * اُس مرتبي اپني قبِيلي کو اِن کي رُوبرُو نہ کِيا ۔ اِن کِي خِدمت مين حاضِر رہتا ۔ اَور اِن کي ساتھ کھانا کھاتا ۔ سوني کِي وقت گھر مين جاتا * تِين برس تلک اِن کِي خاطِر دارِي مين گُذرِي اَور اِن سي بِھي کوئِي حرکتِ بد واقِع نہ ہُوئِي کہ باعِث رَنجِيدگِي کا ہووي ۔ جو مَين سَوار ہوکر کہِين جاتا تو يي گھر مين رہتي *

اِتّفاقًا وُہ بِي‌بِي نيک بخت ايک دِن حمّام کو گَئِي تھِي ۔ جب

ديوانخاني مين آئي کوئي مرد نظر نہ پڑا * اُس ني بُرقع اُتارا ۔ شايد يہہ منجھلا بھائي ليٹا ہُوا جاگتا تھا ۔ ديکھتي ھي عاشق ہُوا * بڑي بھائي سي کہا ۔ دونون ني ميري مار ڈالني کي باھم صلاح کي * مَين اِس حرکت سي مطلق خبر نہ رکھتا تھا ۔ بلکہ دل مين کہتا تھا کہ الحمدُ لِلّٰہ اِس مرتبي اب تک اِنھون ني کُچھہ اَيسي بات نہين کي ۔ اب اِن کي وضع دُرُست ہُوئي ۔ شايد غَيرت کو کام فرمايا * ايک روز بعد کھاني کي بڑي بھائي صاحب آبديدہ ہُوئي ۔ اَور اپني وطن کي تعريف اَور ايران کي خُوبيان بَيان کرني لگي * يہہ سُنکر دُوسري بھي بِسورني لگي * مَين ني کہا اگر ارادہ وطن کا ھي تو بہتر۔ مَين تابع مرضي کي ہُون ۔ ميري بھي يہي آرزُو ھَي * اب اِنشاءُ اللّٰہ تعاليٰ مين بھي آپ کي رِکاب مين چلتا ہُون * اُس بي بي سي دونون بھائيون کي اُداسي کا مذکُور کيا ۔ اَور اپنا اِرادہ بھي کہا * وُہ عاقلہ بولي کہ تُم جانو ليکن پھر کُچھہ دغا کيا چاھتي ھَين ۔ يي تُمھاري جان کي دُشمن ھَين ۔ تُم ني سانپ آستين مين پالي ھَين ۔ اَور اِن کي دوستي کا بھروسا رکھتي ھو! جو جي چاھي سو کرو ۔ ليکن مُوذيون سي خبردار رھو * پھر تقدير تھوري عرصي مين تَيّاري سفر کي کرکي خَيمہ مَيدان مين اِستاد کيا * بڑا قافلہ جمع ہُوا ۔ اَور ميري سرداري اَور قافلہ باشي پر راضي ہُوئي * اچّھي ساعت ديکھکر رَوانہ ہُوا ۔ ليکن اِن کي طرف سي اپني جانب مَين ھوشيار رھتا ۔ اَور سب صُورت سي فرمان برداري اَور دِلجوئي اِن کي کرتا *

ايک روز ايک منزل مين منجھلي بھائي ني مذکُور کيا ۔ کہ ايک فرسخ

اِس مکانْ سي ايک چشمہ جارِي هَي مانند سلسبِيل کي - اورمَيدان مين خُودرُو کوسون تلک لالہ و نافرمان اَور نرگِس و گُلاب پھُولا هَي * واقِعِي عجب مکان سَير کا هَي - اگر اپنا اِختِيار هوتا تو کل وهان جاکر تفريح طبِيعت کِي کرتي - اَور ماندگِي بھِي رفع هوتِي * مَين بولا کہ صاحِبْ مُختار هَين - فرماؤ تو کل کي دِن مقام کرين - اَور وهان چلکر سَير کرتي پھرين * يي بولي - ازين چہ بِہتر؟ مَين ني حُکم کِيا - کہ ساري قافِلي مين پُکار دو کہ کل مقام هَي * اَور بکاول کو کہا کہ حاضِرِي قِسم بہ قِسم کِي تيّار کر - کل سَير کو چلينگي * جب صُبح هُوئِي - اِن دونون برادرون ني کپڑي پہن کمر باندھہ کر مُجھي ياد دِلايا - کہ جلد ٹھنڈي ٹھنڈي چلِئي اَور سَير کِيجِئي * مَين ني سَوارِي مانگِي - بولي کہ پا پِيادہ جو لُطف سَير کا هوتا هَي سو سَوارِي مين معلُوم ؟ نفرون کو کہہ دو گھوڑي ڈَرِياکر لي آوين *

دونون غُلامون ني قلِيان اَور قہوہ دان لي لِيا - اَور ساتھہ هُوئِي * راہ مين تِيراندازِي کرتي هُوئِي چلي جاتي تھي - جب قافِلي سي دُور نِکل گَئي - ايک غُلام کو اِنهون ني کِسِي کام کو بھيجا * تھوڑِي دُور آگي بڑھہ کر دُوسري کو بھِي اُس کي بُلاني کو رُخصت کِيا * کم بختِي جو آئِي ميري مُنھہ مين جَيسي کِسُو ني مُہر دي دِي - جو وُہ چاهتي تھي سو کرتي تھي - اَور مُجھي باتون مين پرچائي لِيئي جاتي تھي - مگر يِہہ کُتّا ساتھہ رہ گَيا * بہُت دُور نِکل گَئي نہ چشمہ نظر آيا نہ گُلذار - مگر ايک مَيدانِ پُرخار تھا - وهان مُجھي ماندگِي لگِي - مَين دم لِينِي کو بَيٹھا * اپني پِيچھي چمک تلوار کِي سِي

ديکهي - مڑکر ديکهون تو منجهلي بهائي صاحب ني مجهہ پر تلوار ماري کہ سر دو پارہ هو گيا * جب تلک بولون کہ اَي ظالم! مجهي کيون مارتا هَي؟ بڑي بهائي ني شاني پر لگائي * دونون زخم کاري لگي - تيورا کر گرا - تب اِن دونون بي رحمون ني بخاطر جمع ميري تَئين چور زخمي کِيا اَور لهو لهان کر دِيا * يِہہ کُتّا ميرا احوال ديکهہ کر اِن پر بهپکا - اِس کو بهي گهايل کِيا * بعد اُس کي اپني هاتهون سي اپني بدنون مين زخمون کي نِشان کِيئي - اَور سروپا برهنہ قافلي مين گئي اَور ظاهر کِيا کہ حرامِيون ني اُس مَيدان مين هماري بهائي کو شهيد کِيا - اَور هم بهي لڑ بهڑ کر زخمي هُوئي * جلدي کُوچ کرو نهين تو اب کاروان پر گِر کر سب کو ننگيا لينگي * قافلي کي لوگون ني بدوون کا نام جو سُنا وونهين بد حَواس هُوئي - اَور گهبرا کر کُوچ کِيا اَور چل نِکلي *

ميري قبيلي ني سُلُوک اَور خُوبيان اُن کي سُن رکهين تهين - جو جو مجهہ سي دغائين کِين تهين - يِہہ وارِدات اِن کاذِبون سي سُنکر جلد خنجر سي اپني تَئين هلاک کِيا اَور جان بحقّ تسلِيم هُوئي * اَي درويشو! اُس خواجۂ سگ پرست ني جب اپني کَيفِيّت اَور مُصِيبت اِس طرح سي يهان تلک کهي - سُنتي هِي مجهي بي اِختِيار رونا آيا * وُہ سَوداگر ديکهہ کر کهني لگا کہ قبلۂ عالم! اگر بي ادبي نہ هوتي تو برهنہ هوکر مَين اپنا سارا بدن کهول کر دِکهاتا * تِس پر بهي اپني راستي پر گريبان مونڈهي تلک چير کر دکهايا * واقِعي چار اُنگل تن اُس کا بغَير زخم کي ثابت نہ تها * ميري

حضور سِر سي عمّامہ اُتارا ۔ کھوپري مين اَيسا بڑا گڑھا پڑا تھا کہ ايک انار
سمُوچا اُس مين سماوي * ارکانِ دَولت جِتني حاضِر تھي سب ني اپني آنکھين
بند کر لِين ۔ طاقت ديکھني کِي نہ رهِي *

پھر خواجہ بولا کہ بادشاہ سلامت! جب يي بھائِي اپني دانِست مين
ميرا کام تمام کر کي چلي گئي ۔ ايک طرف مَين اَور ايک طرف يِہہ سگ
ميري نزدِيک زخمِي پڑا تھا * لہُو اِتنا بدن سي گَيا کہ مُطلق طاقت اَور
هوش کُچھہ باقِي نہ تھا ۔ کيا جانُون دم کہان اَٹک رها تھا کہ جِيتا تھا * جِس
جگہہ مَين پڑا تھا وِلايتِ سرانديپ کِي سرحدّ تھِي ۔ اَور ايک شہر بہُت
آباد اُس کي قرِيب تھا ۔ اُس شہر مين بڑا بُتخانہ تھا ۔ اَوروهان کي بادشاہ
کِي ايک بيٹِي تھِي نِہايت قبُول صُورت اَور صاحِبِ جمال *

اکثر بادشاہ اَور شہزادي اُس کي عِشق مين خراب تھي * وهان رسم
حِجاب کِي نہ تھِي ۔ اِسّي وُہ لڑکِي تمام دِن همجولِيوُن کي ساتھہ سَير شِکار
کرتِي پھِرتِي * هم سي نزدِيک ايک بادشاهِي باغ تھا ۔ اُس روز بادشاہ سي
اِجازت ليکر اُسِي باغ مين آئِي تھِي * سَير کِي خاطِر اُس مَيدان مين پھِرتِي
پھِرتِي آنِکلِي ۔ کئِي خَواصّين بھِي ساتھہ سوار تھِين * جہان مَين پڑا تھا آئين ۔
ميرا کراهنا سُنکر پاس کھڑِي هُوئين * مُجھي اِس حالت مين ديکھکروي
بھاگين اَور شہزادِي سي کہا ۔ کہ ايک مردُوا اَور ايک کُتّا لہُو مين شور بور
پڑا هَي * اُن سي يِہہ سُنکر آپ ملِکہ ميري سِرپر آئِي ۔ افسوس کھاکر
کہا ۔ ديکھو تو کُچھہ جان باقِي هَي؟ دو چار دائِيوُن ني اُتر کر ديکھا اور

عرض کِي ـ اب تلک تو جِيتا هَي * تُرت فرمايا کہ امانت قالِيچي پر لِٹاکر باغ مين لِيچلو کا *

وهان لِيجاکر جرّاح سرکار کا بُلاکر ميري اَور ميري کُتّي کي عِلاج کِي خاطِر بهُت تاکيد کِي ـ اَور اُمّيدوارِ انعام و بخشِش کا کِيا * اُس حجّام ني سارا بدن ميرا پونچهہ پانچهہ کر خاک و خُون سي پاک کِيا ـ اَور شراب سي دهو دها کر زخمون کو ٹانکي مرهم لگايا ـ اَور بيد مُشک کا عرق پانِي کي بدلي ميري حلق مين چوايا * ملِکہ آپ ميري سِرهاني بَيٹهِي رهتِي ـ اَور ميري خدمت کرواتِي ـ اَور تمام دِن رات مين دو چار بار کُچهہ شوربا يا شربت اپني هاتهہ سي پِلاتِي * باري مُجهي هوش آيا تو ديکها کہ ملِکہ نِهايت افسوس سي کهتِي هَي ـ کِس ظالِمِ خُونخوار ني تُجهہ پر يِہہ سِتم کِيا ـ بڑي بُت سي بهِي نہ ڈرا! بعد دس روز کي عرق اَور شربت اَور معجُرنون کِي تُوت سي مَين ني آنکهہ کهولِي ـ ديکها تو اِندر کا اکهاڑا ميري آس پاس جمع هَي ـ اَور ملِکہ سِرهاني کهڑِي هَي * ايک آہ بهرِي اَور چاها کہ کُچهہ حرکت کرُون ـ طاقت نہ پائِي ـ پادشاهزادِي مِهربانِي سي بولِي کہ اَي عجمِي! خاطِر جمع رکهہ کُڑهہ مت ـ اگرچہ کِسُو ظالِم ني تيرا يِہہ احوال کِيا ـ ليکِن بڑي بُت ني مُجهہ کو تُجهہ پر مِهربان کِيا هَي ـ اب چنگا هو جاويگا *

قسم اُس خُدا کِي جو واحِد اَور لاشريک هَي ـ مَين اُسي ديکهہ کرپهربي هوش هو گيَا ـ ملِکہ ني بهِي دريافت کِيا اَور گُلاب پاش سي گُلاب اپني هاتهہ سي چهڑکا * بِيس دِن کي عرصي مين زخم بهر آئي اَور انگُورا کرلائي *

ملکہ ہمیشہ رات کو جب سب سو جاتي ۔ میري پاس آتي اَور کہلا پلا جاتي * غرض ایک چلّي مین غُسل کیا ۔ بادشاہزادي نہایت خُوش ہُوئي ۔ حجّام کو انعام بہُت سا دیا اَور مُجھہ کو پوشاک پہنوائي * خُدا کي فضل سي اَور خبرگیري اَور سعي سي ملکہ کي خُوب چاق چوبند ہُوا ۔ اَور بدن نہایت تیّار ہُوا ۔ اَور کُتّا بھي فربہ ہو گیا * روز مُجھي شراب پلاتي اَور باتین سُنتي اَور خُوش ہوتي * مَین بھي ایک آدھہ نقل یا کہاني انوٹھي کہکر اُس کي دل کو بہلاتا *

ایک دن پُوچھني لگي کہ اپنا احوال تو بَیان کرو کہ تُم کَون ہو ۔ اَور یہہ واردات تُم پر کیُون کر ہُوئي؟ مَین ني سارا ماجرا اپنا اوّل سي آخر تک کہہ سُنایا * سُنکر روني لگي اَور بولي ۔ کہ اب مَین تُجھہ سي اَیسا سُلُوک کرونگي کہ اپني ساري مُصیبت بھُول جاویگا * مَین ني کہا خُدا تُمھین سلامت رکھي ۔ تُم ني نَئي سِر سي میري جان بخشي کي هَي ۔ اب مَین تُمھارا ہو رہا ہُون ۔ واسطي خُدا کي اِسي طرح ہمیشہ مُجھہ پر اپني مہرباني کي نظر رکھیو * غرض تمام رات اکیلي میري پاس بَیٹھي رہتي ۔ اَور صُحبت رکھتي * بعضي دن دائي اُس کي بھي ساتھہ رہتي ۔ ہر ایک طَور کا ذِکر مذکُور سُنتي اَور کہتي * جب ملکہ اُٹھہ جاتي اَور مَین تنہا ہوتا طہارت کر کوني مین چھپ کر نماز پڑھہ لیتا *

ایک بار اَیسا اِتّفاق ہُوا کہ ملکہ اپني باپ کي پاس گئي تھي ۔ مَین خاطر جمع سي وضُو کرکي نماز پڑھہ رہا تھا کہ اچانک شہزادي دائي سي

بولتِي هوئِي آئِي - کہ دیکھین عجمِي اِس وقت کیا کرتا هَي - سوتا هَي یا جاگتا هَي * مُجهي مکان پر جو نہ دیکھا تعجّب مین هُوئِي - کہ اَين یِہہ کہان گَیا هَي؟ کِسُو سي کُچهہ لگّا تو نہِین لگایا * کونا کُتهر دیکھني لگِي اَور تلاش کرنِي لگِي * آخر جهان مَین نماز کر رها تها - وهان آ نِکلِي - اُس لڑکِيّ نِي کبهُو نماز کاهیکو دیکهِي تهِي - چُپکِي کهڑِي دیکها کِي * جب مَیں نِي نماز تمام کرکِي دُعا کي لِیئِي هاتهہ اُتهائِي اَور سِجدي مین گیا - بي اِختِیار کهِلکهِلا کر هنسِي اَور بولِي کیا یِہہ آدمِي سَودائِي هو گَیا - یِہہ کَیسِي کَیسِي حرکتین کر رها هَي؟

مَین هنسنِي کِي آواز سُنکر دِل مین ڈرا * مِلکہ آگي آکر پُوچهني لگِي کہ اَي عجمِي! یِہہ تُو کیا کرتا تها؟ مَین کُچهہ جَوَاب نہ دي سکا * اِس مین دائِي بولِي - بلا لُون - تیرِي صدقي گَئِي - مُجهي یُون معلُوم هوتا هَي کہ یِہہ شخص مُسلمان هَي - اَور لات منات کا دُشمن هَي - ان دیکهي خُدا کو پُوجتا هَي * مِلکہ نِي یِہہ سُنتِي هِي هاتهہ هاتهہ پر مارا - بہُت غُصّي هُوئِي کہ مَین کیا جانتِي تهِي کہ یِہہ تُرک هَي - اَور همارِي خُداؤن سي مُنکِر هَي - تبهِي همارِي بُت کِي غضب مین پڑا تها * مَین نِي ناحقّ اِس کِي پرورِش کِي اَور اپنِي گهر مین رکها * یِہہ کهتِي هُوئِي چلِي گَئِي - مَین سُنتِي هِي بدحوَاس هُوا کہ دیکهِیئِي اب کیا سُلُوک کري * مارِي خَوف کِي نِیند اُچاٹ هوگئِي - صُبح تلک بِي اِختِیار رویا کِیا اَور آنسُوؤن سي مُنهہ دهویا کِیا *

تِين دِن رات اِسي خَوف و رِجا مين روتي گُذري - هرگز آنکهه نه جهپکي * تيسري شب ملِکه شراب کي نشي مين مخمور اَور دائي ساتهه لِيئي ميري مکان پر آئي * غُصّي مين بهري هُوئي اَور تير کمان هاتهه مين لِيئي باهر چمن کي کناري بَيٹهي * دائي سي پِيالا شراب کا مانگا - پيکر کها دَيّا ! وُه عجمي جو همارِي بڑي بُت کي قهر مين گرِفتار هَي - مُوا يا ابتک جِيتا هَي ؟ دائي ني کها بلَيّا لُون کُچهه دم باقِي هَي * بولِي که اب وُه همارِي نظرون سي گرا ليکِن کهه که باهر آوي * دائي ني مُجهي پُکارا - مَين دَوڑا ديکهون تو ملِکه کا چِهره مارِي غُصّي کي تمتما رها هَي - اَور سُرخ هو گَيا هَي * رُوح قالِب مين نه رهِي - سلام کِيا اَور هاتهه باندهه کر کهڑا هُوا * غضب کِي نِگاه سي مُجهي ديکهه کر دائي سي بولِي - اگر مَين اِس دِين کي دُشمن کو تِير سي مارُون - تو ميري خطا بڑا بُت مُعاف کريگا يا نهين ؟ يِهه مُجهه سي بڑا گُناه هُوا هَي - که مَين ني اُسي اپني گهر مين رکهه کر خاطِر دارِي کِي *

دائي ني کها - پادشاهزادِي کي کيا تقصِير هَي ؟ کُچهه دُشمن جان کر نهين رکها - تُم ني اُس پر ترس کهايا - تُم کو نيکي کي عِوض نيکي مِليگي - اَور يِهه اپني بدِي کا ثمره بڑي بُت سي پا رهيگا * يِهه سُنکر کها - دائي ! اِسي بَيٹهني کو کهه - دائي ني مُجهي اِشارت کِي که بَيٹهه جا - مَين بَيٹهه گَيا * ملِکه ني اَور جام شراب کا پِيا اَور دائي سي کها - که اِس کم‌بخت کو بهي ايک پِيالا دي - تو آساني سي مارا جاوي * دائي ني جام دِيا - مَين ني بي عُذر پِيا اَور سلام کِيا - هرگز ميري طرف نِگاه نه کِي - مگر کن‌انکهيون سي

چوري چوري ديکهتي تهي * جب مجهي سرور هوا کچهه شعر پڑهني لگا ۔ ازآنجمله ايک بيت يهه بهي پڑهي *

قابو مين هون مين تيري گو اب جيا تو پهر کيا؟

خنجر تلي کسو ني ٹک دم ليا تو پهر کيا؟

سنکر مسکرائي اور دائي کي طرف ديکهه کر بولي ۔ کيا تجهي نيند آتي هي؟ دائي ني مرضي پاکر کها که هان مجهه پر خواب ني غلبه کيا هي * وه تو رخصت هو کر جهنم واصل هوئي * بعد ايک دم کي ملکه ني پياله مجهه سي مانگا ۔ مين جلد بهر کر روبرو ليگيا * ايک ادا سي ميري هاتهه سي ليکر پي ليا ۔ تب مين قدمون پر گرا ۔ ملکه ني هاتهه مجهه پر جهاڑا اور کهني لگي ۔ اي جاهل! هماري بڑي بت مين کيا برائي ديکهي جو غائب خدا کي پرستش کرني لگا؟ مين ني کها انصاف شرط هي ۔ ٹک غور فرمائيي که بندگي کي لائق وه خدا هي که جس ني ايک قطري پاني سي تمسار کا محبوب پيدا کيا ۔ اور يهه حسن و جمال ديا که ايک آن مين هزارون انسان کي دل کو ديوانه کر ڈالو * بت کيا چيز هي که کوئي اس کي پوجا کري؟ ايک پتهر کو سنگ تراشون ني گڑهه کر صورت بنائي اور دام احمقون کي واسطي بچهايا * جن کو شيطان ني ورغلانا هي ۔ وي مصنوع کو صانع جانتي هين * جسي اپني هاتهون سي بناتي هين ۔ اس کي آگي سر جهکاتي هين * اور هم مسلمان هين ۔ جس ني همين بنايا هي هم اسي مانتي هين ۔ ان کي واسطي دوزخ ۔ هماري ليئي بهشت بنايا هي * اگر پادشاهزادي ايمان

خُدا پر لاوتّي ـ تب اُس کا مزا پاوي ـ اَور حقّ و باطِل مين فرق کري اَور اَپني اِعتِقاد کو غلط سمجھي *

باري اَيسي اَيسي نصِيحتين سُنکر اُس سنگدِل کا دل مُلائِم هُوا * خُدا کي فضل و کرم سي روني لِگي اَور بولِي ـ اچّھا مجھي بھي اپنا دِين سِکھاؤ * مَين ني کلمہ تلقِين کِيا ـ اُن ني بہ صِدقِ دِل پڑھا ـ اَور توبہ اِستِغفار کرکر مُسلمان هُوئي * تب مَين اُس کي پاؤن پڑا ـ صُبح تک کلمہ پڑھتي اَور اِستِغفار کرتي رهي ـ پھر کہني لِگي ـ بھلا مَين ني تو تُمھارا دِين قبُول کِيا ـ ليکن ما باپ کافِر هَين ـ اُن کا کيا عِلاج؟ مَين ني کہا ـ تُمھاري بلا سي جو جَيسا کريگا وَيسا پاويگا * بولِي کہ مُجھي چچا کي بيٹي سي منسُوب کِيا هي ـ اَور وُہ بُت پرست هَي ـ کل کو خُدا نہ خواستہ بياہ هو اَور وُہ کافِر مُجھہ سي مِلي ـ اَور هماري بيٹي بولد هو جاوين ـ تو بڑي قباحت هَي * اِس کي فِکر ابھي سي کِيا چاهِيئي ـ کہ اِس بلا سي نجات پاؤن * مَين ني کہا تُم بات تو معقُول کہتي هو ـ جو مِزاج مين آوي سو کرو * بولِي کہ مَين اب يہان نہ رهُونگي کہين نِکل جاؤنگي * مَين ني پُوچھا کِس صُورت سي بھاگني پاؤگي ـ اَور کہان جاؤگي؟ جَواب دِيا کہ پہلي تُم ميري پاس سي جاؤ ـ مُسلمانون کي ساتھہ سرا مين جا رهو ـ تو سب آدمي سُنين اَور تُم پر گُمان نہ ليجاوين * تم وهان کِشتِيون کِي تلاش مين رهو ـ جو جهاز عجم کِي طرف چلي مُجھي خبر کِيجو ـ مَين اِس واسطي دائي کو تُمھاري پاس اکثر بھيجا کرُونگي ـ جب تم کہلا بھيجوگي مَين نِکل کر آؤنگي اَور کِشتِي پر سَوار هو کر چلي جاؤنگي ـ

اِن کم بخت بي دِينون کي هاتهہ سي مخلصِي پاؤنگِي * مَين ني کہا تُمهارِي جان و اِيمان کي قُربان هُوا ـ دائِي کو کيا کروگِي ؟ بولِي اِس کِي فِکر سهل هَي ـ ايک پِيالي مين زهرِ هلاهل پِلا دُونگِي * يہِي صلاح مُقرّر هُوئِي * جب دِن هُوا مَين کارْوان‌سرا مين گَيا ـ ايک حُجره کِرائِي لِيا اَور جا رها * اُس جُدائِي مين فقط وصل کِي تَوقّع پر جِيتا تها * جب دو مہِينِي مين سَوداگر رُوم و شام و اِصفهان کي جمع هُوئي ـ اِراده کُوچ کا ترِي کِي راه سي کِيا ـ اَور اپنا اسباب جهاز پر چڑهاني لگي * ايک جگہہ رهني سي اکثر آشنا صُورت هوگئي تهي ـ مُجهہ سي کهني لگي کيوُن صاحِب! تُم بهِي چلو نہ ـ يهان کُفرِستان مين کب تلک رهوگي ؟ مَين ني جَواب دِيا کہ ميري پاس کيا هَي جو اپني وطن کو جاؤُن ؟ يہِي ايک لَونڈِي ايک کُتّا ايک صندُوق بِساط مَين رکهتا هُون * اگر تهوڑِي سِي جگہہ بَيٹهہ رهني کو دو اَور اُس کا نَول مُقرّر کرو تو ميري خاطِر جمع هو ـ مَين بهِي سَوار هُون *

سَوداگرون ني ايک کوٹهڑِي ميري تحت مين کر دِي ـ مَين ني اُس کي نَول کا رُوپِيہ بهر دِيا ـ دِل جمعِي کرکر کِسُو بهانِي سي دائِي کي گهر گَيا اَور کہا ـ اَي امّا! تُجهہ سي رُخصت هوني آيا هُون ـ اب وطن کو جاتا هُون * اگر تيري تَوَجّہہ سي ايک نظر مِلکہ کو ديکهہ لُون تو بڑِي بات هَي * باري دائِي ني قبُول کِيا ـ مَين ني کہا مَين رات کو آؤُنگا فُلاني مکان پر کهڑا رهُونگا * بولي اچّها * مَين کہکر سرا مين آيا ـ صنْدُوق اَور بچهوني اُٹها کر جهاز مين لايا اَور ناخُدا کو سَونپ کر کہا ـ کل فجر کو اپني کنِيز کو ليکر آؤُنگا * ناخُدا

بولا جلد آئيو - صبح هم لنگر اُٹھاوينگي * مَين ني کہا بہت خوب * جب رات هُوئي اُسي مکان پر جہان دائي سي وعدہ کِيا تھا - جاکر کھڑا رہا * پہر رات گئي محلّ کا دروازہ کھُلا اَور مِلکہ مَيلي کُچيَلي کپڑي پہني ايک پيٹِي جَواہِر کي لِيئي باهر نکلِي - وُہ پِٹارِي ميري حَوالي کِي اَور ساتھ چلِي * صُبح هوتي کناري دريا کي هم پہُنچي - ايک لنبوت پر سَوار هوکر جہاز مين جا اُتري - يہہ وفادار کُتّا بھِي ساتھ تھا * جب صُبح خُوب روشن هُوئي لنگر اُٹھايا اَور رَوانہ هُوئي - بہ خاطِر جمع چلي جاتي تھي * ايک بندر سي آواز توپون کِي شلّک کِي آئي * سب حَيران اَور فِکرمند هُوئي - جہاز کو لنگر کِيا اَور آپس مين چرچا هوني لگا - کہ کيا شاہِ بندر کُچھ دغا کريگا - توپ چھوڑني کا کيا سبب هَي؟

اِتّفاقاً سب سَوداگرون کي پاس خُوبصُورت لَونڈِيان تھين - شاہِ بندر کي خَوف سي کہ مبادا چھين لي سب ني کنيزکون کو صندُوقون مين بند کِيا * مَين ني بھِي اَيسا هِي کِيا کہ اپني شہزادِي کو صندُوق مين بِٹھاکر قُفل کردِيا * اِس عرصي مين شاہِ بندر ايک غُراب پر بہ معہ نَوکرچاکر بَيٹھا هُوا نظر آيا - آتي آتي جہاز پر آچڑھا - شايد اُس کي آني کا يہہ سبب تھا کہ پادشاہ کو دائِي کي مرني کِي اَور مِلکہ کي غائِب هوني کِي جب خبر معلُوم هُوئي - ماري غَيرت کي اُس کا تو نام نہ لِيا - مگر شاہِ بندر کو حُکم کِيا کہ مَين ني سُنا هَي عجمِي سَوداگرون کي پاس لَونڈِيان خُوب خُوب هَين - سو مَين شہزادِي کي واسطي لِيا چاهتا هُون - تُم اُن کو روک کر جِتنِي لَونڈِيان جہاز

مين هون - حضور مين حاضر کروگي * اُنهين ديکهہ کر جو پسند آوينگي اُن کي قيمت دي جائيگي - نہين تو واپس هونگي *

بہ موجبِ حکم پادشاہ کي يہہ شاہِ بندر اِس لِيئي آپ جهاز پر آيا * اَور ميري نزديک ايک اَور شخص تها - اُس کي پاس بهي ايک باندي قبول صورت صندوق مين بند تهي * شاہِ بندر اُسي صندوق پر آکر بَيٹها اَور لَونڈيون کو نِکلوانِي لگا * مَين ني خُدا کا شُکر کِيا کہ بهلا پادشاهزادي کا مذکور نہين * غرض جِتني لَونڈيان پائين شاہِ بندر کي آدميون ني ناؤ پر چڑهائين * اَور خُود شاہِ بندر جِس صندوق پر بَيٹها تها اُس کي مالک سي بهي هنستي هنستي پُوچها کہ تيري پاس بهي تو لَونڈي تهي - اُس احمق ني کہا آپ کي قدمون کي سَوگند - مَين ني هي يہہ کام نہين کِيا - سبهون ني تُمهاري ڈر سي لَونڈيان صندوقون مين چهپائين هَين * شاہِ بندر ني يہہ بات سُنکر سب صندوقون کا جهاڑا لينا شُرُوع کِيا * ميرا بهي صندوق کهولا اَور مِلکہ کو نِکال کر سب کي ساتهہ ليگيا * عجب طرح کي مايُوسي هُوئي کہ يہہ اَيسي حرکت پيش آئي کہ تيري جان تو مُفت گئي اَور مِلکہ سي ديکهيئي کيا سُلُوک کري *

اُس کي فِکر مين اپني بهي جان کا ڈر بهول گيا - ساري دِن رات خُدا سي دُعا مانگتا رها * جب بڑي فجر هُوئي - سب لَونڈيون کو کشتي پر سَوار کرکي لائي - سَوداگر خُوش هُوئي - اپني اپني کنيزکين لين - سب آئين مگر ايک ملکہ اُن مين نہ تهي * مَين ني پُوچها کہ ميري لَونڈي نہين آئي - اِس کا کيا سبب هَي ؟ اُنهون ني جَواب دِيا کہ هم واقِف نہين - شايد پادشاہ ني

پسند کِي هوگي * سب سَوداگر مُجهي تسلّي اَور دِلاسا دينِي لگي - کہ خَير جو هُوا سو هُوا تُو کُڑھ مت - اُس کِي قِيمت هم سب بهرِي کرکر تُجهي دينگي * ميري حَواسّ باخته هوگئي - مَين ني کها کہ اب مَين عجم نهين جاني کا - کِشتِي والون سي کها يارو! مُجهي بهِي اپني ساتهہ ليچلو - کناري پر اُتار دِيجو * وي راضِي هُوئي - مَين جهاز سي اُترکر غُراب مين آ بَيٹها - يهہ کُتّا بهِي ميري ساتها چلا آيا *

جب بندر مين پهُنچا ايك صندُوقچہ جَواهِر کا جو مِلکہ اپني ساتهہ لائي تهِي اُسي تو رکهہ لِيا - اَور سب اسباب شاهِ بندر کي نَوکرون کو دِيا - اَور مَين جاسُوسِي مين هر کهِين پهِرني لگا کہ شايد خبر مِلکہ کِي پاؤن - ليکن هرگز سُراغ نہ مِلا اَور نہ اِس بات کا پتا پايا * ايك رات کو کِسُو مکر سي بادشاه کي بهِي محلّ مين گيا اَور ڈهُونڈها - کُچهہ خبر نہ مِلي * قرِيب ايك مهِينِي کي شهر کي کُوچي اَور مُحلّي چهان ماري - اَور اُس غم سي اپني تَئِين قرِيب هلاکت کي پهُنچايا - اَور سَودائِي سا پهِرني لگا * آخِر اپني دِل مين خِيال کِيا - کہ غالِب هَي شاهِ بندر کي گهر مين ميرِي بادشاهزادِي هووي تو هووي - نهِين تو اَور کهِين نهِين * شاهِ بندر کِي حَويلِي کي گِرد پيش ديکهتا پهِرتا تها - کہ کهِين سي بهِي جاني کِي راه پاؤن تو اندر جاؤن *

ايك بدررَو نظر پڑِي کہ مُوافِق آدمِي کِي آمدورفت کي هَي - مگر جالِي آهنِي اُس کي دهاني پر جڑِي هَي * يهہ قصد کِيا کہ اِس بدررَو کِي راه سي چلُون - کپڑي بدن سي اُتاري اَور اُس نجس کِيچڑ مين اُترا * هزار محنت

سي اُس جالي کو توڑا اَور سنڈاس کي راہ سي چور محلّ مين گيا * عورتون کا سا لباس بناکر ہر طرف ديکھني بھالني لگا * ايک مکان سي آواز ميري کان مين پڑي جَيسي کوئي مُناجات کر رہا ہَي * آگي جاکر ديکھون تو ملکہ ہَي کہ عجب حالت سي روتي ہَي ـ اَور ناک گھسني کر رہي ہَي اَور خُدا سي دُعا مانگتي ہَي ـ کہ صدقي اپني رسُول کي اَور اُس کي آلِ پاک کي مُجھي اِس کُفرستان سي نجات دي ـ اَور جِس شخص ني مُجھي اِسلام کي راہ بتائي ہَي ـ اُسّي ايک بار خَيريّت سي مِلا * مَين ديکھتي ہي دَوڑکر پانؤن پر گرپڑا ـ ملکہ ني مُجھي گلي لگا ليا ـ ہم دونون پر ايک دم بيہوشي کا عالم ہو گيا * جب حَواسّ بجا ہُوئي مَين ني کَيفيّت ملکہ سي پُوچھي ـ بولي جب شاہ بندر سب لَونڈيون کو کناري پر ليگيا ـ مَين خُدا سي يہي دُعا مانگتي تھي ـ کہ کہين ميرا راز فاش نہ ہو ـ اَور مَين پہچاني نہ جاؤن اَور تيري جان پر آفت نہ آوي * وُہ اَيسا ستّار ہَي کہ ہرگز کِسُو ني نہ دريافت کِيا کہ يِہہ ملکہ ہَي ـ شاہِ بندر ہر ايک کو بہ نظرِ خريداري ديکھتا تھا * جب ميري باري ہُوئي ـ مُجھي پسند کرکر اپني گھر مين چُپکي بھيج ديا ـ اَورون کو پادشاہ کي حُضُور گُذرانا *

ميري باپ ني جب اُن مين مُجھي نہ ديکھا سب کو رُخصت کِيا ـ يِہہ سب پرپنچ ميري واسطي کِيا تھا * اب يُون مشہُور کِيا ہَي کہ پادشاہزادي بہُت بِيمار ہَي ـ اگر مَين ظاہِر نہ ہُوئي تو کوئي دِن مين ميري مرني کي خبر ساري مُلک مين اُڑيگي ـ تو بدنامي پادشاہ کي نہ ہووي * ليکن

اب مَین اِس عذاب مین ہُون کہ شاہِ بندر مُجھ سي اَور ارادہ دِل مین رکھتا ہَي - اَور ہمیشہ ساتھ سونی کو بُلاتا ہَي - مَین راضي نہین ہوتي * ازبسکہ چاہتا ہَي - ابتک میري رضامندي منظُور ہَي - لہذا چُپ ہو رَہتا ہَي * پر حَیران ہُون اِس طرح کہان تک نبھیگي - سو مَین ني بھي جِي مین یہہ ٹھہرایا ہَي کہ جب مُجھ سي کُچھ اَور قصد کریگا تو مَین اپني جان دُونگي اَور مر رہُونگي * لیکن تیري مِلني سي ایک اَور تدبِیر دِل مین سُوجھي ہَي - خُدا چاہي تو سِواي اِس فِکر کي دُوسري کوئي طرح مخلِصي کي نظر نہین آتي *

مَین ني کہا فرماؤ تو - وُہ کَون سي تدبِیر ہَي؟ کہني لگي اگر تُو سعِي اَور محنت کري تو ہو سکي * مَین ني کہا مَین فرمانبردار ہُون - اگر حُکم کرو تو جلتي آگ مین کُود پڑُون - اَور سِیڑھي پاؤن تو تُمھاري خاطِر آسمان پر چلا جاؤن - جو کُچھ فرماؤ سو بجالاؤن * ملِکہ ني کہا تُو بڑي بُت کي بُتخاني مین جا اَور جِس جگہہ جُوتیان اُتارتي ہَین - وہان ایک سِیاہ ٹاٹ پڑا رہتا ہَي * اِس مُلک کي رسم ہَي کہ جو کوئي مُفلِس اَور مُحتاج ہو جاتا ہَي - اُس جگہہ وُہ ٹاٹ اوڑھہ کر بَیٹھتا ہَي - یہان کي لوگ جو زِیارت کو جاتي ہَین مُوافِق اپني اپني مقدُور کي اُسي دیتي ہَین *

جب دو چار دِن مین مال جمع ہوتا ہَي - پنڈِت ایک خِلعت بڑي بُت کي سرکار سي دیکر اُسي رُخصت کرتي ہَین - وُہ توَنگر ہو کر چلا جاتا ہَي - کوئي نہین معلُوم کرتا کہ یہہ کَون تھا * تُو بھي جاکر اُس پلاس کي

نيچي بيٹھہ * اَور ھاتھہ مُنھہ اپنا خُوب طرح چھپا لي اَور کِسوُ سي نہ بول *
بعد تين دِن کي باھمن اَور بُت پرست ھر چند تُجھي خِلعت ديکر رُخصت
کرين - تُو وھان سي ھرگز نہ اُٹھہ * جب نِہايت مِنّت کرين تب تُو بولِيو
کہ مُجھي رُوپيہ پَيسا کُچھہ درکار نہين - مَين مال کا بھُوکھا نہين - مَين مظلُوم
ھُون - فرياد کو آيا ھُون - اگر برھمنون کِي ماتا ميري داد دي تو بہتر - نہين
بڑا بُت ميرا اِنصاف کريگا اَور اُس ظالِم سي بِہي بڑا بُت ميري فرياد کو
پہُنچيگا * جب تلک وُہ ما باھمنون کِي آپ تيري پاس نہ آوي - بہتيرا
کوئي مناوي تُو راضِي نہ ھُوجيو * آخِر لاچار ھوکر وُہ خُود تيري نزديک
آويگي - وُہ بہت بُوڑھي ھَي - دو سَو چالِيس برس کِي عُمر ھَي - اَور چھتّيس
بيٹي اُس کي جني ھُوئي بُتخاني کي سردار ھَين - اَور اُس کا بڑي بُت کي
پاس بڑا درجا ھَي * اِس سبب اُس کا اِتنا بڑا حُکم ھَي کہ جِتني چھوٹي
بڑي اِس مُلک کي ھَين اُس کي کہني کو اپني سعادت جانتي ھَين - جو وُہ
فرماتي ھَي بسروچشم مانتي ھَين * اُس کا دامن پکڑ کر کہيو اَي مائي ! اگر
مُجھہ مظلُوم مُسافر کا اِنصاف ظالِم سي نہ کريگي - تو مَين بڑي بُت کِي خِدمت
مين ٹکّرين مارُونگا - آخِر وُہ رحم کھاکر تُجھہ سي ميري سِفارِش کريگا *

اِس کي بعد وُہ برھمنون کِي ماتا جب تيرا سب احوال پُوچھي
تُو کہيو کہ مَين عجم کا رھني والا ھُون - بڑي بُت کِي زِيارت کِي خاطِر
اَور تُمھاري عدالت سُنکر کالي کوسون سي يہان آيا ھُون * کَئي دِنون
آرام سي رھا - ميري بِي بِي بِھي ميري ساتھہ آئي تِھي - وُہ جوان ھَي اَور

صورت شکل بھي اچھي ھَي اَور آنکھ ناك سي دُرست ھَي ـ معلوم نہين کہ شاہِ بندر ني اُسي کيُون کر ديکھا ـ بہ زور مجھ سي چھين کر اپني گھر مين ڈال دِيا * اَور ھم مسلمانون کا يِہہ قاعِدہ ھَي کہ ـ جو نامحرم عَورت کو اِن کي ديکھي يا چھين لي تو واجِب ھَي کہ اُس کو جِس طرح ھو مار ڈاليں اَور اپني جورُو کو لي لين ـ اَور نہين تو کھانا پينا چھوڑ دين ـ کيُونکہ جب تلك وُہ جِيتا رھي وُہ عَورت خاوِند پر حرام ھَي * اب يہان لاچار ھوکر آيا ھُون ـ ديکھيئي تُم کيا اِنصاف کرتي ھو * جب ملک ني مجھي يِہہ سب سِکھا پڑھا دِيا مَين رُخصت ھو اُسي تابدان کي راہ سي نِکلا ـ اَور وُہ جالِي آھني پھر لگا دِي *

صُبح ھوتي بُتخاني مين گيا اَور وُہ سِياہ پلاس اوڑھ کر بَيٹھا * تين روز مين اِتنا رُوپيہ اَور اشرفِي اَور کپڑا ميري نزديك جمع ھُوا کہ انبار لگ گيا * چَوتھي دِن پنڈِي بھجن کرتي اَور گاتي بجاتي خِلعت لِيئي ميري پاس آئي اَور رُخصت کرني لگي * مَين راضِي نہ ھُوا ـ اَور دُھائِي بڑي بُت کي دِي ـ کہ مَين گدائِي کرني نہين آيا ـ بلکہ اِنصاف کي لِيئي بڑي بُت اَور برھمنون کي ماتا کي پاس آيا ھُون ـ جب تلك اپني داد نہ پاؤُنگا يہان سي نہ جاونگا * وي سُنکر اُس پِير زال کي رُوبرُو گئي ـ اَور ميرا احوال بَيان کِيا * بعد اُس کي ايك چَوبي آيا اَور ميري تَئين کہني لگا ـ کہ چل ماتا بُلاتي ھَي * مَين وونہين ٹاٹ کالا سِر سي پانون تلك اوڑھي ھُوئي دِھري مين گيا * ديکھتا ھُون کہ ايك جڑاؤُ سنگھاسن پر جِس مين لعل الماس اَور موتِي مُونگا لگا ھُوا ھَي

بڑا بت بَیٹھا هَي - اَور ایک کُرسئ زرّین پر فرشِ معقول بِچھا هَيں - اُس پر ایک بُڑھیا سِیاہ پوش مسند تکئي لگائي اَور دو لڑکي دس بارہ برس کي ایک داهني ایک بائين شان و شوکت اَور تجمّل سي بَیٹھي هَي * مُجھي آگي بُلایا - مَین ادب سي آگي گیا اَور تخت کي پائي کو بوسہ دِیا - پھر اُس کا دامن پکڑ لیا * اُس ني میرا احوال پُوچھا - مَین ني اُسي طرح جِس طَور سي مِلکہ ني تعلیم کردِیا تھا ظاهر کِیا *

سُنکر بولي کہ کیا مُسلمان اپني اِستریون کو اوجھل مین رکھتي هَین؟ مَین ني کہا هان تُمھاري بچّون کي خَیر هو - یِہہ همارِي رسمِ قدِیم هَي * بولي کہ تیرا اچّھا مذهب هَي - مَین ابهي حُکم کرتِي هُون کہ شاہِ بندر بمعہٗ تیري جورُو آن کر حاضِر هوتا هَي - اَور اُس گِیدِي کو اَیسِي سِیاست کرُون کہ بارِ دِیگر اَیسِي حرکت نہ کري - اَور سب کي کان کھڑي هون اَور ڈرین * اپني لوگون سي پُوچھني لگِي کہ شاہِ بندر کَون هَي؟ اُس کي یِہہ مجال هُوئي کہ بِگانِي تِرِیا کو بزور چھِین لیتا هَي؟ لوگون ني کہا کہ فُلانا شخص هَي * یِہہ سُن کر اُن دونون لڑکون کو (جو پاس بَیٹھي تھي) فرمایا کہ جلدِي اُس مانُس کو ساتھ لیکر بادشاہ کي پاس جاؤ - اَور کہو کہ ماتا فرماتِي هَي کہ حُکم بڑي بُت کا یِہہ هَي کہ شاہِ بندر آدمِیون پر زور زِیادتِي کرتا هَي - چُنانچہ اِس غرِیب کِي عَورت کو چھِین لِیا هَي اُس کِي تقصِیر بڑي ثابت هُوئي * جلدؔ اُس گُمراہ کي مال کا تالِیقہ کرکر اِس تُرکؔ کي (کہ همارا منظُورِ نظر هَي) حَوالي کر - نہین تو آج رات کو تُو ستّیاناس هوگا - اَور هماري غضب مین

پڑيگا * وي دونون طِفل اُٹھ کر منڈل سي باھر آئي اَور سَوار ھُوئي ـ سب پنڈتي سنکھ بجاتي اَور آرتي گاتي جِلَو مين ھو ليئي *

غرض وھان کي بڑي چھوٹي جھان اُن لڑکون کا پانو پڑتا تھا ـ وھان کي مِٹّي تبرّک جان کر اُٹھا ليتي ـ اَور آنکھون سي لگاتي * اُسي طرح پادشاہ کي قِلعي تک گئي * بادشاہ کو خبر ھُوئي ـ ننگي پانون اِستقبال کي خاطِر نِکل آيا ـ اَور اُن کو بڑي مان مھت سي ليجاکر اپني پاس تخت پر بِٹھايا اَور پُوچھا ـ آج کيُون کر تشرِيف فرمانا ھُوا ؟ اُن دونون برھمن بچّون ني ما کي طرف سي جو کُچھہ سُن آئي تھي کھا ـ اَور بڑي بُت کي خفگِي سي ڈرايا *

پادشاہ ني سُنتي ھِي فرمايا بھُت خُوب ـ اَور اپني نَوکرون کو حُکم کِيا ـ کہ مُحصّل جاوين اَور شاہِ بندر کو بمعہ اُس عَورت کي جلد حُضُور مين حاضِر کرين ـ تو مَين تقصِير اُس کي تجوِيز کرکي سزا دُون * يہہ سُنکر مَين اپني دِل مين گھبرايا کہ يہہ بات تو اچّھي نہ ھُوئي ـ اگر شاہِ بندر کي ساتھہ مِلکہ کو بھِي لاوين تو پردہ فاش ھوگا ـ اَور ميرا کيا احوال ھوگا ؟ دِل مين نِہايت خَوف زدہ ھوکر خُدا کي طرف رُجُوع کِي ـ ليکِن ميري مُنھہ پر ھَوائِيان اُڑني لگِين ـ اَور بدن کانپني لگا * لڑکون ني يہہ ميرا رنگ ديکھہ شايد دريافت کِيا کہ يہہ حُکم اِس کي مرضِي کي مُوافِق نہ ھُوا * وونہِين خفا و برھم ھوکر اُٹھي ـ اَور پادشاہ کو جِھڑک کر بولي اَي مردک! تُو دِيوانہ ھُوا ھَي جو فرمان بردارِي سي بڑي بُت کي نِکلا ـ اَور ھماري بچن کو جھُوٹھہ سمجھا ـ جو دونون کو بُلواکر تحقِيق کِيا چاھتا ھَي ؟ اب خبردار

تو غضب مین بڑي بُت کي پڑا - هم ني تجهي حُکم پہنچا دِیا - اب تو
جان اَور بڑا بُت جاني *

اِس کہني سي پادشاہ کي عجب حالت هُوئي کہ هاتهہ جوڑ کر کهڑا هو گیا -
اَور سِر سي پانؤن تلك رعشہ هو گیا * مِنّت کرکي منانی لگا - یي دونون هرگز
نہ بَیٹهي لیکِن کهڑي رهي * اِس مین جِتني اِمیر اُمرا وهان حاضِر تهي - ایك
مُنہہ هوکر بدگوئي شاہِ بندر کِي کرني لگي - کہ وہ اَیسا هِي حرامزادہ بدکار اَور
پاپِي هَي - اَیسِي اَیسِي حرکتین کرتا هَي کہ حُضُور مین پادشاہ کي کیا کیا
عرض کرین ؟ جو کُچهہ برهمنون کِي ماتا ني کهلا بهیجا هَي دُرُست هَي - اِس
واسطي کہ حُکم بڑي بُت کا هَي - یِہہ دُروغ کیُون کر هوگا ؟ پادشاہ ني جب
سب کِي زبانِي ایك هِي بات سُنِي - اپني کہني سي بہُت خجِل اَور نادِم
هُوا * جلد ایك خِلعتِ پاکیزہ مُجهي دِي - اَور حُکمنامہ اپني هاتهہ سي
لِکهہ اُس پر دستِي مُہر کرکر میري حَوالي کِیا - اَور ایك رُقعہ مادرِ برهمنان
کو لِکها اَور جَواهِر اشرفیون کي خوان لڑکون کي رُوبرُو پیشکش رکهہ کر
رُخصت کِیا * مَین خُوشِي بہ خُوشِي بُتخانی مین آیا اَور اُس بڑهِیا
کي پاس گیا *

پادشاہ کا خطّ جو آیا تها - اُس کا یِہہ مضمُون تها - القاب کي بعد بندگِي
عجز و نِیاز لِکهہ کر لِکها تها - کہ مُوافِق حُکمِ حُضُور کي اِس مردِ مُسلمان کو
خِدمت شاہِ بندر کِي مُقرّر هُوئي - اَور خِلعتّ دِي گئي * اب یِہہ اُس کي
قتل کرني کا مُختار هَي - اَور سارا مال و اموال اُس کا اِس تُرك کا هُوا - جو

چاهي سّو کري * اُمّيدوار هُون کہ ميري تقصير مُعاف هو * برهمنون کي ما ني خُوش هوکر فرمايا کہ نَوبتخاني مين بُتخاني کي نَوبت بجي * اَور پانچ سَو سِپاهي برقنداز جو بال باندهي کَوڙي مارين مُسلّح ميري همراه کر ديئي - اَور حُکم کِيا کہ بندر مين جاکر شاهِ بندر کو دستگير کرکي اِس مُسلمان کي حَوالي کرين - جِس طرح کي عذاب سي اُس کا جي چاهي اُسي ماري * اَور خبردار سِواي اِس عزيز کي کوئي محلّ سرا مين داخِل نہ هووي - اَور اُس کي مال و خزاني کو امانت اُس کي سُپرد کرين * جب يِهہ بہ خُوشي رُخصت کري رسيد اَور صافِي‌نامہ اُس سي ليکر پھِر آوين - اَور ايک سِري پاؤ بُتِ بزُرگ کي سرکار سّي ميري تئين ديکر سَوار کروا کر وِداع کِيا *

جب مَين بندر مين پهنچا ايک آدمي ني بڑه کر شاهِ بندر کو خبر کِي - وُه حَيران سا بَيٹها تها کہ مَين جا پهُنچا * غُصّہ تو دِل مين بهر هي رها تها - ديکهتي هِي شاهِ بندر کو تلْوار کهَينچ کر اَيسي گردن مين لگائي کہ اُس کا سِر الگ بهٹّا سا اُڑ گَيا * اَور وهان کي گُماشتي خزانچي مُشرِف داروغون کو پکڑواکر سب دفتر ضبط کيئي - اَور مَين محلّ مين داخِل هُوا * ملِکہ سي مُلاقات کِي - آپس مين گلي لگ کر روئي اَور شُکر خُدا کا کِيا * مَين ني اُس کي اُس ني ميري آنسُو پونچهي - پهِر باهر مسند پر بَيٹه کر اهلِ کارون کو خِلعتين دِين - اَور اپني اپني خِدمتون پر سب کو بحال کِيا * نوکر اَور غُلامون کو سرفرازِي دِي * وُه لوگ جو منڈپ سي ميري ساتهہ مُتعَيّن هُوئي تهي - هر ايک کو اِنعام و بخشِش ديکر اَور اُن کي جمعدار رِسالدار کو

جوڑي پہناکر رُخصت کِيا ـ اَور جَواہِرِ بيش قِيمت اَور تهان نُوربافِي اَور شال بافِي اَور زردوزِي اَور جِنس و تُحفي ہر ايک مُلک کي اَور نقد بہُت سا پادشاہ کِي نذر کِي خاطِر اَور مُوافق ہر ايک اُمراؤں کي درجہ بہ درجہ اَور بندِياَين کي لِيئي اَور سب بندوں کي تقسيم کرني کِي خاطِر اپني ساتهہ ليکر بعد ايک ہفتي کي مَين بُتکدي مين آيا ـ اَور اُس ماتا کي آگي بہ طرِيق بهينٹ کي رکها *

اُس ني ايک اَور خِلعت سرفرازِي کِي مُجهي بخشِي اَور خِطاب دِيا * پهر پادشاہ کي دربار مين جاکر پيشکش گُذرانِي اَور جو جو ظُلم و فساد شاہِ بندر ني اِيجاد کِيا تها اُس کي مَوقُوف کرني کِي خاطِر عرض کِي * اِس سبب سي پادشاہ اَور امِير سَوداگر سب مُجهہ سي راضِي ہُوئي ـ بہُت نَوازِش مُجهہ پر فرمائِي اَور خِلعت اَور گهوڑا ديکر منصب جاگِير عِنايت کِي ـ اَور آبرُو حُرمت بخشِي * جب پادشاہ کي حُضُور سي باہر آيا ـ شاگِرد پيشون کو اَور اہلِ کارون کو اِتنا کُچهہ ديکر راضِي کِيا کہ سب ميرا کلِمہ پڑهني لگي * غرض مَين بہُت مُرفہ ٱلحال ہو گيا اَور نِہايت چَين و آرام سي اُس مُلک مين مِلکہ سي عقد باندهہ کر رہني لگا ـ اَور خُدا کِي بندگِي کرني لگا * ميري اِنصاف کي باعِث رعِيّت پرجا سب خُوش تهي * مہِيني مين ايکبار بُتخاني مين اَور پادشاہ کي حُضُور آتا جاتا ـ پادشاہ روز بروز زِيادہ سرفرازِي فرماتا *

آخِر مُصاحِبت مين مُجهي داخِل کِيا ـ ميري بي صلاح کوئِي کام نہ کرتا ـ نِہايَت بيفِکري سي زِندگِي گُذرني لگِي ـ مگر خُدا ہِي جانتا ہَي

اکثر اندیشہ اِن دونون بھائیون کا دِل مین آتا کہ وي کہان ھونگي اَور کِس طرح ھونگي * بعد مُدّت دو برس کي ایک قافلہ سوداگرون کا مُلک زیرباد سي اُس بندر مین آیا - وي سب قصد عجم کا رکھتي تھي - اُنھون ني یہہ چاھا کہ دریا کِي راہ سي اپني مُلک کو جاوین * وھان کا قاعدہ یہہ تھا کہ جو کاروان آتا اُس کا سردار سَوغات و تُحفہ ھر ایک مُلک کا میري پاس لاتا اَور نذر گُذرانتا * دوُسري روز مَین اُس کي مکان پر جاتا دہ یکِي بطریق محصُول کي اُس کي مال سي لیتا اَور پرْوانگِي کُوچ کِي دیتا * اِسي طرح وہ سَوداگر زیرباد کي بھي میرِي مُلاقات کو آئي اَور بي بہا پیشکش لائي - دوُسري دِن مَین اُن کي خَیمي مین گیا * دیکھا تو دو آدمِي بھٹي پُراني کپڑي پہني گٹھڑي بُقچي سِر پر اُٹھاکر میري رُوبرُو لاتي ھَین * بعد مُلاحظہ کرنِي کي پھِر اُٹھا لي جاتي ھَین - اَور بڑي محنت اَور خِدمت کر رھي ھَین *

مَین ني خُوب نِجھاکر جو دیکھا تو یہي میري دونون بھائي ھَین * اُس وقت غَیرت اَور حمِیّت ني نہ چاھا کہ اُن کو اِس طرح خِدمتگارِي مین دیکھُون * جب مَین اپني گھر کو چلا آدمِیؤن کو کہا کہ اُن دونو شخصون کو لیئي آؤ * اُن کو لائي - پھرلِباس و پوشاک بنوا دِي اَور اپني پاس رکھا - اُن بدذاتون ني پھر میري مارني کا منصُوبہ کرکر ایک روز آدھي رات مین سب کو غافِل پاکر چوٹّون کِي طرح میري سِرھاني آ پہنُچي * مَین ني اپني جان کي ڈر سي چوکیدارون کو دروازي پر رکھا تھا اَور یہہ کُتّا وفادار میرِي چار پائي کِي پٹّي تلي سوتا تھا - جون اِنھون ني تلواریں مِیان سي کھینچین -

پہلي کُتّي ني بھَونک کر اُن پر حملہ کِيا ـ اُس کي آواز سي سب جاگ پڑي ـ مَين بھي ہل ہلاکر چَونکا * آدميوں ني اُن کو پکڑا ـ معلُوم ہُوا کہ آپ ہِي ہَين * سب لعنتيان ديني لگي ـ کہ با وُجُون اِس خاطِر دارِي کي يہہ کيا حرکت اُن سي ظُہُور مين آئِي؟

پادشاہ سلامت! تب تو مَين بھِي ڈرا ـ مثل مشہُور ہَي ـ ايک خطا دو خطا تيسرِي خطا مادر بخطا * دِل مين بہِي صلاح ٹھہرِي کہ اب اِن کو مُقيّد کرُون ـ ليکن اگر بندِيخاني مين رکھُون تو اِن کا کَون خبرگيران رہيگا؟ بھُوکھ پياس سي مر جائينگي * يا کوئِي اَور سوانگ لائينگي * اِس واسطي قفس مين رکھا ہَي کہ ہميشہ ميرِي نظرون کي تلي رہين تو ميرِي خاطِر جمع رہي ـ مبادا آنکھون سي اوجھل ہو کر کُچھہ اَور مکر کرين * اَور اِس کُتّي کِي عزّت اَور حُرمت اُس کِي نمک‌حلالِي اَور وفادارِي کا سبب ہَي ـ سُبحان اللہ! آدمِئ بيوفا بدتر حَيوانِ باوفا سي ہَي * ميرِي يہہ سر گُذشت تھِي جو حُضُور مين عرض کِي ـ اب خواہ قتل فرمائِيي يا جان بخشِي کِيجي حُکم بادشاہ کا ہَي *

مَين ني سُنکر اُس جوانِ با اِيمان پر آفرِين کِي اَور کہا ـ کہ تيرِي مروّت مين کُچھہ خلل نہين ـ اَور اِن کِي بيحيائِي اَور حرامزادگِي مين ہرگز قُصُور نہين ـ سچ ہَي کُتّي کِي دُم کو بارہ برس گاڑو تو بھِي ٹيڑھِي کِي ٹيڑھِي رہي * اُس کي بعد مَين ني حقِيقت اُن بارھون لعل کِي (کہ اُس کُتّي کي پٹّي مين تھي) پُوچھِي * خواجہ بولا کہ پادشاہ کِي صد و بيست سال کِي عمر ہو ـ

اُسي بندرؔ مين جهان مَين حاکِم تها - بعد تِين چار سال کي ايک روز بالاخاني پر محلّ کي (کہ بُلند تها) واسطي سَير اَور تماشي دريا و صحرا کي مَين بَيٹها تَها - اَور هر طرف ديکهتا تها * ناگاہ ايک طرف جنگل مين کہ وهان شاہ راہ نہ تهي - دو آدمِي کِي تصْوِير سِي نظر آئي کہ چلي چاتِي هَين * دُوربِين ليکر ديکها تو عجب هَيئت کي اِنسان دِکهائِي دِيئي * چوبدارون کو اُن کي بُلاني کي واسطي دَوڑايا *

جب وي آئي معلُوم هُوا کہ ايک عَورت اَور ايک مرد هَي * رنڈِي کو محلّ سرا مين ملِکہ کي پاس بهيج دِيا - اَور مرد کو رُوبرُو بُلايا * ديکها تو ايک جَوان برس بِيس بائِيس کا داڑهي مُوچهہ آغاز هَي - ليکِن دهُوپ کِي گرمِي سي اُس کي چِهري کا رنگ کالي تَوي کا سا هو رها هَي - اَور سرِ کي بال اَور هاتهون کي ناخُن بڑهہ کر بن‌مانُس کِي صُورت بن رها هَي - اَور ايک لڑکا برس تِين چار يک کا کاندهي پر - اَور دو آستِينين کُرتي کِي بهرِي هُوئِين هَيکل کِي طرح گلي مين ڈالي - عجب صُورت اَور عجب وضع اُس کِي ديکهِي - مَين ني نِهايت حَيران هوکر پُوچها اَي عزِيز! تُو کَون هَي اَور کِس مُلک کا باشِندہ هَي اَور يِهہ کيا تيرِي حالت هَي ؟ وُہ جَوان بي اِختِيار روني لگا اَور وُہ همياني کهول کر ميري آگي زمِين پر رکهي اَور بولا - الجُوع الجُوع ! واسطي خُدا کي کُچهہ کهاني کو دو * مُدّت سي گهاس اَور بناس پتّيان کهاتا چلا آتا هُون - ايک ذرّا قُوّت مُجهہ مين باقِي نهين رهِي * ووهِين نان و کباب اَور شراب مَين ني منگوا دِي - وُہ کهاني لگا *

اِتني مين خواجه سرا محلّ سي کئي تهيليان اَور اُس کي تبيلي کي پاس سي لي آيا * مَين ني اُن سب کو کهلوايا ـ هر ايک قِسم کي جَواهر ديکهي که ايک ايک دانه اُن کا خِراج سلطنت کا کها چاهِيئي * ايک سي ايک انمول ڈَول مين اَور تَول مين اَور آبدارِي مين ـ اَور اُن کي چهوٹ پڑني سي سارا مکان بُو قلمُون هو گيا * جب اُس ني ٹکڑا کهايا اَور ايک جام دارُو کا پِيا اَور دم لِيا ـ حَواسّ بجا هُوئي ـ تب مَين ني پُوچها يي پتّهر تُجهي کهان هاتهه لگي ؟ جَواب دِيا که ميرا وطن وِلايتِ آذُربائِيجان هَي ـ لڑکپن مين گهربار ماباپ سي جُدا هو کر بهُت سختِيان کهَينچِين ـ اَور ايک مُدّت تلک مَين زِنده درگور تها ـ اَور کَئي بار مَلَکُ اَلْمَوت کي پنجي سي بچا هُون * مَين ني کها اَي مردِ آدمِي ! مُفصّل کهه تو معلُوم هو * تب وُه اپنا احوال بَيان کرني لگا ـ که ميرا باپ سَوداگر پيشه تها ـ هميشه سفر هِندُوستان و رُوم و چِين و خطا و فرنگ کا کرتا * جب مَين دس برس کا هُوا باپ هِندوُستان کو چلا ـ مُجهي اپني ساتهه ليجاني کو چاها * هرچند والِده ني اَور خالا ممانِي پهوپهِي ني کها که ابهِي يِهه لڑکا هَي لائِق سفر کي نهِين هُوا ـ والِد ني نه مانا اَور کها ـ که مَين بُوڑها هُوا اگر يِهه ميري رُوبرُو تربِيَّت نه هوگا ـ تو يِهه حسرت گور مين ليجاؤُنگا ـ مرد بچّا هَي اب نه سِيکهيگا تو کب سِيکهيگا *

يِهه کهکر مُجهي خواه مخواه ساتهه لِيا اَور رَوانه هُوا ـ خَير و عافِيت سي راه کٹي ـ جب هِندوُستان مين پهُنچي کُچهه جِنس وهان بيچِي ـ اَور وهان کي سَوغات ليکر زيرباد کي مُلک کو گئي * يِهه بهِي سفر به خُوبِي هُوا ـ وهان

سي بهيْ خريد و فروخت کرکي جهاز پر سوار هوئي که جلدي وطن مين پهنچين * بعد ايک مهيني کي ايک روز آندهي اَور طوفان آيا اَور مينهه موسلا دهار برسني لگا - سارا زمين و آسمان دهوان دهار هوگيا اَور پتوار جهاز کي توٹ گئي * معلّم ناخدا سر پيٹني لگي - دس دن تلک هوا اَور موج جيدهر چاهتي تهي ليئي جاتي تهي - گيارهوين روز ايک پهاڑ سي ٹکر کهاکي جهاز پرزي پرزي هو گيا * نه معلوم هوا که باپ اَور نوکر چاکر اَور اسباب کهان گيا *

مَين ني اپني تئين ايک تختي پر ديکها - سه شبانه روز وه پڑا بي اختيار چلا گيا * چوتهي دن کناري پر جا لگا - مجهه مين فقط جان باقي تهي * اُس پر سي اُترکر گهٹنيون چلکر باري کسو نه کسو طرح زمين پر پهنچا * دور سي کهيت نظر آئي اَور بهت سي آدمي وهان جمع تهي - ليکن سب سياه فام اَور ننگي مادر زاد - مجهه سي کچهه بولي ليکن مَين ني اُن کي زبان مطلق نه سمجهي * وه کهيت چنون کا تها - وه آدمي آگ کا الاو جلاکر بوٹون کي هولي کرتي تهي اَور کهاتي تهي - اَور کئي ايک گهر بهي وهان نظر آئي * شايد اُن کي خوراک يهي تهي اَور وهين بستي تهي - مجهي بهي اشارت کرني لگي که تو بهي کها * مَين ني بهي ايک مٹهي اُکهاڑکر بهوني اَور پهانکني لگا - تهوڑا سا پاني پي کر ايک گوشي مين سو رها *

بعد دير کي جب جاگا اُن مين سي ايک شخص ميري نزديک آيا اَور راه دکهاني لگا * مَين ني تهوڑي سي چني اُکهيڑ ليئي اَور اُس راه پر چلا *

ايك كفِ دست مَيدان تھا گويا صحرايِ قيامت كا نمونہ كہا چاہِيئي - وہِي بُونٹ كھاتا ہُوا چلا جاتا تھا * بعد چار دِن كي ايك قِلعہ نظر آيا - جب پاس گَيا تو ايك كوٹ ديكھا بہُت بُلند تمام پتّھر كا اَور ہر ايك الذنگ اُس كِي دو دو كوس كِي - اَور دروازہ ايك سنگ كا تراشا ہُوا ايك قُفلؔ بڑا سا جڑا تھا - ليكِن وہان اِنسان كا نِشان نظر نہ پڑا * وہان سي آگي چلاؔ ايك ٹِيلا ديكھا كہ اُس كِي خاك سُرمي كي رنگ سِياہ تھِي - جب اُس ٹّل كي پار ہُوا تو ايك شہر نظر پڑا بہُت بڑا - گِرد شہر پناہ اَور جابجا بُرج - ايك طرف شہر كي دريا تھا بڑي پاٹ كا * جاتي جاتي دروازي پر گَيا اَور بِسمِ اللہ كہكر قدم اندر رَكھا * ايك شخص كو ديكھا پوشاك اہلِ فرنگ كِي پہنِي ہُوئي كُرسِي پر بَيٹھا ہَي * جون اُن ني مُجھي اجنبِي مُسافِر ديكھا - اَور ميري مُنہہ سي بِسمِ اللہ سُنِي پُكارا كہ آگي آؤ * مَين ني جاكر سلام كِيا - نِہايت مِہربانِي سي سلام كا جَواب دِيا - تُرت ميز پر پانوروٹِي اَور مسكہ اَور مُرغ كا كباب اَور شراب ركھكر كہا پيٹ بھركر كھاؤ * مَين ني تھوڑا سا كھايا اَور پِيا اَور بي خبر ہوكر سويا * جب رات ہوگَئِي تب آنكھ كھُلِي ہاتھ مُنہہ دھويا - پھِر مُجھي كھانا كھِلايا اَور كہا كہ اَي بيٹا ! اپنا احوال كہہ * جو كُچھ مُجھ پر گُذرا تھا سب كہہ سُنايا - تب بولا كہ يہان تُو كيوُن آيا ؟ مَين ني دِقّ ہوكر كہا شايد تُو دِيوانہ ہَي - مَين ني بعد مُدّت كِي مِحنت كي اب بستِي كِي صُورت ديكھِي ہَي - خُدا ني يہان تلك پہُنچايا - اَور تُو كہتا ہَي كيوُن آيا * كہني لگا اب تُو آرام كر - كل جو كہنا ہوگا كہُونگا *

جب صبح ہوئي بولا کوٹھري مين پھاوڑا اَور چھلني اَور توبڑہ ہَي باھر لي آ * مَين ني دِل مين کہا کہ خُدا جاني روٹي کھلاکر کيا محنت مجھہ سي کروائيگا * لاچار وُہ سب نِکالکر اُس کي رُوبرُو لايا * تب اُس ني فرمايا کہ اُس ٹيلي پر جا - اَور ايک گز کي مُوافِق گڑھا کھود وھان سي جو کُچھہ نِکلي اِس چھلني مين چھان - جو نہ چھن سکي اُس توبڑي مين بھرکر ميري پاس لا * مَين وُہ سب چيزين ليکر وھان گيا اَور اُتنا ھِي کھودکر چھان چھُونکر توبڑي مين ڈالا - ديکھا تو سب جَواھِر رنگ برنگ کي تھي - اُن کِي جوت سي آنکھين چَوندھِيا گَئين * اُسِي طرح تھَيلي کو مُونہان مُنہہ بھرکر اُس عزيز کي پاس ليگيا - ديکھکر بولا کہ جو اِس مين بھرا ہَي تُو لي اَور يہان سي جا کہ تيرا رھنا اِس شہر مين خُوب نہين * مَين ني جَواب دِيا کہ صاحِب ني اپنِي جانِب مين بڑي مِہربانگِي کِي کہ اِتنا کُچھہ کنکر پتّھر دِيا - ليکن ميري کِس کام کا؟ جب بھُوکھا ھُونگا تو نہ اِن کو چبا سکُونگا - نہ پيٹ بھريگا - پس اگر اَور بھِي دو تو ميري کِس کام آئينگي؟ وُہ مرد ھنسا اَور کہني لگا کہ مُجھکو تُجھہ پر افسوس آتا ھَي کہ تُو بھِي ھمارِي مانند مُلکِ عجم کا مُتوطِّن ھَي - اِس لئِي مَين منع کرتا ھُون نہين تُو جان - اگرخواہ مخواہ تيرا يہِي قصد ھَي کہ شہر مين جاؤُن - تو ميري انگُوٹھِي ليتا جا - جب بازار کي چَوک مين جاوي تو ايک شخص سُفَيد رِيش وھان بَيٹھا ھوگا - اَور اُس کِي صُورت شکل مُجھہ سي بہُت مُشابِہہ ھَي ميرا بڑا بھائي ھَي * اُس کو يہہ چھاپ دِيجو تو وُہ تيري خبرگيري کريگا - اَور جو کُچھہ وُہ کہي اُسِي مُوافِق کام کِيجو - نہين تو

مفت مارا جائيگا اَور ميرا حُکم يہين تلك هَي ۔ شهر مين ميرا دخل نہين * تب مَين ني وُہ خاتم اُس سي لِي ۔ اَورسلام کرکر رُخصت هُوا * شهرمين گيا ۔ بہُت خاصّ شهر ديکها ۔ کُوچہ و بازار صاف اَور زن و مرد بي حجاب آپس مين خريد و فروخت کرتي ۔ سب خُوش لِباس * مَين سَير کرتا اَور تماشا ديکهتا * جب چَوك کي چَوراهي مين پہنچا ۔ اَيسا اِزدحام تها کہ تهالي پهينکيئي تو آدميون کي سِر پر چلي جائي * خلقت کا يہہ ٹهٹهہ بند رها تها کہ آدمي کو راہ چلنا مُشکِل تها * جب کُچهہ بهيڑ چهٹي مَين بهي دهکّم دهکّا کرتا هُوا آگي گيا * باري اُس عزيز کو ديکها کہ ايك چَوکي پر بَيٹها هَي ۔ اَور ايك جڑاؤُ چُماق رُوبرُو دهرا هَي * مَين ني جاکر سلام کِيا اَور وُہ مُهر دي ۔ نظرِ غضب سي ميري طرف ديکها اَور بولا ۔ کيون تُو يهان آيا ۔ اَور اپني تَئين بلا مين ڈالا؟ مگر ميري بيوقُوف بهائي ني تُجهي منع نہ کِيا تها؟

مَين ني کها ۔ اُنهون ني تو کها ليکن مَين ني نہ مانا ۔ اَور تمام کَيفيّت اپني اِبتدا سي اِنتہا تك کہہ سُنائي * وُہ شخص اُٹها اَور مُجهي ساتهہ ليکر اپني گهر کي طرف چلا ۔ اُس کا مکان پادشاهون کا سا ديکهني مين آيا ۔ اَور بہُت سي نَوکر چاکر اُس کي تهي * جب خِلوت مين جاکر بَيٹها بہ مُلايمت بولا ۔ کہ اَي فرزند! يہہ کيا تُو ني حِماقت کي کہ اپني پانون سي گور مين آيا؟ کوئي بهي اِس کم بخت طِلِسماتي شهر مين آتا هَي؟ مَين ني کها مَين اپنا احوال بيشتر کہہ چُکا هُون ۔ اب تو قِسمت لي آئي ۔ ليکن شفقت فرماکر يهان کي راہ و رسم سي مُطّلِع کِيجي تو معلوم کرون کہ اِس واسطي تُم ني

اَور تُمھاري بھائِي ني مُجھي منع کِيا * تب وُہ جَوانمرد بولا کہ پادشا اَور تمام رَئِيس اِس شہر کي راندي ھُوئي ھَين ـ عجب طرح کا اُن کا رَوِيّا اَور مذھب ھَي * يہان بُتخاني مين ايک بُت ھَي کہ شَيطان اُس کي پيٹ مين سي نام اَور ذات اَور دِين ھر کِسُو کا بَيان کرتا ھَي ـ پس جو کوئِي غرِيب مُسافِر آتا ھَي پادشاہ کو خبر ھوتي ھَي ـ اُسي مندِر مين ليجاتا ھَي ـ اَور بُت کو سجدہ کرواتا ھَي * اگر ڈنڈوت کِي تو بِہتر ـ نہين تو بِچاري کو دريا مين ڈُبوا ديتا ھَي * اگر وُہ چاھي کہ دريا سي نِکل کر بھاگي ـ تو اسکي پانو بہُت بھارِي ھو جاتي ھَين اَيسي کہ زمين مين پھنستي ـ اَيسا طِلِسم اِس شہر مين بنايا ھَي * مُجھہ کو تيري جَوانِي پر رحم آتا ھَي ـ مگر تيري خاطِر ايک تدبِير کرتا ھُون ـ کہ بھلا کوئِي دِن تو تُو جِيتا رھي ـ اَور اِس عذاب سي بچي *

مَين ني پُوچھا وُہ کيا صُورت تجوِيز کِي ھَي؟ اِرشاد ھو * کہني لگا تُجھي کتخُدا کرُون ـ اَور وزِير کي لڑکي تيري خاطِر بياہ لاؤُن * مَين نے جَواب دِيا ـ کہ وزِير اپني بيٹي مُجھہ سي مُفلِس کو کب ديگا؟ مگر جب اُن کا دِين قبُول کرُون؟ سو يِہہ مُجھہ سي نہ ھو سکيگا * کہني لگا اِس شہر کِي يِہہ رسم ھَي کہ جو کوئِي اُس بُت کو سِجدہ کري ـ اگر فقير ھو اَور پادشاہ کِي بيٹي کو مانگي ـ تو اُس کِي خُوشي کِي خاطِر حَوالي کرين ـ اَور اُسي رنجيدہ نہ کرين * اَور ميرا بھي پادشاہ کي نزديک اِعتبار ھَي اَور عزِيز رکھتا ھَي ـ لِہذا سب ارکان اَور اکابِر يہان کي ميري قدر کرتي ھَين * اَور درمِيان ايک ھفتي کي دو دِن بُتکدي مين زِيارت کو جاتي ھَين ـ اَور عِبادت بجا لاتي ھَين ـ

چُنانچہ کل سب جمع هووینگي مَین تُجهي لیجاؤُنگا * یہہ کهکر کہلا پلاکر سُلا رکھا ـ جب صُبح هُوئي مُجهي ساتهہ لیکر بُتخاني کي طرف چلا ـ وهان جاکر جو دیکھا تو آدمي آتي جاتي هَین اَور پرستِش کرتي هَین *

بادشاہ اَور امیر بُت کي سامهني پنڈتون کي پاس سر ننگي کِیئي ادب سي دو زانو بَیٹهي تهي ـ اَور نا کتخُدا لڑکیان اَور لڑکي خوبصُورت جَیسي حُور و پریان چارون طرف صف باندهي کهڑي تهي * تب وُہ عزیز مُجهہ سي مُخاطِب هُوا ـ کہ اب مَین جو کہُون سو کر * مَین ني قبُول کِیا ـ کہ جو فرماؤ سو بجا لاؤُن * بولا کہ پہلي بادشاہ کي هاتهہ پانون کو بوسہ دي ـ بعد اُس کي وزیر کا دامن پکڑ ـ مَین ني وَیسا هِي کِیا * بادشاہ ني پُوچها ـ کہ یہہ کَون هَي اَور کیا کہتا هَي ؟ اُس مرد ني کہا یہہ جَوان میري رِشتي مین هَي ـ بادشاہ کي قدم بوسي کي آرزُو مین دُور سي آیا هَي ـ اِس توقّع پر کہ وزیر اُس کو اپنی غُلامي مین سر بُلند کري ـ اگر حُکم بُت کلان کا اَور مرضي حُضُور کي هووي * بادشاہ ني پُوچها کہ همارا مذهب اَور دِین و آئِین قبول کریگا ـ تو مُبارک هَي * وونهِین بتُخاني کا نقّار خانہ بجني لگا ـ اَور بهاري خِلعت مُجهي پہنائي ـ اَور ایک رسّي سیاہ میري گلي مین ڈالکر کهَینچي هُوئي بُت کي سِنگهاسن کي آگي لیجاکر سجدہ کرْواکر کهڑا کِیا *

بُت سي آواز نِکلي کہ اَي خواجہزادي ! خُوب هُوا کہ تُو همارِي بندگي مین آیا ـ اب همارِي رحمت اَور عِنایت کا اُمّیدوار رہ * یہہ سُنکر سب خلقت ني سِجدہ کِیا اَور زمین مین لوٹني لگي اَور پُکاري ـ دهن هَي کیُون

نہ ہو - تم ایسی ہی ٹھاکر ہو * جب شام ہوئی پادشاہ اَور وزیر سوار ہوکر وزیر کی محلّ میں داخل ہوئی - اَور وزیر کی بیٹی کو اپنی طَور کی رِیت رسم کرکی میری حوالی کیا - اَور بہت سا دان دھیز دیا اَور بہت منّت وار ہوئی کہ بموجب حکم بڑی بُت کی اُسی تمھاری خدمت میں دیا ہَی * ایک مکان میں ہم دونوں کو رکھا - اُس نازنین کو جو مَین نی دیکھا تو فی الواقع اُس کا عالم پری کا سا تھا نکھ سکھ سی درُست * جو جو خوبیاں پدمنی کی سُنی جاتی ہَین سو سب اُس میں مَوجود تھین - بفراغت تمام مَین نی صُحبت کی اَور خُوش ہُئی * صُبح کو غُسل کرکی پادشاہ کی مُجری میں حاضر ہُوا * پادشاہ نی خلعت دامادی کی عنایت کی - اَور حُکم فرمایا کہ ہمیشہ دربار میں حاضر رہا کری * آخر کو بعد چند روز کی پادشاہ کی مُصاحبت میں داخل ہُوا *

پادشاہ میری صُحبت سی نہایت محظُوظ ہوتی - اَور اکثر خلعت اَور انعام عنایت کرتی * اگرچہ دُنیا کی مال سی مَین غنی تھا اِس واسطی کہ میری قبیلی کی پاس اِتنا نقد و جنس اَور جَواہر تھا کہ جس کی حدّ و نہایت نہ تھی * دو سال تلک بہت عَیش و آرام سی گذری * اِتفاقاً وزیرزادی کو پیٹ رہا - جب ستوان سا ہُوا اَور انگذا مہینا گذرکر پُوری دِن ہُوئی پیرین لگین - دائی جنائی آئی - تو مُوا لڑکا پیٹ میں سی نِکلا - اُس کا بِس جیا کو چڑھا - وہ بھی مرگئی * مَین ماری غم کی دیوانہ ہوگیا کہ یہہ کیا آفت ٹُوٹی! اُس کی سِرھانی بَیٹھا روتا تھا - ایکبارگی رونی کی

آواز ساري محلّ مين بُلند هُوئي - اَور چارون طرف سي عَورتين آنّي لگين * جو آتي تهي ايك دو هتّڑ ميري سِر پر مارتي آور اپني اپني سِر کو ننگا کرکي ميري مُنہہ کي مُقابِل کهڑي رهتي - اَور رونا شُروع کرتي * اِتني رنڈِيان اِکٹهي هُوئِن کہ مَين اُن کي درميان مين چهپ گيا - نزديك تها کہ جان نِکل جاوي *

اِتني مين کِسُوني پيچهي سي گريبان ميرا کهينچ کرگهسيٹا - ديکهُون تو وهِي مردِ عجمِي هَي جِس ني مُجهي بياها تها * کهني لگا کہ احمق تُو کِس لِيئي روتا هَي ؟ مَين ني کها اَي ظالِم يِہہ تُو ني کيا بات کهي ؟ ميري پادشاهت لُٹ گئِي - آرام خانہ داري کا گيا گذرا - تُو کهتا هَي کيُون غم کرتا هَي ! وہ عزِيز تبسّم کرکي بولا - کہ اب اپني مَوت کي خاطِر رو * مَين ني پهلي هِي تُجهي کها تها کہ شايد اِس شهر مين تيري اجل لي آئي هَي - سو هِي هُوا - اب سواي مرني کي تيري رِهائِي نهين * آخِر لوگ مُجهي پکڑ کر بتُخاني مين ليگئي - ديکها تو پادشاہ اَور اُمرا اَور چهتِّيس فِرقہ رعيّت پرجا وهان جمع هَين - اَور وزيرزادي کا مال اسول سب دهرا هَي - جو چيز جِسکا جي چاهتا هَي ليتا هي - اَور اُس کي قيمت کي رُوپي دهر ديتا هَي *

غرض سب اسباب کي نقد رُپَي هُوئي - اُن رُپيون کا جَواهِر خريدا گيا - اَور ايك صندُوقچي مين بند کِيا اَور ايك دوسري صندُوق مين نان و حلوا اَور گوشت کي کباب اَور ميوہٴ خُشك و تو اَور کهاني کي چيزين ليکر بهرين - اَور لاش اُس بي‌بي کي ايك صندُوق مين رکهکر صندُوق آنُوتي کا ايك اُونٹ

پر لدّوایا ـ اَور مُجھي سَوار کِیا اَور صندُوقچہ جَواہِر کا میرِي بغل مین دِیا اَور ساري باھمن آگي آگي بھجن کرتي سنکھہ بجاتي چلي ـ اَور پیچھي ایک خِلقت مُبارک بادِي کہتِي ہُوئي ساتھہ ہو لِي * اِس طَور سي اُسِي دروازي سي کہ مَیں پہلي روز آیا تھا شہر کي باھر نِکلا * جونہِین داروغہ کِي نِگاہ مُجھہ پر پڑِي روني لگا اَور بولا کہ اَي کم‌بخت اجل‌گرِفتہ! میرِي بات نہ سُنِي ـ اَور اُس شہر مین جاکر مُفت اپنِي جان دِي ـ میرِي تقصِیر نہِین ـ مَین ني مَنع کِیا تھا * اُن ني یِہہ بات کہِي ـ لیکِن مَین تو ھکّا بکّا ہو رہا تھا ـ نہ زبان یارِي دیتِي تھِي کہ جَواب دُون ـ نہ اَوسان بجا تھي کہ دیکھِیئي انجام میرا کیا ہوتا ھَي *

آخر اُسِي قِلعي کي پاس جِس کا مَین ني پہلي روز دروازہ بند دیکھا تھا لیگئي ـ اَور بہُت سي آدمِیون ني مِلکر قُفل کو کھولا اَور تابُوت اَور صندُوق کو اندر لیچلي * ایک پنڈِت میري نزدِیک آیا اَور سمجھاني لگا ـ کہ مانُس ایک دِن جنم پاتا ھَي ـ اَور ایک روز ناس ہوتا ھَي ـ دُنیا کا یِہِي آواگَون ھَي * اب یِہہ تیرِي اِسْترِي اَور پُوت اَور دھن اَور چالِیس دِن کا اسباب بھوجن کا مَوجُود ھَي ـ اِس کو لي اَور یہان رہ جب تلک بڑا بُت تُجھہ پر مِہربان ہووي * مَین ني غُصّي مین چاہا کہ اُس بُت پر اَور وھان کي رہني‌والون پر اَور اِس رِیت رسم پر لعنت کہُون ـ اَور اُس باھمن کو دھول چھکّڑ کرُون * وہِي مردِ عجمِي اپنِي زبان مین مانِع ہُوا کہ خبردار ہرگِز دم مت مار ـ اگر کُچھہ بھِي بولا تو اُسِي وقت تُجھي جلا دینگي * خَیر جو تیرِي

قسمت مين تها سو هُوا ـ اب خُدا کي کرم سي اُمّيدوار رہ ـ شايد اللّٰہ تُجهي يهان سي جيتا نکالي *

آخر سب مُجهي تنِ تنہا چهوڑکر اُس حِصار سي باهر نِکلي ـ اَور دروازہ پهر مُقفّل کرديا * اُس وقت مَين اپني تنہائي اَور بيبسي پر بياِختيار رويا ـ اَور اُس عَورت کي لوتهہ پر لاتين مارني لگا ـ کہ اَي مُردار اگر تُجهي جنتي هي مرجانا تها بياہ کاهيکو کيا تها ـ اَور پيٹ سي کيُون هُوئي تهي؟ مار موركر پهر چُپکا بَيٹها * اِس مين دِن چڑها اَور دهُوپ گرم هُوئي سر کا بهيجا پکني لگا ـ اَور تعفّن کي ماري رُوح نِکلني لگي * جِيدهر ديکهتا هُون مُردون کي هڈّيان اَور صندُوق جَواهِر کي ڈهير لگي هَين * تب کَئي صندُوق پُراني ليکر نِيچي اُوپر رکهي کہ دِن کو دهُوپ سي اَور رات کو اوس سي بچاؤ هو ـ آپ پاني کي تلاش کرني لگا ـ ايک طرف جهرنا سا ديکها کہ قِلعي کي دِيوار مين پتّهر کا تراشا هُوا گهڑي کي مُنہہ کي مُوافِق هَي * باري کَئي دِن اُس پاني اَور کهاني سي زِندگي هُوئي *

آخر آذُوقہ تمام هُوا ـ مَين گهبرايا اَور خُدا کي جناب مين فرياد کي * وُہ اَيسا کرِيم هَي کہ دروازہ کوٹ کا کهُلا ـ اَور ايک مُردي کو لائي ـ اُس کي ساتهہ ايک پير مرد آيا * جب اُسي بهي چهوڑکر گَئي ـ يہہ دِل مين آيا کہ اِس بُوڑهي کو مارکر اِس کي کهاني کا صندُوق سب کا سب ليلي * ايک صندُوق کا پايا هاتهہ مين ليکر اُس کي پاس گيا ـ وُہ بِچارا سر زانُو پر دهري حَيران بَيٹها تها ـ مَين ني پيچهي سي آکر اُس کي سر مين اَيسا مارا کہ سر

پھٹکر مغز کا گودا نِکل پڑا ـ اَور فِي الفور جان بحقّ تسلِيم ھُوا * اُس کا آذوقہ لیکر مَین کھاني لگا * مُدّت تلک یہي میرا کام تھا کہ جو زِندہ مُردي کي ساتھہ آتا ـ اُسي مَین مار ڈالتا اَور کھاني کا اسباب لیکر بہ فراغت کھاتا *

بعد کِتنِي مُدّت کي ایک مرتبہ ایک لڑکي تابُوت کي همراہ آئي نِہایت قبُول صُورت ـ میري دِل ني نہ چاہا کہ اُسي بِھي مارُون * اُن ني مُجھي دیکھہ اَور ماري ڈر کي بیھوش ھوگئِي * مَین اُس کا بِھي آذوقہ اُٹھاکر اپني پاس لي آیا ـ لیکِن اکیلا نہ کھاتا ـ جب بھُوکھہ لگتِي کھانا اُس کي نزدِیک لیجاتا اَور ساتھہ مِلکر کھاتا * جب اُس عَورت ني دیکھا کہ مُجھي یِہہ شخص نہِین ستاتا ـ دِن بدِن اُس کِي وحشت کم ھُوئِي ـ اَور رام ھوتِي چلِي ـ میري مکان مین آني جاني لگِي * ایک روز اُس کا احوال پُوچھا کہ تُو کَون هَي ؟ اُس ني جَواب دِیا کہ مَین پادشاہ کي وکِیلِ مُطلق کِي بیٹِي ھُون ـ اپني چچا کي بیٹي سي منسُوب ھُوئي تھِي ـ شبِ عرُوسي کي دِن اُسي قولنج ھُوا اَیسا درد سي تڑپھني لگا کہ ایک آن کِي آن مین مرگَیا ـ مُجھي اُس کي تابُوت ساتھہ لاکر یہان چھوڑ گئي هَین * تب اُس ني میرا احوال پُوچھا مَین ني بِھي تمام و کمال بَیان کِیا اَور کہا ـ خُدا ني تُجھي میري خاطِر یہان بھیجا هَي * وُہ مُسکُراکر چُپکِي ھو رھِي *

اُسي طرح کَئِي دِن مین آپس مین مُحبّت زِیادہ ھوگئِي * مَین ني اُسي ارکان مُسلمانِي کي سِکھا کر کلِمہ پڑھایا ـ اَور مُتعہ کرکر صُحبت کِي ـ وُہ بِھي حامِلہ ھُوئِي ـ ایک بیٹا پَیدا ھُوا * قریب تِین برس کي اِسي صُورت

سي گُذري ـ جب لڑکي کا دُودھ بڑھايا ايک روز بي‌بي سي کہا کہ يہان کب تلک رھينگي ـ اَور کِس طرح يہان سي نِکلينگي ؟ وُہ بولِي خُدا نِکالي تو نِکلين ـ نہين تو ايک روز يونہين مر جائينگي * مُجھي اُس کي کہني پر اَور اپني رھني پر کمال رِقّت آئي ـ روتي روتي سو گَيا ـ ايک شخص کو خواب مين ديکھا کہ کہتا هَي پرنالي کِي راہ سي نِکلنا هَي ـ تُو نِکل * مَين ماري خُوشِي کي چَونک پڑا اَور جورُو کو کہا ـ کہ لوهي کِي ميخين اَور سيخين جو پُراني صندُوقون مين هَين جمع کرکر لي آؤ ـ تو اُس کو کُشادہ کرُون * غرض مَين اُس موري کي مُنہہ پر ميخ رکھکر پتھرون سي اَيسا ٹھونکتا کہ تھک جاتا * ايک برس کِي مِحنت مين وُہ سُوراخ اِتنا بڑا هُوا کہ آدمِي نِکل سکي *

بعد اُس کي مُردون کِي آستِينون مين اچّھي اچّھي جَواهِر چُنکر بھري ـ اَور ساتھہ ليکر اُسي راہ سي هم تِينون باهر نِکلي * خُدا کا شُکر کِيا اَور بيٹي کو کاندھي پر بِٹھا لِيا ـ ايک مہينا هُوا هَي کہ سرِراہ چھوڑکر ماري ڈر کي جنگل پہاڑون کِي راہ سي چلا آتا هُون * جب گُرسنگِي هوتِي هَي گھاس پات کھاتا هُون ـ قُوّت بات کہني کِي مُجھہ مين نہين * يِہہ ميري حقيقت هَي جو تُم ني سُني * بادشاہ سلامت ! مَين ني اُس کِي حالت پر ترس کھايا اَور حمّام کرواکر اچّھا لِباس پہنوايا اَور اپنا نائب بنايا ـ اَور ميري گھر مين مِلکہ سي کَئي لڑکي پَيدا هُوئي ـ ليکن خُوردسالي مين مر مر گئي * ايک بيٹا پانچ برس کا هو کر مُوا ـ اُس کي غم مين مِلکہ ني بِھي وفات پائي *

مجھي کمال غم ھُوا اَور وُہ مُلک بغَير اُس کي کاٹني لگا - دِل اُداس ھو گيا - ارادہ عجم کا کِيا * بادشاہ سي عرض کرکر خِدمت شاہِ بندرِي کِي اُس جَوان کو دِلوا دِي * اِس عرصي مين بادشاہ بھِي مرگيا * مَين اُس وفادار کُتّي کو اَور سب مال خزانہ جَوَاھِر ساتھہ ليکر نَيشاپُور مين آ رھا - اِس واسطي کہ ميري بھائيون کي احوال سي کوئي واقِف نہ هووي * مَين خواجہء سگ پرسْت مشھُور ھُوا اَور اِس بدنامِي مين دُگنا محصُول آج تک پادشاہِ اِيران کي سرکار مين بھرتا ھُون *

اِتّفاقاً يِہہ سَوداگر بچّہ وھان گيا - اُس کي وسيلي سي جہان پناہ کا قدم بوس کِيا * مَين ني پُوچھا کيا يِہہ تُمھارا فرزند نہِين؟ خواجہ ني جَواب دِيا - قِبلۂ عالم! يِہہ ميرا بيٹا نہِين آپ ھِي کِي رعِيّت ھَي - ليکن اب ميرا مالِک اَور وارِث جو کُچھہ کہئي سو يہِي ھَي * يِہہ سُنکر سَوداگر بچّي سي مَين ني پُوچھا کہ تُو کِس تاجِر کا لڑکا ھَي - اَور تيري مان باپ کہان رھتي ھَين؟ اُس لڑکي ني زمين چُومِي اَور جان کِي امان مانگِي اَور بولا - کہ يِہہ لَونڈِي سرکار کي وزِير کِي بيٹِي ھَي - ميرا باپ حُضُور کي عِتاب مين بہ سبب اِسِي خواجہ کي لعلون کي پڑا - اَور حُکم يُون ھُوا کہ اگر ايک سال تک اُس کِي بات کُرسِي نِشين نہ ھوگِي تو جان سي مارا جاويگا * مَين ني سُنکر يِہہ بھيس بنايا اَور اپني تئين نَيشاپُور پہُنچايا * خُدا ني خواجہ کو بہ معہ کُتّي اَور لعلون کي حُضُور مين حاضِر کر دِيا * آپ ني تمام احوال سُن لِيا - اُمّيدوار ھُون کہ ميري بُوڑھي باپ کِي مخلصِي ھو *

یہہ بَیان وزیرزادِي سي سُنکر خواجہ ني ایك آہ کي - اَور بي اختیار گِر پڑا * جب گُلاب اُس پر چھڑکا گیا تب هوش مین آیا - اَور بولا کہ هاي کم بختِي ! اِتنِي دُور سي یہہ رنج ومِحنت کھینچ کر مَین اِس توقّع پر آیا تها - کہ اِس سَوداگربچّي کو مُتَبنّي کرکر اپنا فرزند کرُونگا - اَور اپنِي مال متاع کا اِس کو هِبہ نامہ لِکھہ دُونگا - تو میرا نام رهیگا اَور سارا عالم اِسي خواجہ زادہ کهیگا - سو میرا خِیال خام هُوا اَور بِالعکس کام هُوا * اِن ني عَورت هوکر مُجھہ مردِ پِیر کو خراب کِیا - مَین رنڈِي کي چرِتر مین پڑا - اب میري وہ کهاوت هُوئِي - گهر مین رهي نہ تِیرتهہ گئي - مُونڈ مُنڈا فضیحت بهئي *

القصّہ مجهي اُس کِي بي قرارِي اَور نالہ و زارِي پر رحم آیا * خواجہ کو نزدیك بُلایا اَور کان مین مُژدہ اُس کي وصل کا سُنایا کہ غمگین مت هو - اُسي سي تیرِي شادِي کر دینگي - خُدا چاهي تو اَولاد تیرِي هوگِي - اَور یهي تیرِي مالِك هوگِي * اِس خُوش خبرِي کي سُنّي سي فِي الجُملہ اُس کو تسلّي هُوئِي - تب مَین ني کها کہ وزیرزادِي کو محلّ مین لیجاؤ - اَور وزیر کو بِندِیت خانِي سي لي آؤ - اَور حمّام مین نهلاؤ - اَور خِلعت سرفرازِي کِي پهناؤ - اَور جلدِي میري پاس لاؤ * جِس وقت وزِیر آیا - لبِ فرش تك اُس کا اِستِقبال فرمایا - اَور اپنا بزرگ جان کرگلي لگایا اَور نَئي سِرسي قلمدان وزارت کا عِنایت فرمایا - اَور خواجہ کو بهِي جاگِیر و منصب دِیا - اَور ساعتِ سعِید دیکهہ کر وزِیرزادِي سي نِکاح پڑهوا کر منسُوب کِیا *

کَئي سال مین دو بیٹي اَور ایك بیٹِي اُس کي گهر مین پَیدا هُوئي *

چُنانچہ بڑا بیٹا ملِکُ التّجار هَي ۔ اَور چھوٹا هماري سرکار کا مُختار هَي * اَي درویشو! مَین ني اِس لِیئي یِہ نقل تُمهاري سامهني کِي ۔ کہ کل کِي رات دو فقِیرون کِي سر گُذشت مَین ني سُنِي تهِي ۔ اب تم دونون بهِي جو باقِي رَهي هو یِہ سمجهو ۔ کہ هم اُسي مکان مین بَیٹهي هَین اَور مُجهي اپنا خادِم اَور اِس گهر کو اپنا تکیہ جانو * بي وسْواس اپِني اپِني سَیرکا احوال کهو ۔ اَور چندي میري پاس رهو * جب فقِیرون ني پادشاه کِي طرف سي بهُت خاطِر دارِي دیکهِي کهني لگي ۔ خَیر جب تُم ني گداؤن سي اُلفت کِي ۔ تو هم دونون بهِي اپنا ماجرا بَیان کرتي هَین سُنِئي *

سَیرِ تیسري درویش کِي

تِیسرا درویش کوٹ باندھ بَیٹها ۔ اَور اپنِي سَیر کا بَیان اِس طرح سي کرني لگا *

احول اِس فقِیر کا اَي دوستان سُنو ۔ یعني جو مُجهہ پر بِیتِي هَي وُہ داستان سُنو *
جو کُچهہ کہ شاہِ عِشق ني مُجهہ سي کِیا سُلوُک ۔ تفصِیل وار کرتا هُون اُس کا بَیان سُنو *

کہ یِہ کمترِین پادشاہزادہ عجم کا هَي * میري ولِي نعمت وهان کي پادشاه تهي ۔ اَور سِواي میري کوئِي فرزند نہ رکهتي تهي * مَین جَوانِي کي عالم مین مُصاحِبون کي ساتهہ چَوپڑ گنجِیفہ شطْرنج تختہ نرد کهیلا کرتا ۔ یا سَوار هوکر سَیر و شِکار مین مشْغُول رهتا * ایک دِن کا یِہ ماجرا هَي ۔ کہ سَوارِي تَیّار کرْواکر اَور سب یار آشناؤن کو لیکر مَیدان کِي طرف نِکلا * باز

بہرِي جُرّہ باشا سُرخاب اَور تِیتِرون پر اُڑاتا هُوا دُور نِکل گیا * عجب طرح کا ایك قطعہ بہار کا نظر آیا ۔ کہ جِیدهر نِگاہ جاتِي تهِي کوسون تلك سبز اَور پهُولون سي لعل زِمین نظر آتِي تهِي * یِہہ سمان دیکهکر گهوڑون کِي باگین ڈال دِیان ۔ اَور قدم قدم سَیر کرتِي هُوئي چلِي جاتِي تهِي * ناگاہ اُس صحرا مین دیکها کہ ایك کالا هِرن اُس پر زربفت کِي جهُول اَور بهنْور کلِي مُرصّع کِي اَور گهُونگرو سونِي کي زردوزِي پٹّي مین ٹکي هُوئي گلي مین پڑي خاطِر جمع سي اُس مَیدان مین (کہ جهان اِنسان کا دخل نہین ۔ اَور پرندہ پر نہین مارتا ۔) چرتا پهِرتا هَي * همارِي گهوڑون کي سُم کِي آهٹ پاکر چَونکنّا هُوا اَور سِر اُٹهاکر دیکها اَور آہستہ آہستہ چلا *

مُجهي اُس کي دیکهنيِ سي یِہہ شَوق هُوا کہ رفِیقون سي کها کہ تُم یہین کهڑي رهو ۔ مَین اُسي جِیتا پکڑُونگا ۔ خبردار تُم قدم آگي نہ بڑهائِیو ۔ اَور میري پِیچهي نہ آئِیو ۔ اَور گهوڑا میرِي رانون تلي اَیسا پرند تها کہ بارها هِرنون کي اُوپر دَوڑاکر اُن کِي کُرچهالون کو بهُلاکر هاتهون سي پکڑ پکڑ لِیئي تهي * اُس کي عقب دَوڑایا ۔ وُہ دیکهکر چهلانگین بهرنِي لگا اَور هَوا هُوا * گهوڑا بهِي باد سي باتین کرتا تها ۔ لیکِن اُس کِي گرد کو نہ پہنُچا * وُہ رهْوار بهِي پسِینِي پسِینِي هو گیا ۔ اَور میرِي بهِي جِیبهہ مارِي پِیاس کي چٹخني لگِي پر کُچهہ بس نہ چلا * شام هونِي لگِي ۔ اَور مَین کیا جانُون کہان سي کہان نِکل آیا ؟ لاچار هوکر اُسي بهُلاوا دِیا اَور تُرکش مین سي تِیر نِکال کر اَور قُربان سي کمان سنبهالکر چِلّي مین جوڑکر کِشش کان تلك لاکر ران کو اُس کِي تاك ۔ اللہ

اکبر کهکر مارا * باري پهلا هي تیر اُس پانون مین ترازو هُوا - تب لنگڑاتا هُوا پهاڑ کي دامن کي سِمت چلا * فقیر بهي گهوڑي پر سي اُتر پڑا - اَور پا پیاده اُس کي پیچهي لگا - اُس ني کوه کا اِراده کیا اَور مَین ني بهي اُس کا ساتهه دِیا * کئي اُتار چڑهاؤ کي بعد ایک گُنبذ نظر آیا - جب پاس پهُنچا ایک باغچه اَور ایک چشمه دیکها * وُه هرن تو نظرون سي چهلاوا هوگیا - مَین نهایت تهکا تها - هاتهه پانون دهوني لگا *

ایک بارگي آواز رونی کي اُس برج کي اندر سي میري کان مین آئي - جَیسي کوئي کهتا هَي - که اَي بچّي! جس ني تُجهي تیر مارا میري آه کا تیر اُس کي کلیجي مین لگیو - وُه اپني جواني سي پهل نه پاوي - اَور خُدا اُس کو میرا سا دُکهیا بناوي! مَین یِهه سُنکر وهان گیا - دیکها تو ایک بُزرگ ریش سُفَید اچّهي پوشاک پهني ایک مسند پر بَیٹها هَي - اَور هرن آگي لیٹا هَي - اُس کي جانگهه سي تیر کهَینچتا هَي - اَور بد دُعا دیتا هَي * مَین ني سلام کِیا اَور هاتهه جوڑکر کها - که حضرت سلامت - یِهه تقصِیر نا دانسته اِس غُلام سي هُوئي - مَین یِهه نه جانتا تها - خُدا کي واسطي مُعاف کرو * بولا که بي زبان کو تُو ني ستایا هَي - اگر انجان یِهه حرکت تُجهه سي هُوئي - اللّه مُعاف کریگا * مَین پاس جا بَیٹها اَور تیر نِکالني مین شریک هُوا - بڑي دِقّت سي تیر کو نِکالا - اَور زخم مین مرهم بهرکر چهوڑ دِیا - پهر هاتهه دهو دهاکر اُس پیر مرد ني کُچهه حاضِري جو اُس وقت مَوجُود تهي مُجهي کهِلائي * مَین ني کها پي کر ایک چار پائي پر لنبي تاني *

ماندگِي کي سبب خُوب پیٹ بھرکر سویا ـ اُس نِیند مین آواز نَوحہ و زارِي کِي کان مین آئِي ـ آنکھین ملکر جو دیکھتا ھُون تو اُس مکان مین نہ وُہ بُوڑھا ھَي نہ کوئِي اَور ھَي * اکیلا مَین پلنگ پر لیٹا ھُون ـ اَور وُہ دالان خالِي پڑا ھَي * چارون طرف بھَیانك ھوکر دیکھنے لگا ـ ایك کونے مین پردہ پڑا نظر آیا ـ وھان جاکر اُسے اُٹھایا ـ دیکھا تو ایك تخت بِچھا ھَي اَور اُس پر ایك پرِیزاد عَورت برس چَودہ ایك کِي مہتاب کِي سِي صُورت اَور زُلفین دونون طرف چھُوٹین ھُوئِین ھنستا چہرہ فرنگِي لِباس پہنے ھُوئے عجب ادا سے دیکھتِي ھَي اَور بَیٹھِي ھَي * اَور وُہ بُزُرگ اپنا سِر اُس کي پانون پر دھرے بے اِختیار رو رھا ھَي ـ اَور ھوش حَواس کھو رھا ھَي * مَین اُس پِیر مرد کا یِہہ احوال اَور اُس نازنین کا حُسن و جمال دیکھکر مُرجھا گیا اَور مُردے کِي طرح بیجان ھوکر گِرپڑا * وُہ مردِ بُزُرگ یِہہ میرا حال دیکھکر شِیشہ گُلاب کا لے آیا اَور مُجھہ پر چھِڑکنے لگا * جب مَین جِیتا اُٹھکر اُس معشُوق کے مُقابِل جاکر سلام کِیا ـ اُس نے ھرگِز نہ ھاتھ اُٹھایا اَور نہ ھونٹھ ھِلایا * مَین نے کہا اَي گُلبدن اِتنا غُرُور کرنا اَور جَواب سلام کا نہ دینا کِس مذھب مین دُرُست ھَي ؟

کم بولنا ادا ھَرچند ـ پرنہ اِتنا ـ مُند جاي چشمِ عاشِق تو بھِي وُہ مُنہہ نہ کھولے *

واسطے اُس خُدا کے جِس نے تُجھے بنایا ھَي کُچھہ تو مُنہہ سے بول ـ ھم بھِي اِتّفاقاً یہان آ نِکلے ھَین ـ مِہمان کِي خاطِر ضرُور ھَي * مَین نے بہُتیرِي باتین بنائِین لیکِن کُچھہ کام نہ آئِین ـ وُہ چُپکِي بُت کِي طرح

بَیٹھي سُنا کِي ۔ تب مَین نِي بهِي آگي بڑھکر هاتھ پانون پر چلایا جب پانون کو چهیڑا تو سخت معلُوم هُوا * آخِر یِهہ دریافت کِیا کہ پتّھرسي اِس لعل کو تراشا هَي ۔ اَور آذر نِي اِس بُت کو بنایا هَي * تب اُس پِیر مرد بُت پرست سي پُوچھا ۔ کہ مَین نِي تیري هِرن کِي ٹانگ مین کهپرا مارا ۔ تُو نِي اِس عِشق کِي ناوک سي میرا کلیجہ چهیدکر وار پار کِیا ۔ تیرِي دُعا قبُول هُوئِي ۔ اب اِس کِي کَیفِیّت مُفصّل بَیان کر ۔ کہ یِهہ طِلسم کیُون بنایا هَي ۔ اَور تُو نِي بستِي کو چهوڑکر جنگل پہاڑ کیُون بستا هَي ؟ تُجهہ پر جو کُچهہ بِیتا هَي مُجهہ سي کہہ *

جب اُس کا بہُت پِیچها لِیا تب اُس نِي جَواب دِیا ۔ کہ اِس بات نِي مُجهي تو خراب کِیا ۔ کیا تُو بهِي سُنکر هلاك هُوا چاهتا هَي ؟ مَین نِي کہا لو اب بہُت مکرچکرکِیا ۔ مطلب کِي بات کهو ۔ نہِین تو مار ڈالُونگا * مُجهي نِهایت درپَي دیکهکر بولا ۔ اَي جَوان ! حقّ تعالِي هرایك اِنسان کو عِشق کِي آنچ سي محفُوظ رکهي ۔ دیکهہ تو اِس عِشق نِي کیا کیا آفتین برپا کِي هَین ! عِشق هِي کي ماري عَورت خاوِند کي ساتھ ستِي هوتِي هَي اَور اپنِي جان کهوتِي هَي ۔ اَور فرهاد و مجنُون کا قِصّہ سب کو معلُوم هَي * تُو اُس کي سُننِي سي کیا پهل پاویگا ؟ ناحقّ گهربار دَولت دُنیا چهوڑ چهاڑ کر نِکل جاویگا ؟ مَین نِي جَواب دِیا ۔ بس اب اپنِي دوستِي تہہ کر رکهو اِس وقت مُجهي اپنا دُشمن سمجهو ۔ اگر جان عزِیز هَي تو صاف کهو * لاچار هوکر آنسُو بهر لایا اَور کہنِي لگا ۔ کہ مُجهہ خانہ خراب کِي یِهہ حقِیقت هَي ۔ کہ بندي کا نام

نِعمان سَیّاح هَي - مَین بڑا سَوداگر تها * اِس سِن مین تِجارت کيّ سبب هفت اِقلیم کِي سَیر کي - اَور سب پادشاهون کِي خِدمت مین رسائِي هُوئِي *

ایک بار یِہہ خِیال جِي مین آیا - کہ چارون دانگ مُلک تو پِهرا لیکِن جزِیرہ٘ فرنگ کِي طرف نہ گیا - اَور وهان کي پادشاہ کو اَور رِعیّت و سِپاہ کو نہ دیکها - اَور رسم و راہ وهان کِي کُچهہ نہ دریافت هُوئِي - ایک دفعہ وهان بهِي چلا چاهِئي * رفِیقون اَور شفِیقون سي صلاح لیکر اِرادہ مُصمّم کِیا - اَور تُحفہ هدایا جُهان تہان کا جو وهان کي لائِق تها لِیا - اَور ایک قافِلہ سَوداگرون کا اِکٹّها کرکر جهاز پر سَوار هوکر رَوانہ هوا * هَوا جو مُوافِق پائِي کئِي مهینون مین اُس مُلک مین جا داخِل هُوا - شہر مین ڈیرا کِیا * عجب شہر دیکها کہ کوئِي شہر اُس شہر کِي خُوبِي کو نہِین پہُنچتا - هر ایک بازار و کُوچي مین پُختہ سڑکین بنِي هُوئِین - اَور چهڑکاؤ کِیا هُوا - صفائِي اَیسِي کہ ایک تِنکا کہِین پڑا نظر نہ آیا کُوڑي کا تو کیا ذِکر هَي؟ اَور عِمارتین رنگ بہ رنگ کِي اَور رات کو رستون مین دو رستہ قدم بہ قدم روشنِي - اَور شہر کي باهر باغات کہ جِن مین عجائِب گل بُوٹي اَور میوي نظر آئي - کہ شاید سِواي بِہِشت کي کہِین اَور نہ هونگي - جو وهان کِي تعرِیف کرون سو بجا هَي *

غرض سَوداگرون کي آني کا چرچا هُوا - ایک خواجہ سرا مُعتبر سَوار هوکر اَور کئِي خِدمتگار ساتهہ لیکر قافِلي مین آیا اَور بیوپارِیون سي پُوچها کہ تُمهارا سردار کَون سا هَي؟ سبهون نِي میرِي طرف اِشارت کِي - وُہ محلّي میري مکان مین آیا - مَین تعظِیم بجا لایا - باهم سلام علَیک هُوئِي - اُس کو سوزنِي

پر بِٹھایا ـ تکیئي کِي تَواضُع کِي * بعد اُسکي مَین نِي پُوچھا کہ صاحب کي تشریف لانِي کا کیا باعِث هَي؟ فرمایئي * جَواب دِیا کہ شہزادِي نِي سُنا هَي کہ سَوداگر آئي هَین ــ اَور بہُت جِنس لائي هَین ـ لِہذا مجھ کو حُکم کِیا کہ جاکر اُن کو حُضُور مین لِي آؤ * پس تُم جو کُچھ اسباب لائق پادشاهوں کِي سرکار کي هو ساتھ لیکر چلو ـ اَور سعادت آستانہ بوسِي کِي حاصِل کرو *

مَین نِي جَواب دِیا کہ آج تو ماندگِي کي باعِث قاصِر هُون ـ کل جان ومال سي حاضِر هُون ـ جو کُچھ اِس عاجِز کي پاس مَوجُود هَي نذر گُذرانُونگا ـ جو پسند آوي مال سرکار کا هَي * یِہہ وعدہ کرکر اَور عطر پان دیکر خواجہ کو رُخصت کِیا اَور سب سَوداگرون کو اپني پاس بُلاکر جو جو تُحفہ جِس کي پاس تھا لي لیکر جمع کِیا ـ اَور جو میري گھر مین تھا وُہ بھِي لِیا ـ اَور صُبح کي وقت دروازي پر پادشاهِي محلّ کي حاضِر هُوا * باري دروان نِي میرِي خبر عرض کِي ـ حُکم هُوا کہ حُضُور مین لاؤ ـ وهِي خواجہ سرا نِکلا اَور میرا هاتھ هاتھ مین لیکر دوستِي کِي راہ سي باتین کرتا هُوا لیچلا * پہلي خواصّ پُري سي هوکر ایک مکانِ عالیشان مین لیگیا * اَي عزیز تُو باور نہ کریگا یِہہ عالم نظر آیا گویا پر کاٹکر پریون کو چھوڑ دِیا هَي * جِس طرف دیکھتا تھا نِگاہ گڑ جاتِي تھِي ـ پانون زمین سي اُکھڑي جاتِي تھي * بہ زور اپني تئین سنبھالتا هُوا رُوبرُو پہُنچا ـ جونہین پادشاهزادِي پر نظر پڑِي غش کِي نَوبت هُوئي ـ اَور هاتھ پانون مین رعشہ هوگیا *

بہر صُورت سلام کِیا ـ دونون طرف دستِ راست اَور دستِ چپ صف بہ صف نازنینانِ پرِیچہرہ دست بستہ کھڑِین تِھین * مَین جو کُچھ قِسمِ جَواہِر اَور پارچہ پوشاکِي اَور تُحفہ اپنی ساتھہ لیگیا تھا ـ جب کَئِي کِشتِیان حُضُور مین چُنِدین گئِین (از بسکِہ سب جِنس لائِق پسند کي تِھي) خُوش ہوکر خانسامان کي حَوالي ہُوئِي اَور فرمایا ـ کہ قِیمت اِس کِي بہ مُوجِبِ فرد کي کل دِي جائیگِي ـ مَین تسلِیمات بجا لایا اَور دِل مین خُوش ہُوا کہ اِس بہانی سي بھلا کل بِھي آنا ہوگا * جب رُخصت ہوکر باہر آیا تو سَودائِي کِي طرح کہتا کُچھ تھا اَور مُنہہ سي کُچھہ نِکلتا تھا * اُسِي طرح سرا مین آیا لیکن حَواسّ بجا نہ تھي * سب آشنا دوست پُوچھني لگي کہ تُمہارِي کیا حالت ہَي؟ مَین نِي کہا اِتنِي آمد و رفت سي گرمِي دِماغ مین چڑھ گَئِي ہَي *

غرض وُہ رات تلپھتي کاٹِي ـ فجر کو پِھر جاکر حاضِر ہُوا اَور اُسِي خواجہ کي ساتھہ پِھر محلّ مین پہُنچا ـ وہِي عالم جو کل دیکھا تھا دیکھا ـ پادشاہزادِي نِي مُجھي دیکھا اَور ہر ایک کو اپنی اپنی کام پر رُخصت کِیا * جب پرچھا ہُوا خِلوت مین اُٹھ گئِین ـ اَور مجُھي طلب کِیا * جب مَین وہان گَیا بَیٹھنی کا حُکم کِیا ـ مَین آداب بجا لاکر بَیٹھا ـ فرمایا کہ یہان جو تُو آیا اَور یِہہ اسباب لایا اُس مین منافِع کِتنا منظُور ہَي؟ مَین نِي عرض کِي کہ آپ کي قدم دیکھني کِي بڑِي خواہِش تِھي ـ سُو خُدا نِي مُیسّر کِي ـ اب مَین نِي سب کُچھہ بھر پایا ـ اَور دونون جہان کِي سعادت حاصِل ہُوئِي ـ اَور

قِیمت جو کُچھہ فِہرِست مین هَي نِصف کِي خرِید هَي - اَور نِصف نفع هَي * فرمایا نہِین - جو قِیمت تُونِي لِکھِي هَي وُہ عِنایت هوگِي - بلکہِ اَور بھِي اِنعام دِیا جائیگا - بشرطیکہ ایک کام تُجھہ سي هو سکي تو حُکم کرُون *

مَین نِي کہا کہ غُلام کا جان و مال اگر سرکار کِي کام آوي تو مَین اپنِي طالِعون کِي خُوبِي سمجھُون - اَور آنکھون سي کرُون * یِہہ سُنکر قلمدان یاد فرمایا - ایک شُقّہ لِکھا اَور موتِیون کِي ڈُلمِیان مین رکھکر ایک رومال شبنم کا اُوپر لپیٹکر میري حَوالي کِیا - اَور ایک انگُوٹھِي نِشان کِي واسطي اُنگلِي سي اُتار دِي اَور کہا - کہ اُس طرف کو ایک بڑا باغ هَي - دِلکُشا اُس کا نام هَي - وهان تُو جاکر ایک شخص کَیخُسرُو نام داروغہ هَي - اُس کي هاتھہ مین یِہہ انگُشترِي دِیجو اَور همارِي طرف سي دُعا کہِیو اَور اِس رُقعہ کا جَواب مانگِیو لیکِن جلد آئِیو - اگر کھانا وهان کھائِیو تو پانِي یہان پِیجو - اِس کام کا اِنعام تُجھي اَیسا دُونگِي کہ تُو دیکھیگا * مَین رُخصت هُوا اَور پُوچھتا پُوچھتا چلا - قرِیب دو کوس کِي جب گَیا وُہ باغ نظر پڑا * جب پاس پہُنچا ایک عزِیز مُسلّح مُجھہ کو پکڑکي دروازي مین باغ کي لیگَیا * دیکھُون تو ایک جَوان شیر کِي سِي صُورت سونِي کِي کُرسِي پر زِرہء داؤُدِي پہنِي چار آئِینہ باندھي فَولادِي خُود سِر پر دھرِي نِہایت شان و شَوکت سي بَیٹھا هَي - اَور پانسَي جَوان تَیّار ڈھال تلوار هاتھہ مین لِیئي اَور ترکش کمان باندھي مُستعِدّ پرا باندھي کھڑِي هَین *

مَین نی سلام کیا ـ مُجھی نزدیک بُلایا * مَین نی وُہ خاتم دِی اَور خُوشامد کِی باتین کرکر وُہ رُومال دِکھایا ـ اَور شُقّی کِی بھِی لانی کا احوال کہا * اُس نی سُنتی ھِی اُنگلِی دانتون سی کاٹِی ـ اَور سِر دھُن‌کر بولا کہ شاید تیرِی اجل تُجھہ کو لی آئِی ھَی ـ خَیر باغ کِی اندر جا ـ سرْو کِی درخت مین ایک آھنِی پنجرہ لٹکتا ھَی ـ اُس مین ایک جَوان قَید ھَی ـ اُس کو یِہہ خطّ دیکر جَواب لیکر جلدِی پھِر آ * مَین شِتاب باغ مین گھُسا ـ باغ کیا تھا ـ گویا جِیتی جِی بہِشت مین گَیا * ایک ایک چمن رنگ برنگ کا پھُول رھا تھا ـ اَور فَوّارِی چھُوٹ رھی تھی ـ جانْور چہچہی مار رھی تھی * مَین سِیدھا چلا گَیا اَور اُس درخت مین وُہ قفص دیکھا ـ اُس مین ایک جَوانِ حسِین نظر آیا * مَین نی ادب سی سِر نِھُوڑ آیا اَور سلام کِیا ـ اَور وُہ خریطہء سر بمُھر پنجرِی کِی تیلِیون کِی راہ سی دِیا * وُہ عزِیز رقُعہ کھول کر پڑھنی لگا اَور مُجھہ سی مُشتاق وار احوال ملِکہ کا پُوچھنی لگا *

ابھِی باتین تمام نہ ھُوئِین تھِین کہ ایک فَوج زنگِیوُن کِی نمُود ھُوئِی اَور چارون طرف سی مُجھہ پر آ ٹُوٹِی ـ اَور بی تحاشِی برچھِی و تلوار مارنی لگِی * ایک آدمِی نِہتّھی کِی بِساط کیا؟ ایک دم مین چُور زخمِی کر دِیا ـ مُجھی کُچھہ اپنِی سُدھہ بُدھہ نہ رھِی * پھِر جو ھوش آیا اپنی تَئِین چار پائِی پر پایا کہ دو پیادی اُٹھائی لِیئی جاتی ھَین ـ اَور آپس مین بتِیاتی ھَین * ایک نی کہا اِس مُردی کِی لوتھہ کو مَیدان مین پھینک دو ـ کُتّی کوّی کھائینگی * دُوسرا بولا اگر پادشاہ تحقِیق کری اَور یِہہ خبر پہُنچی تو جِیتا

گڑوا دیئے اَور بال بچّون کو کولھُو مین پڑوا دي * کیا همین اپني جان بھاري پڑي هَي جو اَیسي نامعقُول حرکت کرین ؟

مَین ني یہہ گُفتگُو سُن‌کر دونون یاجُوج ماجُوج سي کہا کہ واسطي خُدا کي مُجھہ پر رحم کرو - ابھي مُجھہ مین ایک رمق جان باقي هَي - جب مر جاؤنگا جو تُمھارا جي چاهیگا سو کیجو * مُردہ بدستِ زندہ - لیکن یہہ تو کہو مُجھہ پر یہہ کیا حقیقت بیتي - مُجھي کیوُن مارا - اَور تُم کَون هو؟ بھلا اِتنا تو کہہ سُناؤ * تب اُنھون ني رحم کھاکر کہا کہ وُہ جَوان جو قفص مین بند هَي اِس پادشاہ کا بھتیجا هَي - اَور پہلي اِس کا باپ تخت نشین تھا * رحلت کي وقت یہہ وصیّت اپني بھائي کو کي - کہ ابھي میرا بیٹا جو وارث اِس سلطنت کا هَي لڑکا اَور بي شُعُور هَي - کار بار پادشاهت کا خَیر خواهي اَور هوشیاري سي تُم کیا کیجو * جب یہہ بالغ هو اپني بیٹي سي شادي اِس کي کر دیجو - اَور مُختار تمام مُلک اَور خزاني کا کیجو *

یہہ کہکر اُنھون ني وفات پائي - اَور سلطنت کي نَوبت چھوٹي بھائي پر آئي * اُس ني وصیّت پر عمل نہ کیا - بلکہ دیوانہ اَور سَودائي مشہُور کرکي پنجري مین ڈال دیا - اَور چَوکي گاڑھي چارون طرف باغ کي رکھي هَي کہ پرندہ پر نہین مار سکتا - اَور کَئي مرتبي زهرِ هلاهل دیا هَي - لیکن زندگي زبردست هَي اثر نہین کیا * اب وُہ شہزادي اَور یہہ شہزادہ دونون عاشق معشُوق بن رهي هَین * وُہ گھر مین تلپھي هَي - اَور یہہ قفص مین تڑپھي

هَي ـ تیري هاتهہ شَوق کا نامہ اُس ني بهیجا ـ یِہہ خبر هرکارون نيّ بجِنس پادشاه کو پهُنچائي ـ حبشیون کا دستہ مُتعَیّن هُوا تیرا یِہہ احوال کِیا اَور اُس جَوانِ قَیدي کي قتل کِي وزِیر سي تدبِیر پُوچهي * اُس نمك حرام ني مِلکہ کو راضِي کِیا هَي کہ اُس بي گُناه کو پادشاه کي حُضُور اپني هاتهہ سيّ شہزادِي مار ڈالي *

مَین ني کہا چلو مرتي مرتي یِہہ بهي تماشا دیکهلین * آخِر راضِي هوکر وُه دونون اَور مَین زخمِي چُپکي ایك گوشي مین جاکر کهڑي هُوئي ـ دیکها تو تخت پر پادشاه بَیٹها هَي اَور مِلکہ کي هاتهہ مین ننگي تلوار هَي اَور شہزادي کو پِنجري سي باهر نِکالکر رُوبرُو کهڑا کِیا * مِلکہ جلّاد بنکر شمشیرِ برهنہ لِیئي هُوئي اپني عاشِق کي قتل کرني کو آئي * جب نزدیك پهُنچي تلوار پهینك دِي اَور گلي مین چمٹ گئي * تب وُہ عاشِق بولا کہ اَیسي مرني پر مَین راضِي هُون ـ یہان بهي تیري آرزُو هَي وهان بهي تیري تمنّا رهیگي * مِلکہ بولي کہ اِس بہاني سي مَین تیري دیکهني کو ائي تهي * پادشاه یِہہ حرکت دیکهکر سخت برهم هُوا اَور وزِیر کو ڈانٹا کہ تُو یِہہ تماسا مُجهي دِکهلاني کو لایا تها؟ محلّي مِلکہ کو جُدا کرکي محلّ مین لیگئي ـ اَور وزِیر ني خفا هوکر تلوار اُٹهائي ور پادشاهزادي کي اُوپر دَوڑا کہ ایك هِي وار مین کام اُس بِچاري کا تمام کري * جون چاهتا هَي کہ تیغا چلاوي غَیب سي ایك تِیرِ ناگہانِي اُس کِي پیشانِي پر بَیٹها ـ کہ دو سار هو گیا اَور وُہ گِر پڑا *

پادشاه یِہہ وارِدات دیکهکر محلّ مین گهس گئي ـ جَوان کو پهِر قفص

مین بندکرکر باغ مین لیگئي - مَین بهِي وهان سي نِکلا * راه مین سي ایک آدمِي مُجهي بُلاکر مَلِکہ کي حُضُور لیگیا - مُجهي گهائل دیکهکر ایک جرّاح کو بُلوایا اَور نِہایت تقیّد سي فرمایا کہ اِس جَوان کو جلد چنگا کرکي غُسل شِفا کا دي - یہِي تیرا مُجرا هَي - اِس کي اُوپر جِتنِي مِحنت تُو کریگا وَیسا هِي اِنعام اَور سرفرازِي پاویگا * غرض وُہ جرّاح بمُوجِب اِرشاد مَلِکہ کي تنک و دَو کرکي ایک چِلّي مین نہلا دهُلا مُجهي حُضُور مین لیگیا * مَلِکہ ني پُوچها کہ اب تو کُچهہ کسر باقِي نہین رهِي ؟ مَین ني کہا کہ آپ کِي تَوَجُّہہ سي اب هٹّا کٹّا هُون * تب مَلِکہ ني ایک خِلعت اَور بہُت سي رُوپَي جو فرمائي تهي بلکہ اُس سي بهِي دوچند عطا کِئي اَور رُخصت کِیا *

مَین ني وهان سي سب رفِیق اَور نَوکر چاکرون کو لیکر کُوچ کِیا * جب اِس مقام پر پہُنچا سب کو کہا - تُم اپنِي وطن کو جاؤ - اَور مَین ني اِس پہاڑ پر یہہ مکان اَور اُس کِي صُورت بناکر اپنا رهنا مُقرّر کِیا - اَور نَوکرون اَور غُلامون کو مُوافِق هر ایک کِي قدر کي رُوپَي دیکر آزاد کِیا - اَور یہہ کہہ دِیا کہ جب تلک مَین جِیتا رهُون مَیري قُوت کِي خبرگیرِي تُمہین ضُرُور هَي آگي مُختار هو * اب وهِي اپنِي نمک حلالِي سي میري کهانِي کِي خبرلیتي هَین - اَور مَین بہ خاطِر جمع اِس بُت کِي پرستِش کرتا هُون - جب تلک جِیتا هُون میرا یہِي کام هَي * یہہ میرِي سر گُذشت هَي جو تُو ني سُنِي * یا فقُرا مَین ني بہ مُجرّد سُنّي اِس قِصّي کي کفنِي گلي مین ڈالِي - اَور فقیرون کا لِباس کِیا اَور اِشتِیاق مین فرنگ کي مُلک کي دیکهني کي رَوانہ هُوا *

کتني ایك عرصي مین جنگل پہاڑون کي سَیر کرتا هُوا مجنُون اَور فرهاد کي صُورت بن گیا *

آخر میري شَوق ني اُس شہر تلك پہنچایا ـ گلي کُوچي مین باوٴلا سا پهرني لگا ـ اکثر ملکہ کي محلّ کي آس پاس رها کرتا ـ لیکن کوئي ڈهبّ اَیسا نہ هوتا جو وهان تلك رسائي هو * عجب حَیراني تهي کہ جِس واسطي یہہ محنت کشي کرکر گیا ـ وُہ مطلب هاتهہ نہ آیا * ایك دِن بازار مین کهڑا تها کہ ایك بارگي آدمي بهاگني لگي ـ اَور دُوکان دار دُوکانین بند کرکي چلي گئي ـ یا وُہ رَونق تهي یا سُن سان هو گیا * ایك طرف سي ایك جَوان رُستم کا سا کلّہ جبڑا شیر کي مانند گُونجتا اَور تلوار دو دستي جهاڑتا هُوا زرہ بکتر گلي مین اَور ٹوپ جهلم کا سِر پر اَور طمانچي کي جوڑي کمر مین کَیفي کي طرح بکتا جهکتا نظر ایا ـ اَور اُس کي پیچهي دو غُلام بنات کي پوشاك پہني ایك تابُوت مخملِ کاشاني سي مڑها هُوا سِر پر لیئي چلي آتي هَین *

مَین ني یہہ تماشا دیکهکر ساتهہ چلني کا قصد کیا * جو کوئي آدمي میري نظر پڑتا مُجهي منع کرتا ـ لیکن مَین کب سُنتا هُون ؟ رفتہ رفتہ وُہ جَوان مرد ایك عالیشان مکان مین چلا ـ مَین بهي ساتهہ هُوا * اُس ني پهرتي هي چاها کہ ایك هاتهہ ماري اَور مُجهي دو ٹُکڑي کري ـ مَین ني اُسي قسم دي کہ مَین بهي یہي چاهتا هُون ـ مَین ني اپنا خُون مُعاف کیا ـ کِسُو طرح مُجهي اِس زِندگي کي عذاب سي چهڑا دي کہ نِہایت بہ تنگ آیا هُون * مَین جان

بوجهکر تیري سامهني آیا هُون - دیر مت کر * مُجهي مرني پر ثابت قدم دیکهکر خُدا ني اُس کي دِل مین رحم ڈالا - اَور غُصّہ بهي ٹهنڈها هُوا * بهُت توجّہ اَور مِہربانِي سي پُوچها کہ تُو کَون هَي - اَور کیُون اپنِي زِندگِي سي بیزار هوا هَي ؟

مَین ني کہا ذرّا بَیٹهِیئي تو کہُون - میرا قِصّہ بہُت دُور و دراز هَي - اَور عِشق کي پنجي مین گِرفتار هُون اِس سبب لاچار هُون * یِہہ سُنکر اُس ني اپنِي کمر کهولي اَور هاتهہ مُنہہ دهو دهاکر کُچهہ ناشتا کیا - مُجهي بهِي باعِث هُوا * جب فراغت کرکي بَیٹها بولا - کہہ تُجهہ پر کیا گُذرِي ؟ مَین ني سب وارِدات اُس پِیرمرد کِي اَور مَلِکہ کِي اَور اپني وهان جاني کِي کہہ سُنائِي * پہلی سُنکر رویا اَور یِہہ کہا کہ اِس کم بخت ني کِس کِس کا گهر گهالا - لیکن بهلا تیرا عِلاج میري هاتهہ مین هَي * اغلب هَي کہ اِس عاصِي کي سبب سي تُو اپنِي مُراد کو پہُنچي - اَور تُو اندیشہ نہ کر اَور خاطِر جمع رکهہ * حجّام کو فرمایا کہ اِس کِي حجامت کرکي حمّام کروا دي * ایک جوڑا کپڑا اُس کي غُلام ني لاکر پہنایا - تب مُجهہ سي کہني لگا کہ یِہہ تابُوت جو تُو ني دیکها اُسِي شہزادۂ مرحُوم کا هَي جو قفص مین مُقَیّد تها - اُس کو دُوسري وزِیر ني آخِر مکر سي مارا - اُس کِي تو نجات هُوئِي کہ مظلُوم مارا گیا * مَین اُس کا کوکا هُون - مَین ني بهِي اُس وزِیر کو بہ ضربِ شمشیر مارا - اَور پادشاہ کي مارني کا ارادہ کِیا - پادشاہ گِڑگِڑایا اَور سَوگند کهاني لگا کہ مَین بي گناہ هُون - مَین ني اُسي نامرد جانکر چهوڑ دِیا * تب سي میرا کام یہِي هَي کہ هر مہینی

کِي نَو چندِي جُمیرات کو مَین اِس تابُوت کو اِسِي طرح شہر مٓین لِیئی پھِرتا ہُون اَور اِس کا ماتم کرتا ہُون *

اُس کِي زبانِي یِہہ احوال سُنّي سي مُجھي تسلّي ہُوئي کہ اگر یِہہ چاھیگا تو میرا مقصد بر آویگا - خُدا ني بڑا اِحسان کِیا جو اَیسي جُنُونِي کو مُجھہ پر مِہربان کِیا - سچ ھَي خُدا مِہربان ہو تو کُلّ مِہربان * جب شام ہُوئِي اَور آفتاب غُرُوب ہُوا اُس جَوان ني تابُوت کو نِکالا اَور ایک غُلام کي عِوَض وُہ تابُوت میري سِر پر دھرا اَور اپني ساتھہ لیکر چلا * فرماني لگا کہ مِلکہ کي نزدِیک جاتا ہُون - تیرِي سِفارِش تا بہ مقدُور کرُونگا - تُو ھرگِز دم نہ مارِیو - چُپکا بَیٹھا سُنا کِیجو * مَین ني کہا جو کُچھہ صاحِب فرماتي ھَین سو ھِي کرُونگا - خُدا تُم کو سلامت رکھي جو میري احوال پر ترس کھاتي ہو * اُس جَوان ني قصد پادشاھِي باغ کا کِیا - جب اندر داخِل ہُوا ایک چبُوترہ سنگِ مرمر کا ھشت پہلُو باغ کي صحن مین تھا - اَور اُس پر ایک نمگیرہ سُفیَد بادلي کا موتِیون کِي جھالر لگِي ہُوئِي الماس کي اِستادون پر کھڑا تھا - اَور ایک مسندِ مُغرّق بِچھِي تھِي - گاوتکیہ اَور بغلِي تکیئي زربفت کي لگي ہُوئي - وُہ تابُوت وھان رکھوایا اَور ھم دونون کو فرمایا کہ اُس درخت کي پاس جاکر بَیٹھو *

بعد ایک ساعت کي مشعل کي روشنِي نظر آئِي - مِلکہ آپ کَئِي خواصّین پس و پیش اِھتِمام کرتِي ہُوئِین تشرِیف لائِین - لیکن اُداسي اَور خفگِي چِہرِي پر ظاھِر تھِي - آکر مسند پر بَیٹھِین * یِہہ کوکا ادب سي دست

بستہ کھڑا رھا - پھر ادب سي دور فرش کي کناري مودب بیٹھا * فاتحہ پڑھین اور کُچھہ باتین کرني لگا * مَین کان لگائي سُن رھا تھا * آخر اُس جوان ني کہا کہ ملکہ جہان سلامت! مُلك عجم کا شہزادہ آپ کي خوبیان اور محبوبیان غائبانہ سُنکر اپني سلطنت کو برباد دي فقیر بن مانند ابراھیم ادھم کي تباہ ھو اور بڑي محنت کھینچکر یہان تلك آ پہنچا ھَي * سائین تیري کارني چھوڑا شہر بلخ - اور اِس شہر مین بہت دِنون سي حیران پریشان پھرتا ھَي * آخر وہ قصد مرني کا کرکي میري ساتھہ لگ چلا - مَین ني تلوار سي دڑایا اُس ني گردن آگي دھر دِي - اور قسم دِي کہ اب مَین یِہي چاھتا ھون دیر مت کر * غرض تُمھاري عِشق مین ثابت ھَي - مَین ني خوب آزمایا - سب طرح پورا پایا * اِس سبب سي اِس کا مذکور مَین درمیان لایا - اگر حضور سي اُس کي احوال پر مُسافر جانکر توجّہہ ھو تو خُدا ترسي اور حقّ شِناسِي سي دُور نہین *

یِہہ ذِکر ملکہ ني سُنکر فرمایا کہان ھَي؟ اگر شہزادہ ھَي تو کیا مُضایقہ؟ روبرو آوي * وہ کوکا وھان سي اُٹھکر آیا اور مُجھي ساتھہ لیکر گیا * مَین ملکہ کي دیکھني سي نِہایت شاد ھُوا - لیکن عقل و ھوش برباد ھُوئي - عالم سُکوت کا ھو گیا - یِہہ ھِواؤ نہ پڑا کہ کُچھہ کہون * ایك دم مین ملکہ سِدھارِي اور کوکا اپني مکان کو چلا - گھر آکر بولا کہ مَین ني تیري سب حقِیقت اوّل سي آخر تك ملکہ کو کہہ سُنائي - اور سِفارِش بھِي کِي - اب تُو ھمیشہ رات کو بِلاناغہ جایا کر - اور عَیش خُوشي منایا کر * مَین اُس کي قدم پر گر پڑا -

اُس ني گلي لگا لیا * تمام دِن گھڑیان گِنتا رہا - کہ کب سانجھہ ہو جو مَین جاؤن؟ جب رات ہُوئي مَین اُس جوان سي رُخصت ہوکر چلا - اَور پائین باغ مین ملکہ کي چبوتري پر تکیہ لگاکر جا بَیٹھا *

بعد ایک گھڑي کي ملکہ تنِ تنہا ایک خواص کو ساتھہ لیکر آہستہ آہستہ آکر مسند پر بَیٹھِین * خوش طالعي سي یِہہ دِن مُیسّر ہُوا - مَین نے قدم بوس کِیا - اُنھون ني میرا سِر اُٹھا لِیا اَور گلي سي لگا لِیا اَور بولِین کہ اِس فُرصت کو غنیمت جان - اَور میرا کہا مان - مُجھي یہان سي لي نِکل - کِسو اَور مُلک کو چل * مَین ني کہا چلِیئي * یِہہ کہکر ہم دونون باغ کي باہر تو ہوئي - پر حَیرت سي اَور خُوشي سي ہاتھہ پانون پھُول گئي اَور راہ بھُول گئي اَور ایک طرف کو چلي جاتي تھي - پر کُچھہ ٹھِکانا نہین پاتي تھي * ملکہ برہم ہوکر بولِي کہ اب مَین تھک گئي - تیرا مکان کہان هَي؟ جلد چلکر پہُنچ - نہین تو کیا کِیا چاہتا هَي؟ میري پانون مین پھپھولي پڑ گئي هَین - رستي مین کہین بَیٹھہ جاؤنگي *

مَین ني کہا کہ میري غُلام کي حَویلي نزدیک هَي اب آ پہُنچي - خاطر جمع رکھو اَور قدم اُٹھاؤ * جھُوٹھہ تو بولا پر دِل مین حَیران تھا کہ کہان لیجاؤن؟ عَین راہ پر ایک دروازہ مُقفّل نظر پڑا - جلدي سي قُفل کو توڑکر مکان کي بھیتر گئي - اچّھي حَویلي فرش بِچھا ہُوا شراب کي شیشي بھري قرینی سي طاق مین دھري - اَور باورچي خاني مین نان کباب تیّار تھي * ماندگي کمال ہو رہي تھي - ایک ایک گُلابي شرابِ پُرتکالي کي اُس گزک کي ساتھہ لِي -

اَور سارِيْ رات باهم خُوشِي کِي * جب اِس چَین سي صُبح هُوئي شهر مین غُل مچا که شهزادِي غائِب هُوئي * محلّ محلّ کُوچه کُوچه منادِي پهِرنِي لگِي * اَور جاسُوس اَور هرکارِي چهُوٹي که جهان سي هاته آوي پَیدا کرین ــ اَور سب دروازون پر شهر کي پادشاهِي غُلامون کِي چَوکِي آبَیٹهِي * گُذربانون کو حُکم هُوا که بغَیر پروانگِي چیُونٹِي باهر شهر کي نه نِکل سکي - جو کوئِي سُراغ مِلکه کا لاویگا هزار اشرفِي اَور خِلعت اِنعام پاویگا * تمام شهر مین کُٹنِیان پهِرنِي اَور گهر گهر مین گهسنِي لگِین *

مُجهي جو کم بختِي لگِي دروازه بند نه کِیا ــ ایک بُڑهِیا شَیطان کِي خالا (اُس کا خُدا کري مُنه کالا) هاته مین تسبِیح لٹکائي بُرقع اوڑهي دروازه کُهلا پاکر نِدهڑک چلِي آئي اَور سامهني مِلکه کي کهڑِي هوکر هاته اُٹهاکر دُعا دینِي لگِي - که اِلهِي تیرِي نته چُوڑِي سُهاگ کِي سلامت رهي! اَور کماؤ کِي پگڑِي قائم رهي * مَین غرِیب رنڈیا فقِیرنِي هُون ــ ایک بیٹِي میرِي هَي که وه دوجِي سي پُورِي دِنون دردِ زِه مین مرتِي هَي ــ اَور مُجهکو اِتنِي وسعت نهِین که ادّهِي کا تیل چِراغ مین جلاؤُن ــ کهانِي پِینِي کو تو کهان سي لاؤُن * اگر مرگئِي تو گور کفن کیُونکر کرُونگِي - اَور جنِي تو دائِي جنائِي کو کیا دُونگِي - اَور جچّا کو ستهوارا اچهوانِي کهان سي پِلاؤُنگِي ؟ آج دو دِن هُوئي هَین که بهُوکهي پِیاسِي پڑِي هَي - اي صاحِبزادِي اپنِي خَیر کُچه ٹُکڑا پارچه دِلا تو اُس کو پانِي پِینِي کا ادهار هو *

مِلکه نِي ترس کهاکر اپنِي نزدِیک بُلاکر چار نان اَور کباب اَور ایک انگُوٹهِي

چھُنگلِیا سي اُتار کر حَوالي کِي کہ اِس کو بیچ باچھکر گھنا پاتا بنا دِیجو۔ اَور خاطِر جمع سي گُذران کِیجو اَور کبھُو آیا کِیجو تیرا گھر هَي * اس ني اپني دِل کا مُدّعا جِس کِي تلاش مین آئي تھي بہ جِنس پایا۔ خُوشِي سي دُعائین دیتي اَور بلائین لیتي دفع هُوئي * ڈیوڑھي مین نان کباب پھینک دئیي۔ مگر انگوٹھي کو مُٹّھي مین لي لِیا کہ پتا ملِکہ کي هاتھ کا میري هاتھ آیا * خُدا اُس آفت سي جو بچایا چاهي اُس مکان کا مالِک جَوان‌مردِ سپاهِي تازِي گھوڑي پر چڑھا هُوا نیزہ هاتھ مین لِیئي شِکاربند سي ایک هِرن لٹکائي آ پہُنچا * اپنِي حَویلِي کا تالا ٹُوٹا اَور کِواڑ کھُلي پائي ۔ اُس دلّالہ کو نِکلتي دیکھا ۔ ماري غُصّي کي ایک هاتھ سي اُس کي جھونٹي پکڑکر لٹکا لِیا اور گھر مین آیا * اُس کي دونون پانون مین رسّي باندھکر ایک درخت کي ٹہنِي مین لٹکایا ۔ سِر تلي پانون اُوپر کئِي ایک دم مین تڑپھ تڑپھکر مر گئِي * اُس مرد کِي صُورت دیکھکر یہہ هَیبت غالِب هُوئي کہ هَوایان مُنہہ پر اُڑني لگِین اَور ماري ڈر کي کلیجہ کانپني لگا * اُس عزِیز ني هم دونون کو بدحواسّ دیکھہ کر تسلّي دِي کہ بڑي نادانِي تُم ني کِي ۔ اَیسا کام کِیا اَور دروازہ کھول دِیا *

ملِکہ ني مُسکُراکر فرمایا کہ شاہزادہ اپني غُلام کِي حَویلِي کہکر مُجھي لي آیا ۔ اَور مُجھہ کو پھُسلایا * اُس ني اِلتماس کِیا کہ شہزادي ني بَیانِ واقِعي کہا ۔ جِتنِي خلقُ اللّہ هَي پادشاهون کِي لَونڈِي غُلام هَین ۔ اُنھِین کِي برکت اَور فَیض سي سب کِي پرورِش اَور نِباہ هَي * یہہ غُلام بي دام و دِرم زر

خرید تمھارا هَي - لیکن بھید چھپانا عقل کا مقتضا هَي * اَي شهزادي تمھارا اَور ملک کا اِس غریب خانے مین توجہہ فرمانا اَور تشریف لانا میري سعادت دونون جهان کي هَي - اَور اپني فدوي کو سرفراز کیا * مَین نثار هونے کو تیّار هُون - کِسُو صُورت مین جان و مال سي دریغ نہ کرونگا - آپ شوق سي آرام فرمائیے - اب کوئي بھر خطرہ نہین - یہہ مُردار کُٹنی اگر سلامت جاتي تو آفت لاتي - اب جب تلک مزاج شریف چاهیئے بَیٹھے رهیئے اَور جو کُچھہ درکار هو اس خانہزاد کو کہیئے سب حاضر کریگا - اَور پادشاہ تو کیا چیز هَي ! تمھاري خبر فرشتے کو بھي نہ هوگي * اُس جوان مرد نے اَیسي اَیسي باتین تسلّي کي کہین کہ تُک خاطر جمع هُوئي * تب مَین نے کہا شاباش تُم بڑي مرد هو - اِس مرُوّت کا عِوَض هم سے بھي جب هو سکیگا تب ظُهُور مین آویگا - تمھارا نام کیا هَي؟ اُس نے کہا غُلام کا اِسم بِہزاد خان هَي * غرض چھہ مہینے تلک جِتنی شرط خدمت کي تھي بہ جان و دل بجا لایا - خُوب آرام سي گُذري *

ایک دِن مُجھے اپنا مُلک اَور ما باپ یاد آئے - اِس لیئے نہایت مُتفکّر بَیٹھا تھا * میرا چہرہ ملین دیکھکر بِہزاد خان رُوبرُو هاتھہ جوڑکر کھڑا هُوا اَور کہنے لگا - کہ اِس فدوي سي اگر کُچھہ تقصیر چرن برداري مین واقع هُوئي هو تو اِرشاد هو * مَین نے کہا از براي خُدا یہہ کیا مذکُور هَي ! تُم نے اَیسا سُلُوک کیا کہ اِس شہر مین اَیسے آرام سي رهے جَیسے اپني ماکے پیٹ مین کوئي رهتا هَي - نہین تو یہہ اَیسي حرکت هم سي هُوئي تھي کہ تِنکا

تنکا همارا دُشمن تها ۔ اَیسا دوست همارا کَون تها کہ ذرّا دم لیتي ۔ خُدا تُمهین خُوش رکهي بڑي مرد هو * تب اُس ني کها اگر یہان سي دِل برداشتہ هُوا هو ۔ تو جہان حُکم هو وهان خَیر و عافیت سي پہُنچا دُون * فقِیر بولا کہ اگر اپني وطن تلک پہُنچون تو والِدَین کو دیکهُون ۔ میري تو یہہ صُورت هُوئي ۔ خُدا جاني اُن کي کیا حالت هُوئي هوگي * مَین جِس واسطي جِلا وطن هُوا تها میري تو آرزُو برآئي * اب اُن کي بهي قدمبوسي واجِب هَي ۔ میري خبر اُن کو کُچهہ نہین کہ مُوا یا جِیتا هَي ۔ اُن کي دِل پر کیا قلق گذرتا هوگا ! وُہ جَوان مرد بولا کہ بہُت مُبارک هَي ۔ چلیئي * یہہ کہکي ایک راس گهوڑا تُرکي سَو کوس چلني والا اَور ایک گهوڑي جلد جِس کي پر نہین کٹتي تهي لیکِن شایستہ مِلکہ کي خاطِر لایا ۔ اَور هم دونون کو سَوار کروایا ۔ پهِر زِرہ بکتر پہن سِلاح باندهہ اوپچي بن اپني مرکب پر چڑهہ بَیٹها اَور کہني لگا ۔ غُلام آگي هو لیتا هَي صاحِب خاطِر جمع سي گهوڑي دبائي هُوئي چلي آوین *

جب شهر کي دروازي پر آیا ایک نعرہ مارا اَور تبر سي قُفل کو توڑا اَور نِگهبانون کو ڈانٹ ڈپٹ کر للکارا کہ ۔ بُزچودو ! اپني خاوِند کو جاکر کهو کہ بہزاد خان مِلکۂ مہرنگار اَور شهزادۂ کامگار کو جو تُمهارا داماد هَي هانکي پُکاري لیئي جاتا هَي ۔ اگر مردُمي کا کُچهہ نشہ هَي تو باهر نِکلو اَور مِلکہ کو چهِین لو ۔ یہہ نہ کہیو کہ چُپ چاپ لیگیا ۔ نہین تو قِلعہ مین بَیٹهي آرام کیا کرو * یہہ خبر بادشاہ کو جلد جا پہُنچي ۔ وزِیر اَور میر بخشي کو حُکم هُوا اُن

تینون بدذات مُفسِدون کو باندهہ کر لاؤ ـ یا اُن کي سِر کاٹ کر حُضُور مین پہنچاؤ * ایک دم کي بعد غٹ فَوج کا نمود هُوا ـ اَور تمام زمین و آسمان گردباد هو گیا * بہزاد خان نِي ملکہ کو اَور اِس فقِیر کو ایک در مین پُل کي کہ بارہ پُلي اَور جَون پُور کي پُل کي برابر تها کهڑا کِیا ـ اَور آپ گهوڑي کو ٹُنگِیا کر اُس فَوج کِي طرف پهِرا ـ اَور شیر کِي مانند گُونج کر مرکب کو ڈپٹ کر فَوج کي درمِیان گُهسا * تمام لشکر کائِي سا پهٹ گیا ـ اَور یہہ دونون سردارون تلک جا پہُنچا دونون کي سِر کاٹ لِیئي * جب سردار ماري گئي لشکر تِتّر بِتّر هو گیا ـ وُہ کہاوت هَي ـ سِر سي سرواہ جب بیل پهُوٹي رائِي رائِي هو گئِي * ونہین آپ پادشاہ کِتنِي فَوج بکتر پوشون کِي ساتهہ لیکر کُمک کو آئي ـ اُن کِي بهِي لڑائِي اُس یکّا جَوان نِي مار دِي شکستِ فاش کهائِي *

پادشاہ پس پا هُوئي ـ سچ هَي فتح دادِ اِلٰهِي هَي ـ لیکِن بہزاد خان نِي اَیسي جَوان مردِي کِي کہ شاید رُستم سي بهِي نہ هو سکتِي * جب بہزاد خان نِي دیکها کہ مطلع صاف هُوا اب کَون باقِي رها هَي جو همارا پِیچها کریگا ـ بي وسواس هوکر اَور خاطِر جمع کر جہان هم کهڑي تهي آیا ـ اَور ملِکہ کو اَور مُجهہ کو ساتهہ لیکر چلا * سفر کِي عُمر کوتاہ هوتِي هَي ـ تهوڑي عرصي مین اپني مُلک کِي سرحد مین جا پہُنچي * ایک عرضِي صحِیح سلامت آني کِي پادشاہ کي حضُور مین (جو قِبلہ گاہ مُجهہ فقِیر کي تهي) لِکهہ کر رَوانہ کِي * جہان پناہ پڑهہ کر شاد هُوئي ـ دوگانہ شُکر کا ادا کِیا ـ جَیسي سُوکهي دهان مین پانِي پڑا خُوش هوکر سب امِیرون کو جِلَو مین لیکر اِس عاجِز کي

اِستقبال کِی خاطِر لبِ دریا آکر کھڑی ھُوئی ـ اَور نِوازِشون کی واسطی مِیر بحر کو حُکم ھُوا * مَین نی دوسری کناری پر سوارِی پادشاہ کِی کھڑی دیکھِی ـ قدم بوسِی کی آرزُو مین گھوڑی کو دریا مین ڈال دِیا ـ ھیلہ مارکر حُضُور مین حاضِر ھُوا ـ مُجھی ماری اِشتِیاق کی کلیجی سی لگا لِیا *

اب ایک اَور آفتِ ناگھانِی پیش آئِی ـ کہ جِس گھوڑی پر مَین سَوار تھا شاید وہ بچّہ اُسِی مادیان کا تھا جِس پر ملِکہ سَوار تھِی ـ یا جِنسِیّت کی باعِث میری مرکب کو دیکھکر گھوڑِی نی بھِی جلدِی کرکر اپنی تَئِین ملِکہ سمیت میری پِیچھی دریا مین گِرایا ـ اَور پَیرنی لگِی * ملِکہ نی گھبراکی باگ کھینچِی وُہ مُنہہ کِی نرم تھِی اُلٹ گئِی ـ ملِکہ غوطی کھاکر بمعہ گھوڑی دریا مین ڈُوب گئِی کہ پھِر اُن دونون کا نِشان نظر نہ آیا * بِہزاد خان نی یِہہ حالت دیکھکر اپنی تَئِین گھوڑی سمیت ملِکہ کِی مدد کِی خاطِر دریا مین پہُنچایا ـ وُہ بھِی اُس بھنور مین آ گیا پھِر نِکل نہ سکا ـ بہُتیری ھاتھہ پانون ماری کُچھہ بس نہ چلا ڈُوب گیا * جہان پناہ نی یِہہ وارِدات دیکھکر مہاجال منگواکر پھنکوایا اَور ملّاحون اَور غوطہ خُورون کو فرمایا * اُنھون نی سارا دریا چھان مارا تھاہ کِی مِٹّی لی لی آئی ـ پر وی دونون ھاتھہ نہ آئی * یا فقراً یِہہ حادِثہ اَیسا ھُوا کہ مَین سَودائِی اَور جُنُونِی ھو گیا ـ اَور فقِیر بن کر یِہِی کہتا پھِرتا تھا ـ اِن تِینون کا یِہِی بِسیکھہ وُہ بھِی دیکھا یِہہ بھِی دیکھہ * اگر ملِکہ کہِین غائِب ھو جاتِی یا مر جاتِی تو دِل کو تسلّی آتِی ـ پھِر تلاش کو نِکلتا یا صبر کرتا ـ لیکن جب نظرون کی رُوبرُو غرق ھو گئِی تو کُچھہ بس

نہ چلا *اخِر جِي مین یہِي لہر آئِي کہ دریا مین ڈوب جاؤن ـ شاید اپني محبُوب کو مرکر پاؤن *

ایک روز رات کو اُسِي دریا مین پَیٹھا ـ اَور ڈُوبني کا اِرادہ کرکر گلي تک پاني مین گَیا * چاھتا ھُون کہ آگي پانون رکھُون اَور غوطہ کھاؤُن ـ وہِي سوارِ بُرقعہ پوش جِنھون ني تُم کو بشارت دِي ھَي آپہُنچي * میرا ھاتھہ پکرلیا اَور دِلاسا دِیا کہ خاطِر جمع رکھہ ـ ملِکہ اَور بہزادخان جِیتي ھَین ـ تُو اپنِي جان ناحق کیُون کھوتا ھَي؟ دُنیا مین اَیسا بہِي ھوتا ھَي ـ خُدا کِي درگاہ سي مایُوس مت ھو ـ اگر جِیتا رھیگا تو تیرِي مُلاقات اُن دونون سي ایک نہ ایک روز ھو رھیگي * اب تو رُوم کِي طرف جا ـ اَور بہِي دو درویش دِلریش وھان گئي ھَین ـ اُن سي تُو جب مِلیگا اپنِي مُراد کو پہُنچیگا * یا فُقرا! بہ مُوجِب حُکم اپني ھادِي کي مَین بہِي خِدمتِ شرِیف مین آکر حاضِر ھُوا ھُون ـ اُمّیدِ قوِي ھَي کہ ھر ایک اپني اپني مطلب کو پہُنچي * اِس کُنگرِ گدا کا یہہ احوال تھا جو تمام کمال کہہ سُنایا *

سَیر چَوتھي درویش کِي

چَوتھا فقِیر اپنِي سَیر کِي حقِیقت رو رو کر اِس طرح دُھرانے لگا *

قِصّہ ھمارِي بي سر و پائي کا اب سُنو * ٹُک اپنا دھیان رکھہ کي مِرا حال سب سُنو *
کِس واسطي مَین آیا ھُون یہان تک تباہ ھو ـ سارا بَیان کرتا ھُون ـ اِس کا سبب سُنو *

یا مُرشِد اللّٰہ! ذرّا مُتوجّہہ ھو * یہہ فقِیر جو اِس حالت مین گرِفتار

هَي - چِین کي بادشاہ کا بیٹا هَي * ناز و نعمت سي پرورِش پائِي - اَور بہ خُوبي تربیّت هُوا * زمانِي کي بھلي بُري سي کُچھہ واقِف نہ تھا - جانتا تھا کہ یُونہِین همیشہ نِبھیگِي * عَین بي فِکرِي مین یِہہ حادِثہ رُوبکار هُوا قِبلۂ عالم جو والِد اِس یتِیم کي تھي - اُنھون ني رِحلت فرمائِي * جانکندنِي کي وقت اپني چھوٹي بھائِي کو (جو میري چچا هَین) بُلایا اَور فرمایا - کہ هم ني تو سب مال مُلک چھوڑ کر ارادہ کُوچ کا کِیا - لیکن یِہہ وصِیّت میري تُم بجالائیو - اَور بُزرگِي کو کام فرمائیو * جب تلک شہزادہ جو مالِک اِس تخت و چھتّر کا هَي جَوان هو - اَور شُعُور سنبھالي اَور اپنا گھر دیکھي بھالي - تُم اِس کي نِیابت کِیجو اَور سِپاہ و رعِیّت کو خراب نہ هوني دِیجو * جب وُہ بالِغ هو اُس کو سب کُچھہ سمجھا بُجھا کر تخت حَوالي کرنا - اَور روشن اختر جو تُمھاري بیٹِي هَي اُس سي شادِي کرکي تُم سلطنت سي کِنارہ پکڑنا * اِس سُلُوک سي پادشاهت هماري خاندان مین قائِم رهیگِي - کُچھہ خلل نہ آویگا * یِہہ کہکر آپ تو جان بحقّ تسلیم هُوئي - چچا بادشاہ هُوا اَور بند و بست مُلک کا کرني لگا * مُجھي حُکم کِیا کہ زنانِي محلّ مین رہا کري - جب تلک جَوان نہ هو باهر نہ نِکلي * یِہہ فقِیر چَودہ برَس کي عُمر تلک بیگمات اَور خَواصّون مین پلا گیا - اَور کھیلا کودا کِیا * چچاکي بیٹِي سي شادِي کِي خبر سُن کر شاد تھا - اَور اِس اُمّید پر بي فِکر رهتا اَور دِل مین کہتا - کہ اب کوئِي دِن مین پادشاهت بِهي هاتھہ لگیگِي اَور کتخُدائِي بھِي هوگِي - دُنیا بہ اُمّید قائِم هَي * ایک حبشِي مُبارک نام کہ والِدِ مرحُوم کي

خِدمت مین تربیّت هُوا تها اَور اُس کا بڑا اِعتِبار تها اَور صاحِبِ شُعُور اَور نمك حلال تها - مَین اکثر اُس کي نزدیك جا بَیٹھتا * وُہ بھي مُجھي بہت پیار کرتا اَور میري جَوانِي دیکھہ کر خُوش هوتا اَور کہتا - کہ الحمدُ للّٰہ اَي شاهزادي! اب تُم جوَان هوئي - اِنشاء اللّٰہ تعالىٰ عنقریب تُمهارا عمّو ظِلّ سُبحانِي کِي نصیحت پر عمل کریگا * اپني بیٹي اَور تُمهاري والِد کا تخت تُمهین دیگا *

ایك روز یہہ اِتّفاق هُوا کہ ایك ادنا سہیلي ني بیگُناہ میري تَئِین اَیسا طمانچہ کھَینچ کر مارا کہ میري گال پر پانچون اُنگلیوُن کا نِشان اُکھڑ آیا * مَین روتا هُوا مُبارك کي پاس گَیا - اُن ني مُجھي گلي سي لگا لِیا اَور آنسُو آستِین سي پونچھي اَور کہا - کہ چلو آج تُمهین بادشاہ پاس لیچلوُن - شاید دیکھہ کر مہربان هو اَور لائق سمجھہ کر تُمهارا حقّ تُمهین دي * اُسي وقت چچاکي حُضُور مین لیگَیا - چچا ني دربار مین نِہایت شفقت کِي - اَور پُوچھا کہ کیوُن دِل گِیر هو اَور آج یہان کیُون کر آئي؟ مُبارك بولا کہ کُچھہ عرض کرني آئي هَین * یہہ سُن کر خُود بہ خُود کہني لگا کہ اب مِیان کا بیاہ کر دیتي هَین * مُبارك ني کہا بہت مُبارك هَي * وونہین نُجُومِي اَور رمّالون کو رُوبرُو طلب کِیا - اَور اُوپري دِل سي پُوچھا کہ اِس سال کَون سا مہینا اَور کَون سا دِن اَور گھڑي مُهُورت مُبارك هَي کہ سر انجام شادي کا کرُون؟ اُنھون ني مرضِي پاکر گِن گِنا کر عرض کِي - کہ قِبلۂ عالم! یہہ برس سارا نحس هَي - کِسي چاند مین کوئي تاریخ سعد نہین ٹھہرتِي -

اگر یِہہ سال تمام بخَیر و عافیت کٹي تو آیندہ کارِ خَیر کي لِیئي بِہتر ہَي *

پادشاہ ني مُبارک کِي طرف دیکھا - اَور کہا شاھزادي کو محلّ مین لیجا - خُدا چاھي تو اِس سال کي گُذرني سي اُس کِي امانت اُس کي حَوالي کر دُونگا - خاطِر جمع رکھي اَور پڑھي لِکھي * مُبارک ني سلام کِیا اَور مُجھي ساتھہ لِیا - محلّ مین پہنُچا دِیا * دو تِین دِن کي بعد مَین مُبارک کي پاس گَیا - مُجھي دیکھتي ہِي روني لگا - مَین حَیران ہُوا اَور پُوچھا کہ دادا! خَیر تو ہَي تُمھاري روني کا کیا باعِث ہَي ؟ تب وُہ خَیر خواہ (کہ مُجھي دِل و جان سي چاھتا تھا) بولا کہ مَین اُس روز تُمھین اُس ظالِم کي پاس لیگَیا - کاشکہ اگر یِہہ جانتا تو نہ لیجاتا * مَین ني گھبرا کر کہا میري جاني مین کیا اَیسي قباحت ہُوئي ؟ کہو تو صحِیح * تب اُس ني کہا کہ سب اِمیر وزیر ارکانِ دَولت چھوٹي بڑي تُمھاري باپ کي وقت کي تُمھین دیکھہ کر خُوش ہُوئي اَور خُدا کا شُکر کرني لگي - کہ اب ھمارا صاحِبزادہ جَوان ہُوا اور سلطنت کي لائِق ھوا * اب کوئِي دِن مین حقّ حقّدار کو مِلیگا - تب ھماري قدر داني کریگا اَور خانہ زادِ مَورُوثیون کِي قدر سمجھیگا * یِہہ خبر اُس بي اِیمان کو پہنُچي - اُس کِي چھاتي پر سانپ پھِر گَیا * مُجھي خِلوت مین بُلاکر کہا - اَي مُبارک! اب اَیسا کام کر کہ شہزادي کو کِسُو فریب سي مار ڈال - اور اُس کا خطرہ میري جِي سي نِکال جو میري خاطِر جمع ہو * تب سي مَین بي حَواسّ ہو رہا ہُون - کہ تیرا چچا تیري جان کا دُشمن ہُوا * جونہِین مُبارک سي یِہہ خبرِ نامُبارک مَین ني سُني - بغَیر ماري مرگیا اَور

جان کي ڈر سي اُس کي پانون پر گِر پڑا کہ واسطي خُدا کي مَین سلطنت سي گُذرا ـ کِسُو طرح میرا جِي بچي * اُس غُلامِ با وفا ني میرا سِر اُٹھا کر چھاتي سي لگا لیا ـ اَور جواب دِیا کہ کُچھہ خطرہ نہین ایک تدبیر مُجھي سُوجھي هَي ـ اگر راست آئي تو کُچھہ پرْوا نہین ـ زِندگِي هَي تو سب کُچھہ هَي *

اغلب هَي کہ اِس فِکر سي تیرِي جان بھِي بچي ـ اَور اپني مطلب سي کامیاب هو * یہہ بھروسا دیکر مُجھي ساتھہ لیکر اُس جگہہ جہان بادشاہِ مغفُور یعني والِد اِس فقِیر کي سوتي بَیٹھتي تھي گَیا ـ اَور میرِي بہُت خاطِر جمع کي * وهان ایک کُرسي بِچھِي تھِي ـ ایک طرف مُجھي کہا اَور ایک طرف آپ پکڑ کر صندلِي کو سرکایا اَور کُرسي کي تلي کا فرش اُٹھایا ـ اَور زمِین کو کھودني لگا * ایک بارگِي ایک کھِڑکِي نمُود هُوئي کہ زنجِیر اَور قُفل اُس مین لگا هَي * مُجھي بُلایا ـ مَین اپني دِل مین مُقرّر یہہ سمجھا کہ میري ذبح کرني اَور گاڑ دیني کو یہہ گڑھا اِس ني کھودا هَي * مَوت آنکھون کي آگي پھِر گَئي ـ لاچار چُپکي چُپکي کلِمہ پڑھتا هُوا نزدِیک گَیا * دیکھتا هُون تو اُس دریچي کي اندر عِمارت هَي ـ اَور چار مکان هَین ـ هر ایک دالان مین دس دس خُمبین سوني کي زنجیرون مین جکڑِي هُوئي لٹکتي هَین ـ اَور هر ایک گولِي کي مُنہہ پر ایک سوني کِي اِینٹ اَور ایک بندر جڑاؤ کا بنا هُوا بَیٹھا هَي * اُنتالِیس گولیان چارون مکان مین گِنِین اَور ایک خُم کو دیکھا کہ مُونْہا مُونْہہ اشرفیان بھرِي هَین ـ اُس پر نہ مَیمُون هَي نہ خِشت هَي ـ اَور ایک حَوض جَواهِر سي لبالب بھرا هُوا دیکھا * مَین ني مُبارک سي پُوچھا کہ اَي دادا!

یِہہ کیا طِلِسم هَي اَور کِس کا مکان هَي اَور یِہہ کِس کام کي هَین؟ بولا کہ یِہہ بوزني جو دیکھتي هو اِن کا یِہہ ماجرا هَي کہ تُمھارِي باپ نی جَوانِي کي وقت سي مِلِکِ صادِق (جو بادشاہ جِنّون کا هَي) اُس کي ساتھہ دوستِي اَور آمد و رفت پَیدا کِي تھِي *

چُنانچِہ هر سال مین ایک دفعہ کَئِي طرح کِي تُحفہ خُوشبُوئین اَور اِس مُلک کِي سَوغاتین لیجاتي ـ اَور ایک مہینی کي قریب اُس کِي خِدمت مین رهتي * جب رُخصت هوتي تو مِلِکِ صادِق ایک بندر زُمُرّد کا دیتا ـ همارا بادشاہ اُسي لاکر اِس تہخانی مین رکھتا * اِس بات سي سِواي میري کوئِي دُوسرا مُطّلِع نہ تھا * ایک مرتبہ غُلام نی عرض کِي کہ جہان پناہ! لاکھون روپَي کي تُحفي لیجاتي هَین ـ اَور وهان سي ایک بوزنہ پتّھر کا مُردہ آپ لي آتي هَین ـ اِس کا آخِر فائِدہ کیا هَي؟ جَواب میري اِس بات کا مُسکُرا کر فرمایا ـ خبردار کہین ظاهِر نہ کیجو ـ خبر شرط هَي * یِہہ ایک ایک مَیمُونِ بیجان جو تُو دیکھتا هَي هر ایک کي هزار دیوِ زبردست تابِع اَور فرمانبردار هَین ـ لیکن جب تلک میري پاس چالِیسون بندر پُوري جمع نہ هووین تب تلک یِہہ سب نِکمّي هَین کُچھہ کام نہ آوینگي * سو ایک بندر کِي کمِي تھِي کہ اُسي برس بادشاہ نی وفات پائِي *

اِتنِي مِحنت کُچھہ نیک نہ لگِي اُس کا فائِدہ ظاهِر نہ هُوا ـ اي شاهزادِي! تیرِي یِہہ حالت بیکسِي کِي دیکھہ کر مُجھي یاد آیا اَور یِہہ جِي مین تھہرایا ـ کِسُو طرح تُجھہ کو مِلِکِ صادِق کي پاس لیجاؤن اَور تیري چچا کا ظُلم بَیان

کرُون * غالِب هَي کہ وُہ دوستِي تمھاري باپ کِي یاد کرکر ایک بوزنہ جو باقِي هَي تُجھي دي ـ تب اُن کِي مدد سي تیرا مُلک تیري هاتھہ آوي اَور چِین ماچِین کِي سلطنت تُو بہ خاطِر جمع کري ـ اَور بِالفعل اِس حرکت سي میرِي جان بچتِي هَي ـ اگر اَور کُچھہ نہ هُوا تو اِس ظالِم کي هاتھہ سي سِواي اِس تدبِیر کي اَور کوئِي صُورت مخلصِي کِي نظر نہِین آتِي * مَین ني اُس کِي زبانِي یِہہ سب کَیفِیّت سُن کر کہا کہ دادا جان! اب تُو میرِي جان کا مُختار هَي ـ جو میري حقّ مین بھلا هو سو کر * میرِي تسلِّي کرکي آپ عِطر اَور بُخُور اَور جو کُچھہ وهان کي لیجاني کِي خاطِر مُناسِب جانا خرِید کرني بازار مین گیا *

دوُسري دِن میري اُس کافِر چچا کي پاس (جو بجاي اَبُوجہل کي تھا) گیا اَور کہا جہان پناہ! شہزادي کي مار ڈالني کِي ایک صُورت مَین ني دِل مین ٹھہرائِي هَي ـ اگرحُکم هو تو عرض کرُون * وُہ کم بخت خُوش هوکر بولا وُہ کیا تدبِیر هَي؟ تب مُبارک ني کہا کہ اِس کي مار ڈالني مین سب طرح آپ کِي بدنامِي هَي ـ مگر مَین اِسي باهر جنگل مین لیجاکر ٹھِکاني لگاؤُن اَور گاڑ داب کر چلا آؤُن ـ هرگز کوئِي محرم نہ هوگا کہ کیا هُوا * یِہہ بندِش مُبارک سي سُن کر بولا کہ بہُت مُبارک ـ مَین یِہہ چاهتا هُون کہ وُہ سلامت نہ رهي ـ اُس کا دغدغہ میري دِل مین هَي ـ اگر مُجھي اِس فِکر سي تُو چھڑاویگا تو اِس خِدمت کي عِوَض بہُت کُچھہ پاویگا ـ جہان تیرا جِي چاهي لیجاکي کھپا دي اَور مُجھي یِہہ خُوشخبرِي لا دي *

مُبارک نِي بادشاہ کِي طرف سي اپنِي دِل جمعِي کرکي مُجھِي ساتھہ لِیا ـ اَور وي تُحفي لیکر آدھي رات کو شہر سي کُوچ کِیا اَور اُتّر کِي سِمت چلا * ایک مہینِي تلک پَیہم چلاگیا ـ ایک روز رات کو چلي جاتي تھي جو مُبارک بولا کہ شُکر خُدا کا اب منزِلِ مقصُود کو پہنچِي * مَین نِي سُنکر کہا کہ دادا! یِہہ تُو نِي کیا کہا؟ کہنِي لگا اَي شہزادِي! جِنّون کا لشکر کیا نہِین دیکھتا؟ مَین نِي کہا ـ مُجھي تیرِي سِوا اَور کُچھہ نظر نہِین آتا * مُبارک نِي ایک سُرمہ دانِي نِکال کر سُلَیمانِي سُرمہ کِي سِلائیان میرِي دونون آنکھون مین پھیر دِین * ونہِین جِنّون کِي خِلقت اَور لشکر کي تنبُو قنات نظر آني لگي لیکِن سب خُوشرو اَور خُوش لِباس ـ مُبارک کو پہچان کر ہر ایک آشنائِي کِي راہ سي گلي مِلتا اَور مِزاجِین کرتا *

آخِر جاتي جاتي بادشاہِي سراچون کي نزدِیک گئي اَور بارگاہ مین داخِل ہُوئي ـ دیکھتا ہُون تو روشنِي قرینِي سي روشن ہَي ـ اَور صندلِیان طرح بہ طرح کِي دورَویہ بِچھِي ہَین ـ اَور عالِم فاضِل درویش اَور اَمِیر وزِیر مِیر بخشِي دِیوان اُن پر بَیٹھي ہَین ـ اَور یساوَل گُذربردار احدِي چیلي ہاتھہ باندھي کھڑي ہَین ـ اَور درمِیان مین ایک تخت مُرصّع کا بِچھا ہَي اُس پر ملِکِ صادِق تاج اَور چارقُب موتِیون کِي پہنِي ہُوئي مسند پر تکیئي لگائي بڑِي شان شَوکت سي بَیٹھا ہَي * مَین نِي نزدِیک جاکر سلام کِیا ـ مہربانگِي سي بَیٹھنِي کا حُکم کِیا ـ پھِر کھانِي کا چرچا ہُوا * بعد فراغت کي دسترخوان بڑھایا گَیا ـ تب مُبارک کِي طرف مُتَوجّہہ ہوکر احوال میرا پُوچھا * مُبارک

ني کہا کہ اب اِن کي باپ کِي جگہہ پر چچا اِن کا بادشاهت کرتا هَي - اور اِن کا دُشمنِ جانِي هُوا هَي - اِس لِيئي مَين اِنهين وهان سي لي بهاگ کر آپ کِي خِدمت مين لايا هُون کہ يتيم هَين اَور سلطنت اِن کا حقّ هَي - ليکِن بغَير مُربّي کِسُو سي کُچهہ نہين هو سکتا * حضُور کِي دستگيرِي کي باعِث اِس مظلُوم کِي پرورِش هوتِي هَي - اِن کي باپ کِي خِدمت کا حقّ ياد کر کي اِن کِي مدد فرمائِي اَور وُہ چالِيسوان بندر عِنايت کِيجئي جو چالِيسون پُورِي هون - اَور يہہ اپني حقّ کو پہنچ کر تُمهاري جان و مال کو دُعا دين - سِواي صاحِب کِي پناہ کي کوئي اِن کا ٹهکانا نظر نہين آتا *

يہہ تمام کَيفِيّت سُن کر صادِق ني تامّل کر کي کہا کہ واقِعي حقُوقِ خِدمت اَور دوستِي پادشاهِ مغفُور کي هماري اُوپر بہُت تهي - اَور يہہ بِچارا تباہ هوکر اپني سلطنتِ مَورُوثي چهوڑ کر جان بچانِي کي واسطي يہان تلک آيا هَي - اَور هماري دامنِ دَولت مين پناہ لِي هَي - تا مقدُور کِسُو طرح هم سي کمِي نہ هوگِي اَور درگُذر نہ کرُونگا - ليکِن ايک کام همارا هَي اگر وُہ اِس سي هو سکا اَور خِيانت نہ کِي اَور بہ خُوبِي انجام دِيا اَور اِس اِمتحان مين پُورا اُترا - تو مَين قَول قرار کرتا هُون کہ زِيادہ پادشاہ سي سُلُوک کرُونگا اَور جو يہہ چاهيگا سو دُونگا * مَين ني هاتهہ باندهہ کر اِلتماس کِيا کہ اِس فِدوِي سي تا بہ مقدُور جو خِدمت سرکار کِي هو سکيگِي بہ سر و چشم بجا لاويگا - اَور اُس کو خُوبِي و دِيانت دارِي اَور هوشِيارِي سي کريگا - اَور اپني سعادت دونون جہان کِي سمجهيگا * فرمايا کہ تُو ابهِي لڑکا هَي اِس واسطي بار بار

تاکید کرتا هُون - مبادا خیانت کري اَور آفت مین پڑي * مَین نے کہا خُدا بادشاہ کي اِقبال سي آسان کریگا اَور مَین حتیٰ المقدُور کوشش کرُونگا اَور امانت حُضور تک لي آؤنگا *

یہہ سُن کر ملِکِ صادق ني مُجھہ کو قریب بُلایا اَور ایک کاغذ دستکي سي نِکال کر میري تَئِین دِکھلایا اَور کہا - یہہ جس شخص کي شبِیہہ هَي اُسي جہان سي جاني تلاش کرکي میري خاطر پَیدا کرکي لا - اَور جِس گھڑي تُو اُس کا نام و نِشان پاوي اَور سامھني جاوي - میري طرف سي بہُت اِشتِیاق ظاهِر کیجو - اگر یہہ خِدمت تُجھہ سي سر انجام هُوئي تو جِتني توقّع تُجھي منظُور هَي اُس سي زِیادہ غَور پرداخت کي جائیگي - والّا نہ جَیسا کریگا وَیسا پاویگا * مَین ني اُس کاغذ کو جو دیکھا ایک تصوِیر نظر پڑي کہ غش سا آني لگا - بزور ماري ڈرکي اپني تَئِین سنبھالا اَور کہا - بہُت خُوب مَین رخُصت هوتا هُون - اگر خُدا کو میرا بھلا کرنا هَي تو بمُوجِب حُکمِ حُضور کي مُجھہ سي عمل مین آویگا * یہہ کہکر مُبارک کو همراہ لیکر جنگل کي راہ لِي * گانو گانو بستي بستي شہر شہر مُلک مُلک پھرني لگا - اَور هر ایک سي اُس کا نام و نِشان تحقِیق کرني * کِسُو ني نہ کہا کہ هان مَین جانتا هُون یا کِسِي سي مذکُور سُنا هَي * سات برس تک اُسي عالم مین حَیراني و پریشاني سہتا هُوا ایک نگر مین وارِد هُوا - عِمارتِ عالي اَور آباد لیکن وهان کا هر ایک مُتَنفّس اِسمِ اعظم پڑھتا تھا اَور خُدا کي عِبادت بندگي کرتا تھا *

ایک اندھا هِندُوستاني فقیر بھیک مانگتا نظر آیا لیکن کِسُو ني ایک کَوڑي

يا ايك نِوالہ نہ دِيا ـ مُجھي تعجّب آيا اَور اُس كي اُوپر رحم كھايا ـ جيب مين سي ايك اشرفي نِكال كر اُس كي هاتھہ دِي ـ وُہ ليكر بولا كہ اَي داتا! خُدا تيرا بھلا كري ـ تُو شايد مُسافِر هَي ـ اِس شہر كا باشِندہ نہين * مَين نے كہا فِي‌الواقِع سات برس سي مَين تباہ هُوا هُون ـ جِس كام كو نِكلا هُون اُس كا سُراغ نہين مِلتا ـ آج اِس بُلدي مين آپہُنچا هُون ـ وُہ بوڑھا دُعائين ديكر چلا ـ مَين اُس كي پِيچھي لگ لِيا ـ باهر شہر كي ايك مكانِ عاليشان نظر آيا * وُہ اُس كي اندر گيا ـ مَين بھي چلا ـ ديكھا تو جا بہ جا عِمارت گِر پڑي هَي اَور بيمرمّت هو رهِي هَي *

مَين ني دِل مين كہا كہ يہہ محلّ لائق پادشاهون كي هَي ـ جِس وقت تيّاري اِس كي هوگي كيا هِي مكانِ دِل چسپ بنا هوگا! اَور اب تو وَيرانِي سي كيا صُورت بن رهِي هَي! پر معلُوم نہين كہ اُجاڑ كيُون پڑا هَي ـ اَور يہہ نابينا اِس محلّ مين كيُون بستا هَي * وُہ كور لاٹھي ٹيتكا هُوا چلا جاتا تھا كہ ايك آواز آئي جَيسي كوئي كہتا هَي كہ اَي باپ! خَير تو هَي ـ آج سَويري كيُون پھري آئي هو؟ پِير مرد ني سُنكر جَواب دِيا كہ بيٹِي! خُدا ني ايك جَوان مُسافِر كو ميري احوال پر مِہربان كِيا *

اُس ني ايك مُہر مُجھہ كو دِي * بہُت دِنون سي پيٹ بھركر اچّھا كھانا نہ كھايا تھا ـ سو گوشت مصالِح گھي تيل آٹا لون مول لِيا اَور تيري خاطِر كپڑا جو ضرُور تھا خرِيد كِيا * اب اِس كو قطع كر ـ اَور سِي كر پہن ـ اَور كھانا پكا تو كھا پِي كي اُس سخِي كي حقّ مين دُعا دين * اگرچہ مطلب اُس كي دِل

کا معلُوم نہیِن ـ پر خُدا دانا بِینا هَي ـ هم بي کسون کِي دُعا قبُول کري * مَین ني یِہہ احوال اُس کِي فاقہ کشِي کا جو سُنا بي اِختِیار جِي مین آیا کہ بِیس اشرفیان اَور اِس کو دُون ـ لیکن آواز کِي طرف دھیان جو گیا تو ایک عَورت دیکھِي کہ ٹھِیک وُہ تصویر اُسِي معشُوق کِي تھِي * تصوِیر کو نِکال کر مُقابِل کِیا ـ سرِ مُو تفاوُت نہ دیکھا * ایک نعرہ دِل سي نِکلا ـ اَور بي هوش هُوا * مُبارک میري تَئیِن بغل مین لیکر بَیٹھا اَور پنکھا کرني لگا * مُجھہ مین ذرّا سا هوش آیا ـ اُسِي کِي طرف تاک رها تھا جو مُبارک ني پُوچھا کہ تُم کو کیا هو گیا؟ ابھِي مُنہہ سي جَواب نہِین نِکلا ـ وُہ نازنِین بولِي کہ اَي جَوان! خُدا سي ڈر اَور بِگانِي ستري پر نِگاہ مت کر ـ حَیا اَور شرم سب کو ضرُور هَي *

اِس لیاقت سي گُفتگُو کِي کہ مَین اُس کِي صُورت اَور سِیرت پر محو هو گیا ـ مُبارک میري خاطِرداري بہُت سي کرني لگا لیکن دِل کِي حالت کِي اُس کو کیا خبر تھِي؟ لاچار هوکر مَین پُکارا کہ اَي خُدا کي بندو اَور اِس مکان کي رهني والو! مَین غرِیب مُسافِر هُون ـ اگر اپني پاس مُجھي بُلاؤ اَور رهني کو جگہہ دو ـ تو بڑِي بات هَي * اُس اندھي ني نزدیک بُلایا اَور آواز پہچان کر گلي لگایا ـ اَور جہان وُہ گُلبدن بَیٹھِي تھِي ـ اُس مکان مین لي گیا ـ وُہ ایک کونی مین چھِپ گئِي * اُس بُوڑھي ني مُجھ سي پُوچھا کہ اپنا ماجرا کہہ ـ کہ کیون گھربار چھوڑ کر اِکیلا پڑا پھرتا هَي ـ اَور تُجھي کِس کِي تلاش هَي؟ مَین ني ملِکِ صادِق کا نام نہ لیا ـ اَور وهان کا کُچھہ

ذِکر مذکُور نہ کِیا - اِس طَور سي کہا - کہ یِہہ بي کس شہزادہ چِین و ماچِین کا هَي - چُنانچِہ میري وِلي نِعمت هنوز بادشاہ هَین * ایک سَوداگر سي لاکھون رُوپَي دیکر یِہہ تصوِیر مول لِي تھِي - اُس کي دیکھني سي سب هوش آرام جاتا رها - اَور فقِیر کا بھیس کرکر تمام دُنیا چھان مارِي - اب یہان میرا مطلب مِلا هَي - سو تُمہارا اِختِیار هَي *

یِہہ سُنکر اندهي ني ایک آہ مارِي اَور بولا - اَي عزِیز! میري لڑکي بڑي مُصِیبت میں گِرِفتار هَي - کِسُو بشر کِي مجال نہِین کہ اِس سي نِکاح کري اَور پھل پاوي * مَین ني کہا اُمّیدوار هُون کہ مُفصّل بَیان کرو * تب اُس مردِ عجمِي ني اپنا ماجرا اِس طَورسي ظاهِر کِیا - کہ سُن اَي پادشاہ زادي! مَین رئِیس اَور اکابِر اِس کم بخت شہر کا هُون * میري بُزُرگ نام آور اَور عالِي خاندان تھي - حقّ تعالیٰ ني یِہہ بیٹِي مُجھي عِنایت کِي - جب بالِغ هُوئِي تو اِس کِي خُوبصُورتِي اَور نزاکت اَور سلیقي کا شور هُوا - اَور ساري مُلک مین مشہُور هُوا کہ فُلاني کي گھر مین اَیسِي لڑکي هَي کہ اُس کي حُسن کي مُقابِل حُور پرِي شرمِندہ هَي - اِنسان کا تو کیا مُنہہ هَي کہ برابرِي کري؟ یِہہ تعرِیف اِس شہر کي شہزادي ني سُني * غائِبانہ بغَیر دیکھي بھالي عاشِق هُوا - کھانا پِینا چھوڑ دِیا - اٹھواتِي کھٹواتِي لیکر پڑا *

آخِر پادشاہ کو یِہہ بات معلُوم هُوئِي - میري تئِین رات کو خِلوت مین بُلایا اَور یِہہ مذکُور درمیان مین لایا - اَور مُجھي باتون مین پھُسلایا حتّیٰ کہ نِسبت ناتا کرني مین راضِي کِیا * مَین بھِي سمجھا کہ جب بیٹِي گھر مین

پَیدا ہُوئي تو کِسو نہ کِسو سي بیاہا ہِي چاہِیئي - پس اِس سي کیا بِہتر ہَي کہ پادشاہزادي سي منسُوب کر دُون؟ اِس میں پادشاہ بھِي مِنّت وار ہوتا هَي * مَیں قبُول کرکي رُخصت ہُوا - اُسِي دِن سي دونون طرف تیّارِي بیاہ کِي ہونی لگِي * ایک روز اچّھِي ساعت میں قاضِي مُفتِي عالِم فاضِل اکابِر سب جمع ہُوئي - نِکاح باندھا گیا اَور مہر مُعَیّن ہُوا * دُلہن کو بڑِي دھُوم دھام سي لیگئي - سب رسم رُسُومات کرکي فارِغ ہُوئي * نَوشہ ني رات کو جب بچھونِي پر آرام کِیا - اُس مکان میں ایک شور غُل اَیسا ہُوا کہ جو باہر لوگ چَوکِي میں تھي حَیران ہُوئي - دروازہ کوٹھرِي کا کھول کر چاہا دیکھیں کہ یِہہ کیا آفت هَي * اندر سي اَیسا بند تھا کہ کِواڑ کھول نہ سکي * ایکدم میں وُہ رونے کِي آواز بھِي کم ہُوئي - پٹ کِي چُول اُکھاڑ کر دیکھا تو دُولھا سر کٹا ہُوا پڑا تڑپھتا هَي - اَور دُلہن کي مُنہہ سي کف چلا جاتا هَي - اَور اُسِي مِٹّي لہُو میں لتھڑِي ہُوئي بیحواسّ پڑِي لوٹتِي هَي *

یِہہ قیامت دیکھہ کر سب کي ہوش جاتي رہي - اَیسِي خُوشِي میں یِہہ غم ظاہِر ہُوا * پادشاہ کو خبر پہُنچِي - سِر پیٹتا ہُوا دَوڑا * تمام ارکان سلطنت کي جمع ہُوئي - پر کِسو کِي عقل کام نہِیں کرتِي - کہ اِس احوال کو دریافت کري - نہایت کو پادشاہ ني اُس قلق کِي حالت میں حُکم کِیا کہ اِس کم بخت بھُونڈ پَیرِي دُلہن کا بھِي سر کاٹ ڈالو * یِہہ بات پادشاہ کِي زبان سي جونہِیں نِکلِي - پھِر وَیسا ہِي ہنگامہ برپا ہُوا * پادشاہ ڈرا اَور اپنِي جان کي خطري سي نِکل بھاگا - اَور فرمایا کہ اِسي محلّ سي باہر نِکال دو * خَواصّون

نِی اِس لڑکِی کو میرِی گھر میں پہنچا دِیا * یہہ چرچا دُنیا میں مشہور ہُوا ۔ جِن نِی سُنا حَیران ہُوا اَور شہزادی کی مارِی جانِی کِی سبب سِی خُود پادشاہ اَور جِتنی باشِندی اِس شہرکِی ہَیں میرا دُشمنِ جانِی ہُوئی *

جب ماتم دارِی سِی فراغت ہُوئی اَور چہلُم ہوچُکا ۔ پادشاہ نِی ارکانِ دَولت سِی صلاح پُوچھِی ۔ کہ اب کیا کِیا چاہئِی ؟ سبھوں نِی کہا اَور تو کُچھہ ہو نہیں سکتا ۔ پر ظاہِر میں دِل کِی تسلِّی اَور صبرکِی واسطِی اُس لڑکِی کو اُس کِی باپ سمیت مروا ڈالِئی ۔ اَور گھربار ضبط کرلِیجِی * جب میرِی یہہ سزا مُقرّر کِی کوتوال کو حُکم ہُوا ۔ اُس نِی آکر چاروں طرف سِی میرِی حَویلِی کو گھیر لِیا ۔ اَور نرسِنگا دروازی پر بجایا ۔ اَور چاہا کہ اندر گھُسیں اور پادشاہ کا حُکم بجا لاویں * غَیب سِی اینٹ پتّھر اَیسِی برسنِی لگی کہ تمام فَوج تاب نہ لا سکِی ۔ اپنا سِر منُہہ بچاکر جِیدھر تِدھر بھاگِی ۔ اَور ایک آوازِ مُہیب پادشاہ نِی محلّ میں اپنی کانوں سُنِی ۔ کہ کیُوں کم بختِی آئِی ہَی کیا شَیطان لگا ہَی ۔ بھلا چاہتا ہَی تو اُس نازنین کِی احوال کا مُتعرِّض نہو ۔ نہیں تو جو کُچھہ تیری بیٹی نِی اُس سِی شادِی کرکر دیکھا ۔ تُو بھِی اُس کِی دُشمنِی سِی دیکھیگا ۔ اب اگر اُن کو ستاویگا تو سزا پاویگا *

بادشاہ کو مارِی دہشت کی تپ چڑھِی ۔ وونہیں حُکم کِیا کہ اِن بدبختوں سِی کوئِی مُزاحِم نہ ہو کُچھہ کہو نہ سُنو ۔ حَویلِی میں پڑا رہنی دو ۔ زور ظُلم اِن پر نہ کرو ۔ اُس دِن سِی عامِل باو بتاس جانکر دُعا تعوِیذ اَور سیانی جنتر منتر کرتِی ہَیں ۔ اَور سب باشندی اِس شہرکی اِسمِ اعظم اَور قُرآنِ مجِید

پڑھتي هَین * مُدّت سي یہہ تماشا ہو رہا هي ـ لیکن اب تک کچھہ اسرار معلُوم نہین ہوتا ـ اَور مجھي بھي ہرگز اِطّلاع نہین ـ مگر اِس لڑکي سي ایک بار پُوچھا کہ تُم نے اپني آنکھون سي کیا دیکھا تھا؟ یہہ بولي کہ اَور تو کُچھہ مَین نہین جانتي ـ لیکن یہہ نظر آیا کہ جِس وقت میري خاوِند نے قصد بوسہ دینی کا کِیا ـ چھت پھٹ کر ایک تخت مُرصّع کا نِکلا ـ اُس پر ایک جَوانِ خُوبصُورت شاہانہ لِباس پہني بَیٹھا تھا ـ اَور ساتھہ بہُت سي آدمي اِہتِمام کرتي ہُوئي اُس مکان مین آئي ـ اَور شہزادي کي قتل کي مُستعِدّ ہُوئي * وُہ شخص سردار میري نزدیک آیا اَور بولا کیُون جاني! اب ہم سي کہان بھاگوگي؟ اُن کي صُورتین آدمي کي سِي تھین ـ لیکن پانو بکریون کي سي نظر آئي * میرا کلیجہ دھڑکنے لگا اَور خَوف سي غش مین آ گئي ـ پھر مُجھي کُچھہ سُدھہ نہین کہ آخِر کیا ہُوا *

تب سي میرا یہہ احوال هَي کہ اِس پھُوٹي مکان مین ہم دونون جي پڑي رہتي هَین * بادشاہ کي غُصّي کي باعِث اپني رفیق سب جُدا ہو گئي ـ اَور مَین گدائي کرني جو نِکلتا ہُون ـ تو کوئي کَوڑي نہین دیتا * بلکہ دُوکان پر کھڑي رہني کي رَوادار نہین ـ اِس کم بخت لڑکي کي بدن پر لتّا نہین کہ سِر چھپاوي اَور کھاني کو مَیسّر نہین جو پیٹ بھر کھاوي * خُدا سي یہہ چاہتا ہُون کہ مَوت ہماري آوي یا زمین پھاٹي اَور یہہ نا شُدني سماوي ـ اِس جینی سي مرنا بھلا هَي * خُدا نے شاید ہماري ہي واسطي تجھي بھیجا هَي ـ جو تُو نے رحم کھاکر ایک مُہر دِي ـ کھانا بھي مزیدار پکا کر کھایا اَور بیٹي کي خاطِر کپڑا

بھي بذاتہ * خدا کي درگاہ مین شکر کیا اَور تجھي دُعا دي - اگر اِس پر آسیب جِنّ یا پري کا نہ ھوتا تو تیري خِدمت مین لَونڈي کي جگہہ دیتا اَور اپني سعادت جانتا * یہہ احوال اِس عاجِز کا ھَي - تُو اُس کي درپَي مت ھو اَور اِس قصد سي درگُذر *

یِہہ سب ماجرا سُنکر مَین ني بہُت مِنّت و زاري کِي - کہ مُجھي اپني فرزندِي مین قبُول کر - جو میِري قِسمت مین بدا ھوگا سو ھوگا * وُہ پِیرمرد ھرگز راضِي نہ ھُوا * شام جب ھُوئي اُس سي رُخصت ھو کر سرا مین آیا * مُبارک ني کہا لو شہزادي ! مُبارک ھو - خُدا ني اسباب تو دُرُست کیا ھَي - باري یِہہ مِحنت اکارت نہ گئي * مَین ني کہا - آج کِتني خُوشامد کِي - پر وُہ اندھا بي اِیمان راضِي نہین ھوتا - خُدا جاني دیویگا یا نہین * پر میري دِل کِي یِہہ حالت تھِي کہ رات کاٹني مُشکل ھُوئي کہ کب صُبح ھو تو پھِر جاکر حاضِر ھُون - کبھُو یِہہ خِیال آتا تھا - اگر وُہ مِہربان ھو اَور قبُول کري - تو مُبارک مِلکِ صادِق کي خاطِر لیجاَیگا * پھِر کہتا بھلا ھاتھہ تو آوي - مُبارک کو مناوناکر مَین عَیش کرُونگا * پھِر جِي مین یِہہ خطرہ آتا کہ اگر مُبارک بھِي قبُول کري - تو جِنّون کي ھاتھہ سي وھِي نَوبت میرِي ھوگي جو پادشاھزادي کِي ھُوئي - اَور اِس شہر کا پادشاہ کب چاھیگا کہ اُس کا بیٹا مارا جائي اَور دُوسرا خُوشي منائي *

تمام رات نِیند اُچاٹ ھو گئي اَور اِسِي منصُوبي کي اُلجھیڑي مین کٹي - جب روز روشن ھُوا مَین چلا - چوک مین سي اچّھي اچّھي تھان پوشاکي

اَور گوتا کِناري اَور میوہ خُشك و تر خرِید کرکي اُس بُزُرگ کِي خِدمت مین حاضِر ہُوا * نِہایت خُوش ہو کر بولا کہ سب کو اپنِي جان سي زِیادہ کُچھ عزِیز نہِین ـ پر اگر میري جان بھِي تیري کام آوي تو دریغ نہ کُرون اَور اپنِي بیٹِي ابھِي تیري حَوالي کُرون ـ لیکِن یِہي خَوف آتا ہَي کہ اِس حرکت سي تیرِي جان کو خطرہ نہ ہو ـ کہ یِہ داغ لعنت کا میري اُوپر تا قِیامت رھي * مَین نِي کہا اب اِس بستِي مین بیکس واقِع ہُون ـ اَور تُم میري دِین دُنیا کي باپ ہو ـ مَین اِس آرزُو مین مُدّت سي کیا کیا تباھِي اَور پریشانِي کھَینچتا ہُوا اَور کَیسي کَیسي صدمي اُٹھاتا ہُوا یہان تك آیا ـ اَور مطلب کا بھِي سُراغ پایا * خُدا نِي تُمھین بھِي مِہربان کِیا جو بیاہ دینِي پر رِضامند ہُوئي ـ لیکِن میري واسطي آگا پیچھا کرتي ہو ـ ذرّا مُنصِف ہو کر غَور فرماؤ ـ تو عِشق کِي تلوار سيّ سِر بچانا اَور اپنِي جان کو چھِپانا کِس مذہب مین دُرُست ہَي؟ ھرچِہ بادا باد ـ مَین نِي سب طرح اپنِي تئِین بر باد دِیا ہَي * معشُوق کِي وِصال کو مَین زِندگِي سمجھتا ہُون * اپنِي مرنِي جِینِي کِي مُجھي کُچھ پرواہ نہِین ـ بلکِہ اگر نا اُمّید ہُونگا تو بِن اجل مر جاؤُنگا ـ اَور تُمھارا قِیامت مین دامن گِیر ہُونگا *

غرض اِس گُفت و شُنِید اَور ھان نانہ مین قریب ایك مہینِي کي خَوف و رِجا مین گُذرا ـ ھر روز اُس بُزُرگ کِي خِدمت مین دَوڑا جاتا ـ اَور خُوشامد برآمد کِیا کرتا * اِتّفاقاً وُہ بُوڑھا کاھِلہ ہُوا ـ مَین اُس کِي بِیمار دارِي مین حاضِر رہا ـ همیشہ قارُورہ حکِیم پاس لیجاتا ـ جو نُسخہ لکھہ دیتا اُسي

ترکیب سے بناکر پِلاتا اَور شولا اَور غِذا اپنےي هاتھہ سي پکاکر کوئي نِوالا کِھلاتا * ایك دِن مِهربان هو کر کهني لگا - اَي جَوان! تُو بڑا ضِدّي هَي - مَین ني هرچند ساري قباحتین کهہ سُنائین - اَور منع کرتا هُون کہ اِس کام سي باز آ * جي هي تو جهان هَي - پر خواہ مخواہ کُوئي مئین گِرا چاهتا هي * اچّها آج اپني لڑکي سي تیرا مذکور کرُونگا - دیکھُون وہ کیا کهتي هَي * یا فُقرا اَللہ! یِهہ خُوشخبري سنکر مَین اَیسا پهُولا کہ کپڑون مئین نہ سمایا - آداب بجا لایا اَور کها کہ اب آپ ني میري جِینی کِي فِکر کِي * رُخصت هو کر مکان پر آیا اَور تمام شب مُبارك سي یِهي ذِکر مذکُور رها - کهان کِي نیند اَور کهان کِي بھُوکھہ؟ صُبح کو نُور کي وقت پھِر جاکر مَوجُود هُوا - سلام کِیا * فرمانے لگا کہ لو اپني بیٹي هم ني تُم کو دِي خُدا مُبارك کري - تُم دونون کو خُدا کِي حِفظ و امان مئین سَونپا - جب تلك میري دم مئین دم هَي میري آنکھون کي سامهني رهو - جب میري آنکهہ مُند جائیگي جو تُمهاري جي مئین آویگا سو کِیجو مُختار هو *

کِتني دِن پیچھي وہ مردِ بُزُرگ جان بحقّ تسلیم هُوا - رو پیٹ کر تجهیز تکفین کِیا * بعد تِیجي کي اُس نازنین کو مُبارك ڈولي کرکر کاروان سرا مئین لي آیا - اَور مُجھہ سي کها کہ یِهہ امانت مَلِكِ صادِق کِي هَي - خبردار خیانت نہ کِیجو اَور یِهہ مِحنت مشقّت برباد نہ دِیجو * مَین ني کها اَي کاکا! مَلِكِ صادِق یهان کهان هَي - دِل نهین مانتا - مَین کیُون کرصبر کرُون؟ جو کُچھہ هو سو هو - جِیئُون یا مرُون - اب تو عَیش کر لُون * مُبارك

ني دِقّ هوکر ڈانٹا کہ لڑکپن نہ کرو - ابھي ایک دم مین کُچھہ کا کُچھہ هو جاتا هَي - مِلکِ صادِق کو دُور جانتي هو - جو اُس کا فرمانا نہین مانتي هو؟ اُس ني چلتي وقت پہلي هِي اُونچ نیچ سب سمجھا دِي هَي - اگر اُس کي کہني پر رهوگي اَور صحیح سلامت اُس کو وهان تک لیچلوگي تو وہ بھِي بادشاہ هَي - شاید تُمھارِي محنت پر توجّہہ کرکي تُمہون کو بخش دي - تو کیا اچّھِي بات هووي - پیٹ کِي پیٹ رهي اَور مِیت کا میت هاتھہ لگي *

باري اُس کي ڈرانی اَور سمجھاني سي مَین حَیران هوکر چُپکا هو رها - دو سانڈنیان خرید کِین - اَور کجاؤن پر سَوار هوکر مِلکِ صادِق کي مُلک کِي راہ لِي * چلتي چلتي ایک مَیدان مین آواز غُل شور کِي آني لگِي * مُبارک ني کہا شُکر خُدا کا همارِي محنت نیک لگِي - یِہہ لشکر جِنّون کا آپہُنچا * باري مُبارک ني اُن سي مِل جُل کر پُوچھا کہ کہان کا اِرادہ کیا هَي؟ وُہ بولي کہ پادشاہ ني تُمھارِي اِستِقبال کي واسطي همین تعینات کِیا هَي - اب تُمھاري فرمان بردار هَین - اگر کہو تو ایک دم مین رُوبرُو لیچلین * مُبارک ني کہا دیکھو کِس کِس محنتون سي خُدا ني بادشاہ کي حُضُور مین همین سُرخ رُو کِیا - اب جلدِي کیا ضرُور هَي؟ اگر خُدا نہ خواستہ کُچھہ خلل هو جاوي - تو همارِي محنت اکارت هو اَور جہان پناہ کِي غضب مین پڑین * سبھون ني کہا کہ اِس کي تُم مُختار هو - جِس طرح جِي چاهي چلو * اگرچہ سب طرح کا آرام تہا - پر رات دِن چلني سي کام تہا *

جب نزدیک جا پہنچي مَین مُبارك کو سوتا دیکھہ کر اُس نازنین کي قدمون پر سِر رکھہ کر اپني دِل کِي بيقراري اَور مَلِكِ صادِق کي سبب سي لاچاري نِہایت مِنّت و زاري سي کہني لگا - کہ جِس روز سي تُمھاري تصویر دیکھي ھَي خواب و خُورِش اَور آرام مَین ني اپني اُوپر حرام کِیا ھَي * اب جو خُدا ني یِہہ دِن دِکھایا تو محض بیگانہ ہو رھا ھُون * فرمانی لگي کہ میرا بھي دِل تُمھاري طرف مائِل ھَي - کہ تُم ني میري خاطِر کیا کیا ہرج مرج اُٹھایا اَور کِس کِس مشقّتون سي لي آئي ھو - خُدا کو یاد کرو اَور مُجھي بھُول نہ جائیو - دیکھو تو پردۂ غیب سي کیا ظاھِر ھوتا ھَي * یِہہ کہکر اَیسي بي اِختیار ڈاڑھہ مارکر روئي کہ ھچکي لگ گئي * ایدھر میرا یِہہ حال - اُدھر اُس کا وُہ احوال * اِس مین مُبارك کِي نیند ٹُوٹ گئي * وُہ ھم دونون مُشتاقون کا رونا دیکھکر روني لگا اَور بولا - خاطِر جمع رکھو - ایک رَوغن میري پاس ھَي اُس گُلبدن کي بدن مین مل دُونگا - اُس کِي بو سي مَلِكِ صادِق کا جِي ھٹ جائیگا - غالِب ھَي کہ تُمھین کو بخش دي *

مُبارك سي یِہہ تدبیر سُنکر دِل کو ڈھارس ھوگئي - اُس کي گلي سي لگ کر لاڑ کِیا اَور کہا - اَي دادا اب تُو میري باپ کِي جگہہ ھَي * تیري باعِث میري جان بچي - اب بھِي اَیسا کام کر جِس مین میري زِندگاني ھو - نہین تو اِس غم مین مر جاؤنگا * اُس ني ڈھیر سي تسلّي دِي - جب روز روشن ھُوا آواز جِنّون کِي معلُوم ھوني لگي - دیکھا تو کَئي خَوّاص مَلِكِ صادِق کي آئي ھَین اَور دو سِري پاؤ بھاري ھماري لِیئي لائي ھَین اَور ایک چَوڈولي

موتیون کي توڑ پڑي ھوئي اُن کي ساتھہ ھَي ـ مُبارک ني اُس نازنین کو وُہ تیل مل دِیا اَور پوشاک پہنا بناؤ کرواکر ملِکِ صادِق کي پاس لیچلا * بادشاہ ني دیکھکر مُجھي بہت سرفراز کیا اَور عِزّت و حُرمت سي بِٹھایا اَور فرمانی لگا کہ تُجھہ سي مَین اَیسا سُلُوک کرُونگا کہ کِسُو ني آج تک کِسُو سي نہ کِیا ہوگا * بادشاہت تو تیري باپ کِي مَوجُود ھَي ـ علاوہ اب تُو میري بیٹي کِي جگہہ ھُوا * یي تَوَجُّہہ کِي باتین کر رہا تھا ـ اِتني مین وُہ نازنین بِھي رُوبرُو آئي ـ اُس رَوغن کِي بو سي یک بہ یک دِماغ پراگندہ ھُوا اَور حال بي حال ہو گیا ـ تاب اُس باس کِي نہ لا سکا ـ اُٹھہ کر باہر چلا گیا اَور ھم دونون کو بُلوایا اَور مُبارک کِي طرف مُتَوَجِّہہ ھوکر فرمایا کہ کیون جي ! خُوب شرط بجا لائي * مَین ني خبر دار کر دِیا تھا کہ اگر خِیانت کروگي تو خفگي مین پڑوگي * یِہہ بو کَیسي ھَي ـ اب دیکھو تُمھارا کیا حال کرتا ھُون *

تب میرِي طرف آنکھین نِکال کي گھُورا اَور کہني لگا ـ تَو یِہہ تیرا کام ھي ! اَور تَیش مین آکر مُنہہ سي بُرا بھلا بکنی لگا * اُس وقت اُس کي بت کہاؤ سي یُون معلُوم ھوتا تھا کہ شاید جان سي مُجھي مرْوا ڈالیگا * جب مَین ني اُس کي بشري سي یِہہ دریافت کِیا ـ اپني جي سي ھاتھہ دھو کر اَور جان کھو کر سرِ غِلاف مُبارک کِي کمر سي کھَینچ کر ملِکِ صادِق کِي توند مین ماري * چھُري کي لگتي ھِي نِہُڑا اَور جھُونٹما ـ مَین ني حَیران ھو کر جانا کہ مُقرّر مر گیا * پھِر اپني دِل مین خِیال کِیا کہ زخم تو اَیسا کاري نہین لگا ـ یِہہ کیا سبب ھُوا ؟ مَین کھڑا دیکھتا تھا کہ وُہ زمین پر لوٹ لاٹ گیند کِي

صُورت بن کر آسما کِي طرف اُڑ چلا * اَيسا بُلند هُوا کہ آخِر نظرون سي غائِب هو گَيا - پھر ايک پل کي بعد بجلِي كِي طرح کڑکتا اَور غُصّي مين کُچھ بي معنِي بکتا هُوا نِيچي آيا - اَور مُجھي ايک لات مارِي کہ مَين تيورا کر چارون شانِي چِت گِر پڑا اَور جِي ڈوب گَيا * خُدا جانِي کِتنِي دير مين هوش آيا - آنکھين کھول کر جو ديکھا تو ايک ايَسي جنگل مين پڑا هُون کہ جہان سِواي کِيکڑ اَور ٹيڈنٹِي اَور جھڑ بيرِي کي درختون کي کُنھہ اَور نظر نہين آتا - اب اُس گھڑِي عقل کُچھہ کام نہين کرتِي کہ کيا کرُون اَور کہان جاؤُن ! نا اُمّيدِي سي ايک آہ بھر کر ايک طرف کِي راہ لِي - اگر کہين کوئِي آدمِي کِي صُورت نظر پڑتِي تو مِلکِ صادِق کا نامْ پُوچھتا * وُہ دِيوانہ جان کر جَواب ديتا کہ هم ني تو اُس کا نام بھِي نہين سُنا *

ايک روز پہاڑ پر جاکر مَين ني بھِي اِرادہ کِيا کہ اپنِي تَئين گِرا کر ضائِع کرُون - جون مُستعِدّ کرني کا هُوا وهِي سَوار صاحِب ذُوالفقار بُرقع پوش آپہنچا اَور بولا - کہ کيُون تُو اپنِي جان کھوتا هَي ؟ آدمِي پر دُکھہ درد سب هوتا هَي - اب تيرِي بُرِي دِن گئي اَور بھلي دِن آئي - جلد رُوم کو جا - تِين شخص اَيسي هِي آگي گئي هَين - اُن سي مُلاقات کر اَور وهان کي سُلطان سي مِل - تُم پانچون کا مطلب ايک هِي جگہہ مِليگا * اِس فقِير کي سَير کا يِہہ ماجرا هَي جو عرض کِيا * بارِي بشارت سي اپنِي مَولاۓ مُشکِل کُشا کِي مُرشِدون کِي حُضُور مين آپہنچا هُون - اَور پادشاہِ ظِلُّ اللّٰہ کِي بھِي مُلازمت حاصِل هُوئِي * چاهيئي کہ اب سب کِي خاطِر جمع هو *

قِصّي كي اِختتام مين

يي باتين چار درويش اَور پادشاه آزادبخت مين هو رهِين تهِين - كہ اِتني مين ايك محلّي پادشاه كي محلّ مين سي دَوڑا هُوا آيا اَور مُباركباد كِي تسليمين بادشاه كي حُضُور بجا لايا اَور عرض كِي - كہ اِس وقت شاهزاده پَيدا هُوا كہ آفتاب و مهتاب اُس كي حُسن كي رُوبرُو شرمِنده هَين * پادشاه ني مُتعجّب هو كر پُوچها كہ ظاهِر مين تو كِسُو كو حمل نتها - يهہ آفتاب كِس كي بُرجِ حمل سي نمُود هُوا ؟ اُس ني اِلتماس كِيا كہ مادرُو خَواص جو بهُت دِنون سي غضبِ پادشاهِي مين پڑِي تهِي - بيكسون كِي مانند ايك كوني مين رهتِي تهِي اَور ماري ڈرکي اُس كي نزديك كوئِي نہ جاتا نہ احوال پُوچهتا تها - اُس پر يهہ فضلِ اِلهِي هُوا كہ چاندسا بيٹا اُس كي پيٹ سي پَيدا هُوا *

پادشاه كو اَيسِي خُوشِي حاصِل هُوئِي كہ شايد شادِي مرگ هو جاي * چارون فقير ني بهِي دُعا دِي - كہ بهلا بابا ! تيرا گهر آباد رهي اَور اُس كا قدم مُبارك هو - تيري سائي كي تلي بوڑها بڑا هوُ * پادشاه ني كها يهہ تُمهاري قدم كِي بركت هَي - و اِلّا نہ اپني تو سان گُمان مين بهِي يهہ بات نہ تهِي -

اجازت هو تو جاكر ديكهون * درويشون ني كها - بسم اللّٰه سدهاريئي * بادشاه محلّ مين تشريف لي گئي - شهزادي كو گود مين ليا اَور شكر پروردگار كي جناب مين كيا - كليجه ٹهنڈا هوا * وونهين چهاتي سي لگائي هوئي لاكر فقيرون كي قدمون پر ڈالا * درويشون ني دعائين پڑهه كر جهاڑ پهونك ديا * بادشاه ني جشن كي تيّاري كي - دوهري نوبتين جهڑني لگين - خزاني كا منهه كهول ديا - داد و دهش سي ايك كوڑي كي محتاج كو لكهپتي كر ديا * اركانِ دولت جتني تهي سب كو دوچند جاگير و منصب كي فرمان هو گئي * جتنا لشكر تها - اُنهين پانچ برس كي طلب انعام هوئي * مشائخ اَور اكابر كو مددِ معاش اَور التمغا عنايت هوا - بي نواؤن كي ميتي اور ٹكڑ گداؤن كي چهلي اشرفي اَور روپيوں كي كهچڑي سي بهر ديئي - اَور تين برس كا خزانه رعيّت كو معاف كيا - كه جو كچهه بووين جوتين دونون حصّي اپني گهرون مين اُٹها ليجائين *

تمام شهر مين هزاري بزاري كي گهرون مين جهان ديكهو وهان ٹهئي ٹهئي ناچ هو رها هَي - ماري خوشي كي هر ايك ادنا اعلا بادشاه وقت بن بيٹها * عين شادي مين ايك بارگي اندرونِ محلّ سي روني پيٹني كا غل اُٹها - خواصين اَور تركنيان اَور اُردابيگنيان اَور محلّي خوجي سر مين خاك ڈالتي هوئي باهر نكل آئي اَور بادشاه سي كها - كه جس وقت شهزادي كو نهلا دهلا كر دائي كي گود مين ديا ايك ابر كا ٹكڑا آيا اَور دائي كو گهير ليا * بعد ايك دم كي ديكهين تو انگا بي هوش پڑي هَي - اَور شهزاده غائب هو گيا *

يہہ كيا قيامت ٹوٹي ! بادشاہ يہہ تعجّبات سُنكر حَيران ہو رہا ۔ اَور تمام مُلك مين واويلا پڑي * دو دِن تلك كِسو كي گھر ہانڈي نہ چڑھي ۔ شہزادي كا غم كھاتي اَور اپنا لہو پيتي تھي *

غرض زِندگاني سي لاچار تھي جو اِس طرح جِيتي تھي ۔ جب تِيسرا دِن ہُوا ۔ وہِي بادل پھِر آيا اَور ايك پِنگھُولا جڑاؤ موتيوں كِي توڑ پڑي ہُوئِي لايا * اُسي محلّ مين رکھہ كر آپ ہَوا ہُوا * لوگون ني شہزادي كو اُس مين انگوٹھا چُوستي ہُوئِي پايا بادشاہ بيگم ني جلدي بلائين ليكر ہاتھون مين اُٹھا كر چھاتِي سي لگا ليا ۔ ديكھا تو كُرتا آبِ رَوان كا موتِيون كا در دامن ٹكا ہُوا گلي مين ہَي ۔ اَور اُس پر شلُوكا تمامِي كا پہنانا ہَي ۔ اَور ہاتھہ پانْو مين كھڑوي مُرصّع كي اَور گلي مين ہَيكل نَورتن كِي پڑي ہَي ۔ اَور جھنجھنا چُسنِي چٹّي بتّي جڑاؤ دھري ہَين * سب ماري خُوشِي كي وارِي پھيري ہوني لگِين ۔ اَور دُعائين دينِي لگِين كہ تيري ما كا پيٹ ٹھنڈا رہي ۔ اَور تُو بُوڑھا آڑھا ہو *

بادشاہ ني ايك بڑا محلّ نَيا تعمِير كروا كر اَور فرش بچھوا اُس مين درويشون كو ركھا * جب سلطنت كي كام سي فراغت ہوتي تب آ بيٹھتي اَور سب طرح سي خِدمت اَور خبرگيري كرتي ۔ ليكن ہر چاند كِي نَوچندِي جُمعِرات كو وہِي پارۂ ابر آتا ۔ اَور شہزادي كو ليجاتا * بَعد دو دِن كي تُحفہ كھلوني اَور سَوغاتين ہر ايك مُلك كِي اَوَر ہر ايك قِسم كِي شہزادي كي ساتھہ لي آتا جِن كي ديكھني سي عقل اِنسان كِي حَيران ہو جاتِي * اِسي

قاعدي سي پادشاهزادي ني خَيريّت سي ساتوين برس مين پانون دِيا * عَين سال گِرِه كي روز پادشاه آزادبخت ني فقيرون سي كهه - كه سائين الله! كُچهه معلوم نهين هوتا كه شهزادي كو كَون ليجاتا هَي - اَور پهر دي جاتا هَي - بڑا تعجّب هَي - ديكهئي انجام اِس كا كيا هوتا هَي * درويشون ني كها ايك كام كرو - ايك شُقّهٔ شَوقيه اِس مضمُون كا لِكهه كر شهزادي كي گهواري مين ركهه دو - كه تُمهارِي مِهربانگي اَور مُحبّت ديكهه كر اپنا بهي دِل مُشتاق مُلاقات كا هُوا هَي * اگر دوستي كي راه سي اپني احوال كي اِطّلاع دِيجيئي تو خاطِر جمع هو اَور حَيراني بالكُل دفع هو * بادشاه ني مُوافِق صلاح درويشون كي افشاني كاغذ پر ايك رُقعه اِسي عِبارت كا ترقيم كِيا اَور مهدِ زرّين مين ركهه دِيا *

شهزاده به مُوجب قاعِدهٔ قديم كي غائب هُوا - جب شام هُوئي آزادبخت درويشون كي بِستَرون پر آكر بَيٹهي اَور كلمه كلام هوني لگا * ايك كاغذ لِپٹا هُوا پادشاه كي پاس آ پڑا - كهول كر پڑها - تو جَواب اُسي شُقّي كا تها - يهي دو سطرين لِكهي تهين - كه همين بهي اپنا مُشتاق جانيئي - سَوارِي كي لِيئي تخت جاتا هَي - اِس وقت اگر تشريف لائيي تو بهتر هَي - باهم مُلاقات هو سب اسباب عَيش و طرب كا مُهَيّا هَي - صاحِب هِي كي جگهه خالي هَي * پادشاه آزادبخت درويشون كو همراه ليكر تخت پر بَيٹهي - وُه تخت حضرت سُلَيمان كي تخت كي مانند هَوا پر چلا * رفته رفته اَيسي مكان پر جا اُتري كه عِمارتِ عالِيشان اَور تَيّارِي كا سامان نظر آتا هَي -

ليکن يِہہ معلوم نہين ہوتا کہ يہان کوئي ہَي يا نہين * اِتني مين کِسُو ني ايک ايک سلائي سُلَيماني سُرمي کِي اُن پانچون کِي آنکھون مين پہير دِي * دو دو بُوندين آنسو کِي ٹپک پڑين ـ پريون کا اکھاڑا ديکھا کہ اِستِقبال کِي خاطِر گُلاب پاشين لِيئي ہُوئي اَور رنگ بہ رنگ کي جوڑي پہني ہُوئي کھڑا ہَي *

آزادبخت آگي چلي تو دورويہ ہزارون پرِيزاد مُودّب کھڑي ہَين ـ اَور صدر مين ايک تخت زُمُرّد کا دھرا ہَي ـ اُس پر مِلِکِ شہبال شاہرُخ کا بيٹا تکيئي لگائي بڑي تزُک سي بَيٹھا ہَي اَور ايک پريزاد لڑکِي رُوبرُو بَيٹھِي شہزادۂ بختيار کي ساتھہ کھيل رہِي ہَي ـ اَور دونون بغل مين کرسِيان اَور صندلِيان قرِينَي سي بچھِي ہَين ـ اُن پر عُمده پرِيزاد بَيٹھِي ہَين * مِلِک شہبال پادشاه کو ديکھتي ہِي سرْوقدّ اُٹھا اَور تخت سي اُترکر بغل گِير ہُوا اَور ہاتھہ مين ہاتھہ پکڑي اپني برابر تخت پر لاکر بِٹھايا اَور بڑي تپاک اَور گرم جوشِي سي باہم گُفتگُو ہوني لگِي * تمام روز ہنسِي خُوشِي کھاني اَور ميوي اَور خُوشبُوؤن کِي ضِيافت رہِي ـ اَور راگ رنگ سُنا کِيئي * دوسري دِن جب پِہر دونون پادشاه جمع ہُوئي ـ شہبال ني پادشاه سي درويشون کي ساتھہ لاني کِي کَيفِيّت پُوچھِي *

بادشاه ني چارون بي نَواؤن کا ماجرا جو سُنا تھا مُفصّل بَيان کِيا اَور سفارِش کِي اَور مدد چاہِي ـ کہ اِنہون ني اتني مِحنت اَور مُصيبت کھَينچِي ہَي ـ اب صاحِب کِي تَوَجُّہہ سي اگر اپني اپني مقصد کو پہُنچين تو ثَوابِ عظِيم

هَي - اَور يِهه مُخلِص بهِي تمام عُمر شُکر گُذار رهيگا - آپ کِي نظرِ تَوَجّهه سي اُن سب کا بيڙا پار هوتا هَي * ملِكِ شهبال ني سُنکر کها به سر و چشم - مَين تُمهاري فرماني سي قاصِر نهين * يِهه کهکر نِگاهِ گرم سي ديوون اَور پريون کِي طرف ديکها - اَور بڑي بڑي جِن جو جهان سردار تهي اِن کو نامي لِکهي - که اِس فرمان کي ديکهتي هِي اپني تَئِين حُضُورِ پُرنُور مين حاضِر کرو - اگر کِسي کي آني مين تَوَقُّف هوگا تو اپنِي سزا پاويگا - اَور پکڑا هُوا آويگا اَور آدمزاد خواه عَورت خواه مرد جِس کي پاس هو اُسي اپني ساتهه لِيئي آوي * اگر کوئِي پوشيده کر رکهيگا اَور ثانِيُ الحال ظاهِر هوگا - تو اُس کا زن و بچّه کولهو مين پيڑا جائيگا اَور اُس کا نام نِشان باقِي نه رهيگا *

يِهه حُکمنامه ليکر ديو چارون طرف مُتَعَيِّن هُوئي * يهان دونون بادشاهون مين صُحبت گرم هُوئي اَور باتين اِختِلاط کِي هوني لگين * اُس مين ملِكِ شهبال درويشون سي مُخاطِب هوکر بولا - که اپني تَئِين بهِي بڑِي آرزُو لڑکي هوني کِي تهِي - اَور دِل مين يِهه عهد کِيا تها که اگر خُدا بيٹا دي يا بيٹِي تو اُس کِي شادِي بنِي آدم کي بادشاه کي يهان جو لڑکا پَيدا هوگا اُس سي کرُونگا * اِس نِيّت کرني کي بعد معلُوم هُوا که بادشاه بيگم پيٹ سي هَين * باري دِن اَور گهڑيان اَور مهينِي گِنتي گِنتي پُوري دِن هُوئي - اَور يِهه لڑکي پَيدا هُوئي * مُوافِق وعدي کي تلاش کرني کي واسطي عالمِ جِنّيات کو مَين ني حُکم کِيا - چار دانگِ دُنيا مين جُستجُو کرو - جِس بادشاه يا شهنشا کي يهان فرزند پَيدا هُوا هو اُس کو به جِنس احتياط سي جلد اُٹهاکر لي آؤ * وونهين

به مُوجِب فرمان كي پريزاد چارون سِمت پراگنده هُوئي - بعد دير كي اِس شهزادي كو ميري پاس لي آئي *

مَين ني شُكر خُدا كا كِيا اَور اپني گود مين لي لِيا - اپني بيٹي سي زِياده اُس كِي مُحبّت ميري دِل مين پَيدا هُوئِي * جِي نهين چاهتا كه ايك دم نظرون سي جُدا كرون - ليكِن اِس خاطِر بهيج ديتا هُون - كه اگر اُس كي ما باپ نه ديكهينگي تو اُن كا كيا احوال هوگا * لِهذا هر مهيني مين ايك بار منگا ليتا هُون - كَئي دِن اپني نزديك ركهه كر پهر بهيج ديتا هَون * اِنشا اللّٰه تعالىٰ اب هماري تُمهاري مُلاقات هُوئِي اُس كِي كتخُدائي كر ديتا هُون - مَوت حَيات سب كو لگي پڑي هَي - بهلا جيتي جي اِن كا سِهرا ديكهه لين *

پادشاه آزادبخت يِه باتين ملِكِ شهبال كِي سُنكر اَور اُس كِي خُوبيان ديكهه كر نهايت محظُوظ هُوئي اَور بولي - پهلي هم كو شهزادي كي غائب هوجاني اَور پهر آني سي عجب عجب طرح كي خطري دِل مين آتي تهي - ليكِن اب صاحِب كِي گُفتگُو سي تسلّي هُوئِي * يِه بيٹا اب تُمهارا هَي - جِس مين تُمهاري خُوشي هو سو كِيجي * غرض دونون پادشاهون كِي صُحبت مانند شكر شِير كي رهتي اور عَيش كرتي * دس پانچ دِن كي عرصي مين بڑي بڑي پادشاه گُلستانِ اِرم كي اَور كوهِستان كي اَور جزيرون كي (جِن كِي طلب كِي خاطِر لوگ تعينات هُوئي تهي) سب آكر حُضُور مين حاضِر هُوئي * پهلي ملِكِ صادِق سي فرمايا كه تيري پاس جو آدم زاد هَي حاضِر كر * اُس ني نِپٹ غم غُصّه كها كر لاچار اُس گلعِذار كو حاضِر كِيا - اَور وِلايتِ عُمّان

کي بادشاه سي شہزادِي جِنّ کِي (جِس کي واسطي شہزاده مُلکِ نیمروز کا گاؤسوار هوکر سودائي بنا تها) مانگي * اُس ني بهِي بہت سِي عُذر معذرت کرکي حاضر کِي * جب بادشاهِ فرنگ کِي بيٹِي اَور بہزاد خان کو طلب کِیا سب مُنکِرِ پاك هُوئي - اَور حضرت سُلَیمان کِي قسم کهاني لگي *

آخِر دریاي قُلزُم کي پادشاه سي جب پُوچهني کِي نَوبت آئِي - تو وُه سِر نِیچا کرکي چُپ هو رها * مِلِكِ شهبال ني اُس کِي خاطِر کِي - اَور قسم دِي اَور اُمّیدوار سرفرازِي کا کِیا اَور کُچه دهَونس دهڑکا بهِي دِیا * تب وُه بڑِي هاته جوڑ کر عرض کرني لگا - که پادشاه سلامت ! حقِیقت یہه هَي که جب پادشاه اپني بیٹِي کي اِستِقبال کِي خاطِر دریا پر آیا اَور شہزادِي ني مارِي جلدِي کي گهوڑا دریا مین ڈالا - اِتّفاقاً مَین اُس روز سَیر و شِکار کِي خاطِر نِکلا تها * اُسّ جگہہ میرا گُذر هُوا - سَوارِي کهڑِي کرکي یہہ تماشا دیکهہ رها تها - اِس مین شہزادِي کو بهِي گهوڑِي دریا مین لیگئي * میرِي نِگاه جو اُس پر پڑِي - دِل بي اِختیار هُوا - پریزادون کو حُکم کِیا که شہزادِي کو بمعہٗ گهوڑي لي آؤ * اُس کي پِیچهي بہزاد خان ني گهوڑا پهینکا - جب وُه بهِي غوطي کهاني لگا اُس کِي دِلاورِي اَور مردانگِي پسند آئِي - اُس کو بهِي هاتهون هاته پکڑ لِیا * اُن دونون کو لیکر مَین ني سَوارِي پهیرِي - سو وي دونون صحِیح سلامت میرِي پاس مَوجُود هَین *

یہہ احوال کہکر دونون کو رُوبرُو بُلایا اَور سُلطانِ شام کِي شہزادِي کِي تلاش بہُت کِي - اَور سبهون سي بسختِي و مُلایمت اِستِفسار کِیا - لیکن کِسُو ني حامِي

نہ بھرِي اَور نہ نام و نِشان بتايا * تب مَلِكِ شہبال ني فرمايا كہ كوئي بادشاہ يا سردار غَير حاضِر بِهي هَي يا سب آ چُكي؟ جِنّون ني عرض كِي كہ جہان پناہ! سب حُضُور مين آئي هَين مگر ايك مُسلسل جادُو جِس ني كوہِ قاف كي پردي مين ايك قِلعہ جادُو كي عِلم سي بنايا هَي ـ وہ اپني غُرُور سي نہين آيا هَي ـ اَور هم غُلامون كو طاقت نہين جو بزور اُس كو پكڑ لاوين ـ وہ بڑا قلب مكان هَي ـ اَور وہ خُود بِهي بڑا شَيطان هَي *

يِہہ سُنكر مَلِكِ شہبال كو تَيش آيا اَور لڑاكِي فَوج جِنّون اَور عفرِتيون اَور پرِيزادون كِي تعِينات كِي اَور فرمايا ـ اگر راستِي مين اُس شہزادِي كو ساتھ ليكر حاضِر هو فبِہا ـ وِالّا نہ اُس كو زير و زبر كركي مُشكين باندھ كر لي آو ـ اَور اُس كي گڑھ اَور مُلك كو نِيست نابُود كركي گدھي كا هل پھِروا دو * وونہين حُكم هوتي هِي اَيسِي كِتنِي فَوج رَوانہ هُوئي كہ ايك آدھ دِن كي عرصي مين وَيسي جوش خروش والي سركش كو حلقہ بگوش كركي پكڑ لائي اَور حُضُور مين دست بستہ كھڑا كِيا * مَلِكِ شہبال ني هرچند سرزنِش كركر پُوچھا ليكِن اُس مغرُور ني سِواي نانھ كي هان نہ كِي * نِہايت كو غُصّي هوكر فرمايا كہ اِس مردُود كي بند بند جُدا كرو ـ اَور كھال كھَينچ كر بھُس بھرو ـ اَور پريزاد كي لشكر كو تعَيّن كِيا كہ كوہ قاف مين جاكر ڈھونڈھ ڈھانڈھكر پَيدا كرو * وہ لشكرِ مُتعَيّنہ شہزادِي كو بِهي تلاش كركي لي آيا ـ اَور حُضُور مين پہنچايا * اُن سب اسِيرون ني اَور چارون فقِيرون ني مَلِكِ شہبال كا حُكم اَور اِنصاف ديكھہ كر دُعائين دِين اَور شاد هُوئي ـ پادشاہ آزادبخت بِهي بہُت خُوش

هُوا * تب مَلِکِ شہبال ني فرمايا کہ مردون کو دِيوانِ خاص مين اَور عَورتون کو پادشاہِي محلّ مين داخِل کرو - اَور شہر مين آئينہ بندِي کا حُکم کرو اَور شادِي کِي تيّارِي جلدِي هو * گويا حکم کِي دير تهِي *

ايک روز نيک ساعت اَور مُبارک مُہورت ديکهکر شہزادهٔ بختِيار کا عقد اپنِي بيٹِي روشن‌اختر سي باندها - اَور خواجہ زادهٔ يمن کو دِمشق کِي شہزادِي سي بياها - اَور مُلکِ فارس کي شہزادِي کا نِکاح بصري کِي شہزادِي سي کر دِيا - اَور عجم کي بادشاه زادِي کو فرنگ کِي ملِکہ سي منسُوب کِيا - اَور نِيمروز کي بادشاه کِي بيٹِي کو بہزادخان کو دِيا - اَور شہزادهٔ نِيمروز کو جِنّ کِي شہزادِي حَوالي کِي - اَور چِين کي شہزادِي کو اُس پِيرمردِ عجمِي کِي بيٹِي سي (جو مَلِکِ صادِق کي قبضي مين تهِي) کتخُدا کِيا * هر ايک نامُراد بہ دَولت مَلِکِ شہبال کِي اپنِي اپنِي مقصد اَور مُراد کو پہُنچا * بعد اُس کي چالِيس دِن تلک جشن فرمايا - اَور عَيش و عِشرت مين رات دِن مشغُول رهي *

آخِر مَلِکِ شہبال ني هر ايک بادشاه‌زادِي کو تُحفي اَور سَوغاتين اَور مال اسباب دي دي کر اپني اپني وطن کو رُخصت کِيا * سب بہ خُوشِي و خاطِر جمعِي رَوانہ هُوئي - اَور بہ خَير و عافِيت جا پہُنچِي - اَور بادشاهت کرني لگِي * مگر ايک بِہزادخان اَور خواجہ زاده يمن کا اپنِي خُوشِي سي بادشاه آزاد بخت کِي رِفاقت مين رهي * آخِر يمن کي خواجہ زادي کو خانسامان اَور بہزاد خان کو مِير بخشِيِ شہزادهٔ صاحِبِ اِقبال يعني بختِيار کِي فَوج

کا کِیا * جب تلك جِیتي رهي عَیش کرتي رهي * اِلهي ! جِس طرح یِهہ چارون درویش اَور پانچوان بادشاہ آزادبخت اپني مُراد کو پهنچي ہے اِسي طرح هر ایك نامُراد کا مقصدِ دِلي اپني کرم اَور فضل سي بر لا ۔ بہ طُفَیل پنجتنِ پاك ۔ دُوازدہ امام ۔ چهاردہ معصُوم ۔ (علَیهِم الصّلواة والسّلام) کي ۔ آمِین یا اللّہ آلعالمِین *

جب یِهہ کِتاب فضلِ اِلهي سي اِختِتام کو پهنچي ۔ جِي مین آیا کہ اِس کا نام بهي اَیسا رکهون کہ اُسي مین تارِیخ نِکلي * جب حِساب کِیا تو بارہ سَو پندرہ هِجرِي کي آخِرِ سال مین کهنا شُروع کِیا تها * باعِث عدمِ فُرصت کي بارہ سَو ستهرہ سن کِي اِبتِدا مین انجام هُوئِي * اِس فِکر مین تها کہ دِل ني کها باغ و بهار اچّها نام هَي ۔ کہ هم نام و هم تاریخ اِس مین نِکلتي هَي ۔ تب مَین ني یِهي نام رکها * جو کوئِي اِس کو پڑهیگا گویا باغ کِي سَیر کریگا ۔ بلکہ باغ کو آفت خِزان کِي بهِي هَي ۔ اَور اِس کو نهِین ۔ یِهہ همیشہ سرسبز رهیگا *

مُرتّت هُوا جب یِهہ باغ و بهار ۔ تهي سن بارہ سَو سترہ در شُمار *
کرو سَیر اب اِس کِي تُم رات دِن ۔ کہ هَي نام و تاریخ باغ و بهار *
خِزان کا نهِین اِس مین آسیب کُچهہ ۔ همیشہ تر و تازہ هَي یِهہ بهار *
مِري خُونِ دِل سي یِهہ سیراب هَي ۔ اَورلختِ جِگرکي هَین سب برگ وبار *
مُجهي بهُول جاوینگي سب بعدِ مرگ ۔ رهیگا مگر یِهہ سُخن یاد گار *
اِسي جو پڑهي یاد مُجهہ کو کري ۔ یِهي قارِیون سي مِرا هَي قرار *

خطا کرٗ کہين هو تو رکهيو مُعاف ـ کہ پهولون مين پوشيده رهتا هَي خار *
هَي اِنسان مُرکّب زِ سہو و خطا ـ يہہ چوکيگا هر چند هو هوشيار *
مَين اِس کي سِوا چاهتا کُچهہ نہين ـ يہي هَي دُعا ميري اَي کِردگار *
تِري ياد مين مَين رهُون دمبدم ـ کٹي اِس طرح ميرا لَيل و نہار *
نہ پُرسِش کِي سختِي هو مُجهہ پر کبهُو ـ نہ شب گور کِي اَور نہ روزِ شُمار *
تُو کَونَين مين لُطف پر لُطف رکهہ ـ خُدايا بحقِّ رسولِ کِبار *

فِہرِست باغ و بہار کي

ADDENDA.

گدا *gadā*, m. a beggar; *gadāī*, f. beggary, mendicity,

گريبان گير *girebān-gīr*, m. an accuser, an avenger. *p.*

گلابي *gulābī*, f. a phial, a kind of sweetmeat. *p.*

گو *go*, say thou; *go-ki*, although. *p.*

گول *gol*, round, globular; a ball, a circle. *s.*

گهسيٹنا *ghasīṭnā*, to drag, to trail along. *h.*

لاکه *lākh*, a hundred thousand; *lākhoṅ*, hundreds of thousands, *s.*

ليي *liye*, for the sake of, on account of. *h.*

مادرزاد *mādar-zād*, as born of the mother, stark naked. *p.*

ماديان *mādiyān*, a mare, a she ass, mule, &c. *p.*

مرتب *murattab*, arranged, finished. *a.*

مصالح *maṣāliḥ*, m. spices, sauces. *a.*

ملاح *mallāḥ*, m. a waterman, sailor. *a.*

ملايمت *mulāyamat*, tenderness, gentleness. *a.*

منتري *mantrī*, prime minister, counsellor. *s.*

نامه *nāma*, m. a letter, a book. *p.*

نبهنا *nibhnā*, n. to serve, to succeed, to pass. *h.*

وار *wār*, m. (for *bār*) time, instant, p. 212. *p.*

هشيار *hushiyār*, careful, attentive, watchful. *p.*

يادگار *yādgār*, m. a memorial, a souvenir. *p.*

مجنائي *janā'ī*, f. a midwife. *s.*
جهپکنا *jhapaknā*, n. to wink (the eye); to spring (as a tiger). *h.*
چاه *chāh*, m. a well, pit. *p.*
چرم *charm*, *m.* skin. *s. p.*
چوتڑ *chūtaṛ*, m. the back, the hip. *h.*
چور *chūr*, bruised, broken to pieces. *s.*
چوندهیانا *chaundhiyānā*, n. to be dazzled, to be amazed. *h.*
چهٹنا *chhaṭnā*, n. to separate, be dispersed. *h.*
چهلاوا *chhalāwā*, m. ignis fatuus; *chhalāwā-h-j*, to elude one's search. *h.*
حامي بهرنا *ḥāmi bharnā*, a. to confirm, to inform. *a. s.*
حقوق *ḥuḳūḳ*, m. rights, dues, claims (pl. of *ḥaḳḳ*). *a.*
حقه *ḥuḳḳa*, m. a well-known machine for smoking tobacco. *a.*
حواس باخته *ḥawāss-bāḵẖta*, out of one's senses. *a. p.*
خريدنا *ḵẖarīdnā*, a. to buy. *p.*
خورد خام *ḵẖūrd-ḵẖām*, bruised, broken to pieces. *p.*
خوشامدي *ḵẖūshāmadī*, m. a flatterer, a parasite. *p.*
خون خوار *ḵẖūn-ḵẖwār*, bloodthirsty, cruel. *p.*
داور *dāwā*, m. foster father, nurse's husband. *h.*
دريچه *darīcha*, m. a window, a small door. *p.*
دست پناه *dast panāh*, m. tongs, forceps. *p.*
دقت *diḳḳat*, f. labour, difficulty. *a.*
دل جوئي *dil-jo'ī*, f. study to please, attention. *p.*
دلگير *dil-gīr*, melancholy, grieved, afflicted. *p.*
دوهتڑ *dohaṭṭar*, m. a buffet with both hands. *h.*
دهوان دهار *dhū,āṅ dhār*, covered with smoke. *s.*
ديا *daiyā*, f. a mother. *h.*
ديوتا *dewtā*, m. f. a Hindū god, a deity. *s.*
روکنا *roknā*, a. to stop, prevent. *h.*
ريجهنا *rījhna*, n. to be pleased, to feel a liking. *h.*
زال *zāl*, f. an old woman. *p.*
سالن *sālan*, m. meat or fish, &c., eaten with bread or rice. *h.*
سرزنش *sar-zanish*, f. rebuke, reproof, punishment. *p.*
سرواه *sarwāh*, m. head or chief (of an army &c.). *p.*
سروپا *sar o pā*, head and foot, entirely. *p.*
سويرا *sawerā*, m. morning, dawn of day. *s.*
عدد *'adad*, m. number. *a.*
قابليت *ḳābilīyat*, f. talent, skill, ability, fitness. *a.*
قربان *ḳurbān*, m. a sacrifice, victim; a quiver. *a.*
قند *ḳand*, m. sugar, sugar-candy. *a.*
کارن *kāran*, m. a cause, reason. *s.*
کاهل *kāhila*, or *kāhilā*, ailing, sick indisposed. *a.*
کٹهرا *kuṭharā*, m. private apartment, privacy. *h.*
کسانا *kasānā*, a. to cause to be fastened or tied. *h.*
کن انکهي *kan-ānkhī*, f. a side glance, a sly wink. *h.*
کولا *kaulā*, m. embarce, grasp. *h.*
کهيلنا *khelnā*, m. a kind of boat. *h.*

ADDENDA.

آب روان *ābi ravān*, m. running water; a sort of very fine muslin. *p.*

اتارا *utārā*, m. descent.

اتهواتي كهتواتي *aṭhwāṭī-khaṭwāṭī*, f. confinement to bed from sickness. *h.*

اجاڑ *ujāṛ*, desert, ruinous; also desolation. *h.*

ادينه *adīna*, Friday. *p.* [old age. *h.*

آڑها *āṛhā*, aged; *būṛhā-āṛhā*, of mature

الجهيڑا *uljheṛā*, m. entanglement, intricacy *h.*

انگشتري *angushtarī*, f. a finger ring. *p.*

انگل *ungal*, m. a finger, finger's breadth *s.*

آيا *āyā*, an interrogative particle, like the Latin *an* or *num.* *p.*

آزقه *āzuqa* m. food nourishment. *p.*

بافي *bāfī*, f. (in compos.) woven material *p.*

باني *bānī*, m. a builder, an anchitect. a.

باو بتاس *bāo-batās*, f. calamity, affliction (from evil spirits). *h.*

باهم *bāham*, together, one with another, *p.*

بليا لون *balaiyā-lūṅ*, v., *balāeṅ*, l. under *balā*, *h.* [leaves, *s.*

بناس پتهي *banās-pathī*, or *pattī*, f. forest

بن آنا *ban-ānā*, n. to succeed to prosper.

بوٹ *būṭ*, m. a kind of pulse. *h.*

بهكنا *bahaknā*, n. to be led astray, to become relaxed. *h.*

بيڑا *beṛā*, m. a raft, or float; *beṛā-pār-h*, to succeed, be propitious. *h.*

بي محل *be-mahall*, inopportunely, out of season. *p.*

پانون *pāṅoṅ*, m. (same as *pāṅw*) the foot. *h.*

پٹاخا *paṭākhā*, m. a cracker, a squib. *h.*

پٹيلنا *paṭelnā*, m. a kind of boat. *h.*

پرا *parā*, m. file of troops, a company. *h.*

پرور *parwar*, (in compos.) protector, cherisher. *p.*

پرونا *pironā*, a. to string (as pearls); to thread (a needle). *h.*

پنجتن پاک *panjtani pāk*, m. the five holy personages, *i.e.* Muḥammad, Fāṭimā, 'Alī, and his two sons, Ḥasan and Ḥusain. *p.*

پوري *pūrī*, f. a kind of fresh cake. *h.*

پيڑنا *peṛnā*, a. to press (oil in a mill); to squeeze, to rack. *s.*

تبر *tabar*, m. a hatchet, an axe. *p.*

تعفن *ta'affun*, m. stink, fetor, foul exhalation. *a.*

تم تمانا *tam-tamānā*, n. to become red in the face from anger, &c. *h.*

ٹهاكر *ṭhākur*, m. an idol, a Hindū divinity; a *rāj-pūt* title, like Lord, Excellency. *h.*

جان بوجهه كر *jān būjh kar*, a. heedless of life, willfully, obstinately.

جتنا *jitnā*, how many soever, so many as. *h.*

جل *jal*, m. water. *s.*

mind, soul: ***hoshyār***, intelligent, attentive, cautious; *hoshyārī*, f. sobriety, care- [fulness. *p.*

هوك *hūk*, f. ache, stitch. *h.*

هول *hūl*, f. a thrust. *h.* [terrible. *a.*

هول *haul*, m. terror; *haul-nāk*, frightful,

هولا *holā*, m. a pod of peas parched. *s.*

هولنا *hūlnā*, to goad, to push. *h.*

هونا *honā*, n. to be, become, have; *ho-jānā*, [to become. *s.*

هونٹھ *honṭh*, m. the lip. *s.*

هونہار *honhār*, about to be, or happen. *h.*

هي *hai*, is, art; *hī* (an emphatic affix), indeed, verily, very. *h.*

هيبت *haibat*, f. fright, awe. *a.*

هيرا *hīrā*, m. a diamond. *h.*

هيزم *hezam*, f. firewood. *p.*

هيژده *hezhdah*, eighteen; *hezhdah hazār 'ālam*, "the eighteen thousand species of animated creatures," such being the number according to Asiatic naturalists. *p.*

هيضه *haiẓa*, m. the cholera; *haiẓa-k.* to produce a cholera. *a.* [a palace. *p.*

هيكل *haikal*, f. figure, ornament; a temple,

هيگا *haigā*, (used in verse) for *hai*, is, exists. *h.*

هيلا مارنا *hela-mārnā*, to rush into the water. *h.*

هيولا *haiyūlā*, m. matter, as opposed to spirit. *a.*

هيئت *hai,at*, f. form, appearance. *a.*

ي

يا *yā*, conj. or, either. *p. h.*

يا *yā*, interj. O! Oh! *yā Ilāhī*, O Divine (Being). *a.* [Magog. *a.*

ياجوج *Yājūj*, Gog; *Yājūj Mājūj*, Gog and

ياد *yād*, f. memory, recollection; *yād-k.* to remember; *yād-farmānā*, to call for, to send for. *p.* [f. aid, assistance. *p.*

يار *yār*, m. a friend, lover, an assistant; *yārī*,

يارباش *yārbāsh*, sensual. *p.*

ياس *yās*, f. despair. *a.*

ياسمين *yāsmīn*, m. a jasmine. *p.*

ياقوت *yāḳūt*, m. a ruby, a gem. *a.*

يال *yāl*, f. a horse's mane. *p.*

ياوري *yāwarī*, f. aid, assistance. *p.*

يتيم *yatīm*, m. an orphan, a slave. *a.*

يخني *yaḵẖnī*, f. gravy, stew, a kind of pulāo. *p*

يرقان *yarḳān*, m. the yellow jaundice. *a.*

يساول *yasāwal*, m. an attendant. *p.*

يعسوب *ya'sūb*, m. the king of the bees. *a.*

يعني *ya'nī*, that is to say, namely. *a.*

يقين *yaḳīn*, m. certainty; certain, true. *a.*

يك *yak*, one, a, an; *yak-ā-yak*, or *yak-ba-yak*, all at once, suddenly; *yak-ḳalam*, consistent as a writer; *yak-dil*, of the same mind; *yak-rū*, unanimous; *yak-sān*, equal, alike. *p.*

يكا *yakkā*, unique, unrivalled. *p.*

يكتا *yaktā*, single, unique; *yaktā,ī*, f. singleness. *p.*

يگانگي *yagānagī*, f. unanimity. *p.*

يگانه *yagāna*, kindred, single, sole, incomparable; unanimous. *p.*

يمن *yumn*, m. felicity; *Yaman*, name of a country, Arabia Felix. *a.*

يوسف *Yūsuf*, Joseph, a man's name; *ḥaẓrat Yūsuf*, the patriarch Joseph. *a.*

يون *yūn*, thus, as follows, so. *h.*

يه *yih*, pron. this, he, she, it; used occasionally for the plural *ye*, they. *h.*

يهودي *Yahūdī*, a Jew. *a.*

يہاں *yahān*, here, in this place. *h.*

يہي *yihī*, or *yahī*, this same, this very. *h.*

يہيں *yahīn*, in this very place, here, only. *h.*

هفته *hafta*, m. a week. *p.*

هكا بكا *hakkā-bakkā*, confused, astonished. *h.*

هل *hal*, m. a plough; *hal-jotā*, m. a ploughman; *hal-jotnā*, to plough. *s.*

هلاك *halāk*, m. perdition, destruction, ruin; *halāk-h.* to perish, be tired. *a.*

هلاكي *halākī*, f. perdition, ruin. *a.*

هلانا *hilānā*, a. to move, to tame, to cause to swim. *h.*

هلاهل *halāhal*, m. deadly poison. *s.*

هلبلانا *halbalāna*, to be confounded, to be hurried. *h.*

هلدي *haldī*, f. turmeric. *s.*

هلكا *halkā*, light, debased, mean, silly, soft; *halkāpan*, m. lightness, despicableness. *h.*

هلنا *hilnā*, n. to shake; also *hil-j.* *h.*

هم *ham*, we; pl. of مين *main*. *s.*

هم *ham*, a particle prefixed to nouns, to denote union, equality; thus, *ham-bistar*, of one bed, sleeping together; *ham-piyāla*, m. a boon companion; *ham-jins*, consubstantial, of the same species; *ham-jinsī*, f. homogeneousness; *ham-jolī*, equal, peer, coeval; *hamdard*, participating in adversity, sympathetical; *ham-dam*, m. a friend, intimate; *ham-rāz*, a confidant, confidential; *ham-rāh*, m. a fellow-traveller; *ham-rāhī*, f. travelling together; *hamsāya*, m. a neighbour, neighbouring; *ham-sāyagī*, neighbourhood; *ham-sabaḳ*, m. a class-fellow; *ham-san*, of equal age, a play-fellow; *ham-shakl*, like in appearance; *ham-shīr*, a sister; *ham-'umr*, of the same age; *hamkalām*, conversing, *tête-à-tête*, familiar; *ham-nishīn*, m. a companion; *hamnishīnī*, f. companionship; *ham-wār*, even, level; *ham-wāra*, always, constantly; *ham-waṭan*, m. a fellow-countryman; *ham-waṭanī*, f. the being of the same country. *p.*

همايون *Humāyūn*, a man's name. *p.*

همت *himmat*, f. spirit, bravery, design. *a.*

همتا *hamtā*, equal, alike; *hamtā,ī*, f. equality, likeness. *p.*

همتي *himmatī*, f. spirit, bravery. *a.*

همياني *hamyānī*, f. a purse. *p.*

هميشه *hamesha*, always, ever, perpetually; *hameshagī*, f. eternity. *p.*

هند *Hind*, m. India, an Indian. *a. p.*

هندسه *handasa*, m. geometry, arithmetic. *a.*

هندو *Hindū*, a Hindū, or one who follows the religion of Brahma. *h.*

هندوستان *Hindūstān*, India; *Hindūstānī*, Indian, relating to India. *p.*

هندوي *Hindū-ī*, or *Hinduwī*, of or belonging to the Hindūs. *h.*

هندي *Hindī*, Indian, relating to India. *a.*

هنر *hunar*, m. art, skill, ingenuity, virtue; *hunar-mand* or *-war*, skilful. *p.*

هنساي *hansā-ī*, laughter, ridicule. *s.*

هنسنا *hansnā*, n. to smile, to laugh. *s.*

هنسوڙ *hansoṛ*, facetious, jocose. *h.*

هنسي *hansī*, f. laughter, mirth, fun. *s.*

هنكارنا *hankārnā*, a. to drive away; to call. *h.*

هنگامه *hangāma*, m. an assembly, tumult. *p.*

هنوز *hanoz*, yet, hitherto, still. *p.*

هنهنانا *hinhinānā*, to neigh. *h.*

هوا *hawā*, f. lust, love; wind, air; *hawā-ho-jānā*, to scamper off, to disappear; *hawā-parast*, vain, volatile; *hawā-khwāh*, m. a friend; *hawā-khwāhī*, f. friendship; *hawā-dār*, airy. *a.*

هواو *hiwā,o*, m. courage (also *hiyā,o*). *s*

هواي *hawā,ī*, f. a kind of firework, sky-rocket. *p.*

هوڙ *hūṛ*, f. wrangling. *h.*

هوس *hawas*, f. desire, lust; ambition, curiosity. *a.*

هوش *hosh*, m. unedrstanding, judgment,

ویسا *waisā*, in that manner, so, like that, such; *waisā kā waisā*, the same as ever. *h.*

ویانچهنا *wainchhnā*, to skin. *h.*

ه

هاتهه *hāth*, m. the hand, a cubit; possession, power; *hāth-ānā*, or *-pahunchnā*, to come into one's power, to be obtained; used as a post-position, it signifies "through," "by means of." *s.*

هاتهي *hāthī*, m. an elephant. *s.*

